بوجھ یون لیتا جان پر ہے کون
سوز الفت نہین ہم تو آگ
پھر لگاتا اِدھر اُدھر ہے کون

فزون کل جواہر سے بھی وہ حق مین ہمارے وہ
جو ذرّے اُڑکے ہر کوچہ کی تیری خاک آنکھوں مین

نظارہ مہ جبین تیری بصیرافزا تو ہین لیکن
کھٹکتے ہین عدو جیسے خس و خاشاک آنکھوں مین

خدا کیواسطے صورت دکھا جا کر دکھائی ہے
کہ پھر آگیا دم ای بت نمناک آنکھوں مین

جو ہر شب اُڑا دیکھتی ہین تری ای ماہ طلعت ہم
تو کٹتی رات ہے جون انجم افلاک آنکھوں مین

کھنچی مستو کے ہاتھون مین کوئی شمشیر مستی کش
کہان تیرے سرمہ سے تری سفاک آنکھوں مین

تماشے دیکھتے ہین گر ظفر کونین کے تجکو
لگا خاک کف پای شہ لولاک آنکھوں مین

کچھ ایسا ہو کہ کہین تجکو جان دیکھ تو پائین
غضب ہے ہو گئی دیدے اک آن دیکھ تو پائین

ہمیشہ گلشن فردوس ہم جو سنتے ہین
جو حور وش ترا دیکھین مکان دیکھ تو پائین

بھو نجپتہ خاک ہین آنکھون مین سب کی الگی ہم
تری گلی مین بھلا پاسبان دیکھ تو پائین

تمہاری ہو وینگی زاہد بھی ای بتو بندگی
ارادہ کوئی ادا کوئی آن دیکھ تو پائین

رکھینگے ہم بھی فلک سے خوشی کی پھر اُمید
کسیکو شاد نہ ای آسمان دیکھ تو پائین

نکل رہینگی تری زلف پر شکن کے بل
مگر ہم انکی لگی تیری کان دیکھ تو پائین

جو کھو مین آپکو ہم جستجوے جانان مین
ظفر کہین نہ کہین کچھ نشان دیکھ تو پائین

جو ہم بہار مین مست شراب ہونگے تو ہون
کسیکو کیا ہے ہم آپ ہی خراب ہونگے تو ہون

دیگر

مطلع ثانی

مطلع ثالث

شوق دیدار دیکھنا اون کا
جھاڑ کر بخیہ نرد کیا وہ
چشم بد دور حسن یار پہ ہین
جب مقابل ہوئین اون آنکھونسے
سیدھی آنکھون سے کیون نہین ملتین
جب چمن مین وہ آنکھ یاد آئی
شوق دیدار دیکھ عنوان پر
رکھتے تھے سرمہ سا جواب تہ خاک

دل سے آگے جھپٹ گئین آنکھین
دل کے پیچھے لپٹ گئین آنکھین
ایک عالم کی ڈٹ گئین آنکھین
دلمین آہو کے کٹ گئین آنکھین
کس گنہ پر پلٹ گئین آنکھین
گل نرگس پہ چٹ گئین آنکھین
بھر کی جا جھپٹ گئین آنکھین
خاک مین اونکی اٹ گئین آنکھین

دیکھے دنیا کے جو ظفر بد و نیک
سو قدم پیچھے ہٹ گئین آنکھین

بسر اپنی نہین غیر مرنے تو ساری رات کرتے ہین
نہ فرصت بات کی بھی جو نسیہ پاتے ہین تھیو نہین
لگا ہین خاک مین جو نقش پا ہم راہ مین جنکے
کیا پیدا ہنر جنسے وہ شطرنج محبت مین
جہان تو جاوے ہے پیارے بہ رنگ سایہ ہان ہم بھی
بسر دن بھی دیا کون ہے وہ لوگ اچھے ہین

نہین اس تیم جان سے وہ آگے دھیمی بات کرتے ہین
عبث ہم جا کے وان اپنی خراب اوقات کرتے ہین
قدم رنجہ نہین کرتا ادھر ہیہات کرتے ہین
جو آئین لاکھ جھوٹ سے ابھی ہم بات کرتے ہین
اگرچہ ناتوان ہین لیک سیر اسات کرتے ہین
جو اپنی ہاتھ سے کچھ جیتے جی خیرات کرتے ہین

سچ جو پوچھے یہن وہی روز ازل سے سبز بخت
سبزہ رنگون کی محبت مین جو سم کھا جاتے ہین

پوچھتے ہو حال کیا اے ہمنشینو کھن کی طرح
ہڈیون کو رنگ کے یہ رنج و غم کھا جاتے ہین

آئے اون جھوٹون کے منھ سی کیون نہ بدبو ای ظفر
جو بشر ہر بات مین جھوٹی قسم کھا جاتے ہین

دشمن بغل کا مری پہلو مین دل نہین
ہون تنگ دل کی ہاتھ سی قابو مین دل نہین

سوز فراق سی بھلا کیا جل بجھا کہین
سرگرم اضطراب جو پہلو مین دل نہین

تسخیر دل کے واسطے زر چاہیے تجھے
کچھ حکم زور پنجہ و بازو مین دل نہین

اے چشم یار طاق ہی جادو مین تو بھلا
کسکا گھرا ہوا ترے جادو مین دل نہین

سودا ہے اک نگاہ پہ دل کا چکا ہوا
اے شوخ بکتا کس کی ترازو مین دل نہین

کر کا مکھ مین ہی اوسکی عجب کیا گرہ انجمی
تبلا دہ ہوتا کیا بر آہو مین دل نہین

پھرتے ہین مدتون سے ظفر ہمتو ڈھونڈھتے
پاتا ہے کوئی قاتل بدخو مین دل نہین

آنسو کوئی بلا مژہ تر تلے گے ہین
کیا ہی شریر لڑکے لیے دیر تلے کے ہین

ہوتے ہین کوئی ابروے جانان سی منحرف
سر دیکھنے والے ہم اسی خنجر تلے کے ہین

| | |
|---|---|
| غیر سے ملکر تو نے جو ٹھہرائی ہے معلوم ہے سب | |
| | پر جو تیرے جی مین ہے وہ اپنی زبان پہ لائے کون |
| یار نہین غمخوار نہین ہمدرد ظفر اب کوئی نہین<br>کنج غم مین آپ ہی جیسے دلکو مرے بہلائے کون | |
| اپنے دُرِ اشک سے ڈوبے کو وہ نہ یکسر پانی مین | |
| | غوطے کھاتا خجالت سے ہے بلکہ سمندر پانی مین |
| ستون نے گرداب جو دیکھا دریا مین تو یہ سوجھی | |
| | روح کسی میخوار کی ہے یہ کھاتی چکر پانی مین |
| سیر دریا کو خوش آئے تو جو ساقی پاس نہو | |
| | موج دریا کھینچی ہے سو مجھ پر خنجر پانی مین |
| اشک کے قطرے دیکھ کے اپنی چشم تر مین یہ سوجھا | |
| | ڈوب نے کیا موتی ہین یہ سیپ کے اندر پانی مین |
| سنگ باد محنت سے کب سینہ صاف مکدر ہون | |
| | پانی کا کب بگڑے ہے گر پھینکے پتھر پانی مین |
| اپنے دُرِ اشک سے ہوتا ایسا خجالت کش نہ اگر | |
| | کاہکو اس طرح سے چھپکر بیٹھتا گوہر پانی مین |

اپنی اپنی جاپر راحت سب کو
خاک تو ہی آگ مین ہوا ور جانے دو
مضمون پانی مین
محبت کا جو [illegible] لکھون
حضرت بلبل [illegible] لکھون
[illegible]

[illegible]

اے جان تو آ گر نہین آتا تو ایک دن
آنے مین قضا ہی ہے قضا سے جان
[illegible]
عشق بتان مین دل [illegible]
ظفر خدا سے [illegible]

[illegible]

| | |
|---|---|
| تو بہائے اشک خونین اور بہائی وہ برسائے فقط | |
| | رونے مین کب ابر و چشم تر ہم ایک ہی طور سے ہین |
| ایک تماشے عالم کے اس مین بھی دکھائی دیتے ہین | |
| | دل میرا اور جام یہ تیرا اے جسم ایک ہی طور سے ہین |
| نعل کفش یار پہ شب کو ماہ نو سے کہتا تھا | |
| | فرق نہین کچھ ہم تم دونون پر خم ایک ہی طور سے ہین |
| رند اگر ہین مست مے تو زاہد مست نخوت ہین | |
| | دونون کے رنگ ایک سے ہین اور عالم ایک ہی طور کے ہین |
| باتین کرو اغیار سے تم اور بجا گو ہمسے کیا باعث | |
| | ہمسے کیون ہے پردہ ہم وہ محرم ایک ہی طور سے ہین |
| خانۂ دنیا خانہ گر دون خانہ شادی تھی کس دن<br>ظفر سدا سے یہ تو سرا ہے ماتم ایک ہی طور کے ہین | |

| | |
|---|---|
| دنیا ہی جبکہ رنج و الم ہی اوٹھاؤ جان | پھر آسمین کسلیے کوئی اپنی کھپائے جان |
| ہوتی اگر نہ عشق کی آتش خمیر مین | رکھتا نہ اپنا قالب خاکی ہوائے جان |
| پہلو سے بیٹھے بیٹھے وہ جانان جو اوٹھ گیا | ٹھنڈی ہی بھر کے سانس کہا وائے ہائے جان |
| پیکان تیر یار سے ہے اپنی زندگی | اے چارہ گر جو دست یہ کھائی تو جائے جان |

[illegible]

گھر کیا محل کیسا خورشید دمہ کیا غار کیا گل کیا

سبھی ممنون احسان عکس روے دلربا کے ہین

پڑا وہ سایۂ دیوار سر پر ہے دلا جن کے

نہین ہوتے وہ منت کش کبھی ظل ہما کے ہین

پہونچنا منزل مقصود تک مشکل نہین ہمکو

کہ پیرو اپنے ہادی کے اور اپنے رہنما کے ہین

نبی [illegible] کہتے ہین اون مین ایک ہے ادنی

کہ جو اعجاز [illegible] محبوب رب خیر الورا کے ہین

ابو بکر و عمر عثمان و حیدر کا ہے کیا کہنا

ظفر ہم خاک پا ان چار یار مصطفی کے ہین

دانا ہون یا کہ نادان جو کچھ کہ ہون سو مین ہون

کہتا ہون آپ ہی مین ہان جو کچھ کہ ہون سو مین ہون

ٹھہرا او آدمی [illegible] مجھکو بنا و حیوان

کچھ ہی کہو مری جان جو کچھ کہ ہون سو مین ہون

بد ہون کہ نیک ہون مین سب اپنے واسطے ہون

کیا تمکو کام یاران جو کچھ کہ ہون سو مین ہون

[illegible]

کیونکر انکو یار سمجھے یار نہین عیار ہین یہ
کرتے باتون ہی باتون مین یہ تو اک عیاری منہ سے ہین
کہتے کچھ ہین کرتے کچھ ہین ڈرتے رہیے انسے ظفر
دشمن جان ہین دل سے کرتے ظاہرداری منہ سے ہین

گذری جو ہم پر کیا کہوین | پوچھ نہ دلبر کیا کہوین
ہم تو ازل سے غم کش ہین | تجھکو مقدر کیا کہوین
رحم جو تجھ مین ہو تو کہین | تو ہے ستمگر کیا کہوین
تیری کدورت سنگدلی | خاک اور پتھر کیا کہوین
دیکھتے اپنے ہاتھ مین وہ | آئینہ لیکر کیا کہوین
زلف و رخ ہے شام و سحر | یہ نہ کہین گر کیا کہوین
رخ کو ترے خورشید کہین | ماہِ انور نہ کیا کہوین
حسن ترا سبحان اللہ | اور اے دلبر کیا کہوین

جھوٹی وہ تو بناے ہین
باتین ظفر پر کیا کہوین

تمھارے وصل کی جو آرزو مین مرتے ہین | اسی طلب مین اسی جستجو مین مرتے ہین
ہماری خاک سے روئیدہ کیون نہ گل ہون کہ ہم | ترے تصور روے نکو مین مرتے ہین

[illegible]

| | |
|---|---|
| لگی ہوئی ہو جو اوس شمع رو سے لو اپنی | تو لوگ صورت پروانہ کیا ہی جلتے ہین |

ظفر تصور مژگان یار ہے جنکو
وہ دیکھا تنکے ہی دیوانہ بنکے چلتے ہین

| | |
|---|---|
| ہمدم جانی بجز غم دوسرا کوئی نہین | اور دلسوز آہ سوزان کے سوا کوئی نہین |
| نالہ و آہ رسا اپنے ہین پھر کس کام کے | جب پہونچا تا بگوش دلربا کوئی نہین |
| اور بھی یون تو حسین ہین لاکھون ہی زیر فلک | پر مری نظرون مین تجھسا مہ لقا کوئی نہین |
| اے نگاہ یار تو وہ آفت جان ہے غضب | پھیر سکتا تجھکو تیر قضا کوئی نہین |
| رہنے والونکا عدم کے حال کس سے پوچھیے | اس طرف کو آج تک وان سے پھرا کوئی نہین |
| آشنا ہین جتنے ہین اپنی غرض کے آشنا | خوب دیکھا ہمنے اپنا آشنا کوئی نہین |

ہم کسی کو کیون کہین منھ سے برا اپنے ظفر
ہم ہی سب سے ہین برے ہمسے برا کوئی نہین

کب ہین کہین ہم بیٹھتے اوٹھتے اور کب چلتے پھرتے ہین
اپنے دل بیتاب کے ہاتھون ہاتھ ہی ملتے پھرتے ہین
دیکھو کہین پھنس جاؤگے تم تو چھوٹنا مشکل ہووے گا
حضرت دل کیون سادہ رخون پر آپ پھسلتے پھرتے ہین

| | |
|---|---|
| ہمسے جو ہی سرگرم محبت اندنون کچھ وہ مہر لقا | دیکھ کے دشمن کیا کیا اپنی جی مین جلتے پھرتے ہین |

[illegible]

رفیق وادئ محنت نہ بیٹھے ایک بھی دیکھا | غلط کہتے ہیں سب ہم جہاں تو ہے یہاں ہم ہیں

ظفر اپنے تصور کی بدولت سچ ہی کہتے ہیں
نہیں جھوٹ اوس سے کہتے ہم جہاں تو ہے وہاں ہم ہیں

تھے کل جو گھر میں اپنے مہماں وہ کہاں ہیں | جو کھو گئے ہیں یارب وہ ساں وہ کہاں ہیں
جو خورد و خواب سے ہیں مصروف رات دن میں | حیوان اونکو کہیے انسان وہ کہاں ہیں
کچھ لوگ اونکو در پر اب تو رگڑتے ہیں | تھے ہم دل جو پہلے دربان وہ کہاں ہیں
کوئی رقیب اپنا اب تو نہیں ہے ہم | بہکاتے تھے جو اونکو شیطان وہ کہاں ہیں
تھے شہر اور بیاباں آباد جنکے دم سے | انسان وہ کہاں ہیں حیوان وہ کہاں ہیں
آنکھوں میں رو رہے تھے ہم بھی نہیں ہوا تو | تھے موجزن جو پہلے طوفان وہ کہاں ہیں

کچھ اور ڈھب کے ہم تو اب لوگ دیکھتے ہیں
پہلے جو اے ظفر تھے انسان وہ کہاں ہیں

گو نہ پہلے رنگ و سنگ اوس غنچہ لب کا دیکھ لیں | کیونکر دل میں جب تک اپنے نہ ڈھب کا دیکھ لیں
دونوں حاضر ہیں اگر دیدہ تمہارے واسطے | جوں سماتا ہے مکاں آپ اپنے ڈھب کا دیکھ لیں
بھول جائیں یاد حوران بہشتی شیخ جی | اک ذرا جلوہ جو یاں ہم اوس لب کا دیکھ لیں
ہاتھ پاؤں کو نکالے دیں ہی اونکو رقیب | جو ملے ہم بھی ذرا اوس بے ادب کا دیکھ لیں
ہو نہ راحت عشق میں ہرگز نہ عاشق بھی | خوب دردِ حسرتِ تیج و تعب کا دیکھ لیں

قطعہ

نگاہ و رخ اور شانہ دیکھنے سے ہم لوانا ... / نہ دل قابو مین ہے اپنی نظر ہے اپنے قابو مین
دل ہوا سودا اپنا سے ظفر مرے کبھی کار ... / کیا افسون سے کر دیا ہو اپنے قابو مین

[illegible]

خط و پیغام کی وان بات تو کچھ ہی ہی نہین
قاصدا امید ملاقات تو کچھ ہی ہی نہین

ہم خوش اوقات و بد اوقات بتا مین کسکو
اپنی اے دوستو اوقات تو کچھ ہی ہی نہین

زلف و رخ پر سے بوسر کی تو وہ شب نکلی
دن نکل آیا ہی تو رات تو کچھ ہی ہی نہین

پھر نہ کچھ غیر پہ کرتے ہو ہمیشہ الطاف
اگلی ہمپہ عنایات تو کچھ ہے ہی نہین

وہ تو دو چار سینے رہی اور یہ برسون
آگے اس گریہ کی برسات تو کچھ ہی ہی نہین

ہوتا ہی آپکے انداز سے مطلب معلوم
ورنہ بندہ مین کرامات تو کچھ ہی ہی نہین

جو کہ منظور رادہ سے ہے وہی ہووے گا ظفر
کیا کرون مین کہ مرے ہاتھ تو کچھ ہے ہی نہین

سبھی ہو سکتا املاک و مال و زر ہو اپنے قابو مین
نہین اک زندگی اپنی مگر ہو اپنے قابو مین

## مطلع ثانی

مرے نزدیک سب کچھ ہے ظفر ہو اپنے قابو مین
دل دیوانہ یا اپنا اگر ہو اپنے قابو مین

منجدا دس پری کو یون کیا تو کیا کیا ہمنے
کہ شام اور روزنکے قابو مین سحر ہے اپنے قابو مین

بے جاتی ہین دونون آنسو ونکے ساتھ خون ...
نہ دل قابو مین اپنے نہ جگر ہی اپنے قابو مین

ہمین لے آوے تاثیر تجھ پر آئے ہی رونا
کرین کیا ہم نہین مطلق اثر ہی اپنے قابو مین

پڑے الفت کے ہاتھون بسطرح سے کشمکش مین دل
ادھر ہے اپنے قابو مین ادھر ہی اپنے قابو مین

جو ہو وے رہ نورد شوق کیا ہو اوس سے ...
کہ اب گل کہان وقت سفر ہو اپنے قابو مین

[illegible]

[illegible]

ردیف ی

[illegible]

| | |
|---|---|
| وہ خبر بھیجتے ہین کب مجھکو | ہان مگر سن ادھر اودھر سے لون |

بات کچھ دلبری کی کر جو تو
چاہتا ہی کہ دل ظفر سے لون

| | |
|---|---|
| کیا ہوا اگر ترے رخسار کو ہم چومتے ہین | جو مسلمان ہین وہ قرآن کو ضم چومتے ہین |
| جوش وحشت مین جبین اپنی بڑھاتا ہو قدم | خار صحرا اے جنون میرے قدم چومتے ہین |
| لیکے یک شب تری زلفونکی بلائین ہر روز | ہاتھ ہم اپنی ترے سر کی قسم چومتے ہین |
| حرف مطلب کا نہ مٹ جائے خط ہی قاصد | خط کو ہم یار کے با دیدۂ نم چومتے ہین |
| کچھ تو آتا ہے مزا یہ جو مرے زخم جگر | لہو لگکر منہ لب شمشیر الم چومتے ہین |
| کاٹین ہونٹھ اپنے نکیون ہم کہ لب ساغر ہی | منہ کو مینوش ترے ہائے ستم چومتے ہین |

جاکے کیا کعبہ مین ہم مین حجر الاسود کو
اے ظفر سنگ در یار کو ہم چومتے ہین

| | |
|---|---|
| ہو وین جب ہمخواب ہم وہ بات گر سیدھی کرین | بستر راحت پہ یون کیونکر کمر سیدھی کرین |
| آنکھ رہتی ہی ہمیشہ انکی ٹیڑھی ہمنشین | دیکھیے کس روز وہ ہمسے نظر سیدھی کرین |
| اسکی مژگان ہو نہ سیدھی لاکھ دل اپنا جو | یہ نہین وہ چوب جسکو مینک کے سیدھی کرین |
| آئینہ ہونیکو نشانہ سب ادھر نخچیر عشق | اک ذرا بندوق اپنی وہ جدھر سیدھی کرین |
| ہے خدا اگر بال و پر تو شل مرغ تیز بال | یان سی ہم پرواز بام یار پر سیدھی کرین |

[illegible]

ردیف ہا

[illegible]

قد رشید روسے یار ہے یاد ہم کو کئی
کیا ناگ سے کیے ہین شعلہ کو فیتہ کے بن اوس کے دن
ڈھلتے جاتے رات رنگ ت رازی ہو زلفون کے دن
بڑھ جاتے لونڈے بھی سنگ اوس سیم تن کے دن
جب عشرت ونشاط کا موسم گزر گیا
وہ گیا گذر زمانہ مین سے ان خوبیون کے دن
پڑ جاتے جو مجھ سے ... ہین پھر وہ انداز ظفر
ہو لوٹ ہم کو اوس سے نہین یہ ... ہین ... کے دن

اے پردہ نشین دل مین کرے لاکھ پردہ
ابرو ہی بکیت اوسکا کہے ہی مری دل ہم
مین در پہ تری رہنے نہ دون غیر کو ہرگز

پر روزن دل سے تجھے مین جھانک کے چھوڑ دون
جیتا نہ تجھے ہاتھ سے مین ہانک کے چھوڑ دون
جس طرح نے وان سے اوسے ہانک کے چھوڑ دون

قسمت مین مرے خاک بیابان جنون کی
ہو پھانکنی لکھی تو ظفر پھانک کے چھوڑ دون

وہ ہم پہ آنکھین جو ہو کر کڑے نکالتے ہین
خبر نہین ہمین کس پر خفا ہوئے ہین آج
وہ ہم کو یون ہین نکالتے گھر سے
ارادہ ہے ہمین مہمان آج جانے کا
نہ سمجھو اشک کے قطرے گرے جو چشم کی راہ
ہمارے دل کی نہین کھلتی گلجھٹی

تو منہ سے اون نہین چھوٹے بڑے نکالتے ہین
مگر کسیکو وہ گھر سے کھڑے نکالتے ہین
چمن سے جیسے کہ پتے جھڑے نکالتی ہین
وہ پہننے کو جو بلے جھڑے نکالتی ہین
ہم اپنے سینے کی پیکان اڑے نکالتے ہین
ہزار زلف مین وہ بل پڑے نکالتی ہین

ظفر جب آئے ہے رونا ہمین تو آنکھون سے
ہم آنسوؤن کے گھڑے کے گھڑے نکالتے ہین

ہین اب کہان ہمارے وہ سیر چمن کے دن
تشبیہ دین اگر رخ روشن سے تیرے ہم
لگتی ہے دل سے اوس گل رخسار کی بہار

کرتے بسر ہین ہجر مین اوس سیم تن کے دن
پھر جائین آفتاب سپہر کہن کے دن
کیا دیکھتا ہے ہین ابھی دیوانہ پن کے دن

دیگر

کس دن ہم اوس سے وصل کی تدبیر مین نہین
پر کیا کرین کہ اپنی وہ تقدیر مین نہین
کیونکر لکھون کہ عالم تصویر ہے وہ شوخ
جو بات اوسمین ہے کسی تصویر مین نہین
فریاد کیا کرے گا تمہارے وہ ناتوان
دم بھی تمہارے عاشق دلگیر مین نہین
جا سکتے ہے خاکساری تری اثر رسا
تاثیر جو ہے اوسمین وہ اکسیر مین نہین

[illegible]

[illegible]

## دیگر

عشق کی رہ مین خرد کے جب پھسلتے پانون ہین
جبکہ دہلواتی ہین اپنے پانون وہ ہمسے کبھی
دیکھکر رستے مین اونکو مین کھڑا حیران ہون
روک تو اشکو نکے لڑکو نکو وگرنہ چشم تر
ہر قدم پر خار صحرا کے تراشو نسے جنون
کون جاسکتا ہی بیدل دل جلونکی خاک تک

پھر سنبھالے بھی تو مشکل ہی سنبھلتے پانون ہین
اونکے ہم کس کس طرح آنکھونسے ملتے پانون ہین
اب یہ پیچھے ہٹتے ہین نہ آگے چلتے پانون ہین
دیکھ باہر گھر سے اب ونکے نکلتے پانون ہین
دیکھ ہیبت او رہی میرے بدلتے پانون ہین
جو قدم رکھتا ہی اوسپر وہ سب جلتے پانون ہین

پانون چھنے دے ذرا اوس خاک در پر اے ظفر
پھر مرے جون نقش پا کب وان سے ٹلتے پانون ہین

حال نہین کچھ کھلتا میرا کون ہون کیا ہون کیسا ہون
مست ہون یا ہشیار و لیکن ہون نادان ہون یا دانا ہون
کان سے سبکی سنتا ہون اور منھ سے کچھ نہین کہتا مین
ہوش بھی ہی بیہوش بھی ہون کچھ جاگتا ہون کچھ سوتا ہون
رند ہون مین یا زاہد ہون یا صوفی ہون یا میکش ہون
عالم ہون یا جاہل ہون یا مومن ہون یا ترسا ہون
کیسا رنج اور کیسی راحت کسکی شادی کسکا غم
یہ بھی نہین معلوم مجھے مین جیتا ہون کہ مرتا ہون

دیگر

[illegible]

اٹھیں لکھ کے دی واردات اپنے ہاتھوں
دیے کاٹ کر اپنے ہاتھ اپنے ہاتھوں

تری زلف کو چھیڑ کر ہم نے ظالم
بلا سر پہ لی اپنے رات اپنے ہاتھوں

بجھاتے ہیں ہو کر ہوا خواہ تیرے
ہم اپنا چراغ حیات اپنے ہاتھوں

تجھے لکھ کے خط توڑتا ہوں قلق سے
قلم اپنے ہاتھوں دوات اپنے ہاتھوں

ہوا ملکے رندوں سے بدنام و رسوا
تو اے زاہد خوش صفات اپنے ہاتھوں

جو زیر زمین لے گئے ساتھ دل کے
وہ ضطر ہیں بعد از وفات اپنے ہاتھوں

ظفر باتوں باتوں میں ہمنے بگڑ کر
بگاڑی بنی اپنی بات اپنے ہاتھوں

دیگر

اوسپہ گل دار کے گلشن میں جو زیب پھبنکتے ہیں
ساتھ ہی قطرۂ شبنم بھی گہر پھبنکتے ہیں

ہوتے رو ئیدہ ہیں کیا کیا نہ ادھر لالۂ گل
منہ سے وہ بانکی پیک اپنی جدھر پھبنکتے ہیں

طائر دل کو جو کرنا نہیں منظور شکار
دمبدم کیوں وہ ادھر تیر نظر پھبنکتے ہیں

بعد مردن بھی ستم ہے کہ صبا کے جھوکے
وہ ریحان کے چمن اس مری پر پھبنکتے ہیں

ایک میں کیا ہوں کہ شمشیر ستم سے ہر روز
مجھ سے دو چار کے وہ کاٹ کے سر پھبنکتے ہیں

لائے تو ہیں ترے کوچہ میں مری خاک نصیب
دیکھیے یاں سے وہ اب اسکو کدھر پھبنکتے ہیں

نکلی مطلب کی نہ نکلی تو کریں کیا رمال
قرعہ میرے لیے وہ روز ظفر پھبنکتے ہیں

دیگر

[illegible]

حصہ چہارم دیوان ظفر

[illegible]

پارسائی کا ظفر کرتے ہین دعوے اور روز
مے سے میخانہ مین بھر بھر کے سبو پیتے ہین

سنکے خفا ہو وہ مرا حال زبون تو کیا کرون
اوس سے کہون تو کیا کہون چپ ہون تو کیا کرون

ہون تو فسونگر ایسا مین کرلون مسخر اک جہان
پر نہ چلے جو اسپر ہی تجھپہ فسون تو کیا کرون

خاک کرون جلاکے دل آئینہ رو جو صاف ہو
ہو وہ مکدر اور بھی اس سے فزون تو کیا کرون

جانتا ہون کہ غم ترا پیاسا مرے لہو کا ہے
پر نہ جگر مین ہو مرے قطرۂ خون تو کیا کرون

جیب کو مین رفو کرون چاک اگر ہو نا ہو
چھوڑے نہ ایک تار بھی وحشت جنون تو کیا کرون

کرتا ہون گریہ اسلیے آگ کو دل کی دے بجھا
ہو جو زیادہ اور بھی سوز درون تو کیا کرون

نالہ و آہ مین مرے جب اثر ہو اے ظفر
نالہ کرون تو کیا کرون آہ کرون تو کیا کرون

لب شیرین کی بوسے کبھی چاٹ کھاتے ہین
کہ جب یاد آئے ہے ہم ہونٹھ اپنے کاٹ کھاتے ہین

ہلادی گی فلک کیا اور زمین کیا میری بیتابی
کہ چکر اس سے اس چکی کے دونون پاٹ کھاتے ہین

بکیا دل کا سودا حسن کے بازار والون سے
یہ چھوٹی قیمتین سودا کے بارہ باٹ کھاتے ہین

نکال اے آشنا ہمکو کہ بحر غم مین ہم غوطے
کبھی اس گھاٹ کھاتے ہین کبھی اس گھاٹ کھاتے ہین

نہ کھا تو سیر سے حق اور کا اور جن سے جیل کھیر
کہ جو یہ مال بدکھاتے ہین پڑکر کھاٹ کھاتے ہین

جو دولت سے قناعت کی غنی ہین شکر کرتے
اگرچہ خشک نان جو بھنکر چاٹ کھاتے ہین

کیا چمن مین چور چوری رنگ پر ہو عارض
مرا دل دلکو اسے کیا جو چرا سکے ہین
گلستان مین ہین زیادہ چور بادِ صبا چرا سکے ہین
ازگل بین او کرا ئے رنگ تحریر چرا سکے ہین
ظفر دزد دان معنی کو جو ہے تو خوف ہی ترا
وہ تیرے سارے دیدہ مضمون کسی کا جو چرا سکے ہین

دیگر

بجا ہے کہ کیونکر نہین معلوم مجھکو کیا ملک آنکھوں مین
پھر دیکھ لیا سب ترنگ جھلک انکی ملک آنکھوں مین
کب کبھی تھی یہ رنگ سہرا ترا
عکس ہی جلوہ کنندن کی ڈلک آنکھوں مین

## مطلع ثانی

ہے نازکی دل بت کافر کے بیچ مین
اس طرح جیسے شیشۂ ہو پتھر کے بیچ مین

کرتے نہ کیونکہ نامۂ اعمال ہم سیاہ
لکھا یہی تھا اپنے مقدر کے بیچ مین

ممکن نہین کہ مہر و وفا مجھسے ترک ہو
ہے یہ تو نا صحا مرے جوہر کے بیچ مین

دانتون مین تیرے ہے وہ چمک الامان کہ آب
گوہر کے بیچ مین نہ وہ اختر کے بیچ مین

آنکھونکو دیکھ آئینہ مین بول اوٹھا وہ مست
کیا کشتیان پڑی ہین سمندر کے بیچ مین

اک دم پہ تو نہ باندھ ہوا دیکھ اے حباب
ہو گا یہ دم ہوا ترا دم بھر کے بیچ مین

کہتے ہین جسکو دیدۂ پرخون مین مردمک
داغ سیہ ہے لالۂ احمر کے بیچ مین

دل کے جگر کو دیکھ کہ تنہا یہ جا پڑا
مژگانِ چشم یار کے لشکر کے بیچ مین

ڈالین خرابیان دل خانہ خراب نے
پڑ کر مرے اور اُس مری دلبر کے بیچ مین

اتنا ظفر قرار کہان ہے کہ میری آہ
یکدم ٹھہر سکے دل مضطر کے بیچ مین

دہ ہمسے دمبدم کیون آنکھ ہی ہمدم چرا تے ہین
آہ اونکے عشق مین مرنے سے کب ہم جی چرا تے ہین

زیادہ تر مجھے ہوتی ہے ایذا ضبط گریہ سے
کہ پانی زخم دل سے دیدۂ پرنم چرا تے ہین

کبھی جو بیٹھتے ہین آن کر وہ میرے پہلو مین
تو کیا کیا ناز سے اپنا بدن ہر دم چرا تے ہین

بلا ہین چور طفل اشک چشم سرمہ سا تیرے
کہ آنکھون سے کا جل دیکھ یہ ہم چرا تے ہین

دیگر

ایک ہی اوسکے ستم سے اتنا کیون گھبرا گیا
ایسی ایسی ہونگے ای دل بعد چندی سیکڑون

کیا ستم ہی بوسہ لب ایک بھی اپنا نصیب
گالیان تو ہمکو ای غنچہ دہن دی سیکڑون

بچکے چل ای پاکدامن یہ وہ دنیا ہی نجس
تجھسے اس ناپاک نی اَزردا ڈ گندی سیکڑون

آہ سوزان سے مری گر ایک شعلہ ہو بلند
گر پڑین پروانہ یان جلکر پرندی سیکڑون

اوسکی وہ بندہ نوازی ہی کہ جسسے اے ظفر
ہو گئے اک چیز مین ناچیز بندے سیکڑون

جسکو حالِ دلِ پر درد سناتے ہم ہین
آپ بھی روتے ہین اور اوسکو رولاتے ہم ہین

کھینچتے دل سے ہین نالہ جو دم جذبۂ دل
ساتھ نالہ کی کشش کے کھنچے جاتے ہم ہین

ہر بن مو سے نکلتے ہین ہزارون شعلے
سوزشِ عشق کو کیا خاک چھپاتے ہم ہین

نہ تبسم نہ تکلم نہ اشارہ نہ نگاہ
اونپہ کیون آپکو دیوانہ بتاتے ہم ہین

ایکدو جام سے چلتا نہین کام ای ساقی
اب تو لا منہہ سے خم بادہ لگاتے ہم ہین

کرتے ہین نالۂ پرسوز اگر عشق مین ہم
تیر کیا لیتے ہین جان اپنی جلاتے ہم ہین

ہی اثر گریہ مین کیا خاک مگر رو رو کر
اپنے اس رونے پہ یارونکو ہنساتے ہم ہین

کب تلک ظلم اوٹھائین تری الفت مین جان
لے بس اب جان ہی سے ہاتھ اوٹھاتے ہم ہین

جا نکلتے ہین جو صحرا مین تو اشک خون سے
گور مجنون پہ ظفر پھول چڑھاتے ہم ہین

ظفر کہنے دو اور انکو کہو تم بھی نہ حال اپنا
اگر جانو کہ ہو گا رنج حاصل بات کہنے مین

یاد خال لب مین تیرے ہم خون جگر یون کھاتے ہین
جیسے میکش پیتے ہین مے افیونی افیون کھاتے ہین

میرے دیدہ پرخون کی بھی کیا طوفان خونباری ہے
جس سے غوطے خون مین ہر دم قلزم و جیحون کھاتے ہین

دیکھتے ہو جو غیر دن کو تم میٹھی میٹھی نگاہون سے
اُس پر کیا کیا زہر تمہاری چشم کے مفتون کھاتے ہین

بوسۂ لعل لب کے تیرے جو خواہان ہین بیمار ترے
انکو کھائین یاقوتی تو کب وہ محزون کھاتے ہین

کہتے ہین مہ کو کیا دیکھین ہم آگے تیرے عارض کے
بلکہ قسم آنکھونکی اپنے انجم گردون کھاتے ہین

خاک بھی ہو کر دشت جنون مین آہ جنون کے ہاتھون سے
کیا کیا چکر جیسے بگولہ ہم اور مجنون کھاتے ہین

در سخن کی تیری صفائی کیا کہون کچھ مت پوچھو ظفر
دیکھ کے انکو رشک ہمیشہ در مکنون کھاتے ہین

دیگر

مری مژگان سے آنسو اسطرح برسون برستے ہین
کہ جون برسات کے موسم مین بیچھاجون برستے ہین

جیسے لیا ہی بوسہ تری چشم مست کا
ہم منہ لگاتے اپنے کبھی جام کو نہیں

قاصد ہمارے سامنے باتیں بنائے ہے
کہہ سکتا جا کے یار سے پیغام کو نہیں

کیا کیا کرے ہے عاشق ناکام پر ستم
خوف خدا کچھ اوس بت خود کام کو نہیں

کیا دیگا ہمکو بوسہ لب شوخ غنچہ لب
بخشش بھی دیتا جو لب دشنام کو نہیں

تنگ اسقدر رہی نام سے میرے کہ وہ کبھی
ہرگز پکارتا مرے ہمنام کو نہیں

رندوں پہ طعنہ زن ہے عبث واعظا ظفر
کوئی کسی کے ساتھ ہے انجام ہیں سن

گل گلزار ہوں تو یاں میں ہوں
اور اگر خار ہوں تو یاں میں ہوں

مطلع ثانی

مست و میخوار ہوں تو یاں میں ہوں
اور ہشیار ہوں تو یاں میں ہوں

سب ہیں بے جرم ایک دیگر دل
اک گنہگار ہوں تو یاں میں ہوں

غم مرا غمگسار ہے میرا
غم کا غمخوار ہوں تو یاں میں ہوں

یوں تو سب شیفتہ ہیں اوسکے مگر
عاشق زار ہوں تو یاں میں ہوں

مجھسے بیزار ہے تو واں تو ہے
جان سے بیزار ہوں تو یاں میں ہوں

عاشقوں میں ہے سر مرا سردار
سب میں سردار ہوں تو یاں میں ہوں

کیا عجب مجھپہ سنگ باری ہو
نخل پر بار ہوں تو یاں میں ہوں

نہ اک مکان کا نشان اور نہ اک مکین کا نشان

رہا زمین پہ جو دیکھو فلک کے ہاتھون سے [illegible]

اثر نہوتا اگر درد و آہ کا میرے [illegible]

[illegible] سجدہ وہ در سے نشان جبین کا نشان

[illegible] کا نشان

[illegible] سلیمان کی بھی نگین کا نشان

[illegible] زخم تیغ نگین کا نشان

دیگر

نہو تا چرخ پہ تیرے ستارہ [illegible]

دکھائے جلوہ جو زاہد کو وہ بت کافر

تو ذکر کیا ہی ایمان کا نام دین کا نشان

ظہور معجزہ تھا یہ کہ جس سے پتھر مین

ظفر ہوا قدم ختم المرسلین کا نشان

نہین ہین آنکھین وہ بیمار اے دل بیمار / کہ اونکی تو صفتین سب طبیب کی سی ہین

قفس مین بند ہی کیا جانے کونسا طائر / صدا یہ آتی مگر عندلیب کی سی ہین

گلہ کی خو نہین اپنی وگرنہ تجھسے تو / شکایتین ہین ظالم نصیب کی سی ہین

ارادہ عشق کی منزل کا ہی جنھین اونکو / جو دور کیسی ہین راہین قریب کیسی ہین

جگر کے آبلون سے میرے مجکو حضرت عشق / دکھاتی آنکھین ہمیشہ ادیب کیسی ہین

ظفر ڈرا اونسے کہ جنکے ہے شیطنت دل مین / اور اونکی باتین بظاہر غریب کی سی ہین

دیگر

دل نہ دون اپنا کبھی مین تیری کافر ہاتھ مین / تو کلام اللہ بھی گر آئے لیکر ہاتھ مین

ہاتھ کیا آیا تمہارے چاک جو تمنے کیا / لیکے نامہ کو مرا اے بندہ پرور ہاتھ مین

سر کے بل آئین گے دشمن پانون پڑنیکو مر / بھید کی باتون کا اونکی ہی مرے سر ہاتھ مین

ہاون کا دم نکلتا ہی جب قاتل مرا / آستین اپنی چڑھا کر لے ہی خنجر ہاتھ مین

پکڑے وہ کالے کو کالے کا منتر جسکو یاد / زلف تیری لے سکے کون اے ستمگر ہاتھ مین

شہر مین شہرہ مری وحشت کا ہی یہ آجکل / لو بگولے کے لیے پھرتے مین پتھر ہاتھ مین

عاشق مفلس سے کرتے ہین کنارہ سیمبر / رہتے ہین اوسکی بغل مین جسکی ہو زر ہاتھ مین

خون شہید ناز کا تیری نہین سرخی یہ نم / چاہیے رنگ حنا قاتل تجھے گر ہاتھ مین

آج دعوی پارسائی کا ہی تجکو کل ظفر / تھا بغل مین تیری شیشہ اور ساغر ہاتھ مین

[illegible]

دیگر

[illegible]

سب ترے انجمن مین ہین صوفی
ایک مے خوار ہون تو یہان مین ہون
ہین بہت کوہکن ہے دشت مین قیس
کوہ مین خوار ہون تو یہان مین ہون
سب کو دار الشفا ہے کوچۂ یار
ایک بیمار ہون تو یہان مین ہون
ہیں سب ہی سینہ فگار لیکن
اک جگر افگار ہون تو یہان مین ہون
سب ترے بزم مین ہین بے تقصیر
اک گنہگار ہون تو یہان مین ہون
مست و بیہوش ہون تو یہان مین ہون
اور جو ہشیار ہون تو یہان مین ہون
غمخوار ہے تو دل میسر
دل کا غمخوار ہون تو یہان مین ہون
رنج بے دین ہین اوسکی آنکھون مین
اے ظفر خار ہون تو یہان مین ہون

| | |
|---|---|
| صیاد پر جفا ہے زمانہ مرے لیئے | اس سے بچاؤ تا نہ گرفتار دام ہون |

گھبرائے کیون نہ دل کہ گناہون سے اے ظفر
ساتھ اپنے دیکھتا عجب اک ازدحام ہون

| | |
|---|---|
| مین کہون کیونکہ کہ شوق وصل یار اصلا نہین | اچھا تو ہے جس سے مرے دل کو قرار اصلا نہین |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| جانتا ہو نہین اوسے وہ میرا یار اصلا نہین | پر کرون کیا دل پہ میرا اختیار اصلا نہین |
| ہی جو وہ ابرو عرق آلودہ ہنگام غضب | کوئی تیغ اس سے زیادہ آبدار اصلا نہین |
| شکر باری سرگران مجھسے نہین ہی کوئی یار | مین کسیکی خاطر نازک پہ بار اصلا نہین |
| ایک غم دوری ترا آٹھون پہر ہی میرے پاس | ورنہ تنہائی مین کوئی غمگسار اصلا نہین |
| دل کے داغون پر کرون تیرے جفا مین کیا شمار | بیوفا کر یاد خار و زشمار اصلا نہین |
| کیونکہ مین باتو نہین اگر تمکو دیدن اپنا دل | آپکے قول قسم کا اعتبار اصلا نہین |
| وے ہی بیہوشی جسے تیری نگاہ چشم مست | ہوگے وہ بیہوش ہوتا ہوشیار اصلا نہین |

اے ظفر تو شوق سے لے ساغر صہبائے عشق
اس شراب ناب مین رنج خمار اصلا نہین

| | |
|---|---|
| تیرا اک یار ہون تو یہان مین ہون | عاشق زار ہون تو یہان مین ہون |

جلد چہارم دیوان ظفر

دیگر

ستمگر دیکھو تم مجھسے کس الفت سے ملتی ہین
اس الفت کو جہان مین آدمی قسمت سے ملتی ہین
جو ہم ہین فکر مضمون کرمین تیری طرح اوسے
نہین ملتے جو رملتے بھی ہین تو وقت سے ملتی ہین
یہ جاسو ہوتا ہے ہمکو غماز و نکا اندیشہ
کبھی خواب مین بھی اوس قدر [illegible] ملتی ہین
ہمیشہ تیرے نام پیار دیکھ کتنی سینہ کاوی سے
تصور سے کبھی تصویر اونکی دیکھ لیتے ہین
ابنا و نسے ہم جو رستے جو سے وہ شہر غیر کا ملنا
نہین ملتی کبھی جو اوسے ہی آتے ہین فی اس صورت سے ملتی ہین
ملک رہے اوسکی آہ کی خاک مین عزت سے ملتی ہین
کہون دو چار باتین مین جو دل کی سامنے اونکے
ظفر ایسا کہان وہ دو گھڑی فرصت سے ملتی ہین

دیگر

کہان تک جب مین باتین جیب کی سی ہین
اور اٹھائین اوس نے کو کہا مین رقیبون کی سی ہین
نہین

دیکھا ہو کو وا اگر ایسے بھی انسان جیب مین
ہم کبھی رکھو ن انہماسے ظفر اچھا نہیں
خواہ رکھو نہ رکھ بنیں مین خواہ پنہان جیب مین
دیکھا سے کوئی نہ دشمن خار را ... نام لد
ہین پڑے جس کے ہزارون نقد ایمان جیب مین
جانے ہین دل کا سودا زلف کا ... رکھانی
تا شبہات ایک بھی ایسے نہیں یان جیب مین
دور انی ہی موسم گل اور جیب کے ہاتھ سو

| | |
|---|---|
| ہو گئے آنکھ دکھائی تو نے دھوئے اے نگاہ | کیا عجب کا حوض آب اس چشم نم مین بوئین ہین |
| عشق کی ہے سخت منزل پیچھے ٹکیو نا کم ہو | تھک کر اٹھ سکے نہیں پاؤن قدم مین آئین ہین |
| ریزہ میلے سبزہ زبر پا دشت گل بغیر | ہم نہیں رکھتے کبھی باغ ارم مین پاؤن ہین |

پڑھکے بسم اللہ مجمر پیاو مرتبہا ظفر
ڈالتے ہم عشق کے دریائے غم مین پاؤن ہین

| | |
|---|---|
| دل مضمحل ہی کیا اسے خنجر سے چھیڑ دون | اتنا بھی دم نہیں ہے جو نشتر سے چھیڑ دون |
| اے فتنہ گروہ قصہ کہ اوٹھ جائے میں سر | شکر جو تو اوٹھا دے نئے سر سے چھیڑ دون |
| ڈرتا ہی میرا دل کہ وہ برہم نہون کہین | مین کیونکہ زلف یار کو اوس ڈر سے چھیڑ دون |
| ہی جی مین چنگ چرخ پہ مین کہکشان کا تار | مضراب نالۂ دل مضطر سے چھیڑ دون |
| نگو نہ زخم دل کا بھر آئے اگر تو مین | پھر اوسکو ناخن غم دلبر سے چھیڑ دون |
| مجنون اوٹھائے تو سن وحشت کو منہ ہی کیا | رخش جنون کو مین جو برابر سے چھیڑ دون |

بہتر ہزار تذکرے سے ہووہ اے ظفر
کچھ ذکر شاعری جو سخنور سے چھیڑ دون

| | |
|---|---|
| یہ نہیں آنسو مرے اے چشم گریان جیب مین | ہین بھرے تیری بدولت دُر غلطان جیب مین |
| سینہ صد چاک عاشق کا جگر کے داغ سے | رکھتا ہے جون صبح خورشید درخشان جیب مین |
| گل کر ہمکیا روکشی تجھسے کہ ایسے تو بڑے | ہین ہزارون تیرے سنگ گلستان جیب مین |

دیگر

گرد ہون یا غبار ہون کیا ہون
خاک ہون خاکسار ہون کیا ہون
نہیں معلوم لاعنصری کیا ہون
رنگ گل ہون کہ خار ہون کیا ہون
اپنی ہستی کے اعتبار سے مین
ہون تو بے اعتبار ہون کیا ہون
نالہ بلبل سا بے اثر کیا ہی
نالہ کش مین ہزار ہون کیا ہون
... دو ہی دوران سے
آنکھیں ... سینہ فگار ہون کیا ہون
مین ... غفلت مین
مین ... ہوشیار ہون کیا ہون
ظفر
... ہون کیا ہون
... ایسے ... ہون کیا ہون
مین ... ہون

دیگر

... ہون
... نام ہون
... ہون
... السلام ... ہون
... ہون

صلہ

تباہ ایسے ہوئے انجام مین ہم عشقبازی کے | کوئی جو سر کی بازی ہارو تو جیتے جی سے تو ہین

ظفر اک بات پر قائم ہین اپنے ہم نہین ڈرتے
جو کہدین ایک وہ مین وہی کہدین سینکڑون ہین

لیا پھسلا کے اوسنے میرا دل نادان تو یون
لگے کیونکر نہ بات لے شکر ہین لب ہر مجھکو
ہنسی مین ہے ستم اوس غنچہ لب کا بند ہو جانا
نہ بوسہ وہ کنارا وسنے تو پھر ہمکو مزا حاصل
تری موج تبسم کم نہین شمشیر و خنجر سے
جلانیکو مرے وہ شعر دیکھو تو غیرون سے
سوال بوسہ پر رنجش ہو تو کیا لطف بوسے کا
تجھے ہونا ہی اک دن ذائقہ سے موت کو وہ

ہوا پھر دشمن جان میرا وہ قاتل نداتو یون
کرے ہی تو رقیبونکو مرے شامل نداتو یون
گرہ جاتا ہی اوسکا کھلنا مشکل نداتو یون
نہ حاصل اختلاط یون ہوئی حاصل نداتو یون
کرے ہے ہنستے ہنستے دل کو تو بسمل نداتو یون
کرے ہی گر مجھی کیا سے مخفل نداتو یون
مزا بس کہ بہت بوسہ کے سائل ہم نداتو یون
رہے ہے ہر نفس دنیا کی کیا غافل نداتو یون

وہ کیا لطف سخن جانے مذاق اوسکا نہو جسکو
مزا سے شعر خوانی کا ظفر کامل مذاقون مین

اشک گلگون سے مرے جامۂ تن کا دامن
جب صبا لیگئی اوس طرۂ مشکین کی شمیم
کیا عرق آ کسی مہوش کی جبین سے پونچھا

رنگ گل اس طرح سے ہے جیسے چمن کا دامن
بھر گیا مشک سے صحرائے ختن کا دامن
ہے ستارون سے جو پر چرخ کہن کا دامن

درباںی مین ہے یکتا وہ بت غارتگر / روز پیچائی ہے دل چھین جھٹکے لاکھون

جبکہ سلجھائے ہی شانہ سے وہ زلفین اپنی / دل پہ پڑتے ہین مرے جھٹکے پہ جھٹکے لاکھون

مار ہی سیکھے بنت وہ فسون ساز آ کے / جھٹکے سے ایسے ہون یاد اوسکو ہین لٹکے لاکھون

نہین معلوم کہ گرداب مین چشم تر کے / کس طرح آ گئے دریا مین سمٹ کے لاکھون

اے جنون وادی پرخار مین ہاتھ سے ترے / مر گئے بلبسر و پا نہین گھسٹ کے لاکھون

آج اوس مست مے ناز نے بدمستی مین / سنگ پر شیشہ دل ہاتھ سے پٹکے لاکھون

محفلے مین اگر آ جاے ذرا وہ قاتل / ڈھیر ہون خنجر خونین اپنی پھٹ کے لاکھون

پاس گل کے چمن دہر مین جب دیکھے خار / ہمنے جانا کہ ہین اس باغ مین کھٹکے لاکھون

نالہ میرا وہ قیامت ہے کہ اوٹھ بیٹھین گے / خفتہ کنج عدم نیند و بٹ کے لاکھون

تیرے میکش نہین سیراب اگرچہ ساقی / کی ٹھلیان یہ کرورون ہین مٹکے لاکھون

خاکدان ہے یہ سرایان سی مسافر کوئی / آ گیا صاف کہ گردمین اٹکے لاکھون

گرد چاہ ذقن یار رہے کوئی خضا سبز / گر پڑے ہین کیونکہ نہ دل پانون ہٹ کے لاکھون

دل رنجور کو میرے غم الفت نے ظفر
صدمے پر صدمے دیے جھٹکے پہ جھٹکے لاکھون

دیکھ کے صورت ظاہر کی پہچاننے والے اور ہی ہین
ہے جو حقیقت باطن کی وہ جاننے والے اور ہی ہین

اپنے تو پاے نگارین پایمال ناز ہے
کیون چھپاتا ہی یہ اسکے دیکھو بھلا پاؤن ہین

جب کبھی نسانو مین اوسکے ملنے کی ہو گدگدی
کیا کہون کس ناز سے اوس نے اوچھالا پاؤن ہین

پاے ناز کو او بھی رکھتے ہین خوبان جہان
پر ترے اے نازنین سب سے نرالے پاؤن ہین

اے جنون ہاتھون سے بنوے ہم کہان جا بین کہان
تونے ظالم پھر اکر توڑ ڈالے پاؤن ہین

اوس گلی مین جم گئے جب اے ظفر جو نقش پا
پھر ہمارے وان سے کوئی اوٹھنے والے پاؤن ہین

بل بے تیری گرمی تاب عذار آتشین
بوند ہے جسپر پسینے کی شرار آتشین

دل جلا کی چشم پر مژگان خون آلود مین
دشت غم مین ہے عجب کیا شعلہ زار آتشین

ہین نرالے ڈھنگ جرم عشق کی تعزیر کے
واسطے پروانہ کے ہے شمع وار آتشین

کیا عجب گر تابش رخ سے تیری زلف سیاہ تار
ہون خطوط دہر کے مانند تار آتشین

دشت مین جاے جو یہ دیوانہ آتش قدم
کیا عجب زیر قدم پیدا ہون خار آتشین

شعبدہ بازی سے سوز عشق کی ہی کیا عجب
میری آہ آتشین ہنجاے نار آتشین

آہ آتشبار میری بھی تماشا ہے ظفر
پھلجھڑی اسکو کہون مین یا انار آتشین

قاصدا خوف ہی یہ کیون کہ خط اپنا لکھون
ہون زخود رفتہ خدا جانے کہ مین کیا لکھدون

آگ کاغذ کو لگے بلکہ کبوتر ہو کباب
خط مین مضمون جو کوئی سوزش دل کا لکھدون

مطلع ثانی

[illegible] زلف پیچیدہ کا محال ہے دل کا
[illegible] اگرچہ حسن بہت سے ہین
[illegible] نازک بدن بہت سے ہین
جہان مین اور بھی نازک [illegible]
[illegible] شوخ مین تیرا رنگ نکہت گل
[illegible] بہت سے ہین
[illegible] سخن کو [illegible] سیکھا سخن
جہان مین [illegible] اہل سخن بہت سے ہین

## دیگر

خط مرا قاصد جو دے اوس فتنہ گر کے ہاتھ مین
دے جواب خط وہ خط [illegible] کے ہاتھ مین
زلف تیری ہے بلا کا [illegible] سکتے نہین
کوئی اوس [illegible] کو مارے [illegible] ہاتھ مین
بھر گیا ہے خون سے عاشق کے [illegible]
یہ نہین مہندی لگائی [illegible] ہاتھ مین
ہوگیا اوسکو زیادہ حسن پر [illegible]
کیون نہ ہو آئینہ اوس [illegible] کے ہاتھ مین

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| دم جو ہو ایک پھونک سا انسان مین | پھونک دو ہو کچھ یہ دل کے کان مین |
| خط سے اوس رخ پر ہو اک تازہ بہار | لکھا ہو قرآن خط ریحان مین |
| منھ مین ہو افعی کے چھالا زہر کا | اوسکے ہے یہ زلف سنبرہ کان مین |
| بید مجنون کے سوا سایہ نہین | تیرے دیوانون کی گورستان مین |
| دیکھکر دانتون کو تیرے منفعل | بحر مین موتی ہے ہیرا کان مین |
| دیکھکر خضر اوسکے لب پر خط سبز | ڈوب مرتا چشمۂ حیوان مین |
| جان قائم ہے عصاے آہ سے | آہ کیا گویا الف ہے جان مین |
| موت کا گر ہوتا حکمت سے علاج | کاہے کو مرتا کوئی یونان مین |
| دیکھ تو خال اون بھوون کے درمیان | گر زحل دیکھا ہو میزان مین |
| زہر ہے تجھ بن مجھے برگ نشاط | شیر کا ہے بال ہر رگ پان مین |

زلف اوس روے کتابی پر ظفر
سورۂ واللیل ہے قرآن مین

| | |
|---|---|
| اگرچہ عشق مین رنج و محن بہت سے ہین | پر اسمین لطف بھی ایجان من بہت سے ہین |
| بچانا با تو نہ اوس شوخ پر فریب کو تو | کہ اوسکو یاد دلا مکر و فن بہت سے ہین |
| کنہ ہے کون مقابل مین دلکی داغون کے | اگرچہ انجم چرخ کہن بہت سے ہین |

[illegible] ہاتھ مین
[illegible] بیمار [illegible] ہاتھ مین
[illegible] ہاتھ مین
بعد مجنون [illegible] کا لطف [illegible] ہاتھ مین
عشق [illegible]

## دیگر

[illegible] اوٹھا کر [illegible] پاؤن مین
[illegible] پاؤن مین

## مطلع ثانی

[illegible] پاؤن مین
[illegible] پاؤن مین
[illegible] پاؤن مین

ہاتھ پڑا جب سنگدلوں کے کاہیکو یوں رکھیں گے
جیسے اپنے شیشۂ دل کو ہم بحفاظت رکھتے ہیں

شمع و گل کی حاجت کیا ہے گور پہ اپنی اونکو ظفر
دل میں اپنے سوختہ جان جو داغ حسرت رکھتے ہیں

مطلع ثانی

یہ نہیں مہندی لگائی تو نے بھر کر پانوں میں
خون ملا کشتہ کا اپنے ای ستمگر پانوں میں

پھرتے ہیں دیوانے تیری پابرہنہ دشت میں
لاکھ چبھتے خار ہیں مانند نشتر پانوں میں

جانے کیا وہ عشق کی منزل کہ یہ کیسی ہے سخت
جسنے اس رستے پہ کھائی ہو نہ ٹھوکر پانوں میں

کیوں نہ لاکھوں مہجبینوں سے ہو وہ بالا نشیں
ہر قدم اوسکی چمکتا مثل اختر پانوں میں

مارتا لاتیں ہے کس کس ناز سے وہ نازنیں
چاہتا ہے جی پھر اوسکی گدگدی کر پانوں میں

کوئی الفت سے نکالیں پانوں باہر کس طرح
پڑ گیا اب تو وفا کا اپنے لنگر پانوں میں

آگئی مژگان پہ جای اشک لوہو کی تری
دیکھکر فندق تری چلمن کے اندر پانوں میں

خواب میں بھی شب کو میرے پاس تو آتا نہیں
ایسی کیا مہندی لگی ای ماہ پیکر پانوں میں

دل ظفر کا پابہ زنجیر محبت ہو گیا
پہنی جو منت کی بیڑی تو نے دلبر پانوں میں

وہ اس وضع سے گاتا نہیں جا کے ہنستے ہیں
کہ غنچے شرم سے منہ کو چھپا کے ہنستے ہیں

صبا نے کان میں کیا جانے کیا کہا اونکے
چمن میں اتنے جو گل کھلکھلا کے ہنستے ہیں

مطلع ثانی

صدف مین ہین گہر ہم رنگ جان عشق کی دولت | تری غمدیدہ کے بوندین نہین لوہو کی آنکھو نین

ظفر اوس دلبر پردہ نشین کو مین کہان کھولن
نہ دلمین ہے نہ ہے کوئی جگہ قابو کی آنکھو نمین

کرتے وہ ہین قتل اونہین جو اونسے محبت رکھتے ہین
ہم بھی اونکے محبون مین امید شہادت رکھتے ہین

کرتے ہین گر آہ و فغان ہم کچھ تو ہوتا ثیر اونہین
لیکن آہ و فغان کی کب ہم تاب و طاقت رکھتے ہین

حسن ملیح یار کے آگے ہو جاتے ہین پھیکے سے
گرچہ بظاہر حضرت یوسف خوب صباحت رکھتے ہین

شور جنون سے اپنے صحرا کیونکہ عرصہ محشر ہو
تیری یاد قامت مین ہم روز قیامت رکھتے ہین

داغ درم ہین اشک ہین گوہر لعل ہین اپنی پارۂ دل
ہم بھی بدولت عشق کے تیرے دیکھ یہ دولت رکھتے ہین

کچھ نہ غبار خاطر اون کا دھویا میرے گریہ نے
اب بھی میرے جانب سے وہ دل مین کدورت رکھتے ہین

دین و ایمان جان و دل جو تو نے آنکا نذر کیا | تیری ظفر کیا چاہنے والے عالی ہمت رکھتے ہین

ترے ہاتھ سے ہو دشت وحشت کی مین
نہون کب تلک خاک چھانا کرون

کرین بلبلین نغمہ سنجی ہزار
نہ موقوف مین بلبلانا کرون

قناعت کرون قطرۂ اشک پر
یہی اپنا مین آب و دانا کرون

خرد دیکھ کیسے ہے جنون کچھ کیے
کہو مین کہا کس کا مانا کرون

یہ دنیا ہے ماتم سرا کیا اسے
تصور ظفر عیش جانا کرون

سوزش غم سے جب مرے سینے کے گل چراغ ہون
چارہ گرون کے عقل کے کیونکہ نہ گل چراغ ہون

بادہ کشون کی بزم کو جب ہو فروغ ساقیا
گردن شیشہ شمع ہو ساغر گل چراغ ہون

گور شہید گر خان باغ جہان مین ہو جہان
جلتے کبھی وہان نہ بے روغن گل چراغ

سیل سرشک پر مژہ یل سر بحر موجزن
پارۂ دل مژہ پہ یون جون سر پل چراغ ہون

پرتو نور حسن سے تیرے چمن مین کیا عجب
گو ہر شب چراغ ہو شبنم و گل چراغ ہون

دکھاتے ہو بہار و خزان سے پرے شباب مین
ظفر زمانے کی نیرنگیون سے ... [illegible]
کبری قبا سے تن ناتوان سے پرے شباب مین
مجنون کی پردہ دری نہ کی ... [illegible]
... اور کوئی آ گیا ... [illegible]
سوز عشق ... مثل شمع فانوس
نمایان ہی ... عرفان سے پرے شباب مین
... چھپا دہ ظلمات مین کہ آب خضر
... دل ... نشان سے پرے شباب مین

دیگر

| | |
|---|---|
| نہ کیونکر زلزلہ آئے زمین کیونکر نہ ہلجائے | کہ رہتی درد دل سے مضطرب یہ زمین ہم ہین |
| وہی ایسے لگا کر ہاتھ تیری زلف کو کافر | سمجھے آستین کی تار تار آستین ہم ہین |

پرستش ان بتون کی ترک ہو ہمسے یہ کیا ممکن
ظفر سمجھے ہوے اپنا ہی ایمان و دین ہم ہین

| | |
|---|---|
| تیغ ابرو ہے نہو کیون صفہان قبضے مین | جب کرے نیم نگہ سارا جہان قبضے مین |
| گھر خدا کا ہے یہ دل کون ہوا ہے سر قابض | کیونکہ کرتے ہین خدا جانے بتان قبضے مین |
| کام کیا قابض ارواح کا یان پہلے ہی | غمزۂ یار نے کرلی مری جان قبضے مین |
| غم دلدار کو کس طرح نکالون دل سے | آ گیا اب تو ہے اسکے یہ مکان قبضے مین |
| ابروے یار پہ ہرگز مرا قابو نہ چلے | گرچہ آ جاے فلک کی بھی کمان قبضے مین |
| جبکہ شرح غم دل اپنی بیان کرتا ہون | نہین رہتی مری اوسوقت زبان قبضے مین |

پھر کسی طرح ظفر اوٹھ نہین سکتا قبضہ
آ گیا خانۂ دل اوسکے جہان قبضے مین

| | |
|---|---|
| وہی ہے جان جہان اس جہان کے پردے مین | کرکر رہا ہے ستم آسمان کے پردے مین |
| ہمے ہے دل کے سراپردہ مین وہ پردہ نشین | جو دیکھتا ہے تو دیکھ اس مکان کے پردے مین |
| کیونکہ ہو دل عاشق مین یار جلوہ فروز | چھپے ہے ماہ بھلا کب کتان کے پردے مین |
| جگر کے چاک سے تاکین ہم اوسکو در پردہ | نگاہ پردہ ہی پردہ جھانکے پردے مین |

کسی یار دعوم ... [illegible] کا مین جب نام لیتا ہون
نہ ... ساقی کی ... کے گلی کا ... لیتا ہون
دل ... زلف ہم او ... دے وہ کافر
مین ... ناحق کسی پہ الزام لیتا ہون
... تیری چشم کا مین ... لیتا ہون

[illegible]

... ظفر ... عشق مین اپنا ... کام لیتا ہون

[illegible]

## ردیف النون

یہ نہین سرخی رنگ حنا اے حور شمائل چھنگلی مین
ہے کسی مجھسے خون شدہ کا دل تونے ملا دل چھنگلی مین

رکھتے اوٹھا کر آنکھون مین اپنے جانتے اوسکو آنکھ کا تل
اوٹھ سکتا گر ہمسے تمہارے عارض کا تل چھنگلی مین

خوب نہین ہے چرب زبانی دیکھا یہ گلگیر نے رات
کاٹی زبان شمع پکڑ کر گیا سر محفل چھنگلی مین

قصد کرے وہ یہ کہ اوڑون اور اوڑ کر اوسکا نشانہ ہون
دیکھے جو تیر اوس صید فگن کے طائر بسمل چھنگلی مین

زخم نہین منظور رہین سلوانے دل کے چاک کرو
بیٹھے سوئی کو لیکر تم ہو کیون بیجا صل چھنگلی مین

وہ بھی گل ہین کیا جنکو اپنے ٹوٹنے کی ہے اتنی خوشی
چلنے سے ہی چننے گلچین کے سب جاتے ہین کھل چھنگلی مین

لاکھ نذر قلب یک نفس ہین اوس ہی ظفر اکسیر بنے
رکھتی اثر ہین خاک کی بھی یہ مرد کامل چھنگلی مین

واقعی بات کی مشکل ہے سمائی دل مین | اب یہ آئی وہین جو وقت کہ آئی دل مین

[illegible] سوز دل [illegible] سرد و گرم

## دیگر

| | |
|---|---|
| دوستی کو بندگی اور اونکی الفت کو سلام | عشق کو آداب میرا اور محبت کو سلام |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| صبر میرا اڑ گیا ناصح نصیحت کو سلام | بوسہ دھار دم تو مین کرتا ہون خنجر کو سلام |
| آپ تو لکھتے نہین خط پر کسی کو خط مین ہم | ہان کبھی لکھ دیتے ہین اوس بے مروت کو سلام |
| سجدہ ہم کرتے ہین اوسکی ابروے خمدار مین | زاہد اپنا ہی محراب عبادت کو سلام |
| طالب دولت سلامی کب ہین دولتمند کے | کرتے ہین پردے مین اوسکو اوسکی دولت کو سلام |
| شاخ گل ملتی نہین جھوکے سے باد صبح کے | کرتی ہی جھک جھک کے یا اوس سرو قامت کو سلام |
| گر کبھی فرہاد و مجنون آتے میرے ڈھیر پر | کہکے یا اوستاد کرتے میری تربت کو سلام |
| داغ سوزان سے ہوئی جسدن ہماری ہمسری | ہم کرین اوس روز خورشید قیامت کو سلام |

اے ظفر جو ہین سلامی حضرت شبیر کے
دو جہان مین ہر گھڑی ہے اونکی عزت کو سلام

| | |
|---|---|
| دل مرا ہوتا بجا ہی دلربا ہی سرد و گرم | چل رہی اور ہی ہوا کی یہ ہوا ہی سرد و گرم |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| صحبت گل ایک بلبل کا ہی کیا ہی سرد و گرم | آج کل سالے چمن کی کچھ ہوا ہے سرد و گرم |
| ہی زمانہ مین کبھی سردی کبھی گرمی دلا | دیکھنا کیا کیا فلک کھلا رہا ہی سرد و گرم |

[illegible] سرد و گرم

ردیف [illegible]

[illegible]

ردیف النون

دیتا ہون اجر ستّین فی الانعام مین ہیّان قد جمیلہ
بھیجنی ہی ہمکو مےنوشی کی کیفیت اگر
قائل ہیں پاس محبت کا ہون کیا ای مہربان
آکے بیٹھی بھی تو کیا بیٹھے لگائی ہی رہے

لائے ہو خط اوسکا کیا خیر سے میری پاس تم
تو گذار و اک برس ساتھ میری پاس تم
دنکو پاس اور و نکی ہوا و ررات میری پاس تم
ہر گھڑی اوٹھ بھاگنے کی گھات میری پاس تم

کہہ دو ناصح سے ظفر حضرت سدھارو اپنے گھر
کر چکے ضائع بہت اوقات میری پاس تم

پیار سے ہم کہتے ہین تمھین ایک بوسہ دیدو دیکھو تم
ورنہ ابھی رک جاؤگے اخلاص مین دیکھو دیکھو تم

پوچھتے ہو کیا حال میرا جو کچھ ہے سو وہ سامنے ہے
بالین پر اک لحظہ میرے آؤ بیٹھو دیکھو تم

ہاتھ ہمارے کرتے قلم بے جرم و خطا کس واسطے ہو
لکھا ہے کیا ہمنے تمکو کھولو خط کو دیکھو تم

سینے مین میرے دیکھتے ہو گر پیکان اپنے تیرون کے
کرتا ہون سینہ چاک مین اب تو آکے ذرا دیکھو تم

حضرت دل کیسا کرتے ہو شکوہ اونسے آنکھین دکھانے کا
کچھ نہ لکھو تقدیر مین جو کچھ دیکھنا ہے سو دیکھو تم

[illegible]

آگے دلبر داغ کے اور دشت جنون کے
لکھتا ہو کچھ ایسا کہ سمجھ مین نہین آتا

لئے ہم مین خرد لے کو نہ جاگیر کے قائل
ہون کیا بت تو خط تری تحریر کی قائل

پہونچے نظفر دل پہ جو اونکے کوئی صدمہ
جب ہونگے مرے نالۂ شبگیر کے قائل

عشق کرنا تو کچھ نہین مشکل
ہے نباہ اس کا ہمنشین مشکل

گر ملا دون زمین سی چرخ کو مین
تیر الملنا ہے مہ جبین مشکل

روز فرقت مین ہم سمجھے ہین
جینا مرنے سے بھی نہین مشکل

تیرے دانتون کے روبرو آنا
جانتا ہے دُر ثمین مشکل

بہتر اس اپنے دل کے آئینہ سے
ہاتھ آتی ہے دوربین مشکل

تیرے بیمار کو سر بستر
لینی کروٹ ہے مہ جبین مشکل

تیرے کوچے سے مثل نقش قدم
اپنا اوٹھنا ہے نازنین مشکل

نفس شیطان جب اپنا ہو رہزن
کیونکہ پھر ہو نہ راہ دین مشکل

لکھے جھٹ پٹ جو اے ظفر ہم نے
اس غزل کی تھی زمین مشکل

## ردیف المیم

رخ پر نور پر اوسکے نہین خال سیاہ
زلف رخسار پہ و زلف مین تابِ خیال

محترق تابشِ خورشید سے گویا ہو زحل
دن تو ہو رات کی اور رات ہو دن کی و جل

رکھ قدم عشق کے کوچے مین جما کر اپنا
اے ظفر ایسا نہو پاؤن کہین جاے پھسل

ہے مرے حق مین ابروے پرخم کی کیا صفہانی تیغ کی شکل

بلکہ ہے ہر ایک چین جبین اے دشمن جانی تیغ کی شکل

## مطلع ثانی

وہ جو طبیعت تیز و روان تھی وقت جوانی تیغ کی شکل

پیری مین ہو زنگ آلودہ کند پرانی تیغ کی شکل

جلد بھرے ساغر مے کی دیکھ کلیجا کانپے ہے

چمکی ساقی ابر مین بجلی قہر ڈرانی تیغ کی شکل

یاد نگاہ و ابرو مین جو شعر پڑھون ہون میرے لیے

مصرع اول تیر کی صورت مصرع ثانی تیغ کی شکل

ابرو کی شمشیر تری کب بھولتی ہے اس زخمی کو

ہے لب زخم دل سے رکھتا پاس نشانی تیغ کی شکل

حضرت عجب کیا گرچہ اثر سے میری شوق شہادت کی

ردیف الالف

## مطلع ثانی

کون ہین ہم سا مرد جو گوشہ نشین الگ تھلگ — جیسے صدف مین سب سے ہی در ثمین الگ تھلگ

در ہو اسے مدی گر اصدمہ ہماری آہ کا — چرخ زمین پہ ہی گرا چرخ برین الگ تھلگ

جاتے ہو آج تم جہان لیجیو ساتھ ہمکو وان — بیٹھے رہینگے ہم وہان ہم بھی کہین الگ تھلگ

پاس نزاکت اسقدر ہے کہ ہمیشہ اپنا سر — رکھتا ہی تیری پانو پر تیرا حزین الگ تھلگ

کردے بدن سے سر جدا لیتا ہی کیون اوٹھا دھر — رکھے گا یہ تو مری خنجر کین الگ تھلگ

کون ہی کہ جس سے خلط وہ رکھتے نہین ہین ہمنشین — رہتے ہین اونکی پاس تو ایک ہین الگ تھلگ

جوش جنون زمین پہ کر سر زہ دری نہ اسقدر — رکھے ہی شاخ گاو پر دیکھ زمین الگ تھلگ

دل کو ند و ظفر اوسی جو وہ اُچھالتا پھرے
شیشہ ہی نازک اسکو تم رکھدو کہین الگ تھلگ

جو کہ مست مئے الست ہین لوگ — ہوش مین ہین نہین وہ مست ہین لوگ

صورت اوس بت کی دیکھکر سجدا — ہو گئے لاکھون بت پرست ہین لوگ

تخت جم پر وہ بیٹھین کیا جم کر — رہتے اوس در پہ جو نشست ہین لوگ

دور مین چشم مست ساقی کے — خم بدوش و قدح بدست ہین لوگ

اوسکے کوچے مین میری جانے سے — پہلے ہی کرتے بند و بست ہین لوگ

جو وہ کہتے ہین سب ہین کہتے بجا — کچھ نہین کہتے نیست ہست ہین لوگ

| | |
|---|---|
| بر بجنا پیچ و تاب غم مین یان رہا کیا کیا | ہوئی جو دیر تجکو نامہ بر دو دنکی دو دن تک |
| جو آیا وہ گھڑی بھر کو تو پھر دو دن نہین آیا | دلاتا یاد ہر وہ فتنہ گر دو دنکی دو دن تک |
| ہمارے حشر تک چرچے ہین بلبل باغ عالم مین | تری شہرت ہوئی شوریدہ سر دو دنکی دو دن تک |
| ابھی یان راہ تکتے تھکتے اونکی چار دن ہمکو | نہ لایا کچھ خبر پیغامبر دو دنکی دو دن تک |

بھروسا کیا اونہین تجسے جو ہی کچھ آجکل الفت
کہ ہے یہ تو محبت اے ظفر دو دنکی دو دن تک

## ردیف کاف فارسی

| | |
|---|---|
| بھنی مشکل نہین کچھ صاحب تدبیر سی لاگ | سخت دشوار ہی پر گردش تقدیر سی لاگ |
| توڑتا اب ہی جو تو ہاتھ لگا کر بیڈھب | سخت جانو نکو نہین کچھ تری شمشیر سی لاگ |
| خوب کسطرح ہدف پر نہ لگے تیر قضا | اے کماندار وہ رکھتا ہی تری تیر سی لاگ |
| شانہ کیونکر نہ جگر چاک پھرے سرگردان | کہ وہ رکھتا ہی تری زلف گرہگیر سی لاگ |
| دشنہ آیا ہی ترا تیز جو ہو کر اتنا | اے ستمگار اسی ہی ترے نخچیر سے لاگ |
| گھر سے دین مجکو نکال اور مرقع سے وہ | کہ اونہین مجسی ہی ضد اور مری تصویر سی لاگ |
| رنگ کسکی کوئی چھپتی ہی کہا جاتا ہی | ایک ہی بات مین وہ تو مری تقریر سی لاگ |
| وہ مسلمان ہی ظفر صاحب یاران حسین | صحابہ سے ہو بغض اور نہ شبیر سی لاگ |

سوای کنج قناعت جہان ہی وان تک
جہان نہین ہو تو یہی گوشہ فراغ ہی ایک

فراخ دستی ساقی کا دیکھنا عالم
اگر دے ہی سو جو کوئی مانگتا ایاغ ہی ایک

ہر اشک خون سے آنکھون نے گلفشانی کی
کریکے جیب تا دامن اپنے باغ ہی ایک

بغیر نالہ ہوس سے فغان وہی دل کی
جہان تا دل گم گشتہ کا سراغ ہی ایک

رہی جہان نہین نیک و بد کی کچھ تمیز
نظر مین اہل جہان کے ہما و زاغ ہی ایک

ظفر ہزارون مین عالی دماغ و روشن دل
ترا سا پر نہین رکھتا دل و دماغ ہے ایک

وہ چشم فتنہ زا سے ہی لیتا سبق فلک
گرتا او لٹ پلٹ ہے یہ ساتون ورق فلک

ہونگے نثار کسی خورشید رو پہ کیا
رکھتا ہی جو یہ زر انجم طبق فلک

اہل زمین کا ہی تری گردن پہ خون ہے
ہر شام بہولتی ہی جو تجھ پر شفق فلک

لایا ہی گردشون سے ہزارون مین یہ دم
کھو کر رہیگا کچھ جو ہی ستو رمق فلک

وسل و وش کو ہمیہ کر اب مہربان تو
پھر کیا گیا جو ہم ہی ہوی جان بحق فلک

کیا جانے او خوشی پہ خوشی کیا جہان مین
یان ہمکو دے رہا ہی قلق پر قلق فلک

جسکو سمجھ رہے ہین ظفر لوگ کہکشان
نالون سے ہو رہا ہی مرے سینہ خرق فلک

کیا تجھے حسن مین ہو کوئی اے صنم شریک
پیدا ہوا نہ تیرا خدا کی قسم شریک

[illegible]

انسان کی زندگی ہی تو اک دم نفس تلک
سامان کری ہی جینے کا لاکھون برس تلک

دامن چھوڑنا اپنا ہو دشوار برق کو
گر آئے آشیان کو مرے خار و خس تلک

داغ ہین ہم اوسکو اپنا جو بوسنگی دینے مین
وہ جا سے نہ موڑ زدہ مُنھ آٹھ دس تلک

ساقی نگاہ مست سی تیرے عجب نہین
مدہوش محتسب ہے اگر ہو عسس تلک

دعوی کری جو عشق کا یہہ بے اگر خبر
اس عاشق ستم زدہ کی بوالہوس تلک

احسان کری اسیر قفس پر نسیم صبح
اک برگ گل جو لاکی چمن سی قفس تلک

سن سن کے میرا نالہ و فریاد اے ظفر
خاموش ہین زمانے مین نے سے جرس تلک

دل مین میرے وہ چبھی چشم پریزاد کی نوک
اس طرح چبھتی ہی جون سوزن فولاد کی نوک

تا سر چرخ برین عشق مین پہونچی آخر
اس مری نیزہ آہ دل ناشاد کی نوک

دلمین عاشق کے کھٹکتی ہی ہی تا دم مرگ
ہاے دنبالہ چشم ستم ایجاد کی نوک

وصف ہی عالم تصویر تری نقشہ کا
رکھتی ہی نوک زبان خامہ بہزاد کی نوک

دلمین لگتی ہی نکلتی ہی جگر مین جاکر
اے ستمگار تری ناوک بیداد کی نوک

اضطراب رگ مجنون سی یہ ڈر ہی دم فصد
ٹوٹ جای نہ کہین نشتر فصاد کی نوک

کس طرح سے نہ چبھی اہل سخن کی دلمین
نکلے ہی طرز سخن مین ظفر استاد کی نوک

[illegible]

[illegible]

سوئے نہ میرے پاس وہ بستر پہ رات کو
جبتک کہ درمیان نہو بالشت بھر کا فرق

کوچے میں اونکے مجکو مکان بھی ملا تو کیا
میرے اور اونکے گھر میں ہے دس بیس گھر کا فرق

جاتا گذر ہے دونوں سے اوسکی نگہ کا تیر
مطلق نہیں سمجھتا وہ دل و جگر کا فرق

بلبل ہزار میری طرح سے ہو نالہ کش
میرے اور اوسکے نالے میں ہوگا اثر کا فرق

آئے بھی میرے پاس تو بیٹھے وہ فرق سے
آیا ہے اونکے دل میں کچھ اب اسقدر کا فرق

مدت سے مجھ میں اور مرے دل میں اے ظفر
ڈالا ہوا ہے اوس نگہ فتنہ گر کا فرق

خدنگ یار نہیں کچھ دل و جگر میں فرق
تو ایک گھر سے سمجھ دوسرے کے گھر میں فرق

وہ صاف آئینہ دل میں ہے نظر آتا
نہ آئے جسکو نظر اوسکی ہے نظر میں فرق

یہ جوش گریہ سے عالم ہے اشکباری کا
نہیں ہے ابر میں اور میری چشم تر میں فرق

نگاہ مردمک چشم یار میں یک جا
کہ خوشنما ہے ابر میں اور میری چشم تر میں فرق

نہ دل میں فرق پڑے گر فراق ہو برسوں
یہ ہم نہیں کہ جو آجائے لحظہ بھر میں فرق

ہوئے ہیں چہرے کی زردی سے دیکھ تنگ بتوں
رکھا نہ عشق نے کچھ رنگ سیم و زر میں فرق

ظفر کہا یہ حلاوت سے ہملو بوسہ کے
نہیں ہے اوس لب شیریں میں اور شکر میں فرق

## ردیف کاف تازی

قطعہ

نظر مین جسکے سماما ہے پُر نور رخسار
الٰہی خیر ہو قاتل کے او رہین تیور
مری طرف سے یہان تک پھرا ہے رخ اوسکا
حواس چارہ گرونکے بھی اوڑ گئے یکسر

وہ دیکھتا بھی نہین جلوۂ قمر کی طرف
بُری نگاہ سے تکتا ہے میرے سر کی طرف
کہ سوتے منھ بھی نہین کرکے میرے گھر کی طرف
جو کی نظر مرے زخمِ دل و جگر کی طرف

فدا ہین جسپہ دل و جان سے کیا تماشا ہے
وہ التفات بھی کرتا نہین ظفر کی طرف

دیگر

مطلع ثانی

بے رخ یار کرنہ نظر دوسری طرف
بٹ جائے دل نہ دیکھیو ظفر دوسری طرف

اپنا خدنگ آہ عجب کیا جو توڑکر
جائے نکل فلک کی سپر دوسری طرف

سیدھا ہی اوس گلی مین پہونچتا ہے روز دل
جاتا نہین ادھر نہ اودھر دوسری طرف

چھوٹے جو یکطرف سر عارض وہ ماہ زلف
گیسو عیان ہو شام و سحر دوسری طرف

دل بھر گیا جو اوس صف مژگان کے سامنے
پھیرا نہ منھ کو بل بے جگر دوسری طرف

کیا اس سے فائدہ جو کوئی اک طرف ہو
جبتک نہو کسیکو اثر دوسری طرف

دل بھی ہوا نہ اپنا طرفدار ہے غضب
اک آن مین ہوا یہ ظفر دوسری طرف

قطعہ

تھی جو جو اسمین نہ کیون ہو نامہ بر دونون طرف
لکھ کچھ خیر ہین لگائے آگر دونون طرف
یکقلم ایسے خطون مین ہو گئی باہم جواب
منھ نہین پڑتا آپسکا صلح پر دونون طرف

قطعہ

ردیف القاف

| | |
|---|---|
| اگر دیا پر اوسنی مجکو جان کر مجنون معاف | جو نہ کہنا تھا کہا ناصح کو مینے بارہا |

منے اوسکی عنایت کو ہین کیا تیری گناہ
اے ظفر کر دیگا سب قادر بیچون معاف

| | |
|---|---|
| کیا ہی آپنے کیا خوب روز مرا اصاف | ہمیشہ کرتے ہو عاشق پہ تم تبرا اصاف |
| تفنگ آہ مین مارا ہی بھر کے چھرا اصاف | نہین ستارے کسی دل جلے کی گرد ولن پر |
| غبار غم سے نہین پاتے ایک ذرا اصاف | ترے فراق مین اے مہروش الا اپنا ہم |
| تو برگ گل ہی نزاکت مین اوسکا پرا اصاف | جو خوشنما تری مینی ہی جون گل زنبق |
| جو بیکے گھونٹ کوئی دیکھی ہی وہ کڑا اصاف | لگی ہی جسکو مے تند و تیز بادہ فروش |
| بڑا معاملہ تو پایا اسکو کڑا اصاف | جسے یہ حضرت دل خوش مزاج سمجھے تھے |
| چمن مین شہپر قمری ہو شکل آرا اصاف | جو تیرے قد سے ہو ہمسر تو سرو کے سر پر |
| کہ اوسکو دیکھ کے جاتی ہو برق تھرا اصاف | مجال کیا کہ ترے رخ سے شعلہ ہو ہمتاب |

جو فخر کرتے ہین اپنے لباس ظاہر پر
ظفر وہ کسوت دانش سے ہین معرا اصاف

| | |
|---|---|
| اگر کہے عاشق جانباز کب ہین جان کا خوف | وہ کھینچے تیغ نہین ہمکو امتحان کا خوف |
| کہ ہی ہر ایک کو سیلاب سے مکان کا خوف | ہوئی یہ ابکی برس گریہ سے مری برسات |
| تو اوسکا خوف ہی گویا مجھے جہان کا خوف | ہوا جو دشمن جان ہو گیا وہ جان جہان |

مل گئے ادن سے اپنے کیا مخبر | لکھتے ہین چٹھیان دروغ دروغ

نہیں راستی ظفر باتین
ہے پسند جہان دروغ دروغ

## ردیف الف

تجھ بن شراب عیش کے پینے پہ چار حرف | اور اسطرح کی مزہ جینے پہ چار حرف
لا ایک حرف شکوہ زبان پر نہ چرخ کا | بھیجے اس ستم شعار کمینے پہ چار حرف
جاے جواب نامہ قلم بھر کے خون سے تو | دے کھینچ اپنے کشتہ کے سینے پہ چار حرف
الفت کی شرح سے ہین بیاضین بہت سیاہ | پھیلے ہین یہ ہزار سفینے پہ چار حرف
جاتے تو ہو رقیب کے کوٹھے پہ تم مگر | سن جاؤ میرے ٹھہر کے زینے پہ چار حرف
ناحق جو کینہ رکھتا ہے تو مجھسے اے حسود | تف تجھپہ اور اس تری کینے پہ چار حرف

روز ازل سے نام محمد کے اے ظفر
کندہ ہین اپنے دل کے نگینے پہ چار حرف

ہوئی کس جرم سے ہمپہ یہ عنایت موقوف | کیا خطا دیکھی جو کی خط و کتابت موقوف
ہم وہ عادی ہین غم عشق کے مر جائینگے | لیک ہونیکی نہین ہمسے یہ عادت موقوف
یا تو لیجائیے اے حضرت ناصح تشریف | اور یا کیجیے یہ پند و نصیحت موقوف

دیگر

دیکھون کیا آنکھون سے تجھکو کہ مری جان ترا — ہے مری پیش نظر شیشے کی دیوار کی وضع
کیون نہ ہر بات مین اک زخم لگے دل پہ مری — کہ زبان رکھتی ہے تیری مین وہ تلوار کی وضع

وضع داری کا بہت کرتے ہین اپنے دعوی
پر ظفر ہمکو پسند او نہین ہے دو چار کی وضع

جو پیین گے شراب بے موقع — وہی ہونگے خراب بے موقع
ڈر خدا سے نہ بول اتنا جھوٹ — بتِ خانہ خراب بے موقع
ہمتو کہتے ہین بات موقع کی — دیتے ہین وہ جواب بے موقع
حضرتِ ناصح آپ کی باتین — نہین بھاتین جناب بے موقع
ہستیِ یک نفس پہ کیون یہ ہوا — باندھتا ہے حباب بے موقع
رخِ روشن کے روبرو ہے ترے — تابشِ آفتاب بے موقع
آتشِ عشق سے ہوا بھنکر — دل بھی کیا ہی کباب بے موقع
ابرِ مژگان کے سامنے تیرے — ہے برستا سحاب بے موقع

دل ظفر دے کے شعلہ رویون کو
لیا ہمنے عذاب بے موقع

## ردیف غین معجمہ

## ردیف العین

کی تھی کیا مجھسے مرے یار شرط — کچھ بھی ہے یار ستمگار شرط

دین وایمان ودل وجان لیکر — دینا بوسہ بھی ہے اک بار شرط

شمع کی طرح رہ الفت مین — سر کٹانا بھی ہے سو بار شرط

در پر اوسکے نہ فغان کر اتنی — ہے ادب بھی دل بیمار شرط

چپکا نہ رہ مرغ چمن دام مین — کچھ ہی نہ کچھ ہے تجھے گفتار شرط

راز نہان گریہ سے کھل جائیگا — ہوئیگا رسوا سر بازار شرط

جتنے ہین بے قول ظفر اب نہان
اتنے کرے اب تری بیزار شرط

## ردیف الظاء

گلی مین یار کے ہمنے رکھا قدم بلحاظ — گئے بھی بادب آئے بھی وہ تو ہم بلحاظ

ہماری شکل نے سب حال کہدیا اونسے — زبان سے گو نہ کہا ہمنے دل کا غم بلحاظ

قلم وہ کرتے ہین اسپر بھی ہاتھ ای قاصد — اگرچہ کرتے ہین خط اونکو ہم رقم بلحاظ

جب اوس سے حسن مین یوسف نہ ہوسکا ہمسر — تو جا چھپا وہ پس پردہ عدم بلحاظ

مبادا چونک وہ اٹھے خواب ناز سے وہ گل — چمن مین جائیو اے باد صبحدم بلحاظ

ابھی ڈبوئین رقیبونکے گھر کے گھر لیکن — ہم اونکی آگے نہین ہوتی چشم نم بلحاظ

مطلع ثانی

مطلع ثالث

| | |
|---|---|
| شمع سے گلگیر کیا ہو تاج زر کی احتیاط | عشق مین جب تو نہ اوس سے کر اوس سر کی احتیاط |
| نکلے جو آنسو تصور مین کسی مہ پارہ کے | چاہیے آنکھون سے اوس روشن گہر کی احتیاط |
| خط بچایا آپ خط کیطرح سے ٹکڑے ہوا | اللہ اللہ ری ہمارے نامہ بر کی احتیاط |
ظفر مدت مین ہمکو کچھ سخندانی کا ڈھب آیا

طوفان بپا یہ گریہ کی شدت نے کیا کیا
مجکو ڈبو دیا غم الفت نے کیا کیا

خواب عدم سے کشتہ کو تیری جگا کے پھر
فتنہ اوٹھایا شور قیامت نے کیا کیا

پروانے کو جلا کے کیا ایکدم مین خاک
ہے ہر ستم یہ سوز محبت نے کیا کیا

تو کرتا کس امید پہ غافل ہے جمع زر
قارون کے ساتھ دیکھ تو دولت نے کیا کیا

دیگر

مطلع ثانی

اے عدم رفتگان کہو تمنے
درمیان اوس سفر کے کیا پایا
قاصدون سے ظفر اوسے مرکر
پوچھ جو بہتان دھر کے کیا پایا

[illegible]

| | |
|---|---|
| دل مرا سنتا ہے کسکے عشق مین | تو نصیحت ناصحا کرتا ہے کیا |

ابتو دل اوس بت کو ہمنے دیدیا
اے ظفر دیکھین خدا کرتا ہے کیا

| | |
|---|---|
| دل بتون سے لگا کے کیا پایا | دین و ایمان گنوا کے کیا پایا |
| جز غم و درد و یاس و رنج و تعب | ہمنے دنیا مین آ کے کیا پایا |
| پاے قاتل کا بوسہ لے نہ سکے | ہمنے سر کو جھکا کے کیا پایا |
| اے اسیران خانۂ زنجیر | تمنے یان غل مچا کے کیا پایا |
| نہ بجھا سوز دل جب آنکھون سے | ہمنے دریا بہا کے کیا پایا |
| نہ جتانا تھا راز عشق اون سے | کیون جتایا جتا کے کیا پایا |

پڑھ ظفر قافیہ بدل کر شعر
اس غزل کو سنا کے کیا پایا

| | |
|---|---|
| چاہ مین ڈوب مر کے کیا پایا | آشنا تمکو کر کے کیا پایا |
| کشتۂ تیغ غم سے پوچھ اپنے | تونے جی سے گذر کے کیا پایا |
| گر نپایا جواب خط تو پھر | ہاتھ سے نامہ بر کے کیا پایا |
| تجکو اے دل خدا سے ڈرنا تھا | تونے اوس بت سے ڈر کے کیا پایا |
| کیا سوداے زلف جو ہمنے | تو سوا درد سر کے کیا پایا |

مطلع ثانی

[illegible]

دیگر

## مطلع ثانی

جو میرے ساتھ نہ میرا دل طپان ہوتا — تو مین جہان مین رسوا جہان تہان ہوتا

نہ کیونکہ وہ غم دل او دل کو آرایش — کہ بے مکین نہین آراستہ مکان ہوتا

جلے ہی دل جو نکلتی ہے میرے دلسے آہ — بغیر آگ کے پیدا نہین دھوان ہوتا

ہمارے دلمین ہین یون اوسکی تیر کا روزن — اندھیری گھر مین ہی جسطرح تابدان ہوتا

بجای بالش مخمل سمجھتے مین اوسکو — جو نیچے سر کے ترا سنگ آستان ہوتا

مجاز عشق مجازی کی پاس بھی عاشق — جو یہ نہ بام حقیقت کا نردبان ہوتا

ہمارے دلکی خبر کون اونکو پہونچاتا — اگر نہ قاصد اشک اوسطرف روان ہوتا

ظفر جو دیکھ کے حیران ہین مجکو پیری مین
دکھاتا اونکو تماشا اگر جوان ہوتا

اچھا کیا گر مجکو برا جان کے چھوڑا — پر حیف کہ غیرون کا کہا مان کے چھوڑا

قربان ترے ہاتھون کے کماندار کہ تونے — کیا میری طرف تیر بھوین تان کے چھوڑا

کیا قہر ہے بسمل پہ ترے ناز کی ظالم — اک ہاتھ تری آن نے اور آن کے چھوڑا

وحشت نے مرے زیر کف پا کوئی کانٹا — ثابت نہین دامن مین بیابان کی چھوڑا

سب قیدیونکو چھوڑ دیا آپ نے اپنے — پر ایک جیتا مجھے پہچان کے چھوڑا

سرمایہ حیرت سے بتا اے دل حیران — کیا واسطے آئینہ حیران کے چھوڑا

قطعہ

دیگر

فلک سے پہنچا
یہ اپنا درد دل و جگر ہائے زمین سے اونچا

فلک سے پہنچا
نہ کچھ بلندی کی ہے نشان نہ کچھ ہے پستی
کی فکر اصلا
شان قاتل یہ اپنا سر ہے زمین سے اونچا
فلک سے پہنچا
نہ شعلہ برق سمجھو اسکو نظر اُٹھا کر
بغور دیکھو
یہ آہ کا میری اک شرر ہے زمین سے پہنچا
فلک سے اونچا

| | |
|---|---|
| صیاد تھا وہ کونسا طائر اسیر دام | تا ہب جو تیرے ہاتھ سے پر لیکے اوڑ گیا |
| جھوکا نتھا صبا کا وہ بادی تھا کوئی جب | گلشن سے دم میں گل کا جو زر لیکے اوڑ گیا |
| دل تھا ابھی بغل میں مرے ای کیا ہوا | کیا جانے کوئی اوسکو کدھر لیکے اوڑ گیا |
| مرغ نظر تصور دندان یار سے | دانہ کی جائے منھ میں گہر لیکے اوڑ گیا |
| جاتی کہیں بھی بکڑکے نہ اس ناتواں کی خاک | تیری گلی کا شوق مگر لیکے اوڑ گیا |

تا بام یار طاقت پرواز تھی کسے
ای عشق تیرا نام ظفر لیکے اوڑ گیا

| | |
|---|---|
| پانو میں طاقت نہیں جب کی گھر دو آ گیا | آپ تک پہونچے تو پہونچے نیو نکہ رنجور آپکا |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| جبکہ یون ظلم و ستم ہو جائے دستور آپکا | پھر ستمگر نام ہو کیونکر نہ مشہور آپکا |

## مطلع ثالث

| | |
|---|---|
| ہو سکے دل کیا حریف چشم مخمور آپکا | غمزہ ہے ستم اک بلا ہے چشم بد دور آپکا |
| دل میں کیا تیر جگر میں گیا نہ سینہ میں گیا | ہر جگہ ڈالا ہوا ہے ایک ناسور آپکا |
| خانہ دل میں نہیں حاجت چراغ و شمع کی | ہمیں کافی ہے خیال روی پرنور آپکا |
| چھٹ گیا ذبح و ظالم سے قتل جو تونے کیا | میں رہونگا حشر تک ممنون و مشکور آپکا |
| کیا دل عاشق میں کھٹکتا ہے مژہ نوک جھونک | نشتر مژگان برنگ نیش زنبور آپکا |

۳

[illegible]

خالی نہین جہان مین تمنا سے کوئی دل
ہر ایک مین ہے گرچہ تمنا جدا جدا

برچھی نگہ کی تیغ بھوون کی غمزہ کا تیر
ہے میرے کشت و خون کو مہیا جدا جدا

شعلہ مین بھی ہے برق مین بھی اُسکے نور مین
اک نور کا کسی کے تجلا جدا جدا

اللہ رے جوش گریہ کہ ہر ہر مژہ سے آج
بہتا ہے ایک خون کا دریا جدا جدا

گہ رخ کا بوسہ لیتے ہین گاہے دہن کا ہم
دونون مین ہمنے لطف جو پایا جدا جدا

خط لکھا ایک اُسنے مجھے اور غیر کو
مضمون اگرچہ اسمین ظفر تھا جدا جدا

دہان یار کا راز نہان معلوم کیا ہوگا
نہوگا منہ سے جبتک کچھ بیان معلوم کیا ہوگا

کرون فریاد مین کیونکر نہ دشمن کر کے لگے
مراد درد اوسکو آہ و فغان معلوم کیا ہوگا

بلانا ہے اگر منظور مجھے گھر کا تیرے اپنے
بغیر اوسکے مجھے تیرا مکان معلوم کیا ہوگا

نہوگا کوئی نکل سر جبتک گور عاشق پر
پراگندہ وہ ای سرو روان معلوم کیا ہوگا

نہین جسکا نشان جز نام عنقا دار عالم مین
سراغ اوسکا کوئی ڈھونڈھے کہان معلوم کیا ہوگا

نکھایا ہوگا جسنے زخم دل پر تیغ حسرت کا
مزا اوسکو محبت کا میان معلوم کیا ہوگا

دھواں تیرا ہین معلوم ہوگا عشق مین جسکو
یہی نہ ایک تو جانبگی جان معلوم کیا ہوگا

برنگ بلبل تصویر ہون مین باغ عالم کا
مجھے جوش گل او وقت خزان معلوم کیا ہوگا

عدم کی رفتگان کا حال تو پوچھے اے ظفر کس سے
نہ آیا کوئی پھر کر وہ نشان معلوم کیا ہوگا

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جسے خیال ہے کچھ رحمت الٰہی کا　　گناہ سمجھے ہے دعوی وہ بیگناہی کا

یہ فضل دیکھ کہ خود بادشاہ ہے لیکن　　رکھا ہے اوروں نے بھی نام بادشاہی کا

یہ لطف دیکھ کہ خود بے نیاز ہے لیکن　　دکھایا ہے اوسے بندونکی خیرخواہی کا

تم اپنے جی میں عزیز اور ذلیل ٹھہرالو　　خدا ہے ایک سے دہر و مرغ و ماہی کا

کیا کسی کو جگر خستہ و دام فراق　　دیا کسی کو مزا وصل گاہ گاہی کا

بھرا وہ چشم بتان میں نہ کر جو دیکھے　　تمام عمر کرے شکوہ کم نگاہی کا

جو حب آل نبی اور صحابہ دل سے رکھے
ظفر اوسے نہیں ڈر حشر کی تباہی کا

کیون نہو عالم یہ احسان احمد مختار کا　　ہے وہ مالک خالق کونین کی سرکار کا

دیگر

الماسِ رخشانِ روشن بیانی لعلِ تابانِ لآلی فشانی

منجملہ چار جلد

# کلیات ظفر

دیوان چہارم

مطبع نامی منشی نولکشور لکھنؤ میں نقش گزین نگین طبع ہوا

سب وہ ڈاڑھالی پڑی ہے جو چار پاس کئے | پھر جو ایسی ڈاڑھی بھی تم ہو تو مدہ بہین ڈرے

تمھاری آنکھ پرای غافلو غفلت کا پردہ ہے

وہ تو تمہارے من مین سب طرح بسا ہے اور سندر | تم جو اسکو دیکھو دیکھ لین اپنے من کے اندر

تمھاری آنکھ پرای غافلو غفلت کا پردہ ہے

شوق رنگ لکھی جو کہ انسانو دو ہی پکھو پرنا | اسکے ملن کو انکو رستہ سمجھ بوجھ پگ دھرنا

تمھاری آنکھ پرای غافلو غفلت کا پردہ ہے

تمت

# خاتمۃ الطبع

## طبعزاد سخنور سحبدل و سہیم مولوی محمد انوار حسین صاحب تسلیم

کس منہ سے خالق کے حمد و ثنا کیجیے کس زبان منشی نول کشور صاحب کا شکر ادا کیجیے کہ تیسرا دیوان فصاحت عنوان بلاغت ترجمان نشان گورکانیہ یادگار صاحب قرانیہ حضرت ابو ظفر بادشاہ دہلی رشک صائب و کلیم و اعلی اپنے مطبع مطبوع مرقع چار سو واقع شہر کانپور مین طبع فرمایا اپنی ہمت عالی کا جلوہ دکھایا ہر مضمون بے نظیر دلا جواب ہے مختصر جو کچھ ہے انتخاب ہے تمام ہوا دیوان ظفر جلد سوم

یہ نیناں ہرجائی یہ تو سب سے جا ڈ اٹکدے | اشوق رنگا نذر نال بھرو کب لگ یہ من بھٹکدے
یا کسی کو کر رکھو تم پاس کیسے ہو رہو

الیضاً

آنکھے ہم دنیا مین پیارے جیسے تھے ویسے ہی رہے

ناکوئی آیا ساتھ ہمارے نا گیا کوئی ساتھ | دیکھ سکے ایکلا آپ تو کہہ کرکل پر اپنا ہاتھ
آنکھے ہم دنیا مین پیارے

جنکے پیچھے جگ وچ ہے اپنا سب کچھ بار | انت اسمین ان امونلین ہے اپنا کوئی نغوار
آنکھے ہم دنیا مین پیارے

چھٹے سب دوستی اور چھیڑو سب ناتا | سب تو چھنڈ کی رنگنی ہم آپ ہی آپ
آنکھے ہم دنیا مین پیارے

بہتا جاہا ہم سے ہو وے جگ وچ کوئی ہمارا | جب دیکھا کوئی اپنا کیا سب سے کنارا
آنکھے ہم دنیا مین پیارے

سب کے من مین کھوٹ سا ہے اور سب کی کھوٹی چال | کون رنگا دے جیا نیاں لوگا ندی نال
آنکھے ہم دنیا مین پیارے

ہم بھی ملنا چاہتے اور ہمنے بھی ملنا آندا | پر لوگ یہ ہین کیسے ایسے ملنا نا ہین بھاندا
آنکھے ہم دنیا مین پیارے

نگاہ مین جو کچہ راز محبت کہدیا اپنا
کسیکا کچہ قصور ہمین نہین پایا گیا اپنا

تو پہر آنکہون نہین کیا کیا بہر خون دل ملا اپنا
لڑا کر آنکہ ہمنے آپ دشمن کر لیا اپنا

نظر کو ناز کو انداز کو ابرو کو مژگان کو

نہین جاہے انجمن میں آپکو جیسے سمجہتے ہین
یہی ہین یار جنکو رونق مجلس سمجہتے ہین

جگر کے روزن اپنے دیدۂ نرگس سمجہتے ہین
ہمیشہ کنج تنہائی کو ہم مونس سمجہتے ہین

الم کو یاس کو حسرت کو بیتابی کو حرمان کو

نہ تڑپون خاک پر کیونکر ہر رنگ طایر بسمل
کبہی ہین ہاتہ پر ملتا نشین اور کبہی ہے دل

کہ مجہہ سخت جانی سی بنی ہی سخت یہ مشکل
جگر کس کس کو تہامون دو ہاتہون سے ترے دلمین ای قاتل

کنارے کو چہرے کو ناوک کو خنجر کو پیکان کو

فزون عزت ہو سکی آدمی کی عزت و شان سے
اگر پوچہے کوئی مجہہ سے تو مین کہدون یہ ایمان سے

شرف ہے خاک کے پتلے کا ثابت ہو قران سے
بنایا کب ہو بہتر ای ظفر خالق نے انسان سے

ملک کو دیو کو جن کو پری کو حور و غلمان کو

قطعہ

سب کے تم آشنا ہو پر تمکو
فی الحقیقت یہ ہے خلل دو ہی

بحر الفت مین ہے ظفر یہ بیر
ر نہما دریا مین اور مگر سے بیر

تضمین در زبان پنجابی

اے ظفر ہے غم شبیر مین روتا گردون
ابر سے یہ جو برستا ہے زمین پر پانی

## بزبان بھاکھا

بیم اگن نت موہے جراوے پیا کا بھید کہون کا سے
پی ہو پاس تو جی ہو ٹھنڈا اپنی بپتا کہون وا سے
رتیان گجارون رووت روت دنکو گجارون آہان کھینچ
میرے من کی موسون پوچھو پوچھو میرے بپتا سے
یا ہی برہا درجن ہووے یا ہی برہا سرجن ہووے
نا چھوٹے یا بڑہا موسون نا چھوٹون مین برہا سے
نہین کھلے کچھ اور ہی دیکھون موندون تو کچھ اور ہی اور
کو دوا کو سانچ نجانے دیکھی بات کہون جا سے
من کے اندر پیا قلندر تیرے ظفر وہ آن لبا
کام پڑو جب دا سون تہار و کام رہا کیا دنیا سے

## مخمس

# سلام

دیکھیے دیتے ہین اسیر آپ ہمکو کیا سزا | دیدیا دل ہمکو تقصیر ہمنے کی تو ہے
زور پر آیا ہے جب سودائے زلف پرشکن | ٹکڑے ٹکڑے تو کر زنجیر ہمنے کی تو ہے
کھینچ کلک تصور سے پئے تسکین دل | یار کی تیار اک تصویر ہمنے کی تو ہے
ہمسے تو کسو سطے خم رو جو ابروئے یار | اپنی گردن خم تہ شمشیر ہمنے کی تو ہے

گر نہوا اُس شوخ سنگین دل کے دلمین کچھ اثر
یہ ظفر اک آہ بے تاثیر ہمنے کی تو ہے

جو اُس بُت بدکیش ہین ہنگام نظارا + ان آنکھون نے دیکھا ہے
کچھ کیجیے تو رہتا نہین ایمان ہمارا + چپ رہنا ہی اچھا ہے
مانی نے بھی جبین مانی تری دیکھ کے تصویر + اے عالم تصویر
نقشہ ترا نقاش ازل نے جو اُتارا + قدرت کا تماشا ہے
ابرو ہے ستم ناز غضب قہر ہے غمزہ + جادو ہین نگاہین
آنکھین ہین بلا اور تری مژگان کا اشارا + آفت کا ٹھکانا ہے
ترے رخ روشن کو بنایا ہے خدا نے + کیا طور کا شعلہ
جسنے کہ تجھے دیکھا ہو اے شوخ خود آرا + وہ محو تجلی ہے
میدان محبت مین صف جنگ ہے باہم + پردے لکھیے کیا ہو
مژگان کی ہے فوج اُسکے مقابل مین صف آرا + اور دل تن تنہا

وہ جھوٹ ہے جو زمین آسمان ملا دینگے
تو پاس حضرت زمین سے یہان ہمین یہان ملا دینگے

مزا تو آئیگا بوسہ کا جبکہ یار سے وہ
وہان دہان سے زبان سے زبان ملا دینگے

بلا سے اے دل اگر قدر وہ نہین کرتے
ہم اور تجھکو کوئی قدردان ملا دینگے

جو اشک سرخ بہائینگے روی زرد پہ ہم
تو خوب رنگ بہار و خزان ملا دینگے

کمی کریگا اگر پھیلنے مین ابر سیاہ
ہم اپنی آہ کا اسمین دھوان ملا دینگے

مٹائیگا کوئی ہمکو برنگ نقش قدم
ہم ایسا خاک مین اپنا نشان ملا دینگے

بتون سے ملتے ہو جھک جھک کے کیون ظفر اتنا
یہ کیا خدا سے تمھین مہربان ملا دینگے

جب سے اس شوخ ستمگر پہ طبیعت آئی
اک نئی روز مصیبت پہ مصیبت آئی

سوز دل سنکے مرا شعلہ ہوا کیا بیتاب
بلکہ شب شمع کو بھی بزم مین رقت آئی

آیا وہ سرو قد اس ناز سے بالین مزار
سر پہ اس کشتۂ قامت کی قیامت آئی

سہے کیا کیا نہ ستم تیرے ستمگر ہمنے
پر زبان پر نہ کبھی تیری شکایت آئی

صورت آئینہ حیران ہی رہا وہ جسکو
نظر آئینۂ دل مین تری صورت آئی

زلف اس شوخ کی ہے سر پہ ہمارے کہان چھیڑ
دل سودا زدہ ہے کیون تری شامت آئی

کثرت داغ سے دل خوش ہو نہ کس طرح ظفر
ہاتھ دولت یہ مرے عشق کی دولت آئی

[illegible]

| | |
|---|---|
| تم ہی مرا یہ حال ہے انصاف چاہیے | کیون آپکو ملال ہے انصاف چاہیے |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| کیا پیر کو عرض حال ہے انصاف چاہیے | اور تمکو کیا خیال ہے انصاف چاہیے |
| مین نعل کفش پا کو تری غیرت چمن | کیونکر کمون ہلال ہے انصاف چاہیے |
| جھگڑا ہو مجھ مین تجھ مین ستے مدت وہ ابھی | ہو جانا انفصال ہے انصاف چاہیے |
| ہے روے ماہ خوب مگر روے یار پر | کیا خوب خط و خال ہے انصاف چاہیے |
| شکوہ نہ کیجیے اسکے ستم کا ستم نہین | لطف اسکا یہ کمال ہے انصاف چاہیے |
| آئینہ بیحیا ہے مقابل جو تجھسے ہو | جای انفعال ہے انصاف چاہیے |
| زانو تو آپ دو نمین نسبت کمر سے کیا | کچھ بھی نہین وہ مال ہے انصاف چاہیے |

یوسف کے حسن کی تو ہے شہرت برای ظفر
اسکا عجب جمال ہے انصاف چاہیے

| | |
|---|---|
| موتی جو کان مین ہے زہرہ کی شکل ہے | جھومر بھی سر کا عقد ثریا کی شکل ہے |
| عکس نور بادۂ روشن سے بزم مین | ساقی کا ہاتھ بھی ید بیضا کی شکل ہے |
| جلوہ فروز جیسے کہ گھر مین وہ مہروش | اپنا مکان مقام مسیحا کی شکل ہے |
| چھاتی پہ سانپ لوٹ گئی سنبل کو دیکھ کر | یاد آتی تری زلف سمن سا کی شکل ہے |
| کیجیے وفور اشک کا کیا اپنے ماجرا | چشم پر آب تنگئی دریا کی شکل ہے |

علاج درد دل بتا کیا جائے کیا ہے
طبیب اسکی دوا کیا جائے کیا ہے
محبت کی عداوت ہم سے ہو
کسی صورت نہین آرام دل کو
نگہ پر ہو گیا کیا جائے کیا ہے

[illegible]

| | |
|---|---|
| دل بلا سے اپنا بھلا ہی کہ ہے بُرا | لیکن پسند خاطرِ یار آگیا تو ہے |

کھینچا ہے جبکہ دل کی کشش سے کبھی اسے
کھینچکر ظفر بیان وہ نگار آگیا تو ہے

| | |
|---|---|
| لکھ انکو اے رفیق دلسوز خط کے پیچھے | جلد آؤ تم نہ ٹھہرو اک روز خط کے پیچھے |
| اس رہ میں آتشین یہ ہو طرز خط کا پردہ | گویا ہے مہرِ عالم افروز خط کے پیچھے |
| دودِ جگر سے میرے لے پہلے خط سیاہی | پھر خال رخ ہو ظلمت افروز خط کے پیچھے |
| عارض کے پیچھے تیرے دل خون ہو گل چمن مین | دیوانہ ہو بہار نوروز خط کے پیچھے |
| نیزہ گذار دل پر سرمہ کا خط ہو پہلے | پھر ہو نگاہ تیری دلدوز خط کے پیچھے |
| ہین سب تجھ پہ عاشق جبتک نہین خط آیا | ہوگا نہ کوئی دانش آموز خط کے پیچھے |

افسوس تم نہ بھیجو اک دن جواب خط کا
لکھے ظفر بیانے خط روز خط کے پیچھے

| | |
|---|---|
| جنون نے جبکہ قبا چیر ہاتھ سے پھینکی | نکال پانون سے زنجیر ہاتھ سے پھینکی |
| تری جو خاکِ قدم تیرے خاکساروں نے | اٹھالی ہاتھ مین اکسیر ہاتھ سے پھینکی |
| دھری تھلی پہ بھی تو آگے تیری تصویر مین نے | اٹھا کی میری ہی تصویر ہاتھ سے پھینکی |
| ہوا نہ کارگر اک زخم سخت جانون پر | خفا ہو یار نے شمشیر ہاتھ سے پھینکی |
| حبر جا کا ہکشان تو نے ضعف پیری مین | کبھی نہ اے فلک پیر ہاتھ سے پھینکی |

[illegible] ظفر جاتا ہوا جو کچھ اودھر گیا ہوا
[illegible] بھلائی اور برائی کیا رہی

فرد

دریا میں جلوہ گر جو مہ [illegible] بھی
گرداب میں بھی روشنی آفتاب بھی
قاتل شہید زندہ جاوید ہو گئے
آب حیات کیا تری تیغ کی آب بھی
ہوتا تھا کم نہ سوز جگر [illegible]
دریا بہا رہی مری چشم پُر آب بھی
چشم عنایت اُنکی نہ تھی [illegible] بزم میں
لیکن مجھی پہ ایک نگاہ عتاب بھی

قطعہ

[illegible] مجھے کیوں ہاں حقیقت بھی
[illegible] سبھی راہ صواب بھی
جلدی سے [illegible] محفل [illegible]
اچھا ہوا چلے گئے صحبت خراب بھی

[illegible]

ہے تو کچھ رونق صفائی میں نہ دل کی نہ یاں
خاک ہی دیکھی کدورت میں ظفر اُلٹی ہوئی

وہ بیٹھے ہیں چار طرف دیکھ بھال کر بیٹھے
چھپا کے سب سے ہیں اور سب کو ٹال کر بیٹھے

پسیتیا یوں لب خیریت ہے دم بوسہ
گلاب جیسے ہیں پانی میں ڈال کر بیٹھے

شراب کو تو بتاتے حرام ہیں لیکن
ہمارا خون ہیں وہ ہمکو حلال کر بیٹھے

لگا یا خم ہی کو منھ سے رہا نہ ہوش ہمیں
کہ بادہ جام میں تا خم سے نکال کر بیٹھے

پلاتے ہاتھ سے گر اپنے وہ ہمیں زہر آب
زلال خضر کا ہم احتمال کر بیٹھے

نہ پوچھو ہم سے کہ کسطرح سامنے اُنکے
ہم اپنے آنسو ہیں دل کو سنبھال کر بیٹھے

زیادہ بھنگ سے کرتا ظفر نشا پانی
جو خط سبز کا اُسکے خیال کر بیٹھے

ہوگئے نا آشنا تم آشنائی کیا رہی
جب کدورت بھر گئی دل میں صفائی کیا رہی

دل حوالہ کر دیا جب اُس نگاہ مست کے
اپنا تقوی کیا رہا اور پارسائی کیا رہی

بیٹھے اب باتیں بنائیں ہم یہاں ہوتا ہے کیا
بات اپنی جب یہاں کچھ بن نہ آئی کیا رہی

جی قفس میں لگ گیا اپنا چمن سے بھی سوا
ہمکو اے صیاد پروائے رہائی کیا رہی

دل کے لینے کو لیے پڑتی تھی آنکھ اُس شوخ کی
جبکہ اُسنے لیا دل پھر لڑائی کیا رہی

مجھپہ اک آفت رہی ہر رنج و قلق ہر روز و شب
اُس مہ مہر سے دو دن جدائی کیا رہی

[illegible]

جو دل کہے وہ سچ ہے سوا اسکے ای ظفر
قائل نہ استخارہ کے ہم ہین نہ فال کے

خوش آتی کب ہمین پھولونکی باغ مین بو ہے
سمائی اور ہی اپنے دماغ مین بو ہے

بہائی چشم سے مجنون نے اشک خون شاید
صبا لہو کی جو دامان راغ مین بو ہے

اثر ہے گر دل روشن مین صحبت بد کا
تو کڑوی تیل کی جا لو چراغ مین بو ہے

ٹپک پڑا گل رخسار سے عرق کسکے
گلاب کیسی جو ساقی ایاغ مین بو ہے

ہوا نہین ہے جو کم رنگ گل گلستان سے
تو پھرتی کسکی صبا یہ سراغ مین بو ہے

بسا ہی دلمین مرے کوئی شاخ گل رخسار
ہر رنگ گل جو مری دلکی داغ مین بو ہے

وہ خاکسار ہون مین بھی کہ عطر گل کی ظفر
مہک رہی مرے کنج فراغ مین بو ہے

داغ ہے جامۂ عریانی مین تن کی بوٹی
اپنی پوشاک پہ ہے خوب بھبن کی بوٹی

چاند تارے کے سوا دیکھتے زیبا ہی نہین
ہم قبا پر کوئی اس چرخ کہن کی بوٹی

کرتی حسرت سے ہے گلہای ارم کو پامال
طرفہ قالین پہ ہے اس رشک چمن کی بوٹی

تار سی آنسوؤں کے سوزن مژگان پہ مرے
کاڑھتی ہے مرے دامن پہ چکن کی بوٹی

انجم چرخ بھی ہو جسسے نہ ہمسر وہ ہی
کفش پر زر پہ مری سیم بدن کی بوٹی

حق مین عاشق کے تری دارو ی بیہوشی ہے
سبزۂ خط لب خط ذقن کی بوٹی

جمال گلرخان دیکھو گلستانِ الٰہی ہے | جدا ہی رنگ ہر گل کا عجب شانِ الٰہی ہے

کیا شکوہ نہ ہمنے اُس صنم سے جب یہ پوچھا | کہا الحمد للہ شکر احسانِ الٰہی ہے

ہم اُس بندہ کے قائل ہیں جو فرمانروائی میں | بجالاتا ہمیشہ دل سے احسانِ الٰہی ہے

دہان تنگ اُسکا ہے کہ گویا دُرجِ گوہر | کہ نہاں جسمیں دُرِ رازِ نہانِ الٰہی ہے

خوشی سے ہے وہ روز روزِ عیدِ قرباں جانبازوں کو | محبت میں جو کرتا جان قربانِ الٰہی ہے

فقیر گرسنہ کو قربِ حق ہے سیر کر دیتا | کہ جس شب فاقہ ہے اُس شب وہ مہمانِ الٰہی ہے

کہاں ایسا ہمارا منہ کہ ہو جاوے ادا ہمسے
ظفر حمدِ الٰہی وہ جو شایانِ الٰہی ہے

ترے بیمار کی ہر وقت خبر اور سنی | شام کچھ اور سنی ہمنے سحر اور سنی

نیند آتی نہ تجھے شب کو کہانی میری | اک ذرا تو نے نہ اے رشکِ قمر اور سنی

بات واں ایک ٹھکانیکی نہ پائی ہمنے | گھر میں کچھ اور سرِ راہ گذر اور سنی

ہمنے کہدی وہ سنی تھی جو حقیقت دل کی | کہو کچھ تمنے کبھی سچ ہے اگر اور سنی

کوئی شمشیر کہے ہے کوئی خنجر کوئی تیر | تیری ہر شخص سے توصیف نظر اور سنی

کیوں کہا ہمنے سناتے ہو ہمیں کیوں گالی | اُنکے حاصل ہوا کیا ایک مگر اور سنی

جب سُنی اپنی شکایت ہی سنی اسکے سوا
مُنھ سے بات اُنکی نہ کچھ ہمنے ظفر اور سنی

دیوان

مطلع ثانی

کیا کہوں کیا کہوں میں ان کی ستمگاری کو

| | |
|---|---|
| خواب عدم سے پہلے غم عشق چاہیے | کیون کھلے نبض پر ابھی چپ کر کے سوئیے |
| ہے قہر تیرا کہنا یہ بستر پہ ہوکے گرم | گرمی مین آپ مجھسے چمٹا کر نہ سوئیے |

جھگڑو نمین عاشقی کے ہو سونا کہان ظفر
جبتک کہ خوب اُنسے نپٹ کر نہ سوئیے

دیگر

| | |
|---|---|
| جب سے اُس دلبر سفاک پہ مائل دل ہے | بنگیا میرا کشندہ مرا قاتل دل ہے |
| تیرے کوچہ کے سوا اگر چمن خلد بھی ہو | ہوتا خوش اُسکا کب اے حور شمائل دل ہے |
| پا بوسی کی تمنا مین ترپ کر لے قاتل | لوٹتا خاک پہ کیا صورت بسمل دل ہے |
| دیکھیے کیا ہو خدا خیر کرے پھر تنہا | فوج مژگان یہ ہو اُسکے مقابل دل ہے |
| ہوگئی جان بھی کاکل مین گرفتار کمند | تیری زلفو نمین جو پابند سلاسل دل ہے |
| وہ اگر دلبر مرے ظلم و جفا کرتے ہین | خوب تر ہین اسی ظلم کے قابل دل ہے |
| روش غنچہ تصور ہے واشد دشوار | تیری عاشق کا عجب عقدۂ مشکل دل ہے |
| کیون نہ بیدل ترے جانیسے ہون اہل محفل | ساری محفل کا تو اور رونق محفل دل ہے |

دیکھنا حسن کو ہو منظور وہ دیکھے دل مین
ظفر اُس ماہ دل افروز کی منزل دل ہے

| | |
|---|---|
| یار گر ضامن ہو دلکا کیا حاجت ہے اور کی | وہ ضمانت دے تو بچے کیون ضمانت اور کی |
| جان دون کیونکر اجل کو تیرے غم کے سوا | اور کو مین کسطرح دیدون امانت اور کی |

دیگر

نظم جو کلام عمدہ ہین وہ کیونکر ہین قیمتی
لکھو نہ سے ہین جو ایسا ویسا کلام آتا ہے

## غزل ظفر بند

نہ بھرو دم بدم ظفر آہین
چپ رہو کوئی دم خدا کے لیے

نہ پوچھو ہمسے تم دل کی حقیقت کہہ نہین سکتے
کہا تھا بزم مین جب غیر کو کچھ پیار سے تم نے
خفا تو ہو گے جو کچھ چاہتا ہے ہمکو کہنا ہے
وہ جبتک صاف تھی جو چاہتی تھی صاف کہتے تھے
کہین کیا ہمدم ہمتو اسی حسرت مین مرتے ہین
کرے ہے زلف رگوشی ہمیشہ اور ہم گاہے
ہماری سوزش دل بن کہے جون شمع روشن ہے
جب اُنسے چاہتے ہین ہم کہین کچھ حال دل اپنا

کہین کیا وہ جو ہم پر مصیبت کہہ نہین سکتے
ہوئی تھی اپنی جو اُسوقت حالت کہہ نہین سکتے
مگر کچھ ہم بھی از رہ مروت کہہ نہین سکتے
اب ایسی آگئی دلمین کدورت کہہ نہین سکتے
کہ جو کچھ ہو ہمارے دلمین حسرت کہہ نہین سکتے
ترے کچھ کان مین کان ملاحت کہہ نہین سکتے
زبان سے گو کہ ہم سوز محبت کہہ نہین سکتے
تو پھر ہوتی ہے یہ گریہ کی شدت کہہ نہین سکتے

ظفر جلسے کرے وہ مست تغافل خواہین آیا
ہوئی ہے تب سے ہمکو ایسی غفلت کہہ نہین سکتے

بُرا بھی وقت پر بعضا بھی ایسا کام آتا ہے
نہ آئیگا مرے کیا کام دل بلکہ بگاڑیگا
سمجھتے مال دنیا کو ہین سب کچھ کام آئیگا
کرے ہے مجھسے وہ خود کام کو آزردہ ناحق

کہ جیسے مفلسی مین کھوٹا پیسا کام آتا ہے
نہین معلوم ہے وہ اسکو جیسا کام آتا ہے
کسی کے بھی نہین ایسا پیسا کام آتا ہے
مرے کمبخت دل کو دیکھیے کیسا کام آتا ہے

کہ نقاب اُس بے حجاب کے دن تھے
جوش مستی مین ہم بسر کرتے
جام صہبا سے تاب کے دن تھے
دور عشرت تھا اور عہد نشاط
پس دنیا نہ خورد و خواب کے دن تھے
منہ دکھاتا نہ تھا کبھی وہ ہمین
کرتے ہر روز خضاب کے دن تھے
تا لبش آفتاب کے دن تھے
جا سے آرام سرد خانہ مین
ہم لیتے مین شراب کے دن تھے
رات کو بھی جاڑے کے
جب چنے روز کے اس
بیچ دونی حجاب کے دن تھے

ظفر جو دیوان ظفر

دیکھیے

خواب عدم

شام تو دور ہے گر قصدِ دیارِ جانان
پہونچ جانے کو ظفر تا سرِ منزل دن ہے

جب حضرتِ غم اُسکے کاشانے مین جا دھمکے
بستی سے ہم اے وحشت ویرانے مین جا دھمکے

پاتے نہ پھٹکنے ہم اے یار ترے در پر
لیکن ترے دربان کے یارانے مین جا دھمکے

گر حضرتِ عشق آئے دن کو گل و بلبل مین
تو رات کو وہ شمع و پروانے مین جا دھمکے

کیا دخل کہ دخترِ رز محفل سے نکل جاے
شیشے سے اگر نکلے پیمانے مین جا دھمکے

آنے ہمین کب دیتے یون گھر مین ترے دشمن
اے دوست مگر اُنکے دھمکانے مین جا دھمکے

ساقی یہ ترے دیکش سب عالمِ بالا پر
کیا نشۂ صہبا کی تہ جاے مین جا دھمکے

مسجد سے قدم باہر رکھتے تھے نہ تم اپنا
بتلاؤ ظفر کیونکر میخانے مین جا دھمکے

جدائی مین تمھاری ہم بچشمِ تر جہان بیٹھے
دہان اس نازنین پر ہے کتنے ہی مکان بیٹھے

گئے کتنے گذر اور کتنے ہی باقی ہین گذرنے کو
سرِرہ مین برنگِ نقشِ پاے رفتگان بیٹھے

جو تو آئے تو اُٹھ بیٹھے خوشی سے ورنہ کیا طاقت
کہ اُٹھکر بسترِ غم پر یہ تیرا ناتوان بیٹھے

رہے جب آسمان آٹھون پہر یان اپنے چکر مین
تو کوئی چین سے کیا خاک زیرِ آسمان بیٹھے

ستمگر اور بھی تو عاشقِ جانباز ہین اپنے
کہ دلمین ہو الگ لبوں کے ڈر ترا اے دستان بیٹھے

ستم ہے غیر کی تعظیم تم اُٹھ اُٹھ کے دیتے ہو
ہم آنکھوں نسے ہی مین اپنی دیکھتے اے مہربان بیٹھے

اے ظفر جا دل دیوانہ کو ڈھونڈھو کہین
ہے خدا جانے کہان مدت ہوئی انکو گئے

ہمنے ہی خوب اسکی طرز ناز پہچانی ہوئی
چال پہچانی ہوئی آواز پہچانی ہوئی

دیتا پردے مین محبت کی ہے تو کیا ہمکو دم
تیری وہ طرزی ہی ای دم باز پہچانی ہوئی

کچھ نہین دیدہ وہان ہرگز سوائے ناز لو
ہے تری خاک شہید ناز پہچانی ہوئی

تیری طرز آمیز بالونکی ہمین پہچان ہے
ہمنے خو تیری ہی ای طناز پہچانی ہوئی

مرغ دل جاتا ہے میرا انکے مرغ نامہ بر
ہین نئی تیزی پہ پرواز پہچانی ہوئی

آسمان کرتا ہے سن سنکر مرے نالونکو رقص
اسنے ہے یہ کیا صدائے ساز پہچانی ہوئی

زردئے رخسارہ کو اپنی چھپاؤن کیونکہ مین
اے ظفر ہے سب کی یہ غماز پہچانی ہوئی

ساقی نے بھر کے مے سے مینا نکلے پیمانے
مستون نے کیے خالی پیمانے کے پیمانے

جو دیدۂ آہو ہین بر تر ہے وحشت
ہین واسطے وہ تیرے دیوانے کے پیمانے

صیاد خدا سے ڈر کیون کرتا ہے کم انکو
مرغان قفس کے ہین جو دانے کے پیمانے

کیون چھوڑتا ہے لو اے دل تو آبلونکو اپنے
پھر ایسے نہین تیرے یاد آنے کے پیمانے

اک گھونٹ نہین لیتے پیمانے سے وہ میرے
اور ہاتھ سے ہین اپنے بیگانے کے پیمانے

دل میرا اگر کاسۂ غم کھانے کو ہے میرے
تو آنکھین بھی ہین آنسو بہانے کے پیمانے

قطعہ

بہت دور کی سوجھتی ہے جو ایسی
نہین دل کی یہ دو رہین ایسی ویسی

دلا بات مطلب کی اہمین سے چُن لے
کہ سُن تو جہان اور جتنین ایسی ویسی

تبا کیا کرین ہم جو بنجاے ہمپر
محبت مین ای ہمنشین ایسی ویسی

تہو بوسے اُس زلف مشکین کے ہمسر
صبا نکہتِ مشک چین ایسی ویسی

زیادہ ہے برش مین تیغ اجل سے
نہین تیری شمشیر کین ایسی ویسی

خدا کے لیے ای ظفر اُنکے آگے
نہ کہ بیٹھیو تو کہین ایسی ویسی

دیگر

بلا سے کنج تنہائی مین تنگی سے گذرتی ہے
جہان دو چار ہین ان خانہ جنگی سے گذرتی ہے

ہجوم خال روی یار سے داغ بنا ہیر اٹھا
اب اسپر دیکھین کیا اس فوج زنگی سے گذرتی ہے

خوش آ گیا زمانہ کو کسیکی طرز یکرنگی
عزیزو رات دن اسکی دورنگی سے گذرتی ہے

وہ صورت یاد آتی ہے تو پھر کیا کیا مرے دل پر
مرقع ہا چینی و فرنگی سے گذرتی ہے

یہ بیہودہ فاحشہ دنیا خدا تی ہین سب اس سے
دبنگو نکی مگر خوب اس دبنگی سے گذرتی ہے

ہے ہر دل سدا بیہوش ان دیبنزہ خط مین
ہماری دیکھین کیونکر ایسی بنگی سے گذرتی ہے

خدا جانے ظفر ملک عدم کے رہنے والون کی
فراخی سے گذرتی ہے کہ تنگی سے گذرتی ہے

بیتاب دلِ جو مجھ مین بے رو مید باندھتے
دل سے نئی اک اپنے ہین امید باندھتے

گر محبت مین تجھے مد نظر اور ہی ہے | تو کئی دل پہ ہماری بھی نگہ اور ہی ہے
دیکھیں کس کسکو ڈبوئے ترا طوفان سرشک | آج گریہ ترا اے دیدۂ تر اور ہی ہے
میہمان خانۂ ہستی مین لگا جی کو نہ تو | کہ جہان رہنا ہمیشہ ہے وہ گھر اور ہی ہے
زلف و رخ کا ہے ترے جسکو تصور دن رات | شام کچھ اور ہی ہے اُسکی سحر اور ہی ہے
لُٹھ گیا اُٹھنے بلا سے مرا لشکر ٹکڑے | خبر قاصد کی ہو مجکو تو خطر اور ہی ہے
دامن دشت مین آندھی ہے کہان اتنا غبار | خاک اوڑاتا یہ کوئی خاک بسر اور ہی ہے
آبداری کو کہان اشک کے یہ ہوئے موتی | جوہری دیکھ یہ خوش آب گہر اور ہی ہے
کیا عجب گر رخ خورشید پہ آجاے عرق | رکھتا گرمی یہ مرا داغ جگر اور ہی ہے

کوئی تو ماہ لقا تو نے بلایا مہمان
روشنی آج ترے گھر مین ظفر اور ہی ہے

حباب آسا ہے جو اکدم ہوا کا کارخانہ ہے | کہ جاری بحر ہستی مین فنا کا کارخانہ ہے

## مطلع ثانی

نہ پوچھو کیا بتان خودنما کا کارخانہ ہے | نہ بت ہے اور نہ بتخانہ خدا کا کارخانہ ہے
جلا ہوتی ہے خاکستر سے یا آئینہ کو دیکھو | تماشہ ہے کدورت مین صفا کا کارخانہ ہے
نہ ہو ممکن کہین دنیا کی تو ایذا بعض جانا | ذرا ہشیار رہنا یان دغا کا کارخانہ ہے
نہین رہتی ہمیشہ ایک سی رنگت زمانہ کی | کچھ اُسکے رنگ مین یہ رنگ حنا کا کارخانہ ہے

کبھی جو دل کو سودا اضطراب ہوتا ہے
تو اور جان کو میری عذاب ہوتا ہے

| | |
|---|---|
| بر ہو گئے دو سو سے رُکے اُسکے واسطے | آنے لگا جو آپکے گھر تین دن سے ہے |
| دس دس دن ایکماہ مین غائب رہے ہے وہ | چھپتا نہین زیادہ قمر تین دن سے ہے |
| اک بوسہ زلف و رخ کا وہ دیتا نہین ہمین | بتلاتا روز و شام و سحر تین دن سے ہے |
| آکر سوم مین کشتہ کے تو اپنے دیکھ لے | برپا جو ایک فتنۂ دیگر تین دن سے ہے |

ظالم خدا کے واسطے جلدی سے آنکھین
تجھ بن تڑپ رہا یہ ظفر تین دن سے ہے

| | |
|---|---|
| نہ دیا بوسہ کبھی ہنس نہ لگایا منہ سے | اور وہ ناحق ہمین کہتے ہے کیا کیا منہ سے |
| لب بے رنگین سخنی واہ رے انداز سخن | غنچہ پھول ترے جھڑتے ہین گویا منہ سے |
| گھونٹ گھونٹ آپکو پیتا ہے کوئی اپنا لہو | نہ رقیبو نہین لگا ساغر صہبا منہ سے |
| ہو زنخدان سے خجل سیب تو پستان سے انار | منفعل چشم سے بادام تو پستا منہ سے |
| وصف خال دہن یار مین کوئی نکتہ | نکتہ چینو نہین ابھی مین نہین کہتا منہ سے |
| طلب بوسۂ لعل شکرین پر اپنے | مجھسے کیا کیا نہین ہر آن نے اُگلا منہ سے |

کیا نصیب اپنے بُرے ہین کہ کسی بات پہ بھی
نہ کہا یار نے ہمکو ظفر اچھا منہ سے

| | |
|---|---|
| وہ بام پہ جو کبھی بے نقاب ہوتا ہے | تو آسمان پہ خجل آفتاب ہوتا ہے |

مطلع ثانی

ہر خیال گردن و چشم اسکا جسلسن ہمیں
کون ہے سرگرم آرایش کمر جسکے واسطے
منزل ہستی ہے ای غافل نہ پھیلا اتنے پانون
اڑکے ہم ہونچینگے وان ہوگا جہان و شعلہ خو
زیر محراب خم ابرو دو چشم مست یار
ای دل بیتاب مین کیا خاک سمجھاؤن تجھے
گلشن ہستی مین اتنا کھل کھلا کر تو نہ ہنس

پاس اپنے اک صراحی بھی ہے پیمانا بھی ہے
آئنہ بھی ہے لیے خورشید او رشانا بھی ہے
یہ سمجھ لے ایکدن یان سے تجھے جانا بھی ہے
جس جگہ ہے شمع اسکے پاس پروانا بھی ہے
کیا تماشہ ہے کہ اس مسجد مین میخانا بھی ہے
تونے دیوانے کبھی میرا کہا مانا بھی ہے
ساتھ اس کھلنے کی ای گل دیکھ مرجھانا بھی ہے

قصۂ فرہاد و مجنون کیطرح سے ای ظفر
ہو گیا مشہور اب تو اپنا افسانا بھی ہے

الفت از بسکہ مجکو ترے خم کے ساتھ ہے
ای چارہ ساز زخم پہ میرے نمک لگا
رخسار پر عرق کو ترے دیکھتے ہیں ہم
کیا دل کے باندھنے کو ہو درکار ریسمان
ابرو ہے غرض ترے مطلب فقط ہے
جوش بہار گل کا نہ کر دیکھ اعتبار
بہکائے گر عدو اسے ہر وقت کیا عجب

جبتک کہ دم میں دم ہے یہ غم دم کے ساتھ ہے
رکھتا لگاؤ یہ نہیں مرہم کے ساتھ ہے
مطلب چمن کو کیا گل و شبنم کے ساتھ ہے
وابستہ ترے کاکل پرخم کے ساتھ ہے
کیا کام ہمکو کعبہ و زمزم کے ساتھ ہے
غافل خزان بھی گلشن عالم کے ساتھ ہے
شیطان ہمیشہ ای ظفر عالم کے ساتھ ہے

[illegible]

ملک دل کی خبر مانگو پہ چلتے ہین مژگان یار
اے ظفر غارتگر دین کا ہے وہ لشکر سامنے

رہ گئے غنچہ دہن ہم تجھسے صنم در کے ورے
تیر اتہام ہو پر زدیر و حرم ورے ورے

رخ سے پر گئی جو زلف اسکی ہمارے سامنے
تھا یہ اشارہ آئینگے شام سحر ہم ور ورے

کہتا ہے کیون ہے پرے ہمکو کہ تیری زلف سے
رکھتے ہین ہاتھ ہم ترے سر کی قسم ور ورے

دور ہے وہ مسیح دم دیکھیے آئے کب تلک
جائیگا ہجر مین نکل اپنا تو دم ورے ورے

ہیو نجی بہت پرے کہین ورنہ خبر وہ بھیجتے
ہوتا اگر مسافر ملک عدم ورے ورے

عشق کی راہ مین پڑے جا کے ہو کہین جال کیا
جبکہ ہون ہم اسقدر رنج والم ورے ورے

دشت جنون مین ہو اگر قیس ہمارا ہم سفر
جا کے پھر آئے ای ظفر یکدو قدم ورے ورے

کھینچا الفت مین دلسے آہ کا اچھا تو ہے
لگ گیا تو تیر ای ظالم نہین نکلا تو ہے

مطلع ثانی

زلف سے جا کر اگر دل تنگ مین چھا تو ہے
وان تو ہر بستہ کوچہ اور یان سچا تو ہے

پا بزنجیر اور دیوانہ ہے آیا کون سا
یہ نہین معلوم پر زندان مین غل برپا تو ہے

جلسے اپنا قدر عنا یار نے دکھلا دیا
ہو گیا اسدن سے نیچا سرو سمن سیدھا تو ہے

دیکھیے کھلتا ہے کیا گل آخر شاید رنگ گل
ہمنے دل مین تخم الفت کا ترے بویا تو ہے

دیگر

[illegible]

قطعه

[illegible]

## مطلع ثانی

دیر آنے مین جو تیرے نامہ بر لگجائیگی
نکلیگی کیونکر نہ اپنی سوز در لگجائیگی

ہوئے کیون سینہ سپر معلوم گر ہوتا ہمین
تیری شمشیر نگہ یون کارگر لگجائیگی

بھولکر بھی یاد کر بیٹھے گا گر وہ ماہوش
روتے روتے ہمکو ہچکی رات بھر لگجائیگی

ابر کی کیونکر نہ جھڑ جائیگی شیخی جب یہان
تیرے اشکونکی جھڑی اے چشم تر لگجائیگی

تا صبح بید رو جب جائیگا میرا اور رو دل
چوٹ کچھ دل پر محبت کی اگر لگجائیگی

گر یہی فریاد ہے اپنی تو دیکھینگے ہم
آنکھ تیری کیونکہ شب ای بیخبر لگجائیگی

منھ نہ مہتابی پہ کھول اپنا شب مہتاب مین
دیکھ چشم ماہ کی تجکو نظر لگجائیگی

کیون پھنسانے ہو دل دیوانہ اسکی زلف مین
جان کے پیچھے بلا ناحق ظفر لگجائیگی

عجب وحشی تمھاری نرگس فتان پہ مفتون ہے
کہ جسکو دیکھکر دیوانہ بنجاتا فلاطون ہے

وفور اشک سے ہر اب یہ عالم چشم گریانکا
کوئی کہتا ہے قلزم ہے کوئی کہتا ہے جیحون ہے

ترا حیرت زدہ چپکا پڑا تکتا ہے منھ سبکا
نہ کہتا ہے سو وہ ہان ہے کہنا نہ وہ ہون ہے

مسی کی جو دھڑی پر ہو جاتی بان کالا کیا
خدا جانے کہ کسکا آج تمکو قصد شبخون ہے

تری خاطر سے کہتا ہون مجھے اس سے نہیں الفت
کرے کیا تو مرا ناصح اگر مین مجھین کہہ دون کے

تعجب کیا پھر آئے گر زمین پر ہمکو سرگردان
کہ رہتا آپ بھی تو رات دن گردش مین گردون ہے

غنچہ کی ہے گرہ کڑی کھلتی
پر نہین دل کی گلجھڑی کھلتی

لب لعلین پہ دیکھنا اُسکے
کیا ہی مسی کی ہے دھڑی کھلتی

اُسکی زنجیر در خدا جانے
آج کیون ہے گھڑی گھڑی کھلتی

باندھا بارش کا آنسوؤن نے تار
نہین ساون کی یہ جھڑی کھلتی

کھولنا ہوتا دل کا راز تو شمع
رہتی خاموش کیون کڑی کھلتی

اور عقدہ تو سب ہین کھلجاتے
نہین دل مین گرہ پڑی کھلتی

اشک خون سے مرے گلے مین ظفر
خوب پھولون کی ہے لڑی کھلتی

زیب محفل گرچہ شمع انجمن بھی ایک ہے
ماہ منزل پر وہ ماہ سیمتن بھی ایک ہے

دل نہ بچے عیارگی سے کیا نگاہ یار کے
فن عیاری مین یہ مکر و فن بھی ایک ہے

ساقیا لا جام مے اب بھی بہارے گشتی
گل بھی ہے گلشن بھی ہے اور گلبدن بھی ایک ہے

دشت وحشت مین نہ نکلے کسطرح چھپتا پھرے
وحشیو نہین تیری آنکھو نکے ہرن بھی ایک ہے

قد رعنا کی سی تیری آسمین رعنائی کہان
سرکشی مین یون تو یہان سرو چمن بھی ایک ہے

باتین انکی بدزنگی ہی کرین جو بدزبان
ایک ہی اپنی زبان اپنا سخن بھی ایک ہے

روز اٹھاتا ہو زمین پر تازہ فتنے سیکڑون
فتنہ سازی مین ظفر چرخ کہن بھی ایک ہے

مطلع ثانی

بھاگتا ہے دور کوسوں نام سے دہ جس کے | دیکھی حالت جسنے تیری چاہنے والی کی ہے

ہجر کی شب گرچہ ہے تاریک لیکن ای ظفر
سوز دل سے پاس مشعل اپنے بھی نالے کی ہے

مستی میں تا بہ دندان ہی کیا آماہ پر فن ہے | شب یجور میں گویا کہ اک بتی سی روشن ہے

## مطلع ثانی

جہان صحرا میں تری زلف کی گشتہ کا مدفن ہے | دود غش اک جا لگا بھی ان مقر ساےہ افگن ہے
ترے بے شربت دیدار تسکین ہووے کیا ممکن | ترے بیمار غم کو تشنگی جو وقت مردن ہے
ہمیں ہے تجکو اک پردہ ہے ای پردہ نشین گھر مین | عدو تو ہے بے پروا نہ پردہ ہے یہ چلمن ہے
نہیں کم ہوتی سرگرمی دل سے تیری کا نور مہر تجکو | اگرچہ سینہ میں اک داغ کہ مشعل سے روشن ہے
نہیں ای غنچہ لب یقین مسی کی تیرے دانتوں مین | چمن میں حسن تجکے یہ موتیا کے پاس سوسن ہے

عرق آیا ہے چشم یار پر یوں عین گرمی میں
نکل آیا ظفر بادام سے جسطرح روغن ہے

مری تحریر یان ای نامہ بر پہونچی تو ہووینگی | کبھی اس ہجر کو کچھ خبر پہونچی تو ہووینگی
جگہ دی اسلیے ہمنے نظر کو اپنی آنکھوں میں | کہ یہ اسکے کبھی رخسار پر پہونچی تو ہووینگی
نہو گی رات کو کیونکر فلک پر کثرت انجم | کر دان تک بھی میری آہ شرر پہونچی تو ہووینگی
لگایا ہوگا جسکے آگے تمنے جام مے لب سے | لبوں پر اسکی جان دیکھ کر پہونچی تو ہووینگی

وہ الٹی کاہیکو سمجھے ہماری سیدھی بات
جو اُس میں کی سمجھ ہو نہ ہمنشین الٹی

نصیب اُلٹے مرے ایسے تیرے دو نین
اجل بھی پھر گئی آکر مرے قرین الٹی

کسی سے چرخ کو ہے راستی کسی سے کجی
چلے ہے چال یہ سیدھی کہیں کہیں الٹی

جہان میں نام ہو روشن ہو راستی کے سبب
تو سرنوشت بلا سے ہو جون نگین الٹی

جو ہووے بخت نہ برگشتہ اے ظفر ہمسے
تو پڑتی کاہیکو قاتل کی تیغ کین الٹی

آہ کب سینہ سے اے ہمنفسان نکلے ہے
دل میں اِک آگ سی لگتی ہے دھوان نکلے ہے

چرخ کھینچے ہے مرے سر پہ یہ کین شمشیر
شب ہجران میں کہان کاہکشان نکلے ہے

آہ سوزان سے جلا دیتا ہے گھر کتنے ہی
جسطرف سو کہ ترا سوختہ جان نکلے ہے

دل کی حسرت نہ نکلتی ہے ہماری تجبن
اشک خون چشم سے اور دل سے دھوان نکلے ہے

قفس و دام سے صیاد اسیرونکو نکال
کہ بہار آئی ہے گلشن سے خزان نکلے ہے

منھ سے کیا بات نکالے کوئی اُسکے آگے
وان تو اک حرف پہ لگتی ہے زبان نکلے ہے

سر کے بال و تیغ پسند ہر سیہ رنگ ہے یون
جسطرح ابر میں گردون کی کمان نکلے ہے

اہل دنیا کی ملاقات نہیں بے مطلب
کہ یہ وہان جاتے ہیں جو کام جہان نکلے ہے

ڈوبتا ہے جو کوئی عشق کے دریا میں ظفر
نہیں معلوم کہ وہ جاکے کہان نکلے ہے

جب سے وقت ہین نماز ہین ہم اٹھتے بیٹھتے — الفت کا تیری بھرتی ہین دم اٹھتے بیٹھتے
ہم ضعف سے ہوہین ریگ کی دیوار کیطرح — سو بار دیتا درد و الم اٹھتے بیٹھتے
ہوتے ہوے چلتے پھرتے اگر آئے ہو یہان — غیرونمین تم ہو ہائی ستم اٹھتے بیٹھتے
بیطاقتی سے اپنا ہے یہ حال ای صنم — مشکل سے ہین خدا کی قسم اٹھتے بیٹھتے
تشبیہ دیتے قامت جانان سے ہم انکین — گر سرو بوستان ارم اٹھتے بیٹھتے
ہی شیخ و برہمن کی رفاقت سے یہ غرض — ہو جا ہے سیر دیر و حرم اٹھتے بیٹھتے
مثل غبار راہ ترے ناتوان عشق — ہستی سے پہونچی تا بعدم اٹھتے بیٹھتے

جاتا صنم کدہ مین ظفر گر مرا صنم
تعظیم کو سب اسکی صنم اٹھتے بیٹھتے

کرتے ہین یار باہم تدبیر اپنی اپنی — لیکن جدا جدا ہے تقدیر اپنی اپنی
وہ ابرو اور وہ مژگان وہ نگاہین اسکی — کرتے ہین تیز مجھپر شمشیر اپنی اپنی
دل زلف مین پھنسے تو یہان ہو اسیر کاکل — لیجاتے ہین دونون زنجیر اپنی اپنی
صورت دکھا دی اپنی ان خوبصورتون کو — کھنچوائی ہی جنھون نے تصویر اپنی اپنی
گر آہ و نالہ دونون پیدا ہون اکدل سے — لیکن الگ الگ ہے تاثیر اپنی اپنی
سنتا ہون ناصحونکی مین کب نصیحتونکو — بیٹھے کیا کرین وہ تقریر اپنی اپنی
یہ منزل فنا ہے اے غافلو نہ خوش ہو — محکم بنا بنا کر تعمیر اپنی اپنی

ہوئی عاشق کیلیے صورت سنگین یار ے | تو نہ پہونچا تری تصویر پر تو پر جا پہونچی
کی جو شکون نے دم گریہ کمی آنکھو نہین | تو وہین بس مدد خون جگر جا پہونچی
اے صبا ہوگا نہایت ترا احسان ہم پر | کوچۂ یار مین خاک اپنی اگر جا پہونچی

پھر تو سو بار پکارا وہ بولے گھر مین
کان مین اُنکی جو آواز ظفر جا پہونچی

ہم اُس کافر کے ہاتھ اول دل و جان بیچڈالینگے | دل و جان بیچکر پہر دین و ایمان بیچڈالینگے
ہمارے جنس دل کا گر خریدار آئیگا کوئی | نہین ہم دیکھنے کے نفع نقصان بیچڈالینگے
نہ قیمت دیسکینگے وہ تمھارے دُرِ دندان کی | اگرچہ جوہری سب اپنی دکان بیچڈالینگے
نہین ہم چھوڑنیکے تیرے سودا محبت کو | کہیگا تو کہ بیچو آپکو ہان بیچڈالینگے
تری خاطر سے جی دیدینگے اپنا نیم غمزہ پر | ہم اس جنس گران قیمت کو ارزان بیچڈالینگے
تمھاری خاکپا کی روبرو کیا قدر ہے مٹی کی | اُسے مٹی کے مول اہل صفاہان بیچڈالینگے

برنگ شمع لے کر مول وہ ہمکو جلا دینگے
ظفر دل اپنا جسکے ہاتھ ہم یان بیچڈالینگے

بلا سی میری چھاتی پر اگر وہ رکھ کے سل بیٹھے | مگر اُسکے نہ پہلو مین قریب سنگدل بیٹھے
تری ہاتھونکی قربان کیون نجاؤن کی کمان ابرو | قفس سینہ مین کیا کیا تیرے متصل بیٹھے
یہ حالت ہے تری بیمار غم کی ناتوانی سے | نہین طاقت کہ جو اُٹھکر ذرا وہ مضمحل بیٹھے

رکھا ظفر کھانے میں ہم زخم پہ نمک تازہ
کمی نہ ہو روز محبت سے کھلائی جاتی

ردیف الیا

تا بارش کا کھو ابر سیہ سے باندھے
پر دم گریہ نہ ضدا ہر قطرہ سے باندھے

دست مژگان سے کہا طائرِ دل اُڑ جائے
پر پرواز جو تو تارِ نگہ سے باندھے

تیری عارض کا تصور تو بندھا ساری رات
ٹکٹکی ہم رہے رخسارۂ مہ سے باندھے

خوش نہو وہ کبھی گر باندھ لے اکسیر کی پوٹ
جو کہ پڑیہ تری خاک سر رہ سے باندھے

رکھے تعظیم سے نامہ ترا سر پر عاشق
خواہ دستار سے وہ خواہ کُلہ سے باندھے

دل کبھی جائے سے ٹوٹا ہی بندھے یہ کیونکر
کوئی جبتک کہ نہ دو چار جگہ سے باندھے

چشم قاتل کو ہے منظور صفِ جنگ ظفر
صف نہ کسطرح وہ مژگان کی سپہ سے باندھے

ٹھنڈھی ٹھنڈھی جو کوئی سانس ہے آئی جاتی
دلمیں ہے آگ مری اور لگائی جاتی

رفتہ رفتہ ہمیں ظالم روش نقش قدم
خاک میں ہے تری رفتار ملائی جاتی

عندلیبو کوئی دن اور ہے گلشن میں بہار
دیکھو ہے باد خزان خاک اُڑاتی جاتی

ہوگیا آہ کا بھی منہ سے نکلنا موقوف
دلمیں ہے اپنے محبت جو سماتی جاتی

اُتنی ہی اور بھڑکتی ہے سوا آتش دل
چشم جتنی ہے وہ رو رو کے بجھاتی جاتی

خط میں اپنے ہے وہ نوخط مجھے لکھتا جاتا
میری تقدیر ہے جو اُسکو پڑھاتی جاتی

بو نسیم حسن اُس گل کی جولانی ہے کبھی
ہے وہ کچھ لطف سے ہمکو بھی سنگھاتی جاتی

اے مسیحا نفس آنکلی ترے سننے کی خبر
رہگئی جان ترے بیمار کی آتی جاتی

| | |
|---|---|
| بتاوہ کیونکہ جبین جنکے ہر ہے اے قاتل | ہمیشہ موت تیرے آستان پر کھیلے |

ظفر وہ کھیل کھلاڑی کا پھر چھپے کیونکر
جو کرکے ظاہر اسے اک جہان پر کھیلے

| | |
|---|---|
| وہی ہے ہر بات مین تقاصد مجھے پیارے دھوکے | پھینکدو من خط کو نہ کیون خوف کی مارے دھوکے |
| چشم پر آب ہون مین اسلیے وقت پابوس | چاہتا ہون کہ ہیون پانون تمھارے دھوکے |
| تو ہو میخوار تو کیونکر نہ بھری ہے ساقی | شیشہ و جام کو دریا کے کنارے دھوکے |
| نہین معلوم کہ ہے مد نظر کیا تجکو | ڈالتے جی مین ہین یہ تیرے اشارے دھوکے |
| اوس سی باغ مین پڑ جای نہ کیون سنبل پر | اپنی زلفون کو وہ جب وقت سنوارے دھوکے |
| ماہ تابان ہے کہ ہی عارض روشن تیرا | دیکھکر رات کو کھاتے ہین ستارے دھوکے |

ابر رحمت سے عجب کیا ہی جو کر دی وہ سفید
اے ظفر میری سیہ نامہ کو سارے دھوکے

| | |
|---|---|
| لڑائی میری اسکی کیا کہون کس بات مین پھیلی | یہ وقت شب عدو کی آمد سوغات مین پھیلی |
| کوئی پھیلا ہوا چال جیسے سپید خاطر | تمھاری لف ہو اسطرح دلکی گھات مین پھیلی |
| شفق شام و سحر پھولی فلک پر جسکی سرخی سے | مرے نالون سے ایسی آگ ساری رات مین پھیلی |
| نہین سلک گہر اے دل سراسر مانگ مین اسکی | مگر فوج سکندر ہو رہ ظلمات مین پھیلی |
| بجای آب خون میرا ملا اس رنگ سے قاتل | کہ مہندی کی جو تیلی خوب تیری ہات مین پھیلی |

موے سر مین خط فرق سیمین کی روشنی | ابر مین جوا ایک برق شعلہ زن کی روشنی

## مطلع ثانی

آگے اُس رُخ کے مہ چرخ کہن کی روشنی | یون ہے جیسے صبح شمع انجمن کی روشنی
تو اگر دکھلائے دندان معصفا کی چمک | غرق آب شرم ہو دُرّ عدن کی روشنی
شعلہ فانوس کے مانند سوز عشق سے | داغ نے پیدا مرے زیر کفن کی روشنی
اس دل سوزان کی عالم مین ہے روشن چراغ | ہے اسی سے کچھ مری بیت الحزن کی روشنی
یون چمک ہے کان مین موتی کی زیر زلف یار | جسطرح ہو رات کو کالے کے من کی روشنی
لالہ کہسار نے جوش چراغان کیطرح | خوب تربت پر ترے اے کوہکن کی دی روشنی
یون مرے گریہ سے چمکا حسن اُنکا جیسے ہے | صاف بارش مین مہ چرخ کہن کی روشنی
عارض پر نور اسکا دے اگر اک ذرہ نور | پھر گل خورشید سے دیکھو چمن کی روشنی
آفتاب حشر سے کچھ کم نہین داغ جنون | واہ رے مجنون ترے دیوانہ پن کی روشنی

نام روشن حشر تک اُنکا رہیگا اے ظفر
دی خدا نے جنکو عالم مین سخن کی روشنی

رعد ہے خاموش آگے نالہ پرشور کے | ہو دل سے ہو خس اُڑتی ہین گھٹا گھنگھور کے
پھر زمین سے اُٹھ سکا ہرگز نہ تیرا آشنا | دب گیا جو عکس سے مژگان چشم چور کے
بوسہ انکا لیکے چوری سے ڈرے کیونکر نہ دل | جی مین اک دھڑکا سا رہتا ہے مقرر چور کے

ہزار اے ظفر چرخ آنکھیں دکھائے
خدا پر نظر رکھ نگہدار وہ ہے

مناسب ہی تجھے اس مبتلا کو منہ دکھانا ہے
کہ اک دن اے بت کافر خدا کو منہ دکھانا ہے

نکال اے بیوفا منہ سے نہ حرف آشنائی تو
تجھے گر عاشقان باوفا کو منہ دکھانا ہے

اٹھا دیتا ہے پردہ منہ سے جو داغ دل جو بیا کا
تو مشکل ہونا خورشید جزا کو منہ دکھانا ہے

برابر چشم آئینہ میں خوب و زشت ہیں دونوں
دکھائی دوان حسین اہل صفا کو منہ دکھانا ہے

کبھی آغوش میں ہرگز نہ آیا ہے نہ آویگا
کہ بھاتا دور سے اس مہ لقا کو منہ دکھانا ہے

ترا غمزہ ہی ظالم وہ کشیدہ ایک عالم کا
کہ مشکل سامنے جسکے قضا کو منہ دکھانا ہے

جہانتک ہو سکے دریای غم میں دست و پا مارے
نہیں تو ای ظفر اس آشنا کو منہ دکھانا ہے

برگ گل کیا نازک اسکی نازکی کے سامنے
اور ہنسی غنچہ کی کیا اسکی ہنسی کے سامنے

ناصحا بنجائیگا دیوانہ میری طرح سے
تو بھی جائیگا جو اس رشک پری کے سامنے

جھڑ گئی سو بار شیخی ابر دریا بار کی
ایک پل میں میرے اشکوں کی جھڑی کے سامنے

ہوشیار انکو کری بیہوش چشم مست سے
جب وہ آجائے شراب ناب ہی کے سامنے

مارے خجالت کے زمین میں گڑ گیا شمشاد بھی
بار ہا گلشن میں اس سرو سہی کے سامنے

کوئی منصف بھی نہیں کہہ سکتا کچھ انصاف سے
اے ستمگر اس تری نا منصفی کے سامنے

دیگر

نامه بر سے کیا یار کی تحریر پہچانی ہوئی
ہاے قاصد کی بھی تقریر پہچانی ہوئی
اس مرقع مین اگر آنکھون مین تصویر پہچانی ہوئی
عشق خوش ہے یار کی تصویر پہچانی ہوئی
آه ہو یا نالۂ [illegible] پہچانی ہوئی
سمجھے ان دونون کی [illegible] پہچانی ہوئی
ابرو ہے تیغ نگه [illegible] پہچانی ہوئی
لے اجل [illegible] پہچانی ہوئی
تجھ اپنا دل [illegible] پہچانی ہوئی
تو نہین ہے صورت [illegible] پہچانی ہوئی
چھپ سکے [illegible] پہچانی ہوئی
خوب پہچانا [illegible] پہچانی ہوئی
ہو گا وه دشمن [illegible] پہچانی ہوئی
ہے ہماری [illegible] تقدیر پہچانی ہوئی

ره بعید مین دل یار وه قریب مین ہے
پہونچ ہی جائیگا منزل کو گر نصیب مین ہے

عجب طرح کا ہے عالم که محو ہو جاتا
ہر ایک آن که اس منزل عجیب مین ہے

ترے مریض محبت کو جس سے ہو صحت
سو وه دوا ہی نہین نسخهٔ طبیب مین ہے

جو میرے ناله کو بخشی ہے عشق نے تاثیر
اثر وه کاہیکو فریاد عندلیب مین ہے

فلک نه اتنا ہو سرکش که پست ہو جاتا
ابھی تو ایک سری آه کی جریب مین ہے

گرہے ناله سے صد فوج غم صف آرا دل
یه بات کاہیکو آواز نقیب مین ہے

گلے کا ہار ہو میرے کیونکه دست قضا
که ہاتھ ڈالتا وه گردن رقیب مین ہے

ہزار طرح کی ہین یون تو خوبیان ہمین
مگر وفا ہی نہین ایک اس حبیب مین ہے

ظفر ہو کیونکه دلِ ناتوان طور ره عشق
که اتنی کاہیکو طاقت اب اس غریب مین ہے

دیگر

ایسی خط مین آپکو تحریر کیا کی ہمنے تھی
خط کے کیون پرزے کیے تقصیر کیا کی ہمنے تھی

ہم منانے کو گئے تھے اور وه روٹھ سوا
ہو گیا قسمت سے کیا تدبیر کیا کی ہمنے تھی

کیون کیا کشته ہمین اسنے کیا کیون ہمکو خاک
آسمان سے خواہش اکسیر کیا کی ہمنے تھی

کہتے ہین ناله سے آہین کچھ کیا تو نے نه ہاے
سیلے تجھسے دیکھ تو تاثیر کیا کی ہمنے تھی

جسبه جگر ہی مین رکھا تو نے ہمکو عمر بھر
وه خطا کہ گردش تقدیر کیا کی ہمنے تھی

حال دل اپنا کہا تو وه بھی ڈرتے ڈرتے کہا
ہم جو آزرده ہو تقریر کیا کی ہمنے تھی

[illegible]

چشمِ ساقی کا کرشمہ دیکھنا اک جام مین
مست ہین افلاک کے ساتون طبق پہچانتے

یاد مین اُس قامتِ رعنا کی غیر از یک الف
ہم نہ تھے مکتب مین بھی حرف سبق پہچانتے

تم نکل بھاگے بغل مین سے کسیکی شاید آج
ہم ہین چہرہ پر تمھارے یہ عرق پہچانتے

دشمنِ جان ہو گئے ناحق مری اک بات پر
واہ ہو تم دوستی کا خوب حق پہچانتے

ہو گیا فیضِ تصرف ملک دل پر یار کا
اے ظفر ہم اُسکا ہین نظم و نسق پہچانتے

زلف کا حلقہ نہین رخ پہ نظر پڑتا ہے
مگر اُس حسن کے دریا مین بھنور پڑتا ہے

ہے جو منظورِ نظر وہ ہی نظر آتا ہے
آنکھ پڑتی ہے جدھر دھیان جدھر پڑتا ہے

طلبِ بوسہ پہ کیا کوئی چڑھے منہ اُسکے
گالیون پر وہ ستمگار اُتر پڑتا ہے

شام سے صبح تلک بسترِ آرام پہ رات
چین تجھ بن کسے اے رشکِ قمر پڑتا ہے

قصد جانیکا ہو کس رشکِ چمن کیجانب
کہ قدم جلد ترا بادِ سحر پڑتا ہے

کودکِ اشک کو دیتا ہے جو تو گھر سے نکال
تو گلے میرے وہ اے دیدۂ تر پڑتا ہے

کمر اُسکی ہے نزاکت سے لچکتی کیا کیا
سایۂ زلف کا بوجھ اُسپہ اگر پڑتا ہے

نہ کرون کیونکہ غمِ یار کی خاطر داری
کام تو اُس سے ہی مجھے آٹھ پہر پڑتا ہے

دل وہ دلدار کو آئینہ سمجھ لینے دے
دیکھ تو بیچ مین کیون اُسکے ظفر پڑتا ہے

کہتا خورشید فلک سے بھی ہے وہ شاہ سوار
کہ تو لیکر مری شمشیر و سپر چل آگے

وحشت مین دم نہین لینے مجھے دیتی وحشت
یہی کہتی ہے کہ اے خاک بسر چل آگے

کہتی ہے کوچۂ قاتل مین اجل عاشق سے
تونے گر مرنے پہ باندھی ہے کمر چل آگے

رہ تا امن ہے یہ منزلِ ہستی عاشق
تو ٹھہر نیکا یہان قصد نہ کر چل آگے

چھیڑنے ہوکر اس ابرو کا ہلو تم بیر جبیں پہ
گئی تلوار کئی بار ظفر چل آگے

دل کو دیتا ترا مہجور دلاسے یون ہے
آج ہے وصل ہو امید خدا سے یون ہے

بخت برگشتہ کی ہے یہ بھی ہماری تاثیر
پھر گیا اپنے جو وہ عہد و وفا سے یون ہے

نہین بچنے کا تری ہاتھ سے کوئی عاشق
ہوتا معلوم ترے جور و جفا سے یون ہے

آئی شامت ہے ہمارے دلِ سودائی کی
یہ الجھتا جو ترے زلف دوتا سے یون ہے

اور بیمار کرے جیسے غذا سے پرہیز
تیرے رنجور کو پرہیز دوا سے یون ہے

گر نہو وصل تو مہجر ہین عاشق کا وصال
یو ہین ہو جاؤ جو قسمت مین بلا سے یون ہے

اے ظفر رشک سے دل کیونکہ نہو خون کر حنا
ہاے لپٹی ہوئی اُسکے کفِ پا سے یون ہے

دل مین جو ہان تمھارے صفائی کچھ اور ہے
اور اپنے یان خیال مین آئی کچھ اور ہے

مسجد سے اُٹھکے آئے جو بیت الصنم مین ہم
دیکھا تو وان ظہور خدائی کچھ اور ہے

دیگر

جنبہ عنقا کیطرح سے گوشہ گیری ختم ہے
اُسنے بے دام و قفس گویا اسیری ختم ہے

کی ہے جسنے یار کے در کی گدائی اختیار
بادشاہی ہے تمام اُسپر امیری ختم ہے

جو تمھارے دلمین ہے وہ سب ہمین معلوم ہے
ہمپہ فیض عشق سے روشن ضمیری ختم ہے

جبتلک محو فنا بالکل نہو جوڑے نہ ہاتھ
واقعی رنگ حنا پر دستگیری ختم ہے

جائے پیر چرخ کو دِک مزاجی دخل کیا
گرچہ ہے پیر تو ایسا کہ پیری ختم ہے

کہتے تھے الفقر فخری جس فقیری کو نبی
فخر دین فخر جہان پر وہ فقیری ختم ہے

کہتے ہین اہل سخن تیرا سخن سنکر ظفر
بس یہان طرز ظہوری و نظیری ختم ہے

سر جو زیر تیغ سے تیری لئے قاتل کھینچینگے
کیون نہ خجالت سرنازہ دلمین عاشق بد کھینچینگے

ہونگے مصور محو حیرت دیکھ کے تیری صورت کو
منھ کیا جو تصویر کوئی وہ سے پر مقابل کھینچینگے

ایک امید وصل پہ تیری دیکھیے کبتک دنیا مین
لاکھون رنج جدائی کے یہ سے پر مائل کھینچینگے

وہ ہی نکلاں ہو جائیگا اپنے حق مین خلد برین
تجکو نہا آغوش مین ہم اے جو شمائل کھینچینگے

لگتے ہی زخم تیغ ستم کے ہوگا انکا کام تمام
عرصہ کا یہکو کوئی دم کا پر بسمل کھینچین گے

کرتا ہے کیون پست درازی انکی زلف شکین سے
دیکھ کسی دن تسمے تیری خوب وہ ایدل کھینچینگے

دیکھینگے تاثیر نہ جبتک دلمین ظفر کچھ عشق کی ہم
دل سے آہ بے اثر اپنے کیون لا حاصل کھینچینگے

توجہ یار میں ہزاروں دل
سے ظفر یاؤں سے گئے آسکے

دیگر

لیجہ نرگس کو جسے بری صورت آنکھوں کی
کمان تیرا سا غمزہ اور اشارت بھی آنکھوں کی
گو وہ زخمی ہیں حجاب کو وہ رم اسکے
برچھی جاتی ہے شوخی و شرارت آنکھوں کی
آنکھ کیون آفت ہیں دل تجھسے اگر آنکھوں کی
رہیں ہر روز ہوں ساری مصیبت آنکھوں کی
لاکھ تدبیریں کریں امکان کیا جو دل سنبھالے
پہ نمازی ہوں کا سودا اور وحشت آنکھوں کی
دیکھیے تیری چین کو شعلہ کوجو بھر کے نگاہ
کب ہوا خورشید رو یہ تاب وطاقت آنکھوں کی
اسکو تیری یاد ہے اسکو تصور ہے ترا
یہ عبادت دل کی ہے اور وہ عبادت آنکھوں کی
دیکھنے کو جیا نہیں کچھ چاہتا اپنا ظفر
ہیں بت دیکھے ہیں ان سے ہی دولت آنکھوں کی

سو بار وہ شمشیر و سپر کھو کے بیٹھے
پر قتل سے میرے نہ کمر کھول کے بیٹھے

بڑھ جاتی ہیں گھڑی سیکڑوں پانی کر برابر
جسوقت نہانیکو وہ سر کھو کے بیٹھے

بیہوش نہیں بیٹھنے کی جای یہ دنیا
یاں دیدہ و گوش اپنے بسر کھو کے بیٹھے

کون آئیگا یہ شوق ملاقات ہے کسکا
جو شام سے تم آج ہو در کھو کے بیٹھے

خورشید بھی کانپ اٹھی اگر سامنے اسکے
یہ سوختہ جان داغ جگر کھو کے بیٹھے

ہیں ریش سفر اور مسافر ہیں یہ غافل
آرام سے ہیں رخت سفر کھو کے بیٹھے

اٹھ جائینگے دو حرف بھی سننے کی نہیں وہ
کیون دفتر غم تم ہو ظفر کھو کے بیٹھے

واہ تم صبح کو بھلے آئے
دن چڑھے کہو دن ڈھلے آئے

آج کیا مجھپہ مہربانی ہے
ہیں بلائے جو تم چلے آئے

آئے ہے اک جلے کباب کی بو
کیا کہیں تیری دل جلے آئے

شکر اللہ کہ یاں کے آنے سے
انکو انکار تھا وہ لے آئے

یون کوئی کیونکہ آئے میرے پاس
غیر جب پاس سے ٹلے آئے

میری گھر میں وہ مہروش آیا
بارے کچھ دن مرے بھلے آئے

ابھی آئی نہیں بہار کہ یان
دلسے وخستا کو ولولے آئے

ہے عجب آب غنچہ قاتل
جسکے یہ آئے تا گلے آئے

حصہ رکھو کبھو نہ کوئی دیوان بلکہ ظفر

دیگر

[illegible]

جدائی ہمنے اپنی دوستی کیون اُس ستمگر کو
ہمارا ہو گیا وہ دشمنِ جانی اسی مین ہے

ظفر سونا زیادہ گو نہین بہتر سخنور کو
سخن فہمی اسی مین ہے سخن دانی اسی مین ہے

ہم ہنسے اُنسے تو گل کیا کھلا کے ہنس پڑے
چٹکیان گلشن مین غنچے بھی بجا کے ہنس پڑے

کہہ گیا کیا غیر اُس کانِ ملاحت کان مین
تم جو ہنگشت اپنی دانتو نمین دبا کے ہنس پڑے

دیکھ کر مرہم کا نسخہ چارہ گر کے ہاتھ مین
زخم اُس قاتل کے شمشیرِ جفا کے ہنس پڑے

اشک کی موتی ہوئی جب یان نکلے کے میری ہار
پھول جو گُچھی مین تھے وان مُنہ تیاکی ہنس پڑے

کچھ تو کی تاثیر الفت نے کہ وہ اے ہمنشین
گریۂ حسرت پہ اپنے مبتلا کے ہنس پڑے

انجم شب تاب ہوان کیا کیا فلک پر شرمگین
وہ جو دانتو نمین مسی اپنے لگا کے ہنس پڑے

اے ظفر شاید ہوا منظور پھر انکو ملاپ
بزم مین وہ آنکھ جو مجھسے ملا کے ہنس پڑے

دن جو گذری غم ہجر انکین مجھ پر یار کے پیچھے
وہ برس ہو گئی باعث غم و آزار کے پیچھے

درد و غم رنج و الم یاس تعب ہین رفیق
پاس رہتی ہین ترے عاشق بیمار کے پیچھے

دل کی قیمت مین اگر دیتے ہو بارہ بوسے
ذبح بیٹے ہو تو منھ کے بھی دکھیو رخسار کے پیچھے

غمزہ و عشوہ ادا چشمک و ناز و انداز
دشمن جان ہین یہی تیر دل آزار کے پیچھے

ترے جامہ کے کیا دست جنون سے دستار
بلکہ ثابت نہین تار اتو مین دستار کے پیچھے

فرا بیا ہے ظفر دوستی سے اس کی مجھے
۹۰ ہم ہیں دوست تو حاجت نہیں عدو کی مجھے

دیکھا

وہ کچھ سمجھیں نہیں اور یہ خطر بھی کچھ تو ایسا ہے
نہیں جاسکتا دل سا نامور بھی کچھ تو ایسا ہے
خدا جانے کہ کیا ہے عشق کیا اک آگ کا شعلہ
جلا دیتا ہے دل بھی اور جگر بھی کچھ تو ایسا ہے
عدم میں جو کوئی کیا جانے کسکا حال ہے کیا
نہیں وہ تیغ بھی نکلے میں خبر بھی کچھ تو ایسا ہے
نہیں سنتا کبھی جب دیکھو اک درد سینہ
جلا اُس تاب عارض کو نظر بھی کچھ تو ایسا ہے
یہ پوچھو عشق سے کم شیوۂ خانہ خرابی
یہ تو دیتا ہے عاشق کا گھر بھی کچھ تو ایسا ہے
[illegible] اک گھڑی گنتا ہوں کی
سفر میں اپنا کار تو سفر بھی کچھ تو ایسا ہے
یہ پوچھو اشک کو قطرے کا عالم ابر ادراکی میں
[illegible] کچھ تو ایسا ہے

تعجب کیا ہماری چشم گوہر بار کی دولت
اگر تار نگہ ہر ایک تار آستین ہووے

جو دیکھی کان کے بالی میں تیری اُس دُرِ روشن کو
تری حلقہ بگوشوں میں ہمارا نشین ہووے

رکھیگا وہ زمیں کو کیا نظر آئے گا کیا آہن
صفا کر دل کو تو ایسا کہ دل ہی دور بین ہووے

برنگ نقش پا کوچہ میں تیرے ہر زمین ہم بھی
عنایت ہمکو اک بالشت بھر گر تُو زمین ہووے

ندیکھا تیری دندان و لب خندان سوا ہم نے
کہ سید کان میں یاقوت کے دُرِ ثمین ہووے

جگہ آنکھوں نہیں دون اپنی آنکھوں بیک تصویر
یہ اسکے پاس پہونچی ہی نگہ وہ گرچہ کمین ہووے

نہ آنکھوں میں سمائے گرچہ بحر موج زن ہووے
ظفر ہو گر سخی مشہور جو چین پر جبین ہووے

پھر اب وہ لائی ہے دل بزم میں کسو کی مجھے
پڑی ہے تھامنے بات اپنی آبرو کی مجھے

کرونگا خون سے نگارین میں اُس نگار کو پاؤں
قسم ہے اُس دل خون گشتہ کے لہو کی مجھے

نسیم عنبر سارا سے کیا غرض ہے صبا
کہ بو خوش آئے ہے اُس زلف مشکبو کی مجھے

الٰہی چشم میں آنسو نہیں کروں میں کیا
نماز عشق میں تاکید ہے وضو کی مجھے

اُٹھاؤں کیسے تیغ اجل کا میں احسان
نگاہ تیز ہے بس شوخ تند خو کی مجھے

ہر ایک مو ہو بدن پر مرے زبان گویا
مجال ہو جو ترے آگے گفتگو کی مجھے

ہوا نہ سیر کبھی میں طلب رہی ساقی
سبو یہ جام کی اور جام پر سبو کی مجھے

نہیں ہے جان کی پروا برنگ پروانہ
کہ اب تو لگ گئی لو یار شمع رو کی مجھے

[illegible]

دیگر

[illegible]

ملے جان بخش کا تیری جو بوسہ اُسکو یان دارو
مریض عشق کو تیری نہین حاجت دوا کی ہے

حیات جاودانی کیون نہو اُسکے شہیدون کو
کہ تاثیر آب تیغ یار مین آب بقا کی ہے

ظفر شکوہ نہ کر اُسنے کبھی سے بیوفائی کی
بتا اُس بیوفا نے اور کس سے یان وفا کی ہے

تبارے محل کیا ہو یان اچھے اچھے
بہت بن بگڑ ہین مکان اچھے اچھے

محبت کو لازم ہے جب بدگمانی
تو کیا دلمین گذرین گمان اچھے اچھے

نہ سمجھا کوئی نکتہ اُس خال لب کا
جہان مین ہوے نکتہ دان اچھے اچھے

دکھا دی جو وہ اپنے مژگان وابرو
تو دی پھینک تیر و کمان اچھے اچھے

سُناتا نہین کوئی میری کہانی
اگرچہ ہین وہان قصہ خوان اچھے اچھے

تجھے دے ہے چُن چُن کے گلہای تازہ
مرا دیدہ خون چکان اچھے اچھے

تری چشم وہ ہے کہ بیمار جسکے
ہوے کھو کے تاب و توان اچھے اچھے

ملے خاک مین ظلم سے یہ فلک کے
جہان مین ہزارون جوان اچھے اچھے

رہیگا بڑا ایک تجھ سا بُرا بھی
اگرچہ ظفر ہین وہان اچھے اچھے

یہ سوز غم نے کیا خشک خون جگر مین سے
کہ ایک بوند بھی نکلی نہ چشم تر مین سے

بلائین سیکڑون اُس تنگنا مین ہین اک کیلئے
خدا بچائے اُسے راہ پُر خطر مین سے

جہان کچھ خم ہین سب اُس لب دہان پہ مزے | کہ جسکے ذکر سے برسون رہین زبان پہ مزے
بہشت ہین بھی وہ ہون یا نہون خدا جانے | ہمین نصیب ہین جو اسکے آستان پہ مزے
رہینگے آب دم تیغ کے ترے قاتل | مدام ہے لب زخم خون چکان پہ مزے
تری ستم نے ستمگار تیرے عاشق کو | چکھا دی خوب محبت کے امتحان پہ مزے
ہزار شربت قند و نبات کے قربان | تمھارے بوسۂ لعل شکر فشان پہ مزے
ترے شہید محبت کا سر تو لے قاتل | اوڑا رہا ہی عجب طرح کہستان پہ مزے

ترا سخن وہ مزے دار ہے کہ حشر تلک
رہینگے اسکے ظفر طبع نکتہ دان پہ مزے

اصل بد ہو جسکی اسکو کیون نہون جوہر برے | ہین تیرے لوہے کی تلوارین بُری خنجر بُرے

## مطلع ثانی

سچ تو ہان یون ہے نصیب اپنے نہوتے گر برے | وہ بُرا کیون کہتے ہمکو ہوتے ہم کیونکر برے
یا الٰہی خیر محبوب دیکھیے ہوتا ہے کیا | آج آتی ہین نظر قاتل کے کچھ تیور برے
دیکھ کر غمزے تمھاری چشم افسون ساز کے | دل مرا ڈرتا ہی کافر ہین جادوگر برے
اٹھو باز آؤ برائی سے کہ تیری واسطے | ایک عالم سے ہوا ہم اے پری پیکر برے
مانتے ہین کب برا ہم تم کہو ہمکو برا | ہم برے ہین ہم برے ہان سچ ہے اے دلبر برے

یہ بکواس ناصح کی کب چھوٹتی ہے — مگر چھوٹے تو میرا دم کھاکے چھوٹے
محبت کا تیری مزا میرے دل سے — نہ سوزِ غمِ تیغ سم کھاکے چھوٹے

مرے دل سے یہ داغ دریائے غم مین
نہ غوطہ ظفر دمبدم کھاکے چھوٹے

گالیان آکر سُنا جاتا تو ہے — یہ غنیمت ہے وہ آجاتا تو ہے
پوچھتے گریہ کا ہو کیا ماجرا — چشم سے دریا بہا جاتا تو ہے
گھر مین تیرے گر نہین آتا نہ آئے — وہ مرے دلمین سما جاتا تو ہے
بات وہ کرتا نہین لیکن ادھر — چپکے چپکے دیکھتا جاتا تو ہے
نالۂ بلبل ہے کیونکر بے اثر — رنگ بوئے گل اُڑا جاتا تو ہے
دیکھیے لکھا ہو کیا تقدیر کا — لیکے قاصد خط مرا جاتا تو ہے

خواب مین آکر کبھی وہ اے ظفر
فتنۂ خفتہ جگا جاتا تو ہے

نے فقیری چاہیے نے بادشاہی چاہیے — قسمت اچھی چاہیے فضل الٰہی چاہیے
اب تو جا اسکو ہمنے جان جائے یا رہے — چاہ اُسکی ہر طرح اے دل نباہی چاہیے
نام روشن کرکے کیا لیگا کہ اسکے واسطے — پہلے مانندِ نگین اک دوسیاہی چاہیے
سبزہ رنگونکی محبت رکھّے کاہش مین جبین — رنگ چہرہ کا ہمیشہ انکے کاہی چاہیے

| | |
|---|---|
| چمن مین جب ہوا ہی صبح شاخ گل لچکتی تھی | تو بوی گل مہکتی تھی ہر اک بلبل چہکتی تھی |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| پوچھتے ہو کیا ٹھکانا دل کا بحر عشق مین | کشتی اس دریا مین یہ تو غرق ہو کر گم ہوئی |
| داغ سوزان حبب کہا یا اس نے دل تفتہ نے | دیکھتے ہی تابش خورشید محشر گم ہوئی |
| گریہ راحت کی تمنا تو کہ تیرے واسطے | وہ تو دنیا ہی سے بے جان مضطر گم ہوئی |
| بل بے ناکامی کہ اس تشنہ گلا کے حلق تک | پہونچا جب دم اسکا خنجر آب خنجر گم ہوئی |

لیگیا دل سے متاع صبر کو کون اے ظفر
سچ بتا یہ جنس اب گھر مین سے کیونکر گم ہوئی

| | |
|---|---|
| تھی ترے دیدہ کی ہر دم مجھے حسرت دونی | تجھے دیکھا تو ہوئی اور محبت دونی |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| ہوتی جاتی ہے دہر سے جو محبت دونی | اور بھی ہوتی ادہر سے ہی عداوت دونی |

## مطلع ثالث

| | |
|---|---|
| چاہے گر کوئی فلک سے کہ ہو حشمت دونی | تو یہ موذی اسے دے وہ اذیت دونی |
| میرے داغ دل سوزان کا پڑا جو پرتو | ہو گئی تابش خورشید قیامت دونی |
| تیری لفظون کو ہوا دیکھ کے سودا دونا | تری آنکھون کو ہوئی دیکھ کے وحشت دونی |
| میرے گریہ نے نہ دہویا دل ناسی غبار | بلکہ اس سے تو ہوئی اور کدورت دونی |
| عوض بوسہ مین دل مانگتے تھے جان بھی لو | اب تو خوش ہو کہ تمہین ملتی ہے قیمت دونی |

[illegible]

| | |
|---|---|
| نہین فراغ کہان جو ہین طالب دنیا | ہمیشہ رہتے ہین دنیا ہی کی طلب مین پہنسے |
| پہنسا جو رنج مین کوئی کسی سبب سے پہنسا | تمہارے ہاتھ سے ہم رنج بے سبب مین پہنسے |
| اگر ہے صحن چمن بہی تو ہمکو زندان ہے | کہ ہم ہین الفت خوبانِ غنچہ لب مین پہنسے |

نہین ہے دام فریب اسکا کوئی بہی خالی
بلا کشانِ محبت ظفر ہین سب مین پہنسے

| | |
|---|---|
| ہم نے تم سے نہ بہلائی ایسی کی | تم نے ہم سے برائی ایسی کی |
| ہم نہ بہولے کبہی وفا کی راہ | عشق نے رہنمائی ایسی کی |
| ظاہر اصاف اور دلمین غبار | کی تو اسنے صفائی ایسی کی |
| کیسا ناآشنا ہمین سب سے | آپ نے آشنائی ایسی کی |
| پہونچا زلفون تلک تری شانہ | کیونکہ پیدا رسائی ایسی کی |
| کٹ گئے سر ہزارون اکدم مین | اُسنے تیغ آزمائی ایسی کی |
| کیونکہ اُس بت نے تابع فرمان | ہے خدا کی خدائی ایسی کی |
| کی بگڑ کر کبہی جو بات اسنے | ہم سے کچہہ بن نہ آئی ایسی کی |

اک ہمین سے ظفر نہین اُسنے
جس سے کی بیوفائی ایسی کی

| | |
|---|---|
| طاقت نہین پہر نکی عادت لئے پہرتی ہے | یا صرف مجہے میری ہمت لئے پہرتی ہے |

جدائی مین ترے ہین دیدۂ تر میرے اے ساقی
شراب خون دل سے بھر بھر کے بجا ہین کیے پیمانے

اوڑا دو مرغ دل کو اور پیمانہ کی لیکر گھونٹ
سدا پانی کے پیمانہ سدا دانے کے پیمانے

تری آنکھونکی بیمارون نے شربت کی عوض ظالم
پیے زہر آپ سے بھر کر دوا خانے کے پیمانے

دل پر آبلہ وہ خوشۂ انگور سے بہرا
کہ بھرتے آپ سے ہین جس کے ہر دانے کے پیمانے

نہین آنے کی منہ تک تہ خاک اس بادہ پیما کی
کبھی ساقی نہین میخوار بنوانے کے پیمانے

مے عشرت طرب کا ایک قطرہ بھی نہین ساقی
ظفر یہ آسمان ہین یون ہین کہلانے کے پیمانے

آج بوسہ پر لڑائی ہوتے ہوتے رہ گئی
پھیر کر اونکے ہاتھا پائی ہوتے ہوتے رہ گئی

شکر ہے وہ من گئے ورنہ چلے تھے روٹھکر
وصل مین بار جدائی ہوتے ہوتے رہ گئی

آہ وہ آئینہ رو ہمسے مکدر ہی رہا
ہمنے جب چاہی صفائی ہوتے ہوتے رہ گئی

وہ ڈبوتے چاہ مین ہوتا اگر ہم آشنا
لیکن اونسے آشنائی ہوتے ہوتے رہ گئی

توڑتا تھا تو تو زنجیر در زندان جنون کی
کیا ہوا زور آزمائی ہوتے ہوتے رہ گئی

مہربان صیاد ہوکر ہو گیا نا مہربان
دام سے ہمکو رہائی ہوتے ہوتے رہ گئی

اے ظفر دکھلا بھلائی کا اثر دشمن مین بھی
کی اگر تجھسے برائی ہوتے ہوتے رہ گئی

بہائے جا تو آنسو گو کہ دیدے جائین تو رہجاوے
بلا سے عشق مین گر جان جاوے آبرو رہجاوے

111

اشارہ فہم تیرا کون ہے یہ فہم ہو کسکو
کوئی پہچانتا ہو گا تری چتون ہمین سے

بنایا دیر و کعبہ مین تیا ہر گز نہ تیرا گھر
اگر نکلا تو پہر نکلا ترا مسکن ہمین سے

ہمین سر باز ہین ہم دینیوالے تیرا اثر ہے
تہ شمشیر رکہہ یگا کوئی گردن ہمین سے

ظفر جو زاہدانِ پاکدامن ہین الگ ہمسے
کبھی تھے اس سے پہلے یہ بھی دامن ہمین سے

ترا دیوانہ یہ کیا آنکھہ پہر تکتا ہے
گاہ تکتا ہے ادہر گاہ اودہر تکتا ہے

ترے رخسار مصفا کی طرف آئینہ سان
ہو کے حیرت زدہ ہر ایک بشر تکتا ہے

کب گذرتا ہو وہ اس راہگذر سے اپنی
دیر سے راہ کوئی آہ بشر تکتا ہے

غم فرقت سے ہے یہ حال کہ ہر غمخوار
منہہ کو چپکا مرے بادیدۂ تر تکتا ہے

کیا کہین جھانکتے دیکھا تجھے اے پردہ نشین
ایک عالم طرفِ روزن و در تکتا ہے

جبکہ تکتا ہے نشانہ کو کماندار مرا
پہلے میرا ہی وہ دل اور جگر تکتا ہے

کوئی ٹھہرتا نہین وصل کی صورت انسے
صورت اک ایسے کی ناچار ظفر تکتا ہے

بات انکی جو مری بات پہ اونچی نہوئی
منہہ گریبان مین ڈالا نظر اونچی نہوئی

آنکھہ اونچون سے صد ہر لڑتی تھی اے پردہ نشین
کبھی یہ پردہ کی دیوار ادہر اونچی نہوئی

تیری تلوار سے ہمنے نہ بچایا سر کو
اے ستمگر کبھی اپنی سپر اونچی نہوئی

## ردیف یاے تحتانی

سوچتا کیا ہے عشق مین اے دل | جو ہو کرنا تجھے سو جھٹ کر بیٹھ

قصد اُٹھ بھاگنے کا کر نہ ظفر
تو جو وہان بیٹھتا ہے ڈٹ کر بیٹھ

نہین کہین بھی تری چشم فتنہ زا کی پناہ | یہ وہ بلا ہے کہ بس اے صنم خدا کی پناہ
سوا اے رنج و غم و یاس چاہ مین اسکی | دلا نہ ڈھونڈہ کسی یار و آشنا کی پناہ
پناہ مانگتا ہے جسکو دیکھکر خنجر | غضب ہے تیغ ادا شوخ کج ادا کی پناہ
جفا سے تیری نہین ڈرتے باوفا ظالم | کہ اُنکے واسطے ہے عشق مین فنا کی پناہ
بھری ہے موج ہوا ساقیا لئے شمشیر | نہین بجز سپر جام اس ہوا کی پناہ
بچے نگاہ سے دل تیری کس طرح ظالم | کہ ہے جہان مین کہان ناوک قضا کی پناہ

اگر قبول ہو درگاہ ایزدی مین ظفر
تو دو جہان مین ہے کافی یہ اک دعا کی پناہ

شکل اسنے ہمین آکر جو دکھائی اللہ | دل مین کیا اُس بت کافر کے یہ آئی اللہ
ہو گیا مجھسے مکدر وہ مرا آئینہ رو | دیکھیے ہوتی ہے کسطرح صفائی اللہ
گل مین کیا خار مین کیا نور مین کیا نار مین کیا | ماشاءاللہ تری جلوہ نمائی اللہ
لائی بو کس گل خوبی کی ہے یہ باد صبا | کہتی ہے صل علی ساری خدائی اللہ
روز اڑاتا ہے وہ سر تیغ ستم سے جو چاہے | کس سے یہ طرز ستم اسنے اڑائی اللہ

ہوتا جو نہیں غنچۂ تصویر شگفتہ
ہے ساغرِ مے جام جہان مین شگفتہ

شاید ہے یہ میری دلِ پر غم کا نمونہ
میخانہ ہے اک سلطنتِ جم کا نمونہ

جو عرش سے تا فرش ہے سب اسمین ہے موجود
ہے اے ظفر انسان یہ عالم کا نمونہ

قرر دیتے ہین ابھی دخوش آئین کا تعاہ
ہین رفیق اپنے غم و رنج والم یاس و تعب
ہے تماشا نگہِ یار کہ دل ہے ہمراہ
خوشنما اُس لب لعلین پہ ہے یون ہے خطِ
سینہ کوئی نہ سمجھا اسکو دمِ آہ و فغان
نہ رہا یار نہ غمخوار نہ ہمدم نہ رفیق

ترک کرتا نہیں دُنیا مین ہے جو ین کا ساتھ
ہمکو بہاتا ہے ہمیشہ انہین دو تین کا ساتھ
ورنہ کر سکتا کبوتر نہین شاہین کا ساتھ
جیسے رنگین کو خوش آئے ہے نگین کا ساتھ
مطربِ خوش نے نکھا وج سے کیا مین ساتھ
مگر اک غم نے دیا عاشقِ غمگین کا ساتھ

زلف پر پیچ نہیں عارضِ جانان پہ ظفر
چمنِ حسن مین ہے سنبل و نسرین کا ساتھ

دل کو وہ رنج دے آمین اللہ
کوسا اُس دشمنِ جان نے جو مجھے
تجھسے آنکھین ہے ملاتا آہو
آمین آمین ابھی ہو جاے وہان

اور یہ سب سے ہے آمین اللہ
دوست کہنے لگے آمین اللہ
تنکے چنتا پھرے آمین اللہ
مہربانی کرے آمین اللہ

مطلع ثانی

بن یہ جانون کہ گیا ماہ جبین کا بوسہ

لب کا دو بوسہ کہ رخسار و جبین کا بوسہ

| | |
|---|---|
| خدا محفوظ رکھے اُس بُتِ کافر کی گیسو سے | بلا وہ ناگ ہو کالا معاذ اللہ معاذ اللہ |
| جگر تو دیکھہ تو میلا نہ کی اک آہ بھی ہمنے | کئے تو نے ستم کیا کیا معاذ اللہ معاذ اللہ |
| لگا یا ہاتھہ شب مین جو اُسکی زلف مشکین کو | تو وہ برہم ہوا کیسا معاذ اللہ معاذ اللہ |
| جو بے مقتلِ عشاق وہ محشر خرام آوے | تو کیا اک حشر ہو برپا معاذ اللہ معاذ اللہ |
| جو ہر گرم طپش ہر دل بیتاب کو دیکھا | تو بجلی بھی گئی تھرا معاذ اللہ معاذ اللہ |
| قدِ جانان کو دُون تشبیہ کیونکر نخلِ طوبیٰ سے | کہان وہ قد کہان طوبیٰ معاذ اللہ معاذ اللہ |

کیا غارت ہزارون کو ظفر دنیا کی الفت نے
بڑی آفت ہے یہ دنیا معاذ اللہ معاذ اللہ

| | |
|---|---|
| گران ہے تمکو نزاکت سے پیرہن کا بوجھہ | نہ رکھو بازوے نازک پہ نورتن کا بوجھہ |
| ہزار کوہ اگر ہون انہین اٹھا لین ہم | پر اُٹھے ہمسے کسیکے نہ اک سخن کا بوجھہ |
| فلک زمین پہ ابھی گر پڑے جو تھام لو ن | ستونِ آہ سے اس گنبدِ کہن کا بوجھہ |
| نہ ڈال بارِ غم اے چرخ اُن نحیفون سے | کہ جبکہ اٹھہ نہ سکے اپنے بھی بدن کا بوجھہ |
| گران ہو اُس مری گل کو دماغ نازک پر | چمن مین نکہتِ نسرین و یاسمن کا بوجھہ |
| نہ تن سے دور ہو سر جب تلک نہو ہلکا | ستمگر اُس تن شیدا ے خستہ تن کا بوجھہ |

نہو تی سر پہ یہ گٹھری ظفر گنا ہونکی
بلا سے ہوتا اگر اور لاکھہ من کا بوجھہ

برنگ نقش کف پا تمہاری کوچہ مین
ظفر پڑا نہ رہے کیونکہ خاکسار رہے

ہر جگہ ایک نیا رنگ ہے اللہ اللہ
واہ کیا جلوۂ نیرنگ ہے اللہ اللہ

کوئی صورت نہین ایسی کہ پسیجے کافر
دل صنم کا مرے کیا سنگ ہے اللہ اللہ

تیرے دندانِ مسی زیب کی کافر ہو نہ چرخ
کیا ہی زیب دہن تنگ ہے اللہ اللہ

تیرا اس میکدہ مین ای بت سرمست غرور
کچھ عجیب رنگ عجب ڈھنگ ہے اللہ اللہ

ننگ اور نام سی مین عشق مین جسکے گذرا
نام سے میرے اُسے ننگ ہے اللہ اللہ

کیا ترا چہرۂ پر نور ہے سبحان اللہ
کیا ترا گیسوئے شبرنگ ہے اللہ اللہ

لب گلبرگ سے لے تا بزبان ہر خار
سب یہ گلشن مین اک آہنگ ہے اللہ اللہ

برگِ گل بھی تھا گران جسکے تن نازک پر
اُنکی چھاتی پہ فلک سنگ ہے اللہ اللہ

چھوڑ کر اُس بت کافر کے ظفر در کا طواف
آپ کو کعبہ کا آہنگ ہے اللہ اللہ

یون ترے رخ کا لیا آئینۂ حیران آلو
جیسے قرآن کا لین صاحب ایمان کو بو

مین وہ مجنون ہون کہ رکھتی ہی بیابان میں قدم
پائنتی میرے کانٹے ہر مری خار بیابان تو بو

منھ لگا کر جو اُسے تو نے کیا ہی گستاخ
لے ہی عارض کا تری زلف پریشان کو بو

جائے خوشبو نہ مرے منھ سی جو دیکے خو نہیں تھا
گل رخسار کا وہ رشک گلستان کو بو

… [illegible] … زمین سے … دانائی زمانہ

نہ ہو گیا ظفر وہ آزردہ تمنی دیکھا
اس نالہ وفغان کی تاثیر کا نمونہ

کوچہ مین اپنے دے وہ صنم مجکو گر جگہ
باقی رہے نہ سجدہ سے بالشت بھر جگہ

دل سے نہین نکلتا کسطرح تیر غم
پکڑی ہے اسنے چارہ گرو اسقدر جگہ

وہ کون ہے کہ جسکے لئے یہ شعاع مہر
جاروب لیکے جھاڑے ہے وقت سحر جگہ

کھٹکے سے باغبان کو چمن مین نہین رہی
بلبل کے بیٹھنے کے لئے شاخ پر جگہ

آبیٹھا تیر ہو دل مین خدنگ نگاہ یار
بہتر جو اس سے کوئی نہ آئی نظر جگہ

وہ دیر و حرم مین جاکے اُسے شیخ و برہمن
کیا ڈھونڈتے ہین وہ تو ہے موجود ہر جگہ

تکیہ بنا کے بیٹھ رہین ہم فقیر وار
ہاتھ آئے کوے یار مین گر اے ظفر جگہ

دل کو الفت ہے جو اُس تیر کمر کی ساتھ
نہین جائیگی اگر جائیگی تو جان کے ساتھ

یون ہے اُس زلف سے مانوس دل آشفتہ
جیسے ہو انس پریشان کو پریشان کے ساتھ

ناخن دست جنون کی ہے یہی گر تیزی
چاک ہو جائیگا سینہ بھی گریبان کے ساتھ

کفر و دین دو تونسی ہے مذہب عشاق جدا
نہ وہ کافر کے ہین ہمرہ نہ مسلمان کے ساتھ

لیگئے درد و غم و داغ کو وہ ساتھ اپنے
گئے دنیا سے تری شیفتے سامان کو ساتھ

زلف کو مصحف رخسار سے اپنے سر کا
اگر وہ ہندو اُسے کیا کام ہے قرآن کے ساتھ

| | |
|---|---|
| میری حالِ بد کے سننے کا نہین اسکو دماغ | دلربا قسمت سے کیا نازک دماغ آیا ہے ہاتھ |

ہاتھ دنیا سے اُٹھایا ہے جنھون نے ای ظفر
رہتے ہین وہ بافراغ انکو فراغ آیا ہے ہاتھ

| | |
|---|---|
| بغیر بادہ بھی اس شوخ خود پرست کی آنکھ | نشے مین حسن کے ایسی ہے جیسے مست کی آنکھ |
| جہان ہے گھر بھی دشمن گھر کے پیش نظر | کرے ہے سیر ہمیشہ بلند و پست کی آنکھ |
| خدنگ حسرتِ دیدار کو ترے منظور | نشست ہو تو جگہ خوب ہے نشست کی آنکھ |
| جہان مین جنکو حکومت ہے انکو نیند کہان | لگے لگنے دیتی نہین فکر بند و بست کی آنکھ |
| لگائے دیکھیے کب تیر وہ کمان ابرو | لگائی صیدِ محبت نے سمت شست کی آنکھ |
| دکھائے محتسب شہر طمطراق ہزار | کوئی جھپکتی ہے رند قدح بدست کی آنکھ |

گیا ہے گوٹ ظفر دل کہ دی ہے اشکو نمین
ہجوم پارۂ دل سے خبر شکست کی آنکھ

| | |
|---|---|
| اگر وہ لے دلِ پُر اضطراب ہاتھ یہ ہاتھ | تو ساتھ جان بھی دون مین شتاب ہاتھ یہ ہاتھ |
| نصیب ہمکو ہو بوسہ در تیری لب تک | ہمیشہ پہونچے یہ جام شراب ہاتھ یہ ہاتھ |
| صد آفرین تجھے قاصد کہ لایا لکھوا کے | ہماری خط کا تو اُنسے جواب ہاتھ یہ ہاتھ |
| مزا تو جب ہو کہ یہ گرم گرم ای مینوش | دلِ برشتہ کے پہونچین کباب ہاتھ یہ ہاتھ |
| خطا جو کیا مرے دل کی کہ باندھی مشکین | تمہارا طرہ پُرپیچ و تاب ہاتھ یہ ہاتھ |

[illegible]

دیگر

مژگان ترے سنان اور تیر کا نمونہ
ابرو ترے کمان و شمشیر کا نمونہ
دونوں کا ایک سا ہی تصویر کا نمونہ
[illegible]

ہم قصد کرتے کوچۂ جانان مین ہر سحر
مردِ خدا پرست پرستش سے رکھتے کام

مسجد کو کوئی جائے ہر کوئی کنشت کو
دوزخ سے لئے ڈرے نہ وہ جائے بہشت کو

دیر و حرم کو جاتے ہین جو دلکو چھوڑ کر
مارینگے اپنے سر سے وہ کیا سنگ خشت کو

دہر کیون نکلے تیر کو آغوش ہی کمان
الفت ہو راست رد سے اگر کج سرشت کو

ہے یہ نصیب مجکو جو ہر کام مین شکست
لکھا خط شکستہ سے کیا سرنوشت کو

گر ہے کمال عشق مین منظور اے ظفر
کر اختیار سلسلۂ اہل چشت کو

تیغ ہو غیر از نگاہِ یار ایسی کاہکو
تیز ہوتی ہے میان تلوار ایسی کاہکو

ہے سوا الماس سے بہی تیری دانتونکی چمک
تاب رکھتا ہے دُرِ شہوار ایسی کاہکو

چشم فتان پر ترے اے شوخ گر مفتون نہو
ہووے نرگس باغ مین بیمار ایسی کاہکو

گر نہ پیجائے لہو عاشق کا ظالم تیرا تیر
تو رکھے سرخی لب سوفار ایسی کاہکو

جو تمہارے غمزۂ پرفن کو آتے ہین فریب
کرتے ہین عیار گی عیار ایسی کاہکو

وہ جو آیا خواب مین شاید مرجاگے نصیب
ورنہ آئے دولتِ بیدار ایسی کاہکو

کیا مری ہمسائگی سے ڈرہ گیا تیرا سوا
کی بلند اس شوخ نے دیوار ایسی کاہکو

ٹہر جا دم بہر کہ جاوے دم بہی میرا تیرے ساتھ
کر رہا جلدی ہے تو اے یار ایسی کاہکو

اے ظفر گر جا پڑین کوچہ مین سگ ہو خاک
خاکساروں کی ہے مٹی خوار ایسی کاہکو

۱۰۴ ظفر

ردیف الیای تحتانی

دیکھا

ہو کہان گہر تو رہو

[illegible]

گھر اپنا ہی یہ سمجھو گو بے طلب آئی تم
ہم منھ سے نہین تمکو کہنے کی چلے جاؤ

گر اپنی نشانی تم چھلا نہین دیجاتی
تو گل ہی ہمین دیکر چھلّے کی چلے جاؤ

بازار مین ہستی کے ای غافلو آکر تم
جھگڑے نہ نکالو تم لے دیکے چلے جاؤ

ای زاہد اس بت کا گر دیکھو تم اک جلوہ
بتخانہ کو دہوکے مین کعبے کی چلے جاؤ

شکل اچھی کہان سے ہو طالع جو نہ اچھے ہون
بس قرعہ نہ رمّالو تم پھینکے چلے جاؤ

کعبہ ہو کہ بتخانہ سجدہ مین ظفر اسکے
ماتھے کو زمین پر تم یان ٹیکے چلے جاؤ

یار وہ کچھ اگر خط مین ہو تحریر تو پڑہ لو
یہ کیونکہ کہون مین خط تقدیر تو پڑہ لو

تم ذبح کرو صید محبت کو جو اپنے
یہ تمکو مناسب ہے کہ تکبیر تو پڑہ لو

اکسیر تو موقوف ہے قسمت پہ عزیزو
پڑہتے ہو اگر نسخۂ اکسیر تو پڑہ لو

تصویر کو کہتے ہو مری کسکی ہے تصویر
گر نام مرا ہے سر تصویر تو پڑہ لو

اے بسملو اتنی نہ کرو مرنے مین جلدی
منھ سے کلمہ تم تہ شمشیر تو پڑہ لو

پیدا ہو خط مصحف رخسار پہ اسکے
اے حضرت دل پڑہتے ہو تفسیر تو پڑہ لو

تم اے ظفر انکے لئے کوئی عمل حب
کچھ رکھتے زبان مین جو ہو تاثیر تو پڑہ لو

کہے جو عدو سچ نہ جانا کرو
بُرا مانتے ہو تو مانا کرو

ردیف

مطلع ثانی

قطعہ

دیگر

[illegible]

یہ اس گلی مین بیٹھہ رہون مثل نقش پا
پر جای بیٹھہ رہنے کو بالشت بہر تو ہو

ایمان بہی اسکو دیدون مگر مجھسے وہ صنم
گمراہ ہو رہا ہے ذرا راہ پہ تو ہو

سو فتنہ وہ اٹھائے مگر جیسا فتنہ گر
دل چاہتا ہے ویسا کوئی فتنہ گر تو ہو

کیون کہینچتے ابہی سے ہو سینہ سے اپنا تیر
رہنے دو اسکا دل مین ذرا سے گہر تو ہو

مین اک نظر نذر کرون اسکے جان و دل
لیکن یہ چشم یار کی مد نظر تو ہو

ہو جای کیونکہ موم دل ای سنگدل ترا
اس آہ بے اثر مین ابہی کچھہ اثر تو ہو

تہوڑی سی گر ظفر کی سنے داستان غم
اسکی نشست ایک جگہ دوپہر تو ہو

مصحف رخسار پر کافر تری گیسو ہین دو
ہو تماشا حافظ قرآن ہکو ہندو ہین دو

انکو تیغ اصفہانی اور خراسانی کہان
سہو بختی ہے یہ جو ای قاتل تمہارے ابرو ہین دو

کیون نہو کشت امید دل ان آنکہون سی تمام
کہیت مین تنکا نچوڑین یہ تو وہ آہو ہین دو

اس بہی قامت کی پستان ہین طلسم طرفہ تر
ایک نخل سرو مین پیدا ہوئے ہندو ہین دو

دلکو اک تسکین سے ہو جاتی ہے وقت اضطراب
جبکہ آنکہون سی ٹپک پڑتی کبہی آنسو ہین دو

درد دل ہے اک طرف درد جگر ہے اک طرف
درد فرقت مین بہی ہم درد ہم پہلو ہین دو

اس خراب آباد مین بستے ہین دونون نیک و بد
صلح جو بہی ہین ظفر دو گر ستیزہ جو ہین دو

[illegible]

دیگر

[illegible]

ادہ اے مہربان ادہر آؤ / تم چلے ہو کہان ادہر آؤ

میری گریہ سے ہے اگر منظور / سیرِ آبِ روان ادہر آؤ

تو وہ دل یہ خوب ہے مشق / لیکے تیر و کمان ادہر آؤ

مجکو دیر و مغان مین دیکھتی ہے / کبھی پیر و مغان ادہر آؤ

بدگمانی ہے تو نہ آؤ تم / گر نہین کچھہ گمان ادہر آؤ

اتنی تاثیر ہے کہان کہ جو تم / سنکے میری فغان ادہر آؤ

دیکھو کیا میرے دیدۂ خونبار / آج ہے گل فشان ادہر آؤ

بوسے دینے تو جاؤ غیر کے پاس / دینے کو گالیان ادہر آؤ

خانۂ دل کو سمجھو اپنا گھر / ہے یہ حاضر مکان ادہر آؤ

اتنی فرصت کہان رقیبون سے / کہ جو تم اک زمان ادہر آؤ

آگئی میری جان ہونٹون پر / اب تو اے میری جان ادہر آؤ

اے ظفر میرے درد دلکے تم / گر سنو داستان ادہر آؤ

صفا میری طرح سے کسکا ادیکہ منہہ دیکھو / مثالِ آئینہ یہ اب تو اس قابل ہے منہہ دیکھو

تماشا قدرتِ حق کا ہے اسکے حسن کا جلوہ / مقابل اسکے ہو سکتا یہ کامل ہے منہہ دیکھو

مرا میلِ طبیعت کچھہ جتاتی ہین جو یار اسکے / تو وہ ہنسکر کہے ہے میرا یہ مائل ہے منہہ دیکھو

قطعہ

دیگر

اس امید میں دل کو خرسند کر لو

نہیں پیرہن وہ کہ پیوند کر لو

رشک خورشید قیامت ہو وہ پہاں جسکو
گر قدم رنجہ کرو راہِ عنایت سی یہاں

اپنے تم سوختہ کے داغ جگر پر رکھو
تم قدم آنکھو نپہ رکھو مرے سر پر رکھو

دم بہی لینے کی نہیں ضعف سے طاقت اسکو
تہمتِ نالہ نہ تم اپنے ظفر پر رکھو

دیگر

چمن میں دیکھیے نگارین جو اُس نگار کے پا
کہی بہار کہ ہیں واہ کیا بہار کے پانو

نصیب ہو اگر اُس شاخ گل کی پانو بہی
کرون ہزار کی منت پڑون ہزار کی پانو

شکارگاہ میں آئے جو وہ شکار افگن
تو کیا مجال کہ پہر اُٹھے سکین شکار کے پانو

خطا ایک ہو جو کسیکا تو بیٹھا دان رو
قلم ہون چار کی ہاتھ اور قطع چار کے پانو

نگاہِ مست تری گر پڑے نہ دلپہ کہیں
نشے میں کرتے ہیں لغزش شرابخوار کی پانو

ظفر لگے ہے وہاں سے ہمیشہ گل مہندی
جہان تہے دہوئے حنا لبتہ میرے یار کے پانو

ستم اور بہی محبت پہ وہ چند کر لو
اگر میرے دل کو رضامند کر لو

## مطلع ثانی

جو لب برگ گل ہیں شکر خند کر لو
ملا کر گل و قند گلقند کر لو

کرو بند دیکھو نہ غرفہ کو اپنے
ہمیں سے کہو آنکھیں تم بند کر لو

وہ جہوٹا ہی ڈر ہے مجھے حضرت شاں
کہ باور تم اسکی نہ سوگند کر لو

۱۰۰

لڑی رہی نظرِ فتنہ کی تری جانب — کہ دیکھیں چشمِ مفتن سے کیا اشارا ہو
کہوں میں کیونکہ اُسے نعلِ کفشِ پا تیرا — کہ جب تلک یہ نہ مین کوئی ستارا ہو
وہ ماہ پارہ دکھائے جو اپنا جلوۂ حسن — کتان کی طرح دلِ ماہ پارا پارا ہو
وہ دشمنوں کو حرارت جو اب بہاتی ہیں — کہیں نہ رات کے آنے کا یہ حرارا ہو

ظفر وہ کونسا دانا جہان میں ہے کہ جسے
اس آسیائے فلک نے نہ پیس مارا ہو

مرا غم نامہ یہ وانتک پہونچ جائے تو کیا ہو — خوشی کی نامہ والے نے خبر لائے تو کیا ہو
ستائے کیا ہو تم ہر دم کہ لو اب ہم تو جاتے ہیں — یہ سنکر جان سے کوئی گذر جاوے تو کیا ہو
دلِ شامت زدہ کیوں چھیڑتا ہے زلف کو اسکی — ابھی برہم وہ ہو کر تجھپہ جھنجھلائے تو کیا ہو
بجھاتی ہیں ہم اپنی سوزشِ دل آبِ گریہ سے — یہ دل میں آگ دونی اور بھڑکائے تو کیا ہو
ہوا حال ایسا اپنا سنکے اسکے حسن کا شہرہ — خدا جانے کہ وہ صورت جو دکھلائے تو کیا ہو
نہ چل ای فتنہ رفتار اسطرح ٹھوکریں سے تو — کہ ناحق خاک میں کوئی جو ملجائے تو کیا ہو
ذرا دم لینا جب ہو ناگوار اس صید افگن کو — اگر یہ صیدِ ناوک خوردہ چلائے تو کیا ہو
چلے تو ہیں چمن کو ہم کہ جا کر جی کو بہلا دیں — وہاں بھی گر دلِ ویرانہ گھبرائے تو کیا ہو
جلایا تو ہے تمنے دل ہمارا آتشِ غم سے — یہ آہِ آتشیں سے آگ برسائے تو کیا ہو
جو یہ بیزار ہو مجھسے خفا ہو نام سے میرے — وہ میرا ذکر محفل میں جو سن پائے تو کیا ہو

درد دل بلبل کا کر سکتے نہیں گر گوش زد
کان کیون گل کی چمن مین ہی صبا لگتی کہو

جیسے ہاتھون نمہارے ہی مری سرخی کا خون
ہی کہان خوش رنگ ہاتھ ایسی حنا لگتی کہو

اے ستمگر ! نہوتا گر ستم کو مجھسے انس
تو گلے سے کیون مرے تیغ جفا لگتی کہو

حضرت دل اس پری کی ہین ادائین سیکڑون
پر تمہین ہی کونسی پیاری ادا لگتی کہو

تم جو کہتی ہو لگا تو دختر رز پر نہ تاک
شیخ جی صاحب تمہاری ہی یہ کیا لگتی کہو

زلف کو عارض پہ اسکے کیون ہلاتی ہی صبا
دلربا اک قمچی سے میری ہے بلا لگتی کہو

جس جگہ لگتی سخن مین ہی طبیعت آپ کی
اے ظفر وان کسکی ہے فکر رسا لگتی کہو

جو کہو انصاف سے بات اک ذرا لگتی کہو
اے بتو بہر خدا کچھ تو خدا لگتی کہو

حضرت دل تم جو لگ چلتے نہ زلف یار سے
کیون تمہارے جان کے پیچھے بلا لگتی کہو

قتل ہی ہونا تھا قسمت مین وگر نہ ہمارے
کارگر کیون دلربا وہ تیغ ادا لگتی کہو

گر نہوتا تمکو ساتھ اس پری وش کے کچھ لگاؤ
کیون جھڑی اشکو تمہاری آنکھون بارہا لگتی کہو

گر بری ہوتی نہ قسمت اور بھلی ہوتی نصیب
بات میری کیون بری تمکو بھلا لگتی کہو

گر نہوتا دل طرح خون حسرت پابوس مین
پانوٴن مین اس شوخ کے کیونکر حنا لگتی کہو

سوسن آزاد ہو یا سرو آزاد اے ظفر
اس گلستان مین نہین کسکو ہوا لگتی کہو

جو اسکی زلف مین ہے مشک ناب کیسی بو
تو ہے پسینے مین رخ کے گلاب کیسی بو

الٰہی خیر ہو آتی ہے کیسے قاتل سے
جو خون عاشق پر اضطراب کیسی بو

بھلا یا سینہ مین کیا دلکو آتش غم نے
کہ ساتھ آہ کے آئی کباب کیسی بو

تصور رخ مہوش ہم اگر رد مین
ہر اشک مین ہو گل ماہتاب کیسی بو

نجات لطف و عنایت پہ اسکے حضرت دل
نکلتی اسمین بھی ہے اک عتاب کیسی بو

کہان ہو سنبل پیچان مین اے نسیم چمن
کسی کی طرہ پر پیچ و تاب کیسی بو

نہ لیجئے منہ سے ظفر نام پارسائی کا
تمہارے منہ سے ہے آتی شراب کیسی بو

حضرت دل بیٹھے ہو گر کام سے بیٹھے ہو
میرے گھٹنے سے لگے آرام سے بیٹھے ہو

شاعر مضمون زلف و رخ نہ اٹھا ہاتھ
فکر مین گر صبح تک تم شام سی بیٹھے ہو

جا کے دیر و کعبہ مین کیا لو گے تم اے غافلو
ہاتھ اٹھا و اور اسلام سے بیٹھے رہو

بیٹھنے سے پاس نامی کا ڈر ہر گہ نہ تم
دور اپنے عاشق بدنام سے بیٹھے رہو

چرخ تک چکر مین سب ہین کیونکہ یارو زیر چرخ
بچ کے تم اس گردش ایام سے بیٹھے ہو

اے اسیران بہ پر مین طاقت پرواز ہے
کیا کرو گے تم نکلکر دام سے بیٹھے رہو

وہ دکھائے گا کبھی تو جلوہ اپنا اے ظفر
تم لگائے آنکھین اپنی بام سے بیٹھے رہو

بکتے ہین سارے منہہ سے نکالا لو
الہو نہ دل مین پیارے منہہ سے نکالا لو
ہم پیارے دل مین منہہ مین تمہارا دم
جا کر اُسکے کان سے منہہ سے نکالا لو
سخن کو تو کی دو تم بیٹھے منہہ بنا کر
جو جی مین ہے تمہارے منہہ سے نکالا لو
کشف ہم تو ہین کہدین اشارون سے
گر زبان ہماری منہہ سے نکالا لو
زلف اسکی وہ نہین ہے ناگن کہ جو نکل
دانت اُسکے ذرے مارے منہہ سے نکالا لو
کیا پان مین دیا ہے اُسنے کہ یار ہے
[illegible] اشارے منہہ سے نکالا لو
ہم [illegible] سخن کو جو کہے جب نکالو
گویا ظفر سنا سے منہہ سے نکالا لو

دیگر

[illegible] اس روی آتشناک [illegible] تو دیکھ گیسو
[illegible] آگ کی کرو تو کیا ہو [illegible]

تمپر یہ ہو خواہ دل و جان سے فدا ہو
اور تم یہ کہو حیف کہ چل یانسی ہوا ہو

سر اپنا جھکے اور کہان غیر درِ یار
سجدہ وہین کرتے ہین جہان سجدہ کیا ہو

بوسہ لب میگون کا جو وہ مست مئے ناز
دے عالم مستی مین تو کیا خوب مزا ہو

آزارِ محبت سے ہین لاچار اطبا
کیا اسکا مداوا ہو کہ جسکی نہ دوا ہو

برہم ہون دو عالم تیرے اک جلوہ سے کافر
جب دونون طرف منہہ پہ تیرے زلفِ دوتا ہو

چشم پہ یہ تانی یہ ہے یون سایۂ مژگان
تنکے کو اٹھائے ہوئے جون کاہ ربا ہو

حب جانے گرفتاری دل کو مرے ناصح
دل اُسکا بھی گر دامِ محبت مین پھنسا ہو

مسجد سے نہین کم وہ زمین سجدہ کو اپنے
جسمین ظفر اُس یار کا نقشِ کفِ پا ہو

عاشق کو اپنے دیکھ کبھی اک نظر تو لو
وہ تم پہ جان دے ہے تم اسکی خبر تو لو

زخمی کیا فلک کو مرے تیر آہ نے
خون ہے شفق نہین ہے ذرا دھیان کر تو لو

لے دونگا اپنی جان تلک بیچکر تمہین
اے نالہ ہاتھ آئے بقیمت اثر تو لو

عاشق تو مر ہی جائیگا یہ کوئی دم مین آپ
خون لیتے اپنے سر پہ ہو ناحق اگر تو لو

بوسہ نہ دو گلے نہ لگو تم پلنگ پر
پر منہہ کو اپنے پھیر کے کروٹ ادھر تو لو

مینے کہا کہو تو مسیحا کہون تمہین
کہنے لگے کہ کہنا ابھی پہلے مر تو لو

منہہ کیا کہ دو گے نامہ و پیغام قاصد
تم جا کے اُسکے سامنے نام ظفر تو لو

[illegible]

دیگر

[illegible]

دیگر

وہ ایک دوست چاہی تو پڑا نہین اگر
دشمن ہمارا ایک سر لے تا ہزار ہو

عیاریون سے لیتے ہون کیسے یاریان
مطلب کے اپنے یار ہو تم کس کے یار ہو

حاضر ہین صید گاہِ محبت مین پہلے ہم
ناوک فگن اگر تجھے شوقِ شکار ہو

سینہ مین داغِ عشق کو رہنے دی چارہ گر
شاید یہ بعد مرگ چراغِ مزار ہو

دل ہو وہی پسند جو تجھپر فدا رہے
جان ہے وہی عزیز جو تجھپر نثار ہو

کیا حال اسکا ہو کہ ترے جسکو لیفی کا
آنکھون نہین نم ہوا ور ترا انتظار ہو

اختر شماریون ہی مین تجھ بن کرون بسر
ہر چند رات ہجر کی روز شمار ہو

ہون خاک راہ اسکا پر ایسا نہو ظفر
میرا غبار خاطرِ نازک پہ بار ہو

سود و زیان تبوتکے نہ کچھ دم ہر یسی ہو
ای ہمدمو جو ہو سو خدا کے کرے سی ہو

کرنی بھلونکے ساتھ برائی بھلی نہین
نقصان اسی کا ہو کہ جو کہو تا کہر یسی ہو

تجھسا حسین بنایا کوئی ہنے ای پری
پریونکے ملک کے بھی تم آئے پریسی ہو

دل میرا صاف انسے ہے مانند آئینہ
کیونکر غبار لوگونکے تہمت دہر یسی ہو

صحرا مین آب گریہ سے دیوانہ کو ترے
تھے جو درخت خشک گئے سب ہر یسی ہو

یکسان ہے تیری عاشقِ شیدا کو مرگ و زیست
حاصل نہ کچھ جیسے سے نہ اسکو مریسی ہو

کیون سوتی سوتے چونک پڑی خواب مین ظفر
وہ مار زلف دیکھ کے شاید ڈریسی ہو

95

دیگر

مطلع ثانی

تیغ غم سے کسکا دل سینہ سپر ہیرا ساہو
وہ چھپر ہے منہ عشق کے جسکا جگر ہیرا ساہو

کٹتے اُس تیغ خط کو جیسمین ہین کوچہ بخط
لکیے خط جادی وہان جو نامہ بر ہیرا ساہو

ابر سو بار گوہر بار ہو لیکن کہان
دیدہ ہسکا خونفشان دُرِ ہر ہیرا ساہو

چہیڑی وہ شامت زدہ کا لیکو اسکی زلف سے
جان پر جو کہیلے دل جسکا نڈر ہیرا ساہو

جو ہو ہر جائی یہ شیدا اسکا رسوائی حال
گو بگو خانہ بخانہ در بدر ہیرا ساہو

ہوے حسن عشق کا جب آشکار رنگ ڈہنگ
رنگ اُدہر تیرا ساہو ڈہنگ اِدہر ہیرا ساہو

اَصح بیدرد سے اپنا کہو نہین دردِ دل
جبکہ دل پر درد اسکا اے ظفر ہیرا ساہو

گرکے سو بار اکہڑ جاتے ہین تیرے پانو
لیک لغزش نہین کرتی کبہی تقدیر کے پانو

گنبد چرخ خدا جانے کہڑا ہو کیونکر
ورنہ گر ہی پڑے گرہ ہوین نہ تعمیر کے پانو

دل کا اُس زلف مین یہ حال جیسے ہین جا اُٹکے
کے بہند ہمین کسی مرغ ہواگیر کے پانو

آئیگا پاے تصور سے تری کوچہ مین
کٹ بہی جائینگے اگر عاشق دلگیر کے پانو

کیا عجب دشت سے گرآنکے چومی مجنون
تیری وحشت زدہ پاے بزنجیر کے پانو

لے کہانداز ترے تیر کے زد پر آکر
اُٹہ نہین سکتے زمین سے تری نخچیر کے پانو

جی یہی چاہتا ہے آنکہین لگا دون اپنی
اے ظفر دیکہکے اس عالم تصویر کے پانو

۹۴

| | |
|---|---|
| وہ خال لب کا نکتہ کھلتا ہی کب کسی کو | ڈہونڈہیں ہزار اسکا اب نکتہ چین لگا کر |
| سنگ فسان سی بہتر ہو میری سخت جانی | تمکو اگر لگانی ہے تیغ کین لگا کر |

تو اضطراب دل کو پوچھے ہی کیا ظفر کے
ہوتا برا ہے دل کا اے نازنین لگا کر

| | |
|---|---|
| جبسے آرام ہو دل دیجیے کسی ایسے کو | نہ کہ دل لیکے دکھاتا رہی جی ایسے کو |
| بشر اس حور شمائل ہو کیا دیکھکے غش | ہوش اڑ جائیں اگر دیکھیے پری ایسے کو |
| دلکی اچھا کیا اس لف زی باندہیں شکنیں | دینی ایسی ہی سزا چاہیے تہی ایسے کو |
| روتی دیکھا جو مجھے اسنے تو ہنسکر یہ کہا | کہ ہمیں دیکھ کے آتی ہی ہنسی ایسے کو |
| شکوہ بیجا ہے اگر دلکو تجہوٹی غم عشق | دلمیں بہی ہمنے جگہ آپ ہی دی ایسے کو |
| خط مرا پہرتا ہی غیروں کو دکہاتا قاصد | دی نوشتہ نے مرے نامہ بری ایسے کو |
| دل ہے اس لب نازک کا الہی کیون سخت | زیب دیتی نہیں سنگدلی ایسے کو |
| جوہر آئینہ ہیں ورنہ ہے ایسا غماز | کہ لگا دے نہ کبھی منہ بہی کبھی ایسے کو |

اس زمانے مین نہ آتے ہیں حسین مکر و فریب
سچ تو یہ ہے کہ ظفر کہیئے ولی ایسے کو

| | |
|---|---|
| نہ اس رخ پہ زلف پریشان سمجھو | شب و روز دست و گریبان سمجھو |

## مطلع ثانی

۹۳

یار دا احوال مرا سنکے کروگے تم کیا | اسمین کچھ اور اگر ہو سکے یاری تو سنو
نہ سنو تم میری توقیر کی باتین نہ سنو | پر بلا سے مری تم ذلت و خواری تو سنو
کچھ کہین ہم تو سنو تم نہ اُسے کچھ پائی | اور مخالف کہے آکر کبھی باری تو سنو
ناصحو حال غم عشق سنو تم کیونکر | ہو وہی حالت جو ہماری سی تمہاری تو سنو

اے ظفر سنتے ہو کیون باتین کسیکی بیکار
کچھ اگر سننے سے ہو کار براری تو سنو

اگر تم قتل کو میرے کوئی شمشیر لے آؤ | تو ابروہی کی اپنی کھینچ کے تصویر لے آؤ
قسم کہائی ہے یارونے میرے گھر مین آنیکی | جو تمسے آسکے تو کرکے کچھ تدبیر لے آؤ
دیا تھا ہمنے کیا اقرار نامہ آپکو لکھکر | کہان ہے وہ ہمارے ہاتھ کی تحریر لے آؤ
کسینے جو کہا عاشق کو لائین سامنے تیرے | کہا گر ہے قضا ہی اسکی دامنگیر لے آؤ
مقابل کرکے دیکھو خوبی اسکی روے نوخط کے | عزیزو سورۂ یوسف کی تفسیر لے آؤ
وفا کا کب کیا اقرار ہمنے بیوفا تونے | بنا کر دل سے تم چاہو کوئی تقریر لے آؤ

کہو اعدا سے یہ گر ہو ظفر کی ہمسری کرنی
تو اسکی سی کہین سے پہلے تم تقدیر لے آؤ

کون کہتا ہے ادا سے نہ چلو یونہین چلو | لیک تم پانو تلے دلکو نہ ملو یونہین چلو
تربتِ عاشق شیدا پہ اگر چلتے ہو | تو کسی غیر کو ہمراہ نہ لو یونہین چلو

دیگر

۹۲

اچھا ہو گر چھڑکے نمک وہ بیر دلکی جراحت پر
بلکہ تھوڑا مشک بھی آمیں ہو جو ظفر اور چھا ہو

وہ دیکھے سوز محبت سے دلکے داغ کی لو — نہ کبھی جستجو ہو ہر کی ہوئی چراغ کی لو
دکھا دے رشکِ چمن اپنے تو گل رخسار — لگی ہوئی ہے مرے دلکو سیر باغ کی لو
خیال ہے ہمین ساقی کی چشم میگون کا — نہ ہے شراب کی خواہش نہ ہے ایاغ کی لو
عجب نہین کہ مرے سر پہ داغ سودا سے — عیان ہو شمع صفت سوزش دماغ کی لو
جہان سے ہو گئے عنقا کی طرح وہ معدوم — لگی جنہین کمرِ یار کے سراغ کی لو
تمہارے عاشقِ وحشی مزاج کو تم بن — کبھی ہے باغ کی لو اور کبھی ہے راغ کی لو

جہان مین گنجِ قناعت کا ہو وہی خواہان
ظفر لگی ہو جسے گوشۂ فراغ کی لو

زلف مین قطرۂ عرق کہین تمہارے رہ گئے اکدو — یا نکل آئے ہین بدلی مین ستارے اکدو

## مطلع ثانی

روز تم دشنام دو منہ پر ہمارے اکدو — پیار سے بوسہ صد افسوس پیارے اکدو
کھو کے ساری عمر یہ پایا کہ جانی ہم نے بھی — آنکھیے دو چار کیا اور اشارے اکدو
اس تپ سوزِ محبت کا کرو ہمین کیا علاج — روز لاکے ہو نئے مجھسے حرارے اکدو

## دیگر

الفت کو تم ہمارے کیا دم ہی پوچھتے ہو
دل ہی ستا چکے پھر کیون ہمسے پوچھتے ہو

ہم کون ہین جو پوچھو کوئی صلاح غمسے
کیا بات اسکی زلف پر خم کی پوچھتے ہو

---

لے چلا دل ظفر مجھے تا حق
مین نہین اس ستم شعار کی گون

آئے نہ تم جو ایک نفس پانچ روز مین
یان کاٹے ہمنے پانچ پہر پانچ روز مین

ہے عمر پنجروزہ بہت فرصت قلیل
کیا خاک نکلے دلکی ہوس پانچ روز مین

پہنچے جہان پیادہ ہم اک دمین مضطر
جائے نہ وان سوار فرس پانچ روز مین

وہ پانچ دن خمار ہی ایسے کہ دید کو
آنکھین گئین ہماری ترس پانچ روز مین

یہ ضعف ہے کہ آئے ہے سینہ سو لب تلک
جیتا دم بانگ مرغ قفس پانچ روز مین

ماتم تری شہید کا پنجم تلک رہا
جو ہونا تھا سو ہو گیا بس پانچ روز مین

چھپنے کا راز عشق نہین اپنا اے ظفر
کھلجائے گا یہ دیکھنا دس پانچ روز مین

## ردیف واو

گر ناز سے وہ صحن مین رکھے چمن کے پانو
جو مو زمین پہ گر گرگیا اس گلبدن کے پانو

وحشت کو میری دیکھ کے جو ہے جو گرد
اک جست مین شکستہ ہو ہون ہرن کے پانو

ہم عشق کیا صلاح ہے تیری بتا مجھے
ہون شیخ کی قدم کہ پڑون برہمن کے پانو

آتا نہ آہ و نالہ سے اپنے بلا اسے
اے دل نہین ہین گنبد چرخ کہن کے پانو

شیرین کو پھر نہو ہوس سرخی کفک
رنگین کرے لہو سے اگر کوہکن کے پانو

۸۹

دیکر گئے گرہ میں لفِ گرہ گیر میں دو تین
باندھ ہے وہ دل زلف کی زنجیر میں دو تین

ہو کون دوچار اس سے کہ وہ قاتل سفاک
سر کرتے ہے اڑا ایک ہی شمشیر میں دو تین

یہ ناز و ادا یہ نگہ و غمزہ و انداز
ہین خوب اسی عالمِ تصویر میں دو تین

دس باتین ہون ملین تو ادا سامنے اسکے
تقریر میں دو تین ہون تحریر میں دو تین

اُس پنجۂ مژگان سے لگے خوب پیاپے
خنجر جگرِ عاشقِ دلگیر میں دو تین

بیمارِ محبت نے ترے اور بھی ظالم
دن پکڑے تری آنیکی تاخیر میں دو تین

قربان تری ہاتھونکے ای شوخ کماندار
کیا تو نے پروئے ہین دل اک تیر میں دو تین

یہ رنج و قلق اور یہ اندوہ و غم و درد
غمخوار لکھے تو مری تقدیر میں دو تین

اک مین ہی نہین وصل کا خواہان ظفر اسکو
ہین اور بھی پھرتے اسی تدبیر میں دو تین

نے کبھی ہون شاد مین نے غمگین غم مین ہون
پھر عالم اور ہے مین اور ہی عالم مین ہون

فرصت یکدم پڑا رہنا بھولنا مثلِ حباب
آگیا کیا ہستی موہوم کے مین دم مین ہون

کیون پھرون آوارہ اسکو ڈھونڈھتا مثلِ صبا
پھر ہمدم مجھمین ہے اور اپنے ہمدم مین ہون

کیا کریگا اشک باری ابر میرے سامنے
رکھتا اک دریای خونین دیدۂ پرنم مین ہون

مین جگر افگار ہون کیا عشق مین سوزش سے
چارہ گر سے اپنے ملواتا نمک مرہم مین ہون

جو مقدر مین ہے اُس سے نے زیادہ ہو نہ کم
پھری نادانی ہر گز مین فکر بیش و کم مین ہون

قطعہ

قطعہ

جو خوش کلام ہین ہم و دہان پکڑتے ہین
کرے ہے چشم و عنایت سے تو نظر جسپر
جو ہوتے ہین تری چشم سیاہ کے بیمار
ارادہ کرتے ہین دل کے شکار کرنیکا
کوئی بلا ہین سپیرے ہمارے حضرت دل
بر نگ نقش و قدم ہر وہ کوئی آہ بڑ

جہان کہ مردم بدگو زبان پکڑتے ہین
وہ نذر تیری ال ہو دلستان پکڑتے ہین
وہ رات کا ہیکولے میر یحیان پکڑتے ہین
وہ جبکہ ہاتھ مین تیر و کمان پکڑتے ہین
جو مار طرۂ عنبر فشان پکڑتے ہین
جگہ جو تیرے سر آستان پکڑتے ہین

ظفر لکھین انہین کیا حال ہاے کانتے ہین
قلم جو ہاتھ مین ہم ناتوان پکڑتے ہین

تیر و شمشیر کے زخمون سے ہے یار نشان
جو گل ہمیہ کی جا ہاتھ نہ رکھکر سوتا
سینہ کاوی سے غرض کیا انہین مند تیز
خبر جفاؤ ستم و جور نپایا تجھمین
زخم کھانے مین فرا کچھہ جو ہوے تو دلیل
لاکھہ ہو تو نہین جانیکا کبھی اے قاتل
چشم گریان دل بریان م سرو رخ زرد
کثرت داغ سے ہے فوج صف آرا دلپر

تن پہ جو گول کئی ہین کئی خمدار نشان
پڑتے چھلو نکے ترے کیون ہین رخسار نشان
جنہین نام کی خواہش ہے نہ درکار نشان
ہمنے الفت کا کچھہ اے شوخ ستمگار نشان
کیون ہو تیر نگہ یار کا سو بار نشان
تیرے امن سے لہو کا مرو زنہار نشان
ہین بظاہر تو یہی عشق و چار نشان
کھولدے تو بھی تو اے آہ شرربار نشان

گر مجکو جلا دین روش شمع سراپا
مین منہہ سے نہ اُف شعلہ عذارو نہین نکالون

ہمسر ہون جو دندان مسی زیب سے تیرے
سو طرح کے مین عیب ستارو نہین نکالون

مانند نگین سینہ خراشی کے بدولت
مین نام ظفر سینہ فگارو نہین نکالون

دل غم الفت سے مضطر کچھہ نہین تو کچھہ نہین
چشم آب گریہ سے تر کچھہ نہین تو کچھہ نہین

نے ہر بت خانہ مین نے کعبہ مین جو دلمین ہے
اور اگر دل ہی کے اندر کچھہ نہین تو کچھہ نہین

غم ہے کیا ساقی کہ ہستی کا نہین کچھہ اعتبار
تو دیے جا بھر کے ساغر کچھہ نہین تو کچھہ نہین

ہے تری دلکی کدورت سے مرے لبپر غبار
اور جو تیرا دل مکدر کچھہ نہین تو کچھہ نہین

خوبی تقدیر کے ہین ساتھہ ساری خوبیان
اور اگر اے دل مقدر کچھہ نہین تو کچھہ نہین

قد خوبان گرچہ نخل میوہ فردوس ہے
نار پستان سے ثمر ور کچھہ نہین تو کچھہ نہین

غم نہین ہونے نہونیکا کہ بے پروا ہین ہم
ہی تو ہے سب کچھہ میسر کچھہ نہین تو کچھہ نہین

خوبی جوہر سے ہے انسان کی قدر و منزلت
اور سمین خوب جوہر کچھہ نہین تو کچھہ نہین

خانہ دل کم نہین تہہ مین بت اللہ سے
پر تری نزدیک کافر کچھہ نہین تو کچھہ نہین

حسن و خوبی ناز و شوخی سب ہے لیکن گر نہین
رحم تجھہین اے ستمگر کچھہ نہین تو کچھہ نہین

تم جو کہتے ہو ظفر کو کچھہ نہین یہ آدمی
خیر بہتر بندہ پرور کچھہ نہین تو کچھہ نہین

## مطلع ثانی

کیا خطائین تینے کین کیا ہمسے تقصیرین ہین
جو ہمارے قتل کی قاتل نے تدبیرین ہوئین

غل پڑا عالم مین ہم سودائیون کی قید کا
بس گھڑی تیار اُن زلفونکی زنجیرین ہوئین

ہین جو خوبان عالم تصویر ہم اُنکے کلام
سنکے حیران ہین کہ گویا کیو تصویرین ہوئین

تھے بہت سرباز پر مین ہی ہوا سینہ سپر
سامنے تیرے ہوئین جو انکی شمشیرین ہوئین

اُن کی سرکار سے امداد دلکو عشق مین
دونون زنجیرین تری زلفونکی جاگیرین ہوئین

ہوڑا حب یادی بلا رہا اور مجنون نے پانو
عشق مین ثابت بُری دونونکی تقدیرین ہوئین

عشق کو دیتا تہا مین ترجیح ناصح عقل کو
یہ سپر اور اسکے خوب تقریرین ہوئین

جو نہ تھی توقیر کے قابل انہین کو اے ظفر
چرخ کی سفلہ نوازی سے ہین توقیرین ہوئین

نہ پوچھ کہ ہر دن نخچیر ہل گئی تہی کیون
خبر ہماری کی تکبیر ہل گئی تہی کیون

نہ آیا خواب رہا رات بھر سے کھٹکا
کہ در پہ یار کے زنجیر ہل گئی تہی کیون

جو اُن سے ہو دُنکی نہ جنبش سے آیا تھا خیال
تو میرے دلکی یہ تعمیر ہل گئی تہی کیون

پہونچ گیا رُخ نازک پہ اسکے اک صدمہ
ہوا زلف گرہ گیر ہل گئی تہی کیون

یہ تیرے خون ستم سے لرز گئی تہی نہ
تو پہر زمین فلک پیر ہل گئی تہی کیون

جہان کو جنبش ابرو سے اُسنے قتل کیا
الٰہی اسکی یہ شمشیر ہل گئی تہی کیون

دیگر

۸۶

دیگر

تمہاری گیسوؤں کی ہمنے کیا تقصیر کی پوچھو | جو ہمسے رکھتی ہیں پیشہ ستمگری کرتی ہین
ہماری نیک و بد کو اے ظفر کیا پوچھتا ہے تو
کہ کار بد ہزاروں اور نکوئی کوئی کرتی ہین

گئی آہ جگر کہیں کی کہیں | جا ہی پہونچی خبر کہیں کی کہیں
میں کہوں بات تو وہ لے جائیں | جی مین کچھ سوچکر کہیں کی کہین
ہو گا پردہ سے کیا کہ پردہ نشین | میری پہونچی نظر کہیں کی کہین
لے گئی بوے زلف اڑا کر تری | ہاے باد سحر کہیں کی کہین
میری اور تیری چاہ کی اک دھوم | پہونچی اے فتنہ گر کہیں کی کہین
یہ بگولا نہیں بھٹکتی ہے | روح مجنون مگر کہیں کی کہین
کیا لکھوں خط چھپا کے پہونچ گئی | یہ خبر نامہ بر کہیں کی کہین
سمجھے اپنا ہے دیدہ گاہ ان کو | مین نے باتین اگر کہیں کی کہین
میری وحشت لئے پھرے ہے مجھے
اندنوں اے ظفر کہیں کی کہین

ہم خیال لف رخ مین اپنی جاں گیا کہیں | اتنی ہی ہے جو ہم مصیبت کیا کہیں
تم جو ہمسے صاف ہو تو ہم کہیں کچھ اپنا حال | ہے بھری دل مین تمہارے تو کدورت کیا کہیں
کوئی بھی لسوا اپنا جب نظر آتا نہ ہو | پھر کسی کے سامنے سوز محبت کیا کہیں

نہین ہے خوب یہ بیدادگستر جو بی
ہمارے کو چاہیئن انصاف و داد کی باتیں
بنایئن باتین ہزار آکے حضرت ناصح
پہ انکی باتین نہین اعتقاد کی باتیں
اگر ان آنکھون کو منظور ہے ہمارا دل
تو ہین یہ عین ہماری مراد کی باتیں
بھلا دی دل سے ظفر اور تو مگر [illegible]
وہ یاد رکھ کہ جو ہین اسکی یاد کی باتیں

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| وہ چھپانے کی باتین اور رہی ہین | یہ جتانے کی باتین اور رہی ہین |
| دل کی باتون کا ہے ٹھکانا کیا | کہ ٹھکانے کی باتین اور رہی ہین |
| کیا کہی بات تم سے ہمنے خلاف | روٹھہ جانے کی باتین اور رہی ہین |
| تو اگر چاہے آئے یان سو بار | پر بہانے کی باتین اور رہی ہین |
| کیا بجہاؤگے میری سوزش دل | کہ بجہانے کی باتین اور رہی ہین |
| آزماتے ہین وہ وفا مین کسے | آزمانے کی باتین اور رہی ہین |
| زہر کھاتا ہے بات بات پہ کون | زہر کھانے کی باتین اور رہی ہین |
| ہم کہان اور کہان قفس صیاد | آب و دانہ کی باتین اور رہی ہین |
| شمع کیا جانے طرز دلسوزی | دل جلانے کی باتین اور رہی ہین |
| ہنسنے کی ٹہرہ گئے تم سے کس بات | شرمانے کی باتین اور رہی ہین |

ظفر اگلا زمانہ تہا کچھہ اور
اس زمانے کی باتین اور رہی ہین

| | |
|---|---|
| ہر ایک سے ہین تیری اتحاد کی باتین | مگر ہمین سے ہین بغض و عناد کی باتین |
| خدا کے واسطے ان مفسدونکو گہر سے نکال | نکالتے ہین یہ کیا کیا فساد کی باتین |
| نہین ہے معتقد شیخ و برہمن عاشق | کہ اسکی اور رہی ہین اعتقاد کی باتین |

## دیگر

ستم شکستہ کو تو فریدون تو کسکو دون
خطاب صاحب تاثیر دون تو کسکو دون
[illegible]



[illegible]

| | |
|---|---|
| ساقی شتاب دے مجھے تو بھر کے جام مے | بیٹھا ہوں بیچ اس نشے کے آتا ہوں مین |
| ہم حسن گندمی پہ ترے ہو کے شیفتہ | کیا کیا ذلیل و خوار ہیں مثل جو ہیں |
| بعد از فنا بھی کم نہ ہوئی سوزش جگر | گرمی ہے اتنی کہ ابتک سر خاک مزار میں |
| سایہ میں زلف کی ہے کہاں روے تابناک | ہے چاند سا چھپا ہوا ابر بہار میں |
| مثل غبار اٹھ کے جو تیری گلی سے جائے | طاقت کہاں ہے اتنی ترے خاکسار میں |

اس رشک گل کو ایک تو دیا ہمنے دل ظفر
کہدینگے ہم زبان سے یہ سو مین ہزار مین

| | |
|---|---|
| راز پنہان کھل گیا مخمل کے بکیہ بیچ مین | خط کھلا جو رکھدیا تا ہدنا کہ بیچ مین |
| یار کے روے کتابی پر نہ سمجھو خط سبز | رکھدیا قرآن کی ہے طاؤس کا پر بیچ مین |
| سر کے بالوں میں ہے مانگ اور مانگ میں افشان | وہ ہے شب وہ کہکشاں وہ اسکا اختر بیچ میں |
| اشک و لخت دل یہ دو کرتے ہیں ہمنے ہار | دانہ یاقوت دو دو ایک گوہر بیچ میں |
| عکس نہیں کھے آئینہ میں وہ مست ناز | دیکھو کیا دریا کے ہے ستر سکندر بیچ مین |
| دلکو سوز عشق مین کیونکر ہے تسکین ہو | چین سے رہتا ہے آتش کے سمندر بیچ مین |

اے ظفر وہ ساتھ بھی سوئے تو سوئے اسطرح
رکھ لیا تکیہ کو پہلو کے برابر بیچ میں

| | |
|---|---|
| دل اپنا دنیا ایسا ہے دل آزار کی ہاتھ مین | کہ دید جیسے شیشہ کوئی میخوار کی ہاتھ مین |

مطلع
جی لگانے کی باتیں اور ہی ہیں
جی دکھانے کی باتیں اور ہی ہیں

دیگر

دیگر

| | |
|---|---|
| عجب نادان ہین لاکھون بار کر کر آزمایش ہم | تر دت پہر تری ای بہر دت آزماتی ہین |

دم عیش و طرب غیار بہی ہین یار بنجاتے
ظفر یار وہ ہین کو تو وقت مصیبت آزماتی ہین

| | |
|---|---|
| دل دیکہے ہوا انکو گنہگار تو مین ہون | ورین کسکو سزا وہ کہ سزا وار تو مین ہون |
| پیاسا مرے لو ہو کا جو ہو کوئی تو وہ ہے | ہون اسکا اگر تشنۂ دیدار تو مین ہون |
| ہر کون کہ ایذا ہو جسسے اپنی گوارا | ہون اپنے اگر در پے آزار تو مین ہون |
| کہتا ہے مجہے عشق تو غم سے ہراسان | کسو واسطے ہے تیرا مددگار تو مین ہون |
| آنکہون مین حریفون کے کہٹکتا ہون ہمیشہ | سو کہا ہوا اگرچہ روش خار تو مین ہون |
| بوسہ ترے لب کا مرض غم کی دوا ہے | کیون اور کو دیتا ہے کہ بیمار تو مین ہون |
| ناصح مجہے کیون عشق سے منع ہے کیا | ہون رنج و مصیبت مین گرفتار تو مین ہون |
| جی چاہتا ہے تجہپہ فدا ہونے کو ہیلر | مرضی تری ہوے اگر اے یار تو مین ہون |

لون جان تلک بیچ کے مول ای ظفر اسکو
ہون جنس محبت کا خریدار تو مین ہون

| | |
|---|---|
| کہان ہے بوسۂ لب ہم طلبگارون کی قسمت مین | نہین یہ شربت عناب بیمارون کی قسمت مین |
| نمک تہوڑا سا ای کان ملاحت پیسکر بہر دے | اگر مرہم نہین تیرے دل افگارون کی قسمت مین |
| اڑاتی خاک پہرتی کیون صبا کی طرح سی سر | اگر آرام ہوتا تیرے آوارون کی قسمت مین |

دیگر

ہم سے اُس بیوفا نی بیوفائی کی نہیں
لیکن اُس سے ترک ہمنے آشنائی کی نہیں

ہوے کیا بیمار فرقت کا طبیبونسی علاج
وصل بن کوئی دوا دردِ جدائی کی نہیں

تو اگر کچھ پوچھتا ہے مجھسے میرے دلکی پوچھ
اے صنم مجکو خبر ساری خدائی کی نہیں

وہ بھلا کرتے ہیں کہتے ہیں بُرا مجکو بُرا
کی بُرائی مینے یہ مینے بُرائی کی نہیں

بیٹھے ہیں تھاما لگا کر دست و پا میں وہ حنا
اس سے بہتر جا کوئی ہاتھا پائی کی نہیں

چھوڑ قسمت سے دلِ دام بلائے زلف سے
ورنہ ظاہر کچھ توقع تو رہائی کی نہیں

لیگیا وہ دلربا دل کیونکہ میں حیران ہوں
یاں آتی کوئی اُسکو دلربائی کی نہیں

دیکھیے کیا ہو مکدر ہمسے ہو آئینہ رو
اور کوئی صورت نظر آتی صفائی کی نہیں

عشق ہی رہبر اپنا عشق ہی ہے رہنما
اے ظفر حاجت کسی کی رہنمائی کی نہیں

مطلع ثانی

اسی لئے تو ہمیں جستجو کسو کی نہیں
کہ ہمکو ملنے کی اب آرزو کسو کی نہیں

کہینگے دل ہی میں جو کچھ ہمارے دلمیں ہے
زبانسے کہنے کے ہم روبرو کسو کی نہیں

جھکا یا جسنے ہر سر اپنا زیر تیغ صنم
وہ ہوتا آگے کبھی سر فرو کسو کے نہیں

ہماری چاکِ جگر کا عبث ہے فکر رفو
یہ ہوتا ہاتھ سے ہرگز رفو کسو کے نہیں

امید آنے کی اسکے ہو کسطرح ہمکو
کہ آتا خواب میں وہ ماہ رو کسو کے نہیں

پھنسایا زلف میں کسطرح اُنے ہمکو لا
کہ آیا پیچ میں اسطرح تو کسو کے نہیں

| | |
|---|---|
| کہین سے جا پڑے اُڑ کر جو برگ گل سمندر مین | تو شرط عشق یہ ہے ساتھ ہو بلبل سمندر مین |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| اگر ہو عکس افگن یار کی کاکل سمندر مین | تو پیدا جای موج آب ہو سنبل سمندر مین |
| پڑے عالم مین جسدم شور دریا سرشک اپنا | تو بس طوفان کے ڈر سے ہو نکیونکر سمندر مین |
| دکھاؤنگا جو اپنے دیدۂ پر آب کا عالم | تو گرداب کی بھی جائینگی آنکھین کھل سمندر مین |
| گذر جانا نہ سمجھے سہل دریاے محبت سے | اگر باندھے کوئی تدبیر سے پل سمندر مین |
| دکھائے آبداری تو جو اپنی دُر دندان کی | تو عرق آب خجلت ہووین ہوتی کل سمندر مین |

علی وہ ہے ظفر موڑی نہ ہرگز باگ میدان سے
سمندر ہو جو حائل ڈالدے تو دلدل سمندر مین

| | |
|---|---|
| کان سے گوہر اور دن نے دو چار نکالے اچھے ہین | چشم سے لاکھون ہی در شہوار نکالے اچھے ہین |
| گاہ جلانا گاہ رولانا یہ تو تمنے سیکھا تھا | ڈھنگ نکالے خوب ہین اور اطوار نکالے اچھے ہین |
| حق مین ہمارے اسنے کہی ہین باتین لاکھون یار بری | منہ سے کلام اس شوخ نے گر یکبار نکالے اچھے ہین |
| بات تری کب خالی ہے یا خیر کی ہے یا گالی ہے | پیارے تونے مجھسے تو یہ پیار نکالے اچھے ہین |
| خار رنج و غم کی خلش سے برسون ہم بیچین رہے | جسنے تو نے کلیجے سے یہ خار نکالے اچھے ہین |
| زلف نے ظالم مار نکالا دلکو تو کیا دائی تھا | اس کافر نے اور ہزارون مار نکالی ہین |
| گرچہ زمین یہ خوب نہ تھی پر اپنی زور طبیعت سے | کیا کیا اسمین تو نے ظفر اشعار نکالے اچھے ہین |

دیگر

نہین اعتبار آشنائی کی کان کو ... آشنائی کی باتین
... کہان ہین
کہین ... بیدرد ... جدائی کی باتین
... تو دل مین کدورت ... 
کرو تم نہ ناحق صفائی کی باتین
قفس مین ہے کیا فائدہ شور و غل سے
... رہائی کی باتین
جب آتی ہین یاد وہ چشم میگون
... پارسائی کی باتین
... جب ... لیا ... 
... نہ بھائی کی باتین
... محفل مین ... 
... رسائی کی باتین
ظفر کیا زمانہ برا آ گیا ہے
جہان دیکھو ہین واں برائی کی باتین

دیگر

[illegible]

جسنے اُس عالمِ تصویر کو دیکھا یہ کہا — ایسا تصویر سراپا تو کوئی ہی ہی نہین

قیس و فرہاد ہون کیا عشق مین ہمسر مجسے — مجسا دیوانہ و شیدا تو کوئی ہی ہی نہین

تیری دانتون کے مقابل مین کوئی گوہر گو — سمجھے کیا مال کہ ہیرا تو کوئی ہی ہی نہین

سر کے بالونمین ترے جیسے کہ ہے مانگ تری — ایسا ظلمات کا رستہ تو کوئی ہی ہی نہین

کس تمنّا پہ جیے عاشق مایوس ترا — لیکن اب اُسکے تمنّا تو کوئی ہی ہی نہین

ہو نہو زلف کے کوچے مین دل سودائی — اور اب اُسکا ٹھکانا تو کوئی ہی ہی نہین

سرو قد کون ہو رعنائی مین ہمسر تیرا — تجھسا یان دلبر رعنا تو کوئی ہی ہی نہین

کیا کرون غم کو نہ سمجھون اگر اپنا غمخوار — دل کے دینے کو دلاسا تو کوئی ہی ہی نہین

قدرتِ حق کا تماشا ہے ظفر جیسے بشر — ایسا دنیا مین تماشا تو کوئی ہی ہی نہین

بتون نے نہ کین آشنائی کی باتین — کہین اور ساری خدائی کی باتین

## مطلع ثانی

نہین ہمکو لازم بُرائی کی باتین — بھلون کو ہے زیبا بھلائی کی باتین

غضب ہے کہ دل مین تو رکھو کدورت — کرو منہ پہ ہمسے صفائی کی باتین

لڑاتے ہو محفل مین غیرونسے آنکھین — صریحًا ہین یہ تو لڑائی کی باتین

جو کرتے ہو تم دلربائی کا دعوے — کچھ آتی بھی ہین دلربائی کی باتین

دیگر

مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| نشکہ شام کو ایک اکیلا ہی لا فر ہے بہت | اگرچہ ظاہر مین یہ تہا دو دتن تہوڑے ہین |

اے ظفر شہ کی سلامی کو بڑا ہی گلگشت
گر ملین خلد مین کتنے ہی چمن تہوڑے ہین

| | |
|---|---|
| غیر نے آج ترے رات سحر کی گہر مین | نہ کہلی بات کسی پر رہی گہر کی گہر مین |
| رات بہر ہم رہے تیری بسی اد وار پہ پڑے | کسی جا سوس نے بہی یہ نہ خبر کی گہر مین |
| دل جلون کو نہین درکار چراغ خانہ | روشنی تہوڑی ہی کیا داغ جگر کی گہر مین |
| اشک گلگون سے نظر آئی ادہر کیا کیا گل | چشم پر خون سے جدہر ہمنے نظر کی گہر مین |
| شمع کی طرح سے یاد قد رعنا مین ترے | ہمنے سولی پہ سدا رات بسر کی گہر مین |
| چشم کی طرح سے صاحب نظر دن دیکہا | سیر کیا کیا نہین بے رنج سفر کی گہر مین |

مدعی وہ جو چہپے بیٹہے تہے بہاگے چہپ کر
آمد آمد جو ہوئی رات ظفر کے گہر مین

| | |
|---|---|
| گنہ سے ہم نہین خالی گناہگار نہ ہین | پڑے سکے لطف وکرم کے امیدوار تو ہین |
| بلا سے جان گئی اپنی عشق مین لیکن | وہ ہمکو جان گئے اپنا جان نثار تو ہین |
| دیا وہ بہڑکے گی کیا اور دلمین آتش عشق | نکلتے ہر بن مو سے مرے شرار تو ہین |
| وفور رشک سے گو سوز دل کبہو نہ بجہے | پر اپنی آنکہوں سے ہم رہتے اشکبار تو ہین |
| بلا سے گر جگر و دلمین داغ داغ ہوئے | ہمیشہ دیکہتے ہم سیر لالہ زار تو ہین |

۲۸

قطعہ

[illegible]

دیگر

اللہ ری شرم آئے جو وہ شبکو خواب مین
پنہان رکھا حجاب سے منہ کو نقاب مین

خوشبو ہی جو سینہ مین ای گلبدن ترے
نے وہ گلاب مین ہی نہ عطر گلاب مین

دل میرا ایک کیا کہ ہزارون ہی اسنے دل
باندھے کمند کاکلِ پر پیچ تاب مین

میرے دلِ شکستہ مین آگر رہے وہ کیا
رہتا ہے کون اسیر مکانِ خراب مین

یون آنسوؤن کے ساتھ پیا ہمنے خونِ دل
جیسے ملا کے پیتے ہین پانی شراب مین

منت کشِ اجل نہوئے ہم کہ ہوگیا
کام اپنا تیری ایک نگاہِ عتاب مین

اس بے وفا کو دو نہ دل اپنا تم ای ظفر
ڈالو نہ اپنی جان کو دیکھو عذاب مین

دیگر

ہم کہین اے نگار رہتے ہین
ایک تجھپر نثار رہتے ہین

ہم نہ شعلہ ہین نی شرر ہین نہ برق
پر سدا بیقرار رہتے ہین

نہین اس گل کو کچھ اثر ہوتا
نالہ کش ہم ہزار رہتے ہین

صورتِ نقشِ پا گلی مین ترے
ہم بھی اک خاکسار رہتے ہین

شمع سان سوزِ دل نہین چھپتا
گرچہ ہم اشکبار رہتے ہین

اپنے دامن مین دولت اشکون کے
گوہر آبدار رہتے ہین

ایک رنجش ہمین سے ہے ورنہ
آپ کے سب سے پیار رہتے ہین

چشمِ مست اسکی سے ہی جاتے ہے ہوش
گرچہ ہم ہوشیار رہتے ہین

۷۷

اب سلامی ہون اگر اہل سخن تھوڑے ہین
ہم کہ اوصاف بہت اور دہن تھوڑے ہین

[illegible]

قطعہ

[illegible]

ہم جنکو جانتا تھا بڑا دوست عشق میں — دیکھا تو ایسا دشمن جان کوئی بھی نہیں
شکوہ نہیں یونہی تو دل ہے لبالب مگر کبھی — آتا ہمارے تا بزبان کوئی بھی نہیں

اون کسکو اپنے ساتھ رفاقت میں اے ظفر
صبر و شکیب و تاب و توان کوئی بھی نہیں

لب و دہن کے ندی بوسے وہ اگر دو تین — بلا سے گالیاں دے منہ سے سیمبر دو تین
جواب خط کا نہیں وانسے ایک بھی لاتا — روانہ کرتے ہیں ہم روز نامہ بر دو تین
ہو تسلی دل میری اک جراحت سے — نہ جب تلک کہ ہون تم ادہر کارگر دو تین
زیادہ مجھسے نہیں قیس و وامق و فرہاد — اگرچہ عشق میں ہیں یہ بھی نامور دو تین
دکھائے تو نے انھیں دو تین بار ہنستے روز — جہان میں تجھسے جو ہون اور فتنہ گر دو تین
وہ سنکے نام مرا کچھ نہ بولے خیر ہوئی — کہ دانت پیسے اور اسنے نام کے نشتر دو تین
چلے جہان سے ہمراہ رنج و درد و الم — ہیں اس سفر میں بھی میرے یہ ہمسفر دو تین
جگر سے میرے اگر ایک خار غم نکلا — چبھو دیے وہیں حسرت نے نیشتر دو تین

وہ کہتے تھے کہ ہم اک دو پہر میں آتے ہیں
نہ آئے اے ظفر اور دن گئے گذر دو تین

ملا ہمیں اپنی قسمت کیا انکو کار غیر کی قسمت میں — خدا جانے کہ ہے کیا ہم گنہگاروں کی قسمت میں
نہ پایا بوسۂ دہن لب کا ارمان محبت نے — نہ تھا یہ شربت عناب یاروں کی قسمت میں

مطلع ثانی

جبکہ ہم جائینگے وہان کیا ہمسے پوچھا جائیگا
ہی یہ زیبا زلف ہی گیسو واسطے تیرے لیے
بات کھل جائیگا ہمیشہ نہین میرا راز دل
خوب جو دیکھا تو شمشیر صفاہانی مین بھی
مشک الماس و نمک بھر دیا ملا کر چارہ گر

غم اگر ہی تو یہی ہی ورنہ تو کچھ غم نہین
اپنے آشفتہ سر ہونا اتنا کچھ برہم نہین
دیکھ اتنا پھوٹ بہنا چشم پر نم کچھ نہین
روبرو اُسکے ہر دہی خمدار کی کچھ خم نہین
واسطے زخم جگر کے میرے مرہم کچھ نہین

خوب ہی وہ اک جہان جسکو کہیں خوب اے ظفر
کچھ نہین وہ جسکو کہدی ایک عالم کچھ نہین

ہر رات سبھی اپنے آرام کو سوتے ہین
کیا عشق کی صحرا مین بےخوف و خطر عاشق
ہر شب ہمین فرقت مین رو روتے ہی گذرتی ہے
کر لین تیرا نظارہ گر خواب مین تو آئے
ہم بستر راحت پر یار دو وہ دراز اپنے
مہکے ہوئے اُٹھی خوشبو مین سحر جس شب

ہم جاگتے ہین تم بن گو شام کو سوتے ہین
گم کرکے رہ کفر و اسلام کو سوتے ہین
وہ صبحکو سوتے ہین نے شام کو سوتے ہین
ہم شبکو جو سوتے ہین اس کام کو سوتے ہین
اودنسے نہ کہو میرے پیغام کو سوتے ہین
ہم لیکے بغل مین اُس گلفام کو سوتے ہین

بیہوش اے دل آنکھوں کے ہم یون ہین لقوتہ مین
گویا کہ ظفر پی کر دو جام کو سوتے ہین

خدا کا گھر ہی ادھر تو نکے آستانون مین
جگہ سجدہ کی ہی ادنکی کف پا کے نشانون مین

دیوان ظفر

۷۵

خاک پا فخر نہ بالنگا وہ ظفر ہون کہ جو اور
پکڑ مین قدمونکو تو مین انکے چرن کو پکڑون

عجب اعجاز ہے بلبل ہوا مین | چراغ گل نہ دیکھا گل ہوا مین

## مطلع ثانی

جو مشک افشان وہ کاکل ہوا مین | نہ آئے نکہت سنبل ہوا مین
اوڑے گر خاک دیوانہ کی تیرے | اٹھے زنجیر کا سا غل ہوا مین
ہوا مین آکے کسنے زہر اوگلا | کہ سمیت ہوئی بالکل ہوا مین
ترے کوچے تلک پہونچی ہے آخر | ہماری خاک جل جل کر ہوا مین
دل سرد آہ سے اس طرح پگھلا | کہ جیسے برف کھائے گل ہوا مین
ہوا ہے مے سے برہم کیونکہ ساقی | پیین خوش ہو کے جام مُل ہوا مین
رولائے ہے برنگ شیشہ ہمکو | نہ تجھ بن خندۂ قلقل ہوا مین

ظفر ہے گلشن عالم معطر
گئے ہین بال کسکے کھل ہوا مین

مین نہین اس میکدہ مین آجکل ہی مست ہون | ہون برت عشق ہون روز ازل سے مست ہون
کہتی ہے مجھسے حذر کر اسکی چشم خانہ جنگ | دیکھ آ اسمین نشۂ جنگ و جدل سے مست ہون
دین اگر آب بقا بھی مجکو جانون آب تیغ | اسقدر جام تمنائی اجل سے مست ہون

جو تیری چاہ مین ڈوبا وہ کب ابھرتا ہے
ہزار اسکو اگر آشنا ابھارتے ہین

قمار عشق مین ہمتی ہے بازی اونکی ہاتھ
وہ جان ہار کہ جان اپنی سیمین ہارتے ہین

کب ایک جام سے ہوتے ہین ساقیا سیراب
وہ بادہ کش کہ سبویان خم کی خم ڈکارتے ہین

ظفر جو کھینچتے ہین ہاتھ اپنا دنیا مین
ہمیشہ پانون وہ آرام سے پسارتے ہین

ترا سا غمزۂ و ناز اے صنم کسو مین نہین
جو تجھ مین ہے وہ خدا کی قسم کسو مین نہین

بغیر رنج کے کوئی نہین ہے کار جہان
مگر جو عشق مین ہے رنج و غم کسو مین نہین

گہر سے اشک کے کیا موتیونکو دون نسبت
جو اسمین آب ہے اے چشم نم کسو مین نہین

اگرچہ ہین چمن دہر مین ہزارون گل
ولیک بو وفا یا قی ہم کسو مین نہین

نہ موج مین ہے نہ زنجیر مین نہ سنبل مین
جو اوسکی زلف مین ہین پیچ و خم کسو مین نہین

سب اوسکو دیکھ کے حیران ہین عدو تصویر
ہو یہ حال ہے گویا کہ دم کسو مین نہین

خطائے نے بھیجے کئی لکھ کے اے ظفر ہمکو
پر ایک حرف محبت رقم کسو مین نہین

خواہ مین ہون راہ پر اور خواہ مین گمراہ ہون
لیکن اوس بت کا تہ دل سے ہواخواہ ہون

گو خمیدہ پشت ہون مین ضعف سے مثل کمان
پر لگاتا سینۂ گردون پہ تیر آہ ہون

خاک مین مجکو ملا لیکن گذر اس راہ سے
مثل چشم نقش تکتا تیری مین راہ ہون

برابر ڈھائے گر دیتے ہیں سب دیوار و در گھر کے
رواں جب چشم سے ہم آنسوؤں کی سیل کرتے ہیں

ترا عاشق ہوا یا وامق ہوا فرہاد یا مجنون
محبت میں سب انکو شامل اک قبیل کرتے ہیں

گذارہ کرتے ہیں زیر فلک بے بستر و سامان
نہ چھپر کہتے ہیں تجویز نے کھپریل کرتے ہیں

وہ جب آراستہ کرتے ہیں اپنی تیغ مژگان کی
تو ناز و غمزہ کو کپتان اور کرنیل کرتے ہیں

انہیں منظور سب سے پہلے ہے سر کاٹنا میرا
کہ سر بازو نہیں انکے وہ مجھے سرخیل کرتے ہیں

نہ جسکو عقل ہو اور ہو کتا ہو سبک لد ابھرتا
ظفر اوس آدمی کو ہم تصور بیل کرتے ہیں

جو کام ہو گریہ سے مرے ایک گھڑی میں
وہ ہو نہ باراں سے کبھی ذیلی جھڑی میں

یہ انجم گردوں کو تمنا ہے کہ ہم بھی
ہوں مہ تیرے نکی جا تری جھومر کی لڑی میں

ہے آب بقا پردۂ ظلمات میں پنہاں
دیکھا وہ لب جانبخش کو مسی کی دھڑی میں

جو پارۂ دل ہیں فرہ تریں نہ ہونگے
ایسے گل رنگیں کہیں پھولوں کی چھڑی میں

انسانکو مناسب ہے کہ ہر بات ہو نرمی
کہدے نہ کڑی سے نہیں لطف کڑی میں

ذرات کی گھڑیوں کی گھڑی کو کہنہ غافل
دم دم کا ہی احوال سب دل کی گھڑی میں

وہ جیسے ہیں ٹل جانا ہی خوب ہمارا
ہم اے ظفر آئے ہیں کوتی ادنکی تڑی میں

دشمن جو حسینونکو ہم جانکے کہتے ہیں
ہیو نہیں نہیں کہتے ہیں کچھ جان کے کہتے ہیں

اہی غرفہ سے جنھیں آپ ذرا جھانکتے ہین
پھر سنو اونکی تو کیا کیا وہ زٹل ہانکتے ہین

شب کو گلزار پر ایک اوس سی پڑجاتی ہے
منہ کو شبنم کے دوپٹے سے جو ڈھانکتے ہین

بھیجو بازار محبت مین مرا گوہر دل
پوچھو تم جوہر یونسے کہ وہ کیا آنکتے ہین

کوئی گل اور کھلا چاہتا ہے رشک چمن
آپ کرتی پہ نئے رنگ سے گل ٹانکتے ہین

کچھ تو آتا ہے اونھین دشت نوردی مین مزا
خاک صحرا کی جو دیوانے تری پھانکتے ہین

دل ہے نفرت کہ ہمین دیکھکے خوبان فرنگ
جلد جلد اور بھی گھبی کو سوا ہانکتے ہین

دی ظفر جنکو خدا نے صفت ستاری
کھوتے عیب کسیکے وہ نہین ڈھانکتے ہین

یون شعلہ سوز غم سے اُٹھا دلکے داغ مین
جیسے بھڑک گیا ہو فتیلہ چراغ مین

رخ پر ترے پسینونکے قطرونسے ہے بہار
کیا پھول چاندنی کے ہین چھٹکے باغ مین

ناصح نصیحتین تری ہم سُن چکے بہت
خاموش ہو کہ اب نہین طاقت دماغ مین

اے مست ناز پیتے ہین تجھ بن بجای مے
ہم بھر کے اشک دیدۂ تر کے ایاغ مین

ڈھونڈھے ہزار کوئی نہ اونکا ملے پتہ
جو گم ہوے ہین تیرے کمر کے سراغ مین

یہ لاغری سے حال ہے دیوانہ کا ترے
اُڑتا ہوا کی ساتھ ہے تنکا سا راغ مین

دنیا سے جسنے کھینچ لیا ہاتھ اے ظفر
پھیلائے پانون کیون نہ وہ کنج فراغ مین

دیگر

۱۷

ظفر

خدا جانے کہ سینہ میں مرے کیا رنگ ہے دل کا
نظر آتی ہے کچھ آمیزش خون آج آنسو میں

ٹھہر سکتا نہیں اس مہوش کے یہ پیش جبیں آن
ستارہ جلوہ گر خورشید کے ہے کیونکہ پہلو میں

بچانا چاہیے کوچے میں اس کے سچ کہا تو نے
برائے غمخوار کیا کیجے نہیں دل اپنے قابو میں

اگر برپا ہو طوفان دیدۂ غمخوار سے میرے
تو ہو وے کشتی افلاک تک بھی غرق لوہو میں

مزا برسات میں ہے ساقیا یوں بادہ نوشی کا
ادھر ابر سیہ جھومے ادھر مستی میں ہم جھومیں

اگر زنجیر ہوتی توڑ کر کب کا نکل جاتا
دل دیوانہ کو باندھا ہے تو نے اپنے گیسو میں

اگر گلگشت کو جائے ظفر وہ رشک گل میرا
بہار آئے مچائیں عندلیبیں باغ میں دھومیں

تری نگاہیں جو اے فتنۂ زمان دوڑیں
تو دل لیے لاکھوں بلا ہائے ناگہان دوڑیں

ہمارے حال سے وہ بیخبر نہیں آگاہ
وگرنہ یہ خبریں ہیں کہاں کہاں دوڑیں

ستم فراق کے ہاتھوں سے ہو کے فریادی
زمیں سے آہیں مری سوئے آسمان دوڑیں

اگرچہ آنکھیں تری پرنیاں ہیں پر اے شوخ
شکار دل پہ ترے جیسے چیتیاں دوڑیں

ہوا سے گیسوں کی لٹیں لگے ہیں لہرانے
یہ ناگنیں ہیں کہ ڈسنے کو دلستان دوڑیں

بلا ہیں لینے کو پریاں تری پرستان سے
ہمارے گھوڑ دوڑ نہ پھر چڑھ کے پریجان دوڑیں

زباں پہ آیا نہیں ہے ایک حرف ظفر
کہ پہلے ہی سے یہاں اُن کی چٹھیاں دوڑیں

سنا ہے نوح کی طوفان کو یاروں نے ... / مگر آنکھوں سے اپنی ہمنے وہ دیکھا ہے رو نہین

لگے اگر ایسے دیکھو کہ مثل شمع گھل گھل کر / بہا جاتا تمام دلسوز رہتا ہے رو نہین

ظفر ہم اپنا رونا رو چکے جا کر سامنے کسکے / رہا کون اپنے آنسو پونچھنے والا ہے رو نہین

صنما ہم کہین تو کیا کہوین / ہے جدا ہم کہین تو کیا کہوین

مدعی کہنے ہی نہین دیتے / مدعا ہم کہین تو کیا کہوین

حال غم تجھسے کہہ چکے یکبار / بارہا ہم کہین تو کیا کہوین

اپنے رونیکا تیرے ہنسنے کا / ماجرا ہم کہین تو کیا کہوین

نہین فرصت جو کہیے حسرت دل / حسرتا ہم کہین تو کیا کہوین

کہتے ہین سب وفا نہین تجھ مین / بیوفا ہم کہین تو کیا کہوین

خاک درکو ترے کہین اکسیر / توتیا ہم کہین تو کیا کہوین

تو تو منہ سے کہے ہی ہمکو برا / پھر بھلا ہم کہین تو کیا کہوین

تجھسے کہوین جو ہو مزیکی بات / بیمزا ہم کہین تو کیا کہوین

تجھسے وان کچھ کہا نہین جاتا / قاصدا ہم کہین تو کیا کہوین

بن گئے ہی وہ ابھی ظفر ہمسے / ہے خفا ہم کہین تو کیا کہوین

۶۹

مطلع ثانی

غم نہیں ہمکو اگر رکھّے فلک چکّر مین
کہ فلک آپ بھی ہے آٹھ پہر چکّر مین

یہ جو پھرتا ہے سرافانہ بخانہ خورشید
اس سے ظاہر ہے کہ ہین صاحبِ زر چکّر مین

موج دریای سرشک اپنی بھی طوفان ہے
جسکے ہر ایک حبابچہ سے بھنور چکّر مین

ڈھونڈھتی پھرتی ہین کس زہرہ جبین کو یارب
روز و شب رہتی ہین جو شمس و قمر چکّر مین

گردش چشم کا ساقی کی اشارہ ہی بھی
کہ رہی ساغرِ مے شام و سحر چکّر مین

خاک ہوکر تو ذرا بیٹھنے دی چین سے چرخ
جوں بگولا مجھے برباد نکر چکّر مین

آسیا کی یہ ہوا پھرنے سے معلوم کہ ہین
گردش دہر سے پتھر بھی ظفر چکّر مین

کہو اس بیخبر کو ہم خبر بھیجین تو کیا بھیجین
کوئی پرچہ بجز لخت جگر بھیجین تو کیا بھیجین

وہ جانے کس طرح سرنامہ ہمکو عشق مین اپنے
اگر اپنا نہ ہم سر کاٹ کر بھیجین تو کیا بھیجین

وہان سے طعنہ و تشنیع کی سوغات آتی ہے
یہان سے ہم انھین سوغات اگر بھیجین تو کیا بھیجین

فرشتہ پر نہ مارے اس گلی مین تو تو انسان ہے
تجھے خط دیکے ہم ای نامہ بر بھیجین تو کیا بھیجین

نہ قاصد ہے نہ کبوتر کیسے یاران عدم رفتہ
ادھر سے کچھ خبر اپنی ادھر بھیجین تو کیا بھیجین

جو کشتہ چشم کا اُنکی ہو وہ عین عنایت ہے
گل نرگس اُسکی گور پر بھیجین تو کیا بھیجین

نکر دی جو شفاعت سی کسی سرکشتی از رفتہ پروازی
نہ لعنت اسپہ دانا بستر بھیجین تو کیا بھیجین

جگر ٹکڑے ٹکڑے جان و دل ہین سوختہ دونو
تجھے کچھ تحفہ ہم ای عشق گر بھیجین تو کیا بھیجین

جو اُنکی قوم سی ہی وہ نزدیک اُنکی سب دشمن
کہ وہ تو دوست اپنی دوستان مجلسی کے ہین

عجب کیا خاک سے اپنی اگر روئیدہ ہو نرگس
کہ ہم اُس شوخ کشتہ تیری چشم نرگسی کے ہین

ظفر روے مصفا اُسکا ہی پیش نظر جنکے
نہین وہ مائل نظارہ ہوتی آرسی کے ہین

دل و جگر جو پاس تھے میرے جلے دونو ہی ہین
رکھتے اپنی بھی خنجر کو تیرے دونو ہی ہین

تو جلا پروانہ جلد اور شمع نے کچھ دیر کی
لیکن آتش سے محبت کے جلے دونو ہی ہین

نے وہان کوئی یار رہتا ہی نہ کوئی آشنا
کہ فرق اُسکے لا نہین آرہی پلے دونو ہی ہین

جب سے ہین دیدہ و دل اپنے اُسکے فرش راہ
اُس ستمگر نے بھی تا ہو وان سے ملے دونو ہی ہین

خوشنما عارض پہ تیری خط بھی ہے اور زلف بھی
لگتے نظر ونمین مگر کافر بھلے دونو ہی ہین

کیون نہ سمجھون ہمدم اپنا تیغ و خنجر کو تیرے
کہ ظالم تیر لگتا تیرے گلے دونو ہی ہین

اے ظفر ایسے بچاؤن کس طرح مین عقل و ہوش
جب کبھی آئے ہین وہ لیکر چلے دونو ہی ہین

کفِ پا مین تیرے سنہدی ہان جب غیر ملتی ہی
لگی ہی آگ پاؤن تلو دسے ہم غیرت سے جلتے ہین

ارادہ ہی تیرا اگر کوچۂ جانان کی جانے کا
مگر تو ایدل بیتاب جلدی ہم بھی چلتے ہین

لگا دیتا ہی تیرا غمزۂ قاتل اک ہاتھ ایسا
کہ بسمل تیری خوش ہو ہو کر وہ دو ہاتھ اُچھلتے ہین

لب لعلین نے اُسکے گر نہین دل خون کیا میرا
تو میری چشم تر سے لال آنسو کیون نکلتے ہین

صورتِ تصویر حیران ہو گئے | دیکھکر اوس یار کی تصویر ہم

ذبح کر تو ہمکو بسم اللہ کہ آپ | پڑھتے ہین اپنے لئیے تکبیر ہم

سوم ہو اوس سنگدل کا کیونکر دل | آدمی رکھتے نہین تاثیر ہم

بعد مجنون عشقبازون مین ظفر
رکھتے ہین تھوڑی سی کچھ توقیر ہم

اے بتِ طناز قربانت شوم | اے سراپا ناز قربانت شوم

حلقۂ زلف وکمندِ جان و دل | اے کمند انداز قربانت شوم

ہون مسیحا در لبِ جان بخش تو | صد ہزار اعجاز قربانت شوم

مرغ جانم در ہوائے کوے تو | میکند پرواز قربانت شوم

تا بہ قربانگاہ من یکبارہ ناز | باز آ تا باز قربانت شوم

تو بہر انداز بنما جلوۂ | من بہر انداز قربانت شوم

ہر دم آن ابرو کمان را از ظفر
میرسد آواز قربانت شوم

چلنا مریضِ غم کو ترے آٹھ نو قدم | معلوم ہے وہ ضعف ہے دس بیس سو قدم

حدِّ ادب پہ رہتی ہین دابانِ عشق | آگے نہین بڑھاتی کبھی نیم جو قدم

دیکھی جو تیرے ناخنِ پاکو تو کیا عجب | چومے فلک سے جھک کے تری ماہِ نو قدم

دیگر

ردیف نون

مطلع ثانی

یارو نہ زرد کو عشق مین رونے سے تم ہمین
اس سے سمجھا دو لگی کچھ اپنے دل مین ہین ہم

ہین گرچہ مثل شمع سراپا زبان تو کیا
کہہ سکتے پر زبان سے نہین اک سخن ہین ہم

دیوانگی کا شور ہے مجنون کے اے ظفر
دکھلاتے جب تلک نہین دیوانہ پن ہین ہم

کیا کہین اے ہمنشین ہم آج کیون بیکل سے ہم
جیسے کل تھی جانکو اوسکے جدا ہین کل سے ہم

لاکھ بل ڈالی ہے کافر اک سیدھی بات مین
زلف تیری ہو بلا ہو آپ مین اسکے بل سے ہم

پیر کا وعدہ کیا ہے اوس بت بے پیر نے
روز منتہی شوق مین دن گنتے ہین منگل سے ہم

تیری چشم مست سے ساقی طلب کرتے ہین جام
رکھتے وقت میکشی مطلب نہین بوتل سے ہم

ہاتھ جو گردن مین ہے تیری حمائل اپنا بھی
سیکھے لین انداز یہ کیونکر تیری ہیکل سے ہم

کھینچی خنجر جا بجا تیری اک پل مین ہزار بار
پا رہے ہین آنکھونکی جھڑی مژگان اگر پا دل سے ہم

ہے تو باہر کالا جہان مین مردم آزار نگاہ
پا گئے یہ زہر چشم شوخ کے کاجل سے ہم

جلتے ہین اپنے تن عریان پہ خاک کو ہی ملے
از غرض تن زیب رکھتے ہین ململ سے ہم

گر زمین پہ ہی گئے تو آسمان پر مثل برق
ڈر رہے ہین اے شیخ آتشخو تیری جھل بل سے ہم

جیسے یان کم ماندہ تحت الثری کو دہ گیا
کیونکہ نکلین دیکھئے دنیا کی اس دلدل سے ہم

لاکھ بھاری نکلے تمہین پر سبک ہین بیوقار
بے ترازو دبا گئے ادنکو ظفر اٹکل سے ہم

دیگر

ستم دیکھو کہ جب وہ بیٹھتے ہیں سامنے میرے — نہ کر لیتی ہیں دشمن کو سفر بیچ میں حائل

جدھر دیکھو جمال یار ہی مجکو نظر آئے — شود کر دے غفلت ترا گر بیچ میں حائل

دم گریہ کدھر جائے ترا عاشق کہ اشکون سے — نظر آتا ہے اک دریا سراسر بیچ میں حائل

ظفر ہے شوق وصل شمع میں پروانہ تو مضطر
مگر ہو جائے ہے فانوس اکثر بیچ میں حائل

## ردیف میم

در شبستان خود نماز زاہد خدا را دیدہ ام — آنکہ از چشم تو پنہان آشکارا دیدہ ام

تا نظر افگندہ ام بر قامت رعنای تو — جملہ از سر تا قدم ناز و ادا را دیدہ ام

کردہ ام رنگین ز حسرت پنجہ مژگان بخون — تا بدستت سرخی رنگ حنا را دیدہ ام

سالہا گردیدہ ام من در تلاش کیمیا — دیدہ ام اکسیر اگر آن خاک پا را دیدہ ام

تا صحا طرز نگاہش را نمیدانی کہ چیست — بر سر از من ماجرا من این بلا را دیدہ ام

کردہ ام من عمر خود در تیرہ روز بہا بسر — گر شبی در خواب آن زلف دوتا را دیدہ ام

چون تو در عالم ندیدم مکشتی صوفی و شی
ای ظفر بسیار رند و پارسا را دیدہ ام

ز حرد ذی ہوش بے تدبیر پریشا کر مین ہم — دو دستو اپنی فقط تقدیر پر شاکر ہین ہم

ہاتھ سی قاتل کے کچھ شکوہ نہین کرتی کبھی — رکھ کی آپ اپنا گلا شمشیر پر شاکر ہین ہم

دیگر

یہ میری دل ہان مین جو نون حاضر دو لیکو جو ہو پسند خاطر
غم و الم سے نجات پاؤن کہ مہلت ضیق ہی جس مین
دل اپنا سینہ مین جب حسب ضبط ہم اسکو تسکین دین کیونکر

نہ مجکو اسمین ذرا تردد نہ مجکو اسمین ذرا تامل
بڑا ہی احسان ہی اگر آپ کرے نہ تو ای قضا تامل
نظر مین شیوہ ہے تغافل سخن مین شیوہ ترا تامل

ظفر درنگ و شتاب مین ہین نکلتے انسان کے کام لیکن
کرے وہ جلدی کی جای جلدی کرے تامل کی جا تامل

زہی زہے دیکھ اور اسپر یہ خط کی نمود اے دل
جو اسمین آشنا ڈوبی مین سن لے ماجرا اون سے
سلگ جائیگا جب تو دل تو کوئی شعلہ نکلیگا
کرو دن کیا دل کا سودا زلف سے بازار الفت مین
یہ خوبی ہے فقط تیری خیال خط شکین کی
نخوت سے رہی انسان کو عزت
دل سوزان سے تیرے یہ اڑائی طرز جلنے کی
مرے سب ہو گئے بد خواہ تیری خیر خواہی مین

اگر جو دیکھی ہے اس چاہ کو پڑھتا ہی درد دل
ولا تو دیکھ اس چاہ زنخدان مین گو دادل
ابھی تو ساتھ ہمارے اٹھتا ہی دود دل
نہ کچھ اسمین آخر نہ ہی کچھ اسمین سود دل
وگرنہ زخم دل ہیرا کہان تھا مشک سود دل
نہ تھا اس خاک کے پتلے کا تو کچھ بھی وجود دل
وگر یکاہیکو جلتا تھا لون آتش یہ عود دل
نہ تھا کوئی عدو دل تھا کوئی حسود دل

اگر یا پاس اس بت بے مہر کے ہے قصد جانے کا
ظفر دم کر تو ٹھہر کر یا عزیز دیا دود دل

تیر مژگان پہ روا تیر بلا کی تمثیل
تیغ ابرو پہ بجا تیغ قضا کی تمثیل

[illegible]

آج ہی کیا کہ ساقیا بزم میں ہیں دھرے ہوئے
شیشہ و خم جدا جدا جام و سبو الگ الگ

ڈر ہے کہ بوسہ لے نہ لے منہ کو پھرا کے منہ سے تو
مجھ سے ہے وہ ذرا آئینہ رو الگ الگ

چشم سے ہر قطرہ یوں جلوہ نما ہیں اشک خون
جیسے چراغ رکھدیے ہوں لب جو الگ الگ

زمین یہ ہے طلسم کیا نکلی ہے سب سے اک صدا
روزن سینہ گرچہ ہیں تا بگلو الگ الگ

دست جنون ابھی مرا پہونچا نہیں ہے جیب تک
ہو گئے خود بخود ہیں سب تار رفو الگ الگ

گل جو چمن میں ہیں بنا ہزار دیکھ ظفر ہے کیا بہار
سب کا رنگ جدا جدا سب کی ہے بو الگ الگ

سوز الفت سے ہی وہ میرے دل مضطر میں آگ
جیسے کہ آگ تتر ہے جا کر چھپے پتھر میں آگ

میری آہ آتشین سے کیا عجب ہے ما شفق
پھیلا دے دامن چرخ ستم پرور میں آگ

کیا ہجوم داغ سوزاں سے بھرا ہے عشق نے
سینہ کی منقل میں اور دل کی مجمر میں آگ

اسکو کچھ پروا ہماری نالے افشار میں
ڈر ہے یہ ہمکو نہ لگا دے کسی کے گھر میں آگ

نکلے تیری دل جلوں کے ایسے آنسو گرم گرم
لگ گئی گرمی سے جنکی ایک چشم تر میں آگ

شعلۂ جوالہ و گرداب مت سمجھو انھیں
ہے کہیں چکر میں پانی ہے کہیں چکر میں آگ

سردی و گرمی سودا کے اے ظفر ڈرتا ہے جی
ہوتے ہیں دم بھر میں ٹھنڈے اور وہ دم بھر میں آگ

قصے سنتی ہیں سب تیری لڑائی کے لوگ
تو نہ ہو سوائے صنم ساری خدائی کے لوگ

[illegible]

ردیف اللام

[illegible]

کیون جام مہ کی دہر مین کرتا ہی بات تنگ
ساقی ہی دیکھ عرصۂ بزم حیات تنگ

قید حیات ہی مین نہین تنگ ہم تنگدل
ہو دیگی اونکی گور بھی بعد از ممات تنگ

بجائے غنچۂ خندہ تصویر باغ مین
ایسا ہو تنگ کے منہ سی تری اک بات تنگ

ہو تنگی زمانہ کی ہنگام شرح حال
کوتہ زبان خامہ دہان دوات تنگ

دیتا ہی بدصفات کو اک گلشن وسیع
زندان سے ہی زیادہ ذی خوش صفات تنگ

ہم ایک عمر تنگ رہی تیرے ہاتھ سے
لیکر بغل مین اپنی تجھے ایک رات تنگ

جو شافع امم ہے وہ ہے اپنا پیشوا
اونکے لیے ظفر نہین راہ نجات تنگ

تجھ بن ہی میرا حال یہ عہدہ فراق تنگ
لکھون جو خط تو ہووی قلم کا شگاف تنگ

وحشت کو جوش مین تری وحشی کی واسطے
ہی عرصہ گاہ قاف سی لی تا بقاف تنگ

کھینچے نہ گھوڑی کیکھو اپنے وہ شہسوار
کسنے کی خون سی تا نہو تر زیر ناف تنگ

زاہد نکل کے سیر خرابات کر ذرا
حجرہ مین کیون پڑا ہی ذ اعتکاف تنگ

یارب پھر آئے موسم سرما کہ مین اسے
کھینچون بغل مین آ کے زیر لحاف تنگ

ای دوست تیری بزم مین جی اپنا کیا کھلے
ول اسکو دشمنو نکی ہی لاف و گزاف تنگ

آئے جو ذکر اس دہن تنگ کا ظفر
غنچہ کا قافیہ وہین ہو جای صاف تنگ

مطلع ثانی

درد دل اپنا سنا بیٹھوں کبھی جو ایک دن

[illegible]

ہم گئی سیدھے سوے منزل عشق — راہ دیکھی نہ اسمین موڑ کی ایک

تیرے مغموم کو ہنسی کی بات — خوش نہ آئی کسی ہنسوڑ کی ایک

غم زیادہ جھجھوڑے اور مجھے — گر شکایت کروں جھجھوڑ کی ایک

دغت زر لگ گئی ہے منہ ورنہ — ہے یہ مُردار سو بند وڑ کی ایک

صورتیں ہین فریب کی لاکھوں — پر نہیں پاتے اُسکے جوڑ کی ایک

روؤں اتنا کہ ڈوب جای جہان — اتنو یہ بات ہے نچوڑ کی ایک

دل ہزاروں کے ٹوٹ جائین ظفر — بات کہدین وہ ایسی توڑ کی ایک

جب تلک دم کی آؤ جاؤ ہی ٹھیک — ہد موبات جو بناؤ ہے ٹھیک

روزن دل سے دیکھتا ہوں اُسے — یاں ہے ادس یار کا دکھاؤ ہی ٹھیک

دست و پا باندھے ہی حنا اوسکے — ہاتھا پائی کا آج داؤ ہے ٹھیک

حضرت دل تمھین بنا سکتا — کون اوسکے سوا بناؤ ہے ٹھیک

اپنی ای جامہ زیب تو پوشاک — جو بنائے ترا بناؤ ہے ٹھیک

میر اقعہ نہیں غلط سارا — کچھ نہ کچھ وہ تو آو جاپاؤ ہی ٹھیک

ماہ سے اے ظفر شباہت میں — تیغ ابرو کا اوسکے گھاؤ ہے ٹھیک

۶۰

[illegible]

ردیف الکاف فارسی

جاکر عدم مین لکھتا نہین کوئی اپنا حال
ہی یان کی رسم و خط و کتابت یہین تلک

پہونچا کی گور تک تجھی پھر جائینگے رفیق
ای بیخبر ہے انکی رفاقت یہین تلک

لیکر گیا نہ یان سے کوئی تلک اور مال
رہتی ہی یان کی دولت و حشمت یہین تلک

توجا کی یانسی پھر نہین رہنی کا حکمران
ہی تیری چند روز حکومت یہین تلک

جائیگا تیرا نام بھی کوئی نہ زیر خاک
ہی تیری واسطے تری شہرت یہین تلک

تو انکی دوستی پہ نکر ناز اے **ظفر**
ہین یان کے دوستدار محبت یہین تلک

اشک آنکھو نمین ہو گئے ہیہات خشک
گذری ایکی بار تو برسات خشک

گر نہ پہونچے میرے گریہ کی مدد
روز دریا ہو دی دو دو ہات خشک

ہے تری کار ستہ زلف پر عرق
مانگ ہی ای دل رہ ظلمات خشک

میرا دامن جون گل شبنم زدہ
کب ہوا اشکون سے ساری رات خشک

تر زبانی کچھ نہ کام آئی دہان
ہو گیا منہ سنتے ہی اک بات خشک

ہاتھ اوٹھاتا محتسب مستونپہ ہے
ہو دین یارب اسکی دونون ہات خشک

اے **ظفر** اوردن کو بھیجا اوسنے عطر
ہمکو بھیجین ڈلیان فقط سوغات خشک

ہو کی نتار تجھپہ یون دیتی ہین دم ہمین تلک
تیز ہی تیری بر جفا تیغ ستم ہمین تلک

جو ہین تیغ غم دل پر جگر پر بھی وہی
کیون نہ مضمون ورہیم دونون چلین اک راہ پر
کیا ہوا صورت مین کوئی خوب ہے اور کوئی زشت

حال ہو اب عشق مین ای چارہ گرو دونونکا ایک
جبکہ ہووے ای جنون تو راہ بر دونونکا ایک
لیک صورت گر ہو ای صاحب نظر دونونکا ایک

دل تو ادلجھا زلف سے ہے زلف ادلجھی دل کے ساتھ
ہے پریشانی سے عالم اے **ظفر** دونون کا ایک

وہ آکر پھر گئے جو میرے گھر تک
پھر آئین شام کم مضطر سحر تک

## مطلع ثانی

سرشک آئے تو کب مژگان تک
کہ جب جل ہی گیا دل سے جگر تک

نہین کعبہ کی جانے کی تمنا
خدا پہونچاے ہمکو اوسکے در تک

ہمیشہ ہاتھ ملتا ہون کہ ہیہات
نہ پہونچا ہاتھ میرا اُس کمر تک

ترے تیغ ستم سے اے ستمگر
عزیز اپنا نہین عاشق کو سر تک

یہ بدبختی ہے مرے آہ و فغان سے
خبر دل کی مرے اوس بےخبر تک

ہزار افسوس سے بلبل چمن مین
رہا تیرا نہین اب ایک پر تک

مجھے آئے نہ سمجھانے کو ناصح
اگر جائے ذرا اُس عشوہ گر تک

**ظفر** جس پر لگائی تاک تو نے
اُسی کو تک ادھر تک یا ادھر تک

بھلا اتنا تو رو دیجو اگر منظور ہے رونا
بہا کر اشک لیجائیں بھرا ای چشم تر دامن ٹھیک

ہمیشہ حضرت ناصح ہیں باتیں بناتے ہیں
کبھی تشریف لیجائیں نہیں یہ ای ظفر دانا ٹھیک

وہم کی راہ نہیں ای دل آگاہ ہی ٹھیک
راہ جو صدق و یقین کی ہے وہی راہ ہی ٹھیک

حلقۂ زلف میں ہے تیری رخ پر نور کہ ہم
دیکھتے ہیں تو نظر آتا ہمیں ماہ ہی ٹھیک

اوڑتا پھرتا تری کہ جبین ہے ہمراہ صبا
تن کا ہے یہ مرا اتنا پر کاہ ہی ٹھیک

سرکشی کرتا ہو ہمسے فلک ناہنجار
دیکھیں تو کیسا بناتی اسے ای آہ ہی ٹھیک

دل گدا کا ہو جو دولت سے عنایت کیجے غنی
شاہ کیا بلکہ اُسے کہنا شہنشاہ ہی ٹھیک

کیونکہ زیبا نہ تجھے جامۂ رعنائی ہو
ای صنم تیری ہی قامت پہ یہ دلق ہی ٹھیک

ای ظفر لوگ محبت کی ہوا باندھتے ہیں
پر نظر آتا نہیں کوئی ہوا خواہ ہے ٹھیک

میری اور مجنوں کی کیا تصویر ہے دونوں کی ایک
دو ہی طرح ایک ای رو ہی تحریر ہے دونوں کی ایک

برق سے نالہ کی میرے کچھ شرارت کم نہیں
آتش افروزی میں تاثیر ہے دونوں کی ایک

مسجد و بتخانہ سنگ و خشت سے دونوں بنے
فرق کچھ انمیں نہیں تعمیر ہے دونوں کی ایک

قیس سے سنیے کہانی مجھسے سنیے قیس کی
داستان ہے ایک اور تقریر ہے دونوں کی ایک

جو لکھا دشمن نے مجکو وہ ہی لکھا دوست نے
قاصدو کیا ایک قلم تحریر ہے دونوں کی ایک

دونوں وہ ناز و ادا دشمن ہیں میری جان کے
قتل کرنے میں مرے تدبیر ہے دونوں کی ایک

حسطرح رہتا ہے تو فکر سخن میں ڈوبا
یوں ظفر کوں ہو اس قلزم زخار میں غرق

تم جو ہر بات میں کرتی ہو ملاقات میں فرق
تمنے دیکھا ہماری جانب سے ہے کس بات میں فرق

بھیجے کس کس سے ہیں لکھوا کے خط اُسنے ہمکو
خط میں ہے فرق خط انکی ہے عبارات میں فرق

نہ رہی اُس نگہ مست کی کیفیت سے
گوشۂ مدرسہ و کنج خرابات میں فرق

مہ کو کیا حسن سے اوس مہر لقا کی نسبت
فرق وہ تو نہیں ہے یوں جیسے کہ ذرات میں فرق

چمن دل میں رہیں کیوں نہ گل زخم ہرے
جوش گریہ میں ہے مرا اور نہیں برسات میں فرق

کرتی ہیں پیشکش وہ سکو در اشک آنکھوں سے
ہم نہیں کرتی تری غم کی مدارات میں فرق

آج بیوقت وہ کیوں آگئے خلاف عادات
اے ظفر اونکی تو آتا نہیں عادات میں فرق

جوان تیغ نگہ ہے جبیں کی تاب میں رونق
برہ کعبہ نہیں ماہتاب میں رونق

حیات تو رہی پر ہیں لیک وہ نہ رہی
جو تھی حیات کی عہد شباب میں رونق

دکھائی دیتی ہے رونق جدھر دیکھو
گئی زمانہ کی سبب انقلاب میں رونق

دکھائی رونق حسن اپنی وہ تو ایک ذرۂ
رہے نہ ملا ہیں نے آفتاب میں رونق

فروغ شمع رہی زیر برقع فانوس
بجائے حسن کی تیری حجاب میں رونق

اگر وہ مست ہو تا رونق افزا ہو
تو ہو کچھ اور ہی بزم شراب میں رونق

۵۶

فدا اگر نہ ہو جان پر دانہ لیکن
نہ میری جان نثاری کے موافق

اگر ہوا بہ دریا بار تو بھی
نہ ہو وہ اشکباری کے موافق

نگہ کرتی ہے تیری کار ظالم
جگر پر تیر کاری کے موافق

محبت مین یہ بیہوشی بھی اپنی
ظفر ہے ہوشیاری کے موافق

گل سے ہین تیری عارض ای لالہ رو مطابق
سنبل سے زلف تیری ہی مو بمو مطابق

تیغ قضای مبرم اور تیری تیغ غمزہ
ہی تیری زبان مین ای جنگجو مطابق

دل کی بھی ڈھنگ وہ ہی مجھسی جو ہین تیرے
ہی تیری اور اوسکی کیا خو بخو مطابق

کیا جوش گریہ مجھسے لایا ہی رنگ دیکھیو
ہی میری چشم تر مین اشک اور لہو مطابق

جو دل ہی میرا کتا ہوتا ہی وہ ہمیشہ
حکم منجم ہے ہوتا کبھو مطابق

تو بھی وہی کہی ہے جو کہ رہا ہی دشمن
ای دوست اُس سے تیری ہی گفتگو مطابق

یوسف مین اور اُسمین فرق ای ظفر نہین ہے
یہ نقل و اصل دونون پائیگا تو مطابق

آئینہ ہی اگرچہ سر بسر صفا مین غرق
تیرا اگر تیرے رخ کی ہے شرم و حیا مین غرق

دولت سے آفسو نگری کیا عجب کہ ہو
کشتی گدا کی آب درِ بے بہا مین غرق

نی شام کی خبر ہی اُسے اور نہ صبح کی
جو ہی خیال زلف و رخ دلربا مین غرق

خط لکھتے لکھتے آیا جو رونا تو ہو گیا
کاغذ تمام خون دلِ مبتلا مین غرق

۵۵

[illegible]

| | |
|---|---|
| وہ روز ان دیوار سے کیونکر ہین جھانکین | سب تاک رہے ہین پس دیوار مخالف |
| کیا سحر ہے آنکھون مین ترے دیکھکے تجکو | ہوجاتے ہین سب تیری طرفدار مخالف |
| کر صلح کل اے دل کہ سب اُٹھ جاے لڑائی | کافر نہ مخالف ہو نہ دیندار مخالف |

برگشتہ زمانہ ظفر ایسا ہوا ہمسے
جو یار موافق تھے وہ ہین یار مخالف

| | |
|---|---|
| مجھے جو تیری جدائی کا دی ہے غم تکلیف | خدا کسیکو نہ دے ایسی اے صنم تکلیف |
| لکھینگے ہم نہ تکلف سے اور کچھ قاصد | اگر لکھینگے خط مین تو ہم اپنی یکقلم تکلیف |
| مریض عشق کو آرام ایک دم مین ہو | کرے ذرا جو یہان وہ مسیح دم تکلیف |
| یہ جان کنی ہے بڑا کام مشکل اے فرہاد | کہ اس سے کوہکنی مین کہین ہے کم تکلیف |
| مسافران عدم کی خبر خدا جانے | کہ انکو چین ہے یا جانب عدم تکلیف |
| مزا ہی کچھ تو مصیبت مین عشق کی ناصح | اوٹھاتی جان ہے جو اسقدر ہین ہم تکلیف |
| قدم سمجھکے رکھو اے دل رہِ محبت مین | یہ راہ وہ ہے کہ ہے جسمین ہر قدم تکلیف |
| جو دیکھین بتکدۂ دلمین صورت اُس بت کی | اگر ہین شیخ جی صاحب سو ہے حرم تکلیف |

دیا ہے ایسے ستمگر کو دل ظفر ہمنے
کہ جس سے جان کو پہونچے ہے دمبدم تکلیف

| | |
|---|---|
| ہوئی غیر دن کو خطا کی ہے جو تقدیر معاف | اسکا باعث ہے بتا دون جو ہو تقصیر معاف |

[illegible]

ردیف القاف

[illegible]

مہ ہو ہمتاب تیرے رُخ سے غلط
اے ستمگر خرام ناز سے تو

ہمسر ابرو سے ہو ہلال دروغ
ٹکرے دل کو پائمال دروغ

شیوۂ راستی ہے خوب ظفر
بات منہ سے نہ تو نکال دروغ

چاہیے ذی شمع مجکو ذی سر مدفن چراغ
جنبش دامن سے تیری ای نسیم صبحدم
یوں پس مژگان ہی وہ سُرخی چشم خمار
شب دکھا کر تو رخ روشن نکر غماز تکری
وقت صحبت یار سے گھر میں اندھیرا چاہیے
رات کو چوری سے جھانکا جو ذرا وہ شمع رو

داغ دل روشن ہے زیر خاک بے روغن چراغ
گر نہیں ہوتا چمن میں گل کا یہ روشن چراغ
رکھ دیا جیسے جلا کر ہو پس ملگن چراغ
ساتھ اپنے رات کو رکھتی ہیں کب ہر زن چراغ
روشنی اُسوقت ہی غماز اور دشمن چراغ
تاب رخ سی بنگیا دیوار کا روزن چراغ

شمع ساں جلتے ہیں سب جو سوز غم سے ای ظفر
ہے جلائی گھر میں گھی کے وہ بت مدفن چراغ

## ردیف الفا

ہم ہوئے جب سے کہ اُس ماہ جبیں سے واقف
عین ایمان سمجھتے ہیں ہم اُ نکا دیدار

پھر جہاں میں نہ ہوئے اور حسیں سے واقف
نہ تو ہیں کفر سے آگاہ نہ دیں سے واقف

ہمسر تری ابرو پہ خم سے بن سکے
یہ ماہ نو نہیں ہے گردون پہ سر جبین
تیری نگاہ ہے وہ غضب دیکھکر جسے

گرچہ بنائے تیغ گر اصفہان تیغ
چمکا رہا ہے سر پہ مگر آسمان تیغ
خنجر تو الحفیظ کہے الامان تیغ

کچھ بحر و قافیہ کو بدل کر ظفر غزل
تیری مین تیر سے ہے قلم دو زبان تیغ

وہ گل کہ گرد جن کے آنکھ نے خار ہی تیغ
سوال بوسہ ابرو کیا ہے کب مین نے
ہمیشہ سینہ بسینہ ہین ہم بھی سینہ سپر
الٰہی سر پہ دنبالہ دار ہے کس پر
وہ چین دیکھکے ابرو پہ لا نہین سکتے
ہر ایک غنچۂ گل کے لیے کمستا نہین

تیری نگاہ کو کوئی قہر خوش غلاف ہی تیغ
جو جھپ کے کھینچا وہ ہو گئے برخلاف ہی تیغ
اگرچہ سیلی وو سینہ سے تا بناف ہی تیغ
یہ اسکی چشم نے کھینچی پے مصاف ہی تیغ
زبان پہ جوہر خوبی کی اپنے لاف ہی تیغ
یہ تیری موج تبسم جگر شگاف ہی تیغ

ظفر ہے قدر سپاہی کی اس زمانہ مین کیا
ہر ایک باندھتا مذاق و نور باف ہے تیغ

آج زینب نوحہ گر ہی داد بیداد دریغ
گھر چلی اے خیمہ چلا بیٹھے کہان جائی کدہر
نور چشم ساقی کوثر ہے پیاسا دشت مین

بیٹھی سر ننگے سر ہے وا دریغا وا دریغ
اب نہ گھر ہی اور نہ در ہے وا دریغا وا دریغ
خشک لب ہے چشم تر ہی وا دریغا وا دریغ

ہمکو نہین رہی ہوس گل ہوا کے باغ — گل رشک خون مین تختۂ زمین بجای باغ

دل اسقدر ہی تنگ غم ہجر مین کہ ہے — زندان سے تنگ تر مرے حق مین فضای باغ

وہ پھول بھی ہزار پہ اونکے نہین فلک — لیکر زمین جنہون نے ہزارون بنائے باغ

تا باغ ہم نہ پہونچے قفس ہی مین مر گئے — کہکر کہ ہائے ہائے چمن ہای ہای باغ

منظور سیر باغ اگر ہو تو اب مجھے — داغون سے اپنے سینہ کے عاشق دکھائے باغ

بھر جام ساقیا کہین جلدی کہ پھر کہان — یہ گل یہ سبزہ اور یہ ٹھنڈی ہوائے باغ

وہ رشک باغ پاس نہین اپنے اے ظفر
کیا گل خوش آئے اور نہین کیا خوش آئے باغ

تو نے جسے کہدیا ای بت پرفن دروغ — بات اگر سچ بھی تھی وہ تو گئی بن دروغ

دلکو یہ ڈس لیتی ہے جانتا ہون خوب اسے — مین نہین کہتا تری زلف کو ناگن دروغ

دوست جسے سمجھے وہ ہمین ایک بنا ور کرین — باتین بنائین ہزار آنکے دشمن دروغ

ہو گئے محبت مین تم ہمسے نہ سیجے کبھی — دیتی ہے ہمکو جتا آپکی چتون دروغ

گل کو ہے نسبت کہان اس ترے رخسار سے — بولتے شاعر ہین ای غیرت گلشن دروغ

لکھے کو تقدیر کے جانتے ہین ہمتو سچ — لوتھی مین جو ہے ترے ہے وہ برہمن دروغ

درد دل اپنا نہ کہ تو ناصح بیدرد سے
جانتا ہے اے ظفر اسکو یہ ہے کو دل دروغ

جام مے تک نہیں پہونچی ابھی نوبت کہ ہوئی
بیخ میخوار کی ساقی کی ملاقات مین نفع

کیون لگاتا نہیں تو پہنچنے کے قاتل شمشیر
تنہ یک عمر کا تا ہو ابھی اک بات مین نفع

واعظا فایدہ کیا مدرسہ مین بک بک سے
سمجھ جو دلکا ہی ہوگا وہ خرابات مین نفع

وہ رہین آگئے اگر شب کو ہمارے گھر مین
اگلے پچھلے گلے سب اونسے ہوا اک رات مین نفع

مردا سے فخر جہان تا ہون ظفر کے دلمین
سب ملال آپکے الطاف و عنایات مین نفع

نہ ابر کی طمع ہے نہ گہر نہ ور کی طمع
جو بد معاش ہین انکو ہے مال و زر کی طمع

## مطلع ثانی

نہیں ہے ہمکو سوا وصل سیمبر کی طمع
فقط ہے عین عنایت سوا اک نظر کی طمع

روان ہو پر یہ اگر بیکے زلکا قاصد اشک
نہ کچھ ہو نامہ کی حاجت نہ سیمبر کی طمع

طمع کا چھوڑنا آسان نہیں کہ زیر زمین
بشر کے ساتھ ہی جاتی ہے یہ بشر کی طمع

تصور لب و دندان یار کی دولت
نہ ہمکو لعل کی خواہش نہ ہے گہر کی طمع

نگس کیطرح سے پیسے گا منہ کو اے طماع
نکر حلاوت دنیا سے تو شکر کی طمع

اوٹھا جکا ترا عاشق ہے وہ جہان ہاتھ
نہ اب وہ ہمکو ہی لالچ نہی ادہر کی طمع

وہ تیر سے محو وہان کمر کا پوچھے حال
جو رہنگان عدم نے رکھے خبر کی طمع

شکست دیجے کسطرح نفس سرکش کو
نہیں ہے اسکے سوا اور کچھ ظفر کی طمع

ان کی ظاہر آشنائی ہے فقط
ورنہ پنہان بیوفائی ہے فقط

کیون لڑائی آنکھ اُس نے غیر سے
ہیرے اُسکے یہ لڑائی ہے فقط

دلکو سودا ہے جو غش ہے زلف پر
اُسمین کیا ہے کج ادائی ہے فقط

ہمکو کافی منزل مقصود تک
عشق ہی کی رہنمائی ہے فقط

جان تک دیگا جلا یہ سوز عشق
آگ ابھی دلمین لگائی ہے فقط

گر سخن مین عشق کے گرمی نہین
اے ظفر ہرزہ درائی ہے فقط

کیا لکھون قاصد سے شکوے کی طغیانی مین خط
حرف مچجائینگے سارے بھیگ کر پانی مین خط

ہو لکھا تقدیر کا معلوم کس عنوان مین
وہ پڑھا جاتا نہین ہے جو کہ پیشانی مین خط

قتل کرنیکو ہمارے کم نہین شمشیر سے
سبز ہون سرمہ کا چشم دلبر جانی مین خط

کیا قبا دریا تو ہے کام مجنون کو کہ ہین
ناخن وحشت جنون سے تن بہ عریانی مین خط

ہم ترے رخ کے کتابی کو ہین مصحف جانتے
ملتا ہے عارض کا ترے خط قرآنی مین خط

بندہ گیا ہو جب سے اُس زلف پریشان کا خیال
ہم شکستہ لکھتے ہین اکثر پریشانی مین خط

صفحۂ عالم پہ ہین جتنے سخندان اے ظفر
لکھتے ہین تیری غلامی کا سخندانی مین خط

## ردیف الظاے معجمہ

| | |
|---|---|
| میری بات تو نہین اگر ہووے نہ بوالفتکی | تو پھر اس شوخ کو کیا ناک چڑھانے سے غرض |
| کچھ ہوا ایسا کہ قرار آئے دل مضطر کو | نہ غرض خط سے نہ قاصد کے بہی آنے سے غرض |
| دل ہو سینہ مین نشانہ کہ جگر تجھکو کیا | اے کماندار تجھے تیر لگانے سے غرض |

دے کے دل اپنا اُسے ایسے ہوئے بے پروا
ہم نہین رکھتے ظفر ایک زمانہ سے غرض

## ردیف الطاے مہملہ

| | |
|---|---|
| کس کس کے نام آئے ہین اس عشوہ گر کے خط | ہین آج دونون ہاتھونمین جو نامہ بر کے خط |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| دلوادے یاد کوئی انھین یاد کر کے خط | تکیہ تلے وہ بھول گئے میرا دہر کے خط |
| تاباں ہین نور عشق سے مثل خطوط مہر | ہین گرد جو نہٹون کے داغ جگر کے خط |
| کرتا ہے کہکشان کو شب تار مین خجل | اُس مہ جبین کے مانگ کا بالونمین سر کے خط |
| سو ٹکڑے دل کے ہو گئے پر جسم پر کہین | ظاہر پڑا نہ وار سے تیغ نظر کے خط |
| حال اپنا لکھکے آئے جو رونا کبھی مجھے | بہ جائے جوش گریہ سے اُس چشم تر کے خط |
| تاثیر کچھ تو کی ہے مرے دود آہ نے | آیا نکل جو رخ پہ ہے اس سیمبر کے خط |
| ہے یہ خطا اگر کٹے نہ قاصد کے دے اُڑا | پھینکا بلا سے قینچی سے اُسنے کتر کے خط |
| ہون لاکھ خوشنویس اگر خط نسخ مین | پر ہو کسیکا خوش خط سے ظفر کے خط |

رکھتے ہیں ذات روا اپنی جو دنیا میں حریص
یہ قصور انکا نہیں ہے اے ظفر تقصیر حرص

سب آفتیں بری ہیں پر الفت علی الخصوص
سب غم ہیں سخت پر غم الفت علی الخصوص

ہر ناز غمزہ اسکا قیامت سے کم نہیں
اور پھر وہ جلوۂ قد و قامت علی الخصوص

کرتی ہے چشم یار جب ایمای قتل عام
ہوتی ہے میری طرف ہی اشارت علی الخصوص

ہے صاف جوش عشق میں نقصان آبرو
اور ہے جب آئین گریہ کی شہرت علی الخصوص

ہم وحشیوں کو ہیں ہے وحشت سمجھا چکی
اور اس نگاہ و چشم کی وحشت علی الخصوص

سب انکے ناپسند سمجھنا میں دوستی
اور اسمیں دشمنوں کی شکایت علی الخصوص

جتنے کہ شیوہ خوب تھے دنیا سے اٹھ گئے
اور اے ظفر طریق مروت علی الخصوص

## ردیف الضاد معجمہ

رکھتا نہیں ہے جو وہ بیوفا غرض
تو ہم بھی بیغرض ہیں نہیں ہے اس سے کیا غرض

ہم انکے ملتجی ہوں نہ کیوں وصل کے لیے
دنیا میں کب نکلتی ہے بے التجا غرض

مطلب نہ ظلم سے ہے نہ تیرے ستم سے کام
ہمکو وفا سے اپنی ہے اے دیر جفا غرض

کام اپنا ہو گیا نگہ یار سے تمام
اب تجھ سے کیا رہی ہے ہمیں اقتضا غرض

ناحق بناؤں اپنے لیے اور مدعی
کیوں جاؤں میں وہاں مجھے کچھ مدعا غرض

[illegible]

جلا شمع کے گرد پروانہ پھر کر — ہوئی رہنما سوز الفت مین گردش

بگولے کے مانند مجھکو ہمیشہ — لیے پھرتی ہی دشت وحشت مین گردش

پھرا ہر زردار ہو کر جہان مین — ہے اہل دولت کو دولت مین گردش

ظفر ہم جو رہتے ہین آوارگی مین — نصیبون کی ہے یہ حقیقت مین گردش

## ردیف الصاد مہملہ

ہے غمخوار ہمین ہے یار دل غمناک خاص — کیون نہ غم کھائے کہ ہے اسکی ہی خوراک خاص

اور بھی یون تو ہزار دن مین شکار اے شہسوار — پر یہ میرا صید دل ہی قابل فتراک خاص

وہ سمند ناز کو کرتا ہے کیا کیا گرم خیز — ہے اسکے واسطے یہ توسن چالاک خاص

قاصدان اشک جو رہتے رواں ہین رات دن — واسطے دل کے خبر لانیکی ہے یہ ڈاک خاص

ابر نیسان ہے برستے کب ہین لعل لخت دل — یہ تو ہین برسانے والے دیدۂ نمناک خاص

خاکسار ہین تم اپنے خاص کہتے ہو جنہین — اور بہتیرے ہین سو ہم خاک ہین ہین خاک خاص

یون تو قتل عام کرتے ہین وہ سب ناز و ادا — پر ظفر اس کام کا ہے غمزۂ سفاک خاص

سمجھا ہے جسے یار وہ نہین تو خاص — تری ہوئی ہے اس سے گفتگو خاص

حسین تو اور بھی ہین خاصے خاصے — مگر سب مین ہے تو اے ماہرو خاص

[illegible]

کیا ابر نو بہار سے ساقی نسیم خوش
رکھی ہے دیکھ دوش پر اپنے گلیم خوش

خوش آئی بوئی مشک کسی جب دماغ سے
اس زلف عنبرین کے بھری ہو شمیم خوش

ان تیرے سر خوشوں کے لیے کوئی میفروش
آپ ہو وے آخوش سے ہے ساقی نعیم خوش

تیرے مریض عشق کو مرنے کی ہے خوشی
دیکھا سوائے اسکے نہ کوئی سقیم خوش

گر ہو پسند ای سہ پردہ نشین تجھے
ہے چشم منتظر مری خوش دل حریم خوش

بیت الحزن مین یار ترے غمزدونکے پاس
ہے داغ ہمنشین خوش ہو غم ندیم خوش

جو ہے یہان مسافر ناخوش ہے ای ظفر
پایا نہ اس سرا مین کوئی بھی مقیم خوش

ہمکو بے بوسہ دل اتنا دون چہ خوش
تم ہو خوش مین وہ ناخوش ہون چہ خوش

مین خوشامد بھی اگر اسکی کرون
ہو گئے وہ ناخوش کہے ہے لون چہ خوش

ہے وہ جانا دشمن جانی مرا
دوست اپنا اسکو مین جانون چہ خوش

تو ہے خوش خوش وہان غیر نہین مجھے
کھاؤ نہین یان رشک سے افیون چہ خوش

اٹھ گیا جو پاس کر کے غیر کا
اسکو پھر مین پاس بٹھلاؤن چہ خوش

وادی وحشت مین میری طرح سے
خاک اڑا کے تو بھی ای مجنون چہ خوش

وہ خطا وار نہیں ٹھہرائین مجھے
انکو مین خط لکھ کے بھجواؤن چہ خوش

ہون وہ مثل زلف برہم اور مین
انکی زلفونکی بلائین لون چہ خوش

اے ظفر دامن سے اس سفاک کے
کوئی ڈہونڈ لے ہما سا خون چہ خوش

[illegible]

دشک ہین تھی یہ خوشبو نہ آگے عنبر مین
لیے ہین طرۂ مشکین سے اُس حبیب کے بس

ذرا بھی پائی نہ گرمی گلو نکے دلمین صبا
بہی تھی نالۂ پرسوز عندلیب کے بس

کہے ہے عشق ظفر عقل کا نہ مان کہا
تمام ہو چکے آداب اس ادیب کے بس

جمع کر سکتے نہین صاحب تدبیر حواس
منتشر کرتی ہے جب گردش تقدیر حواس

کہو اُس عذر شتے سے نہ غرا اتنا
تیرے کمو دیگا مرا نالۂ شبگیر حواس

لائے زندانمین جب اُس زلف کے سودائی کو
اور بھی اُسکے گئے دیکھ کے زنجیر حواس

کچھ بجا و بجا خاک کہ پیری کی سبب
رہے تیرے نہ بجا لے فلک پیر حواس

دلکی دل ہی مین ہی منہ سے نہ کچھ دلکی کہی
گم ہوے سامنے اُسکے دم تقریر حواس

تیغ ابرو سے ہین سینہ سپر ہین ورنہ
اچھے اچھو نکے اوڑا دیتی ہے شمشیر حواس

نہین معلوم ظفر یاد ہے اُسکو کیا ہیچ
کہ بھلا دیتی ہے وہ زلف گرہ گیر حواس

بعد آزادی بھی ہے ہے یہ تاثیر قفس
ہوش اڑجاتے ہین گر دیکھون ہوں تصویر قفس

ہم چمن مین کرے ہین آشیان اپنا درست
کرتا ہی صیاد فکر و اہم و تدبیر قفس

سیر کو دن جائین ترے ہاتھو نسلے ای صیاد دو
یون گرفتاری مین ہین جیسے عصافیر قفس

یاد شاخ گل مرا کر دلکو کرتی ہے فگار
ہی بجا جو بہ قفس کو گر کہون تیر قفس

[illegible]

[illegible]

غیر سے آہستگی مین بات کرنی پیار سے
اور ہمسے بولنا یون آپ خود کام تیز

ہوش وحشت مین ترے مجنون کو پیر آ نہین
خار زیر پا مین صحرا مین سر ہر گام تیز

گرمی رخسار تیری ہی قیامت زیر زلف
اسقدر ہوتا نہین خورشید وقت شام تیز

بوسہ مانگو تو طبیعت اسکی ہو جاتی ہے تند
اے ظفر ہو جاے ہے دینا کو وہ دشنام تیز

یون ہے ذقن پہ زلف شکن در شکن دراز
چاہ عمیق کے لیے جیسے رسن دراز

عاشق کو تیرے ہوگا نہ آرام جیتے جی
جا کر کریگا پانون نہ زیر کفن دراز

تا حق زبان شمع نہ گلگیر کاٹتا
کرتی نہ وہ زبان جو سر انجمن دراز

بارے کیا وہ تیشۂ آخر نے مختصر
تھا جو کہ قصۂ عشق کا اے کوہکن دراز

مارے ہے بے زبان وہین زخم لاف عشق
یہ تو زبان دراز نہین ہے دہن دراز

تشبیہ اسکو دون قد موزون سے کیا ترے
اے رشک گل ہے قامت سرو چمن دراز

جانے دے تو نہ چھیڑ ظفر ذکر زلف یار
ہو جائیگا زیادہ وگرنہ سخن دراز

## ردیف السین مہملہ

بارش کے تار مین سر مژگان تر کا عکس
خورشید چرخ ہے مرے داغ جگر کا عکس

تالاب پر وہ ماہ جو دیکھے ہے چاندنی
پانی مین رقص کرتا ہے کیا کیا قمر کا عکس

| | |
|---|---|
| معلوم نہیں نامہ میں ہے کیا رقم تیز | جو نامہ بر آتا ہے اوٹھائے قدم تیز |
| سست آئے کہ تیز آئے مری آنکھ سے آنسو | نے مجکو غم سست ہے اے دل نہ غم تیز |
| سب حال کہے دے ہو مرا ان کے سب سے | کندی جو اس ادمیہ سحر لحظہ دم تیز |
| اس عاشق شیدا پہ ستمگر نہ روا رکھ | یہ سستی الطاف اور اتنا ستم تیز |
| جو دیکھے تجھے یہ کہے واللہ نہ دیکھا | جانانہ گرم ایسا نہ ایسا صنم تیز |

سرکش ہو عدو گر سر میدان کتابت
ہو خنجر تیز اے ظفر اپنا قلم تیز

| | |
|---|---|
| گر تو خوشی سے حرف حکایات چند روز | اے یار پھر کہاں کہ یہی بات چند روز |
| دنیا مثال فاختہ جاتی ہے جسکے پاس | رہتی ہے اسکے پاس یہ بد ذات چند روز |
| تو جانے گرم و سرد زمانہ کو اس لیئے | گرمی کبھی ہے اور کبھی برسات چند روز |
| بیٹھا ہے اعتکاف میں کیا زاہدونکی طرح | تو اوٹھ کے کرلے سیر خرابات چند روز |
| ہو جلد ہوشیار کہ جاتے ہیں ہاتھ سے | غافل نشاط و عیش کے ہیہات چند روز |
| کچھ لطف زندگی کا اگر ہے اسی میں ہے | ہے یہ جو دوستونکی ملاقات چند روز |

فرصت بہت ہی کم ہے غنیمت سمجھ ظفر
ہنس بول کر بسر ہو تو اوقات چند روز

| | |
|---|---|
| کرے ہے کسلیئے تلوار تو تیز | ظفر کیا کم ہے تیری جنگجو تیز |

دیگر

کیا نہ ہجر کا دل سے غم و ملال اک روز
امید وصل میں ہے ہو گیا وصال اک روز

دیگر

## ردیف الرائے ہندی

| | |
|---|---|
| مین نہین کہتا کہ دل تونے لیا جان تو چھوڑ | پر خدا کیلیے کافر مرا ایمان تو چھوڑ |

### مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| بڑ ریان چھوڑ نہ ہا زلف پریشان تو چھوڑ | دولت حسن پہ تو کوئی نگہبان تو چھوڑ |
| استقدر دست درازی نہ کرے دست جنون | چھوڑ ثابت نہ اگر جیب کو دامان تو چھوڑ |
| کرتے دنیا کو ہو سامان عبث تم اتنا | غافلو جاؤگے یان کا یہین سامان تو چھوڑ |
| جنبش ابرو پر خم سے دل بسمل پر | ہاتھ اک کھینچ کے شمشیر صفاہان تو چھوڑ |
| ہووے اس حور لقا پر جو پری دیوانی | اور اگر کچھ نہ کرے دے پرستان کو چھوڑ |
| تیر ثابت تو نچھوڑا کوئی ولین تونے | پر جگر مین کوئی ٹوٹا ہوا پیکان تو چھوڑ |
| دل کبوتر ہے مرا جال مین نفونکے ترے | تو نچھوڑ اسکو اگر سمجھے ہے گردان تو چھوڑ |
| شیوہ آہ و فغان مجھ سے یہ چھوٹے کیونکر | روش آن و ادا اپنی تو اک آن پر چھوڑ |
| جب کہا مین نے کہ چھوڑونگا نہین آج تجھے | لگے کہنے کہ ذرا پردہ دالان تو چھوڑ |

لے گئے ساتھ ظفر سب وہ مرا صبر و قرار
لیکن البتہ گئے حسرت و ارمان تو چھوڑ

## ردیف الرائے معجمہ

| | |
|---|---|
| یون ہوا سینے مین یار کا پیکان عزیز | جسطرح آیا ہو گھر مین کوئی مہمان عزیز |

### مطلع ثانی

۴۰

مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| غمزہ ہو ترا ملق پہ سینہ مین تیرا تیر | یون چاہیے کھینچی تری نخچیر کی تصویر |
| حیران رہے ہو صورتِ تصویر مصوّر | کھینچے اگر اس عالم تصویر کی تصویر |

قربان ظفر مین قلم شوق کے اپنے
کھینچے ہے مرے ولیہ مرے پیر کی تصویر

| | |
|---|---|
| عشق مین کیونکر جیئین ہم اپنا سینہ کوٹکر | جیین ہے کھا جائین ہیرے کا نگینہ کوٹکر |
| واہ وا کیا صانع قدرت نی آنکھون مین تری | بھر دیے موتی ہے اے ماہ شبینہ کوٹکر |
| تیغ ہمسر تیرے ابرو کے نہ کوئی بن سکے | تیغ گر سو بار مین لوہا بے قرینہ کوٹکر |
| ہاتھ لوٹین محتسب تیرے کہ تونے سنگدل | ریزہ ریزہ کر دیا پتھر سے مینا کوٹکر |
| گر کبھی ہو وصل کی کچھ شب تو ہم اسکے عوض | دق گذارین چھاتی اپنی اک مہینا کوٹکر |
| پارہ پارہ کر دیا سنگ ستم سے ہے ستم | لے پر پرو تونے دل کا آبگینہ کوٹکر |

ظلم ہو جو ہے کیا نقصان شریفون کو ملے
کب گھٹائے قدر زر لوہا کمینہ کوٹکر

| | |
|---|---|
| وہ ہے فروغ محبت نے لگے داغ کا نور | نہ پہونچے شمع کا نور اسکو نی چراغ کا نور |
| پڑے شراب مین گر عکس روے ساقی کا | تو آفتاب سے مہتاب ہو ایاغ کا نور |
| نظر لگائے اگر اسکے خال عارض کا | تو یہ دعا ہے کہ اوڑ جای چشم زاغ کا نور |
| گل چمن مین ہو کیا روشنی صبح بہار | جو دیکھیے چہرہ خوبان رشک باغ کا نور |

بڑھے جو عشق کے شعلے سے نکلے داغ کا نور
نہ پہنچے شمع کا نور اسکو نہ چراغ کا نور

پڑے شراب میں گر عکس روے ساقی کا
فزون ہو نور سے خورشید کی ایاغ کا نور

اگر کو اسکی شب تار زلف مین ڈھونڈھے
کہان ہے عقل مین یہ طاقت سراغ کا نور

وہ ماہ باغ مین جسوقت چاندنی دیکھے
تو دیکھے پھر کوئی اسوقت صحن باغ کا نور

ہے جو خال رخ یار سے وہ ہمچشمی
تو پھر یقین ہے کہ اڑجائے چشم زاغ کا نور

بغیر تیرے ہے عاشق کے حق مین نار سقر
چراغ محفل یاران خوش دماغ کا نور

فروغ بخش ظفر فانوس کے چہرہ پر
ہمیشہ انکے ہے دلہائے با فراغ کا نور

کھلتا نہین ہے حال کسی پر کہے بغیر
پر دل کی جان لیتے ہین دلبر کہے بغیر

مین کیون کہون تم آؤ کہ دل کی کشش سے وہ
آئینگے دوڑے آپ مرے گھر کہے بغیر

کیا تاب کیا مجال ہماری کہ بوسہ لین
لب کو تمہارے لب سے ملا کر کہے بغیر

بیدرد تو سنے نہ سنے لیک درد دل
رہتا نہین ہے عاشق مضطر کہے بغیر

ہم ہین وہ خاکسار کہ مانند نقش پا
در پر جما ہو یا ترے بستر کہے بغیر

جو مین کہون تم وہ سب کہی جاتی ہے غیر سے
آگے قرار اسکو نہ دم بھر کہے بغیر

صورت ہی میری دیکھکے سب میرے دل کا حال
معلوم کر گیا وہ ستمگر کہے بغیر

کیا خاکساری اپنی کہون تم سے جا کے مین
وہ ہے مین تجھ سے مکرر کہے بغیر

[illegible]

| | |
|---|---|
| بنا یا دشمن انھین اپنا چھیڑ کر مین نے | کہ انکو مجھ سے پڑا ایک گذ گذری مین بیر |
| الہی اُترے مین کیون مدرسہ مین طالب علم | پڑھا او نھون نے ہے کیا درس مبتدی مین کہ |
| نہ آیا وادی مجنون مین ناقہ لیلے | غضب ہے تیرے بھی آسا بان عمر مین بیر |

ظفر وہ ہویگا ہونا ضرور ہے جس کا
کوئی ہزار کرے امر لابدی مین بیر

| | |
|---|---|
| ڈہونڈے کوئی کیا یار کا در چھوڑ کے اور | اس گھر کے سوا تو نظر آتا نہین گھر اور |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| ہم دیکھتے ہین انکی نظر آج ادہر اور | معلوم ہوا انکو ہے کچھ مد نظر اور |

## مطلع ثالث

| | |
|---|---|
| جس وقت ہوے اشک فشان دیدۂ تر اور | دل اپنا جلا اور بڑھا سوز جگر اور |
| اس منزل ہستی سے کوئی آگے عدم ہے | کیا جانیے بیٹھے کہ ہے درپیش سفر اور |
| گل پھولے سمائے نہین جامہ مین صبا کیون | کچھ اوڑتی ہوئی آئی ہے کانون مین خبر اور |
| رسوا جہان کیا ہو گریہ سے ہم اے دل | ہمکو تو ڈبو ویگا ابھی دیدۂ تر اور |
| جس دن سے تصور ہے رخ و زلف کا تیرے | اوس دن سے مرا حال ہے شام اور سحر اور |
| ہر چند کہ بتر دن سے ہے سینہ مرا غربال | پھر بھی کہے جاتا ہون دل اور جگر اور |

دیگر

[illegible]

[illegible]

اٹھا کر آج میری جنس دل ڈھی چلا تھا وہ
ظفر کتنے سے اپنے دوستوں کو اسنے دے دی پر

تمہاری گالیاں کھاتا ہوں میں کو سہ نہ ٹالے پر — کہو گا سچ یقین ہو یا نہو تمکو مرے سچ پر
مری اکبات بھی تم جو رکھتے ہو خدا جانے — لگے ہے آپکا دل کسطرح اور دونکی پیچ پیچ پر
کھجا کچھ بھرے ہیں عشق نے دمیں ہم حسرت — نہیں ہوتی ہے نیت سیر انکی اس کھجا کچھ پر
سفارش لاکھ پر سچ گر کری کوئی نہیں سنتا — وہ ظالم جبکہ آجاتا ہے اپنی بانکی تیچ پر
کہا سب نے مرے دلکو کہ پیچ پیچ بار گیسو سے — بچا ہرگز نہ یہ شامت کا مارا اتنی پیچ پیچ پر
چمن کو یاد کر کر ہم قفس میں اسقدر ٹھہر کے — کہ بازو لوٹ کر دونوں ہے ہو ہو ہیں شاخ نخ پر

ظفر دلکا محل مضبوط ہوتا ہے تو ہمت سے
نہ موقوف اسکا استحکام ہے نہ پرہے نس گچ پر

کیا عجب ہے کہ ہمارا دل غمناک میں تیر — تو وہ نوا کے لگا وہ بر خاک میں تیر
سرکشی ہے سزا تیری یہی اے گردون — کہکشاں دیتی ہے ہر شب تری ناکمیں تیر
انکو انجم نہ کہو آتے ہیں سوفار نظر — بیٹھے ہو نگے مرے سینہ افلاک میں تیر
کس کمانداز نے کی دشت میں تیر اندازی — کہ سوں ہر سمت پڑے ہیں خس و خاشاک میں تیر
جو کہ دنیا میں ہیں آلودہ یہ کاوش ہے انہیں — ہے ہر اک ڈگمگاتا گویا تن ناپاک میں تیر
دیکھنا جذب محبت کہ نہ نکلا ہرگز — گیا ٹوٹ کے اسکا دل صد چاک میں تیر

لکھوں اُس مہ جبین کا مین جو وصف عارض روشن
تو ہمسر نور مین ہو ماہ پر تنویر کا کاغذ

لکھا مین چاہتا ہون شکوہ اُسکو سرد مہری کا
مرے نامہ کو قاصد چاہیے کشمیر کا کاغذ

ظفر مضمون چاک سینہ نے تاثیر کی آخر
کیا ہے چاک اُسنے عاشق دلگیر کا کاغذ

لکھنے بیٹھا جو نشے مین وہ شرابی کاغذ
تو کیا بادۂ گلگون سے گلابی کاغذ

کیا عجب چاک کرے رشک سے حسن خط کے
سو کتابون کے تراشے کتابی کاغذ

اپنے دل سوز کا انگار و نہ رکھدے افسوس
ہون وہ بیکس شرر و کاہ کبابی کاغذ

نامہ بر تو مرے کاغذ کو چھپا کر یجا
مجکو ڈر ہے کہ نہ لائے یہ خرابی کاغذ

عشق نے جب سے دیا ہے مجھے دیوانہ خطاب
کوئی بیکار نہین ہے مہر خطابی کاغذ

ہین پڑے اُسپہ مرے گریہ کا مضمون لکھاہے
نامہ بر ہو مرے نامہ کا جوابی کاغذ

کیا عجب گر اثر شوق سے میرے اوڑ کر
اے ظفر پہونچے کبوتر کا شتابی کاغذ

جبکہ در پردہ کہین سے لگے آنے کاغذ
انکو ناچار پڑے سب سے چھپانے کاغذ

جوش گریہ کا برا ہو کہ ترے نامہ کو
دیا آنکھون نے بھی ہمکو نہ لگانے کاغذ

تجھے خط پیر سے گئے شوخ کما نہ رکھے پاس
اُسنے تیرونکے بنائے وہ نشانے کاغذ

یہ نوشتہ کی ہے خوبی کہ وہان پہونچایا
نہ کبوتر نے ہمارا نہ صبا نے کاغذ

تشبیہ دینی ہوئے عرقناک کو ترے
میرے وفور گریہ سے ہالہ کو ماہ کے

نزدیک میرے قرص گل میں اب ہے بعید
نسبت نہیں ہے حلقۂ گرداب سے بعید

میرے گلے سے آن کے لگا دین جو عید کو
ہے کیا ظفر عنایت احباب سے بعید

پھانس الفت کی نہ ایدل کبھی نشتر سے کرید
دیکھ تو کتنے نکلتے ہیں ترے پیکان تیر

دھب ہے تو سوزن مژگان دلبر سے کرید
میرے سینہ کو ذرا تو نوک خنجر سے کرید

جب ذرا ابھرنے لگی ہے پائے مجنون کی خراش
دے ہے نوک خار صحرا پھر نئے سر سے کرید

لگتے ہیں خاک مین کتنے ہی تیرے ہاتھ سے
پر نہیں کرتا کوئی ظالم ترے ڈر سے کرید

ہاتھ آتا ہے نصیبون سے دفینہ اے حریص
خاک تو بیجا ید دست خواہش زر سے کرید

ناخن حسرت نے چھیلا سینہ باہر سے مرا
کاوِ کاوِ غم نے ڈالا دل کو اندر سے کرید

خاک مین میری دبی ہے آتش دل اے ظفر
اگر نہو باور تو کہدو اُس ستمگر سے کرید

ہے ہے لمین محبت کے شور و شر کا فساد
ہوئے گا ئے کیسے یا رب یہ کیونکر گھر کا فساد

جلایا آہ کے شعلہ نے خیمۂ افلاک
بڑھا ہے دیکھو تو کیا سوزش جگر کا فساد

لڑائی مجمین اور اسمین ہے مفسدونکے سبب
ہے ادھر کا فساد اور نہ ہے اُدھر کا فساد

بشر نہ جانیے شیطان ہے وہ فساد انگیز
ہمیشہ کام ہے دنیا مین جس بشر کا فساد

بنا ہے نشہ سے جب کبھی دود تم کا کاغذ

لکھوں

چھپی فرقہ کی جو بخت دل خراب میں سیخ
دکھائی دی وہ پروئی ہوئی کباب میں سیخ

ہمیشہ نان پز آسمان کے ہاتھوں سے
فقط شعاع کی ہے قرص آفتاب میں سیخ

نشہ بغیر گزک بے مزا ہے اے ساقی
کباب کیا ہوے خالی دھری ہے قاب میں سیخ

بری نظر سے جو دیکھے تجھے وہ آ کے ہوش
تو کر دے آہ مری چشم ماہتاب میں سیخ

یہ دیکھیو خنجر و برق گر کے آگ میں لال
لپیٹ دیتی ہے کیا چادر سحاب میں سیخ

کباب ہے واسطے اس خوش دماغ کے نہ لگا
نہ دھو کے پہلے کبابی اگر گلاب میں سیخ

بندھا خیال کیا یوں کا رات کو جو ظفر
تو کہکشان بھی لگی نشۂ شراب میں سیخ

ہے اسکی چشم کی گردش سے آسمانکو چرخ
اور آسمانکی گردش سے ہے جہان کو چرخ

قریب اُس رخ روشن کے دیکھ کر گوش
فروغ دے نہ مہ و زہرہ کے قران کو چرخ

بتوں کے ہاتھ سے لوٹا ہے زمانہ میں
ہمارے دین کو ایمان کو دلکو جانکو چرخ

کرے نہ جلوہ شام و شفق پہ ناز اتنا
جو دیکھ لے ترے رنگ مسی پان کو چرخ

ہزار قصر و محل ہوں تو ہے مٹا آخر
مثال نقش کف پا ترے نشان کو چرخ

عجب نہیں ترے ابرو کے سامنے دل سے
اتار دے مہ نو کی اگر کمان کو چرخ

نہیں یہ کاہکشان گرمی فغان سے مرے
نکال دیتا ہے منہ سے ظفر زبان کو چرخ

| | |
|---|---|
| مجنون کے جو قدم بقدم اک طرح پہ ہو | رکھے کبھی نہ اپنا قدم دوسری طرح |

**قطعہ**

| | |
|---|---|
| یکبار اک طرح پہ اُنھیں لکھے کوئی حال | گر خط کرے دوبارہ رقم دوسری طرح |
| ہاتھ اُسکا قطع ایک تو ہو ایک طرح پر | اور دوسرا جو ہاتھ قلم دوسری طرح |

جب اک طرح پہ چڑھتے نہیں دم پہ وہ ظفر
وہباز اُنکو دیتے ہین دم دوسری طرح

| | |
|---|---|
| کیون لینگے اب وہ مجھ سے گنہگار کی صلاح | دس پانچ دن ہے اور ہے دو چار کی صلاح |

**مطلع ثانی**

| | |
|---|---|
| اُسکے خلاف کب ہو دل زار کی صلاح | دلکی وہی صلاح جو دلدار کی صلاح |
| کافی ہے اک نگاہ تری میرے قتل کو | لینے کا ہین نہین تجھے تلوار کی صلاح |
| رکھینگے ہم خیال خطِ سبز کا ترے | ہم زخم دل پہ مرہم زنگار کی صلاح |
| امکان کیا کہ آے وہ میری طرف کبھی | جبتک کہ لے نہ اپنے طرفدار کی صلاح |
| برگشتگی بخت کا دیکھو مرے اثر | یہان آتے آتے پھر گئی طرفدار کی صلاح |
| مرجائیے نہ جیئے منت کش مسیح | اتنو یہی ہے اس دل بیمار کی صلاح |
| ناصح ترے کہے پہ عمل مجھ سے کیون کرے | دیوانہ کیا جو مان لے ہشیار کی صلاح |

ردیف الخائے معجمہ

مجھ پہ بھی

گرچہ چھپائین یار مری سو کسی طرح
پر ایک ہے یہ دل کی بجھے تو کسی طرح

ناخن سے تیرے پانو نکے ہمسر نہو سکے
اے مہروش فلک یہ مہ نو کسی طرح

ہر غیر ہے نصیب پہ موقوف وصل یار
پر چھوڑیے نہ اسکی تک و دو کسی طرح

اس رنگ گندمی کا دلا آدمی سے شوق
جبتک ہے زندہ کم نہو یکجو کسی طرح

ناصحین نصیحتین کہو کس کس کی ناصحو
دس کہتے ہین کسی طرح اور سو کسی طرح

مین ضبط گریہ کرتا ہون سو سو طرح مگر
اشکون کی ہے جھڑی تھمتی نہین وہ کسی طرح

خورشید وار جنکے ہین دل روشن اے ظفر
پڑ جائے انکا تجھپہ بھی پرتو کسی طرح

دیکھا اس ابرو کی جو تصویر کو اچھی طرح
پھر سپر دیکھے کب شمشیر کو اچھی طرح

ہین پڑھے خط پر زبرے پرزے یقلم تمنے کیا
پڑھ تو لینا ہماری تحریر کو اچھی طرح

دیکھا جب گردش کو تیری چشم کی اے فتنہ گر
ہمنے جانا گردش تقدیر کو اچھی طرح

اپنی کیا اچھی عمارت پر ہو نازان غافلو
دیکھ لو اگلون کی یہان تعمیر کو اچھی طرح

کاتب قدرت نے گرد اس مصحف رخ کے لکھا
کیا ہے خط خوب سے تفسیر کو اچھی طرح

دل ہے گھر اچھا نہین ہے کوئی ایذا وک فگن
بیٹھنے دے اسمین اپنے تیر کو اچھی طرح

ہو رہینگے خار بھی مانوس پر اتنو خیال
پاؤن پڑنے دے مری زنجیر کو اچھی طرح

جو تجھے منظور ہے کر تا ہی پر اکبار
سن تو اے ظالم مری تقریر کو اچھی طرح

گل جو بھولے نہیں جامے میں سماتے ہیں صبا
ابھی مرجاؤں اگر مجھکو یقین ہو کہ وہ شوخ
یوں ہلی زلف ہوا سے کہ وہ لہرائیں دلمیں
جب مسی سے ہوے رنگین لب نازک اسکے

آ گیا کیا باغ میں وہ غیرت گلشن سچ مچ
آئیگا گو یہ بیکسی بس مروں سچ مچ
کاٹ کھائیگی ابھی ڈر کے یہ ناگن سچ مچ
برگ گل بنگئے برگ گل سوسن سچ مچ

قشقہ ماتھے پہ ہے زنار گلے میں ہے ظفر
بنگیا عشق میں اس بت کی برہمن سچ مچ

نقاش نقشہ کھینچ سکے اسکا گر تو کھینچ
کیوں کھینچتا عبث ہے دلا آہ بے اثر
قمری پہ کیا کریگا ستم اور عشق سرو
بولیگا اسکے سامنے ای غنچہ منہہ سے کیا
کیوں دیر کر رہا ہے اگر میرے قتل پر
کہتا ہے جذب شوق کہ میں کھینچ یوں بہار

کیا کھینچتا ہے دیکھیں ہاں دل پر تو کھینچ
گر جانتا ہے کچھ بھی ہے اسمیں اثر تو کھینچ
ڈالا گلے میں طوق دیا دار پر تو کھینچ
باہر تو اپنا جیب خجالت سے سر تو کھینچ
تلوار تونے باندھی ہے آفتہ گر تو کھینچ
اس تنگ دل کو لا کبھی پاس ادھر تو کھینچ

ایسے نہیں ہیں وہ تو چلے آئیں گے ابھی
تو انکا انتظار ظفر دو پہر تو کھینچ

دیگر

ردیف الحاء المهمله

دل عشق میں جو میری نہیں مانتا صلاح

خواہش بوسہ ہے تیرے لب شیرین کی مجھے
ای شکرلب نہیں ہم قند و شکر کے محتاج

نور افزائے بصر جبکہ ہیں تیرے رخسار
وہ نہیں روشنیٔ شمس و قمر کے محتاج

یاں کبھی ہے تجھے گلشن ہی میں یاد ہے
ہم قفس میں ہیں صبا گل کی خبر کے محتاج

اشک لخت جگر اپنے ہیں جو ہیں دامن میں
انکے دولت نہیں ہم لعل و گہر کے محتاج

جو تری تیغ غم عشق سے ہوں سینہ سپر
وہ بجز داغ جگر ہوں نہ سپر کے محتاج

چشمۂ دجلہ و جو بحر و سحاب نیسان
اے ظفر سب ہیں مری دیدۂ تر کے محتاج

ہیں ترے شیفتہ مال نہ زر کے محتاج
بھوکھے اک ناز کے ہیں ایک نظر کے محتاج

جنکو بوسہ ہو میسر لب شیرین کا ترے
اے شکرلب وہ نہوں قند و شکر کے محتاج

دیکھیے کیسکے بھرے ہے یہ دل اپنا اسکو
نالۂ آہ تو دونوں ہیں اثر کے محتاج

سامنے تیغ غم یار کے سر باز وفا
ہوں بجز داغ محبت نہ سپر کے محتاج

اشک لخت جگر اپنے کی بدولت عاشق
ہوں نہ دنیا میں کبھی لعل و گہر کے محتاج

نکہت گل کی روش رہتے ہیں جو خانہ خراب
وہ مسافر نہیں اسباب سفر کے محتاج

دل سے ہے دلکو ظفر راہ نہو گی ہرگز
انکے ہم اور ہمارے وہ خبر کے محتاج

## ردیف الجیم قلم رسی

سیل گریہ سے ہوئی خانہ خرابی ایسی
نہ رہا در کا پتہ اور نہ دیوار کا کھوج

کوچہ زلف مین گوشانہ پھرا سرگردان
نہ ملا پر نہ ملا میرے دل زار کا کھوج

جب ہوئی رخصت پرواز قفس سے ہمکو
کہ جو ڈھونڈھا تو نپایا گل گلزار کا کھوج

لاغری سے ہے یہ حالت کہ نہین ہاتھ آیا
بستر غم پہ ترے عاشق بیمار کا کھوج

نہ وفا دیکھی نہ دیکھا کوئی خواہان وفا
نہ کہین جنس کا پایا نہ خریدار کا کھوج

## قطعہ

رفتہ رفتہ روش چشم نشان کف پا
مٹ گیا اس ترے حسرت کش دیدار کا کھوج

زلف کافر تری برہم زن اسلام جو ہو
نہ ہے دین کا نشان اور نہ دیندار کا کھوج

یون گیا دل سے گذر میرے ظفر تیر اُسکا
کہ نہ پیکان کا ملا اور نہ سوفار کا کھوج

ہوا ہی عہد مین ظالم ترے جفا کا رواج
کہان ہے رسم محبت کہان وفا کا رواج

جو دیکھین خون سے بھرے ہاتھ اُس نگار کے سرخ
تو گل خون مین نہ ہرگز رہے حنا کا رواج

ترا مریض کرے کیا کہ درد فرقت مین
نہ ہے دوا کا رواج اور نہ ہے دعا کا رواج

جھکا رہی ہے جو یون چشم سرنگین نرگس
ابھی ہے کچھ چمن دہر مین حیا کا رواج

کرے نہ کیونکہ وہ عاشق کا بے تامل خون
کہ جانتا ہی نہین آئین خونبہا کا رواج

بدن پہ سمجھے ہے مجنون برہنگی کو لباس
دیا جنون نے اُٹھا جامہ و قبا کا رواج

رات کو جاتے تھے تم غیر کے گھر سچ ہی کہ جھوٹ
چھپ گئے تھے آپ ہمکو دیکھ کر سچ ہی کہ جھوٹ

اُنکے اُنکی سنی ہمنے اور کہتی سنی خبر
اے صبا تو سچ بتادے یہ خبر سچ ہی کہ جھوٹ

اپنا جلوہ ہم دکھادو سکو تا معلوم ہو
ہم جو کہتے ہیں تمھیں مشک قمر سچ ہی کہ جھوٹ

کھینچتے ہیں آج اے دل اُنکو ہم اپنی طرف
دیکھتے ہیں جذب الفت میں اثر سچ ہی کہ جھوٹ

خط میں تو ہے سر بسر مضمون الطاف و کرم
پر خدا جانے لکھا اُس نامہ بر سچ ہی کہ جھوٹ

جبتلک جل بھن کے سر تا پا نہ میں ہو جاؤں خاک
کوئی کیا جانے مرا سوز جگر سچ ہے کہ جھوٹ

عشق میں جو حال ہی میرا نہیں اُسمیں خلاف
نقشہ مجنون خدا جانے ظفر سچ ہے کہ جھوٹ

دیگر

قول بھی جھوٹ قسم بھی بت گمراہ کی جھوٹ
جو کہے وہ اسے جانو قسم اللہ کی جھوٹ

لوگ کہتے ہیں تجھے مہروش و مہ رخسار
نہ تو یہ مہر کی ہے شکل نہ ہی ماہ کی جھوٹ

آشنا کون ہوا اور جیا ہے تجھے کون کہے
روش الفت کی غلط طرز تری چاہ کی جھوٹ

سنگدل ہی یہ وہ پتھر کہ نہ ہو موم کبھی
ہوئی دلمیں ترے تاثیر مری آہ کی جھوٹ

تم جو ہر بات پہ ٹھہراتے ہو جھوٹا کیئے
وکبھی بات آپنے کیا بندہ درگاہ کی جھوٹ

صبح سے لوگوں کے یہ سنتے ہیں کہ آج آئینگے وہ
پر خدا جانے خبر سچ ہی کہ افواہ کی جھوٹ

| | |
|---|---|
| ہو کیمسر مو دلمین نہ زاہد کی صفائی<br>ہے تار محبت بھی عجب رشتہ نازک | جب تنگ کرے ریش کو رندوں مین صفا چٹ<br>جب دلمین کھچاوٹ ہوئی یہ ٹوٹ گیا چٹ |

اچھے سے نہ کام اسکو نہ مطلب ہے برے سے
کرجائے ہے اک روز ظفر سبکو قضا چٹ

| | |
|---|---|
| ظالم بلا سے سر کو تو اس مبتلا کے کاٹ | لیکن نہ بات غیر سے ہین باتین بنا کے کاٹ |
| ای دل اوٹھا نہ ہاتھ محبت سے ہجر مین | دن جسطرح کٹین یہ مصیبت اوٹھا کے کاٹ |
| ہمسر جو تجھ سے گل ہو تو اسکا جگر تمام | شبنم چمن مین تو ابھی ہیر کھلا کے کاٹ |
| اے مار زلف یار مجھے کیون ڈسے ہے تو | چھیڑا اگر ہے نالے تجھے اسکو جا کے کاٹ |
| گن گن کے تارے کرتے ہین ہم صبح اسطرح | جیتے ہین رات ہجر مین اس لقا کے کاٹ |
| جا فرہین چار دن سینہ و دل جان اور جگر | یہ جونگ کا شین تیغ نگہ کا دکھا کے کاٹ |

منظور یوہ غم کا ہے گر کاٹنا سبے تجھے
نالہ کو اپنے تیشہ ظفر تو بنا کے کاٹ

| | |
|---|---|
| جو وقت ترے تجھسے طرفدار گئے ٹوٹ | تو جو کہ ترے دلمین تھے بیزار گئے ٹوٹ |

مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| اب تو ترے پیمان سبھی یکبار گئے ٹوٹ | آگے تو یہ تھا چار رہے چار گئے ٹوٹ |

مطلع ثانی

اُدھر ہے معلوم ہوئی تجھ سے کسی بات چیت

| | |
|---|---|
| کیا کہین اپنی مصیبت کہ جدائی مین ترے | ہمیہ ہر وقت گذرتا ہی مصیبت کا وقت |

اس زمانہ مین ظفر مہر و محبت ہے کہان
ہے یہ وقت اور گیا مہر و محبت کا وقت

| | |
|---|---|
| کیا غضب ہین تیز ظالم آرہ کا غم کے دانت | ہین یہ گر جاتے جھڑ ہین عاشق بیدم کے دانت |
| ورندان سے ترے نسبت اُنھین کیا رشک گل | گو وہان غنچہ مین ہون ہر گو شبنم کے دانت |
| عشق اُس آہو نگہ کا ہی قوی دست اسقدر | مارے گر منہ پر طمانچہ جھڑ پڑین ضیغم کے دانت |
| اس فلک کو دشمن عالم نہین کیونکر کہون | پیتا ہی یہ ہمیشہ سر پہ اک عالم کے دانت |
| کان کے بالے کے موتی اُلجھے باتونین نہین | ہین یہ اُس مار سیاہ زلف خم در خم کے دانت |

سامنے آئے مرے گر عشق کے میدان مین
کھٹے کر دون اکیدم مین ظفر رستم کے دانت

| | |
|---|---|
| آشنا کون رہا جس سے کہین ہم صحبت | نہ وہ ہمدم نہ وہ ہمراز نہ وہ ہم صحبت |
| زلف کے چھیڑتے ہی ایسے ہوئے وہ برہم | روشن زلف پریشان ہوئی برہم صحبت |
| کم نصیبی یہ ہماری ہے کہ جو غیر دن سے | اُنکا اخلاص بڑھا ہم سے ہوئی کم صحبت |
| کرتے کس لطف سے ہین یہ سرگوشی | شیشہ و جام مین ساقی ہے جم جم صحبت |
| عشق مین ہین تو یہی اپنے مصاحب دونون | ہم رکھین کس سے سوا الم و غم صحبت |
| دیکھنا اُس رخ روشن پہ عرق کے قطرے | رکھتی کیا مہر رخشان سے ہی شبنم صحبت |

[illegible]

زبان ہو منھ مین ہمارے بھی پر ترے ڈر سے
ہمیشہ رہتے ہیں ہم اے شوخ بدزبان ہین چُپ

بہار ہو کہ خزان مثل بلبل تصویر
ترے فریفتہ او رشک گلستان ہین چُپ

ظفر نہین ہے اگر باغبان کا کچھ کھٹکا
تو آج کیون ہوئے مرغان بوستان ہین چُپ

## ردیف التای فوقانی

شانہ اُس زلف کی ڈالے ہے شکن مین انگشت
کون یون دیتا ہے کالے کی دہن مین انگشت

کرنیا فاختہ کو عشق مین انگشت نما
سرو نے اپنی اُٹھائی جو چمن مین انگشت

کرین اُس چشم مفتن سے اگر ہم چشمی
تو کرون چشم غزالان ختن مین انگشت

دیکھ اُس مانگ کو دانتون کے تلے انجم نے
کہکشان نے ہے دیا چرخ کہن مین انگشت

خونفشان ہے جو کسی پاے برہنہ کی خراش
کیا خنائی ہوئی ہر خار کے تن مین انگشت

پوچھے قاتل کو اگر کوئی تو کشتہ تیرا
دے اوٹھا تیری طرف اپنے کفن مین انگشت

دست نازک پہ ظفر اسکے ہو بار سنگین
ہو اگر خاتم یاقوت یمن مین انگشت

دیگر

اللہ ری تری مشت کماندار تنگ چست
بیٹھا مرے جگر مین ترا ہر خدنگ چست

کیونکر بچاؤن جان کو مین چشم یار سے
باندھے کمر جو قتل پہ ہے خانہ جنگ چست

[illegible]

| | |
|---|---|
| دل سا بھی اک چلبلا کوئی ہو تو خال خال | جو پڑ جائے تلک خال رخ تو دل نا لے ملاپ |
| گر ارادہ ہے کہ پہونچوں منزل مقصود کو | عشق سے چل چل پہنچو اس سیر منزل کے ملاپ |

جسکو ہو جہل مرکب اس سے کوسوں دور بھاگ
اے ظفر اچھا نہیں ہے ایسے جاہل سے ملاپ

| | |
|---|---|
| ساتھ میرے چلے چلو چپ چپ | راہ میں تم نہ کچھ کہو چپ چپ |
| گھر میں چل کر شکایتیں کرنا | یہاں نہ مجھ سے گلہ کرو چپ چپ |
| کہیں ایسا نہو سنیں دو چار | مجھکو تم ایک بوسہ دو چپ چپ |
| راز پنہاں فغاں سے کھلتا ہے | حضرت دل بس اب رہو چپ چپ |
| میرے جاتے ہی انکے غیروں سے | پھر لگی ہونے گفتگو چپ چپ |
| بوسۂ چشم سرمہ سا دیدہ | منہ سے کیا مجھسے کہتے ہو چپ چپ |
| بولتے تم تو کیا غضب کرتے | سو ستم کرتے ہو بتو چپ چپ |
| ابھی صیاد کی لگی ہے آنکھ | نہ کرو شور بلبلو چپ چپ |

دل کسی غنچہ لب کو تم نے دیا
اے ظفر تم جو رہتے ہو چپ چپ

دیگر

| | |
|---|---|
| گر ہو موسم گرمی میں ہوئی تیز بڑی دھوپ | پر سوزش دل سے ہے ٹھنڈی وہ بڑی دھوپ |

| | |
|---|---|
| جیسے کیے ہین ٹکڑے ٹکڑے دل کے عشق نے | ایسے بنے نہ ہاتھ سے قصاب کے کباب |

جو آبرو ہے عشق مین آنسو کو اے ظفر
ہے ایسے منھ پہ گوہر خوش آب کے کباب

| | |
|---|---|
| منعم و مفلس ہین دونون بزم ہستی مین خراب | لال مستی مین ہے یہ، وہ فاقہ مستی مین خراب |
| ہین بھوین تیری وہ آفت ہوین جنکے ہاتھ سے | دو جہان یک ضربت تیغ دو دستی مین خراب |
| یہان ترقی و تنزل سے مثال گرد باد | گہ بلندی مین ہین ہم اور گاہ پستی مین خراب |
| غرق ہو جام و سبو مین خاک اپنی ساقیا | تا نہو مٹی ہماری مے پرستی مین خراب |
| تنگدل کو یون خرابی مین رکھے دست فراغ | جسطرح ہیہوے کوئی تنگدستی مین خراب |
| قیس و مین عشق مین دونون ہین آوارہ مگر | وہ ہے جنگل مین خراب اور مین ہون بستی مین خراب |

حق پرستی کا جنھین دعوے تھا اپنے اے ظفر
عشق کے ہاتھون سے ہین وہ بت پرستی مین خراب

| | |
|---|---|
| ہین تیرے قد کے سامنے سرو چمن خراب | ہین تیرے رخ کے آگے گل یاسمن خراب |

مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| دلکو رکھیگا خوب یہ دیوانہ پن خراب | اسکے ابھی سے ڈھنگ ہین چلن خراب |
| جسطرح وقت صبح کے فانوس مین ہے شمع | یون حال اہل جلوہ نگاہ زیر کفن خراب |

ردیف الباء فارسی

تم ایک بوسہ نہ دو مجھکو اور یوں ہین مفت
دل ان زبا دون بھتین مین ابھی جان کن کیا خوب

بھولائے نیم نگہ مین جو اک جہان کے ہوش
تمھاری چشم کو بھی یاد ہے فسون کیا خوب

چمک کو دیکھ کے اسکی پڑے نہ برق کو کل
ترے ہی پانو مین کفش کلابتون کیا خوب

جو خوب رنگ حنا چاہتے ہو ہاتھ مین
تو دیکھو کھاتا ہے سرخی ہمارا خون کیا خوب

تمھاری بزم مین غیر ونسے ہوئے سرگوشی
ہم آ بیٹھے ہین چھپکے سرنگون کیا خوب

ہزار خوب ہون عالم مین خوبرو لیکن
ترے مقابلہ مین انکو مین کہون کیا خوب

بہا رہے ہین جو یہ اشک گہر دیدۂ تر
بجھیگی انسے مری سوزش درون کیا خوب

بہار لالہ چمن مین نہ کچھ انکو دیکھ
ظفر ہین یار کے رخسار لالہ گون کیا خوب

ہو رہے شبنم سے نہان ہر گل سرگوشی ہے خوب
اس چمن مین غنچہ کے مانند خاموشی ہے خوب

خواب مین کسکے لب میگون کا بوسہ لیا
آج جو ہمکو نہین کچھ ہوش بیہوشی ہے خوب

جو کہا تھا مین نے تم سے تم نہ رکھو گے یاد
یاد رکھو ایسی باتونمین فراموشی ہے خوب

غیر کہتے ہین کبھی نہین ہوے غمگین ان کر
اندنون غیر ونسے جو انکو ہم آغوشی ہے خوب

جس جگہ اہل ہنر کے بے ہنر ہون عیب جو
وان ہنر کے فاش کرنے سے ہنر پوشی ہے خوب

پڑ رہی آنکھین تیرے چہرہ ہی پر اترا ہوا
کسکے ساتھ تونے آج مے نوشی ہے خوب

تابش ... دریا مین پڑے جیسے ظفر
کر رہی ہر موج دریا بادہ نوشی ہے خوب

عنبر کے ہاتھوں سے پی تو نے شراب اچھا کیا
رشک سے دل کو کیا سیخ کباب اچھا کیا

کھوئی میری آبرو رو کے کوئے یار میں
تو نے رسوا مجکو اے چشم پر آب اچھا کیا

کہتے ہیں کہنے دو اُسکے لوگ دیوانہ مجھے
یار نے مجکو عنایت یہ خطاب اچھا کیا

شکوہ میں کس کس خرابی کا کروں تیرے دلا
جو کیا تو نے سو اے خانہ خراب اچھا کیا

ہوتا عیسیٰ سے نہ برسوں میں بھی چنگا یہ مریض
اے اجل تو نے اسے آکر شتاب اچھا کیا

سو دل سے اتنے دن ہیں آتش دوزخ میں ہم
عشق نے سکو گرفتار عذاب اچھا کیا

اپنے ابرو پر بنایا نقطۂ خال سیہ سے
واہ واہ کیا تمنے مطلع انتخاب اچھا کیا

لیگیا کوچے میں اُس بیدرد گر کے کیوں مجھے
یہ نہ تو نے اے دل پر اضطراب اچھا کیا

ٹکڑے ٹکڑے تو ہوا خط کی طرح قاصد مگر
جو کیا اُس نے ظفر اُس سے جواب اچھا کیا

حال غم لکھکر تجھے بھیجوں بت گمراہ کیا
تجکو اے بندے خدا کے ہے مری پرواہ کیا

قامت رعنا کا تیرے جب سے ہے سکو خیال
دل سے نکلی ہے ہمارے ایک سیدھی آہ کیا

بیطرح چاہ زنخداں کی ہوئی ہے دلکو چاہ
دیکھیں تو ڈانواڈول کرتی ہے یہ چاہ کیا

لاغری سے عشق نے دیکھو لگائے پر مجھے
اوڑتا پھرتا ہوں ہوا میں برنگ کاہ کیا

اُس پری کو دیکھکر دیوانہ یہ جو ہو گیا
بیٹھے بیٹھے ہو گیا دلکو مرے ناگاہ کیا

ہمیہ گر تیغ آزمائی اب تجھے منظور ہے
کر تو بسم اللہ دیکھے ہے اجل کی راہ کیا

ہمنے ہی قاصد کئی دن سے وہان بھیجا ہوا
آجتک آیا نہین کیا جانے اسکو کیا ہوا

مین اگر یہ جانتا تجھسے نکرتا دوستی
دوستی مین تیرے دشمن اک جہان میرا ہوا

آگے تو آگ اسطرح مجبیر نہ ہوتا تھا کبھی
آج ہے اے شعلہ خو تو کسکا بھڑکایا ہوا

مر گیا بیمار اُسکے نرگس بیمار کا
دوستو اچھا ہوا اچھا ہوا اچھا ہوا

دلکو سمجھا تو مرے ناصح اگر سمجھا سکے
مجھکو سمجھاتا ہے کیا ہو نہین تو سب سمجھا ہوا

ور وہ او بیٹھے رشک سے کیونکر نہ پہلو مین مرے
غیر کو دیکھون بغل مین جب ترے بیٹھا ہوا

وہ جو دل کی آگ بھی میری نہ ہرگز بجھ سکی
گرچہ اشکونکا رہان چشمون سے اک دریا ہوا

جب کہا مین نے کہ سمجھے دل کا سودا زلف نے
ہونے برہم ہو کے وہ ہی کیون تجھے سودا ہوا

خیر تو ہے کیا ہوا بگڑی کہین اُس یار سے
آج کیون تو اے ظفر پھرتا ہے گھبرایا ہوا

جو مطلب ہے کتاب عشق مین سب یاد ہو جاتا
مری صحبت مین مجنون بیٹھکر اُستاد ہو جاتا

زبان جب اپنی ہو جاتی ہے اپنے واسطے دشمن
سخن ہی اپنا حق مین اپنے ہی جلاد ہو جاتا

قیامت کرتا برپا عاشق شوریدہ پر کیا کیا
اگر بیدار شکوے سے وہ فریاد ہو جاتا

مرے نالون سے پتھر موم ہو جاتے ہین پر ظالم
ترا دل اور بھی ہے سخت اک فولاد ہو جاتا

خجل ہو جاتا ہے گل دیکھکر رخسار کو تیرے
ترا قد دیکھکر شرمندہ ہے شمشاد ہو جاتا

اگر دو چار ہوتے اور بھی مجھ سے ترے مجنون
تو اے وحشی نگہ دشت جنون آباد ہو جاتا

دیگر

[illegible]

دیگر

غلط گو ہی کہے جو جیب بر سے کچھ نہیں ہوتا
یہاں جب بہ ہی کچھ اچھی ہی کہے سے کچھ نہیں ہوتا

نہ سے جام لبالب بھی تو کیفیت ہوئے ساقی
صراحی کے تو خالی قہقہے سے کچھ نہیں ہوتا

سہنے ظلم ان ستمگاروں کے کوئی کس توقع پر
کیا ان ظلم و ستم بھی تو سہے سے کچھ نہیں ہوتا

مجھے سمجھا ہیں آیہ نالہ نے ارے بلبل
مرا دل جو تستر ہے اس چھپے سے کچھ نہیں ہوتا

دکھاوے تو رخ نو خط یہ خط سبز کی سبزی
کہ حاصل لطف سبزی کا لئے سے کچھ نہیں ہوتا

نہیں بجھنے کی دل کی آگ گرچہ ہیں چشموں سے
بہا دریا تو کیا دریا بہے سے کچھ نہیں ہوتا

خط آنے پر بھی ہے عالم وہی اس روئے روشن کا
ظفر بے نور یہ سورج کہے سے کچھ نہیں ہوتا

دیگر

کچھ دیدۂ گریاں سے ہے آنسو نہیں تھمتا
زخم جگر و دل سے بھی لوہو نہیں تھمتا

تھامے دل دیوانہ کو کیا کوئی کہ جبتک
ہوتا نہیں پابستہ گیسو نہیں تھمتا

اے صید فگن چشم غضبناک سے تیری
بھاگے ہی جو ڈر کر تو پھر آہو نہیں تھمتا

کیوں ہو کے خفا ایسا چلا آج یہاں سے
سب تھامتے ہیں اور وہ بدخو نہیں تھمتا

سر کیوں نہ اڑیں سیکڑوں شمشیر زنی سے
اک دم ترا ہاتھ جفا جو نہیں تھمتا

تو کہتا ہے جانیکو تو تب جائیگا کیونکر
مینہ آج تو اے شوخ پریرو نہیں تھمتا

دیگر

[illegible]

دیگر

[illegible]

| | |
|---|---|
| میرے گریہ نے کیا جو خشکی لب کا علاج | صاف ہر آنسو برنگ شمع روغن بنگیا |
| گر لگا تیر اُسکے سینہ میں ترا اچھا ہوا | بھاگنے کو دل کے تیر ایک روزن بنگیا |
| روئے ہم اپنی اسیری پر تو یہ سیلاب بہا | حلقۂ گرداب اپنا طوق گردن بنگیا |
| نے اثر کرتا ہے نالہ اور نہ کچھ تاثیر آہ | دل خدا جانے ترا پتھر کہ آہن بنگیا |

ہو گیا پانی مرے نالونکی گرمی سے جو خشک
پاٹ دریا کا ظفر صحرا کا دامن بن گیا

دیگر

| | |
|---|---|
| نہ ہے یہان دیر کا چرچا نہ حرم کا چرچا | اپنے گھر میں تو ہے اس اپنے صنم کا چرچا |

## حسن مطلع

| | |
|---|---|
| تھا جو خوبان ستمگر میں ستم کا چرچا | اور وہ تیغ ستم سے ترے چمکا چرچا |
| نہ کہیں تذکرہ دریا کا ہے نہ ابر کا ذکر | تھا بجا اب تو ہے اس دیدۂ نم کا چرچا |
| کیونکہ خندان ہو نہ گل کیونکہ نہ ہو شبنم گریان | اس چمن میں جو ہے شادی و غم کا چرچا |
| تن گل خوردہ کو جسے ہمارے دیکھا | کوئی کرتا نہیں گلزار ارم کا چرچا |
| ذکر ساقی کا ہے یا ساغر مے کا مذکور | نہ یہان جام کا چرچا ہے نہ جم کا چرچا |
| خط پشت لب لعلین کو دکھائے اپنے | ہو جہان کچھ خط یاقوت رقم کا چرچا |

مطلع ثانی

[illegible]

ودیگر

[illegible]

مطلع ثانی

[illegible]

بیٹھ گئے مثل کف پا اٹھ نہ اسکے کوچے سے
کچھ ہی ہووے اب تو ظفر یہ دل میں ہمنے ٹھان لیا

اگر بے پردہ ہم سے وہ بت کافر ادا ہوتا — میسر ہمکو دنیا ہی مین دیدار خدا ہوتا
چھپاتا مجھ سے زیر زلف تو کیون خال رخ اپنا — ستارہ گر مرا چمکا ہوا اے مہ لقا ہوتا
اگر تھوڑی سی پڑ جاتی بھی نمک مین بیستر قاتل — لگا دیتا مرے زخمونکے منھ کو کیا مزا ہوتا
خدا سے ڈر نہ کر ہم پر روا جور و ستم اپنے — کہ ظالم دل ستانا ہے غریبون کا برا ہوتا
نہ ملتا اس طرح مین خاک مین گر میرے جانب سے — نہ ہوتا تو مکدر دل ترا مجھ سے صفا ہوتا
تری اس بیوفائی پر فدا ہوتی ہے جان اپنی — خدا جانے اگر تجھمین وفا ہوتی تو کیا ہوتا
خطا ہی کیا اگر دشمن ہے میرا وہ بت کافر — نہین اے حضرت دل کچھ بھی بحکم خدا ہوتا
خدا نے خیر کی جلدی بجھائی آگ اشکون نے — وگرنہ سوز دل سے آج مین جل ہی گیا ہوتا

ظفر کچھ درد ہوتا ماسح بیدرد کو میرا
اگر درد محبت مین دل اسکا مبتلا ہوتا

ودیگر

جبکہ مجھے اندیشۂ عقبی بھی دنیا مین ہے بہلاتا — پھر تو بہلتا جی نہین میرا لاکھ طرح تو بہلاتا

مطلع ثانی

نالہ کرون کیا سانس بھی لینی اب تو جی پر کھلتا ہے — چشم سے مین کچھ اشک بہا کر دل کو ہون اپنے بہلاتا

[illegible]

تجھے ہم ... [illegible] ... باندھ لب
[illegible] ... باندھ لب
[illegible] ... باندھ لی
حصار ... [illegible] ... رات
دو آدمی ... [illegible] ... باندھ لیا
[illegible] ... دریا میں
[illegible] طوفان ظفر نے باندھ لیا

دیگر

کی اگر تو نے ... قتل کی ... [illegible]
سر پہ عامہ ... [illegible]
[illegible] ... جان کو ساتھ ... [illegible]
یوں تو ... [illegible]
[illegible]

چمن میں جائے بھی جب آئے ظفر وہ رشک چمن
تو اُسکو دیکھ کے ہے باغ باغ گل ہوتا

جب آکے میرے قتل کو قاتل اُلٹ گیا
آیا نظر ہی یوں فلک سبز واژگون
جان اولٹی پھر گئی ہے آگر یوں نگہ
عاشق کے دلکو یہ ترا مارِ سیاہ زلف
ساقی مثال شیشہ رہی روتے روتے آج
عالم وہ کیا عمل نہو جسکا کتاب پر

مضطر ہوئی یہ سنکے قضا دل اُلٹ گیا
جیسے ہی جام زہر ہلاہل اُلٹ گیا
یہ آکے راہ رو سر منزل اُلٹ گیا
لبس کاٹتی ہے جو رُو شمایل اُلٹ گیا
دوم ہیراہن ترے سر محفل اُلٹ گیا
بیفائدہ دو دریو میں جاہل اُلٹ گیا

بتیابیوں سے دل کی پس از مرگ اے ظفر
سنگ مزار عاشق بیدل اُلٹ گیا

دیگر

جب اُس نے ناز سے تیغ کمر پہ باندھ لیا
یہی علاج کھا بیٹی کی جا ترا رومال
یہ کہدو شمع سے گلگیر چھوڑنے کا نہ
ترا ہے تار نظر بھی عجب کمند بلا
گذر ہو کیونکہ مرا وہاں کہ مجھ سے لوگوں نے

قضا نے میرا کفن اپنے سر پہ باندھ لیا
اوٹھا کے ہمنے جو زخم جگر پہ باندھ لیا
ارادہ اُسنے ترے تاج زر پہ باندھ لیا
کہ تونے اُسکو جہاں جو نظر پہ باندھ لیا
غرض وہیں ہی اُس رہگذر پہ باندھ لیا

[illegible]

صدا آتی نہین قلقل کی ساقی شیشہ مے سے
تجھے وہ جانتا ہے رونق محفل دعا دیتا

دل ایذا طلب یون میلا دن انداز ونکو
وہ تماہی محسن کو جیسے ہی سائل دعا دیتا

تجھے ای صید افگن دیکھ تو کس کس محبت سے
ترا صید محبت ہی دم بسمل دعا دیتا

ظفر اشکون سے میرے جب مدد پہونچے ہے دریا کو
تو میری چشم تر کو ہے لب ساحل دعا دیتا

نہ آئے آتے آتے کیون خبر کیا تھی ہوا یہ کیا
وہ اُلٹے پھر گئے مدنظر کیا تھی ہوا یہ کیا

وہ ڈوبا دشمنون کا گھر ترے رونے سے ہم ڈوبے
توقع ہمکو تجھ سے چشم تر کیا تھی ہوا یہ کیا

کیے خط کی طرح کیون پرزے پرزے قاصد کے
کوئی پوچھے خطائی نامہ بر کیا تھی ہوا یہ کیا

وفا کے ہم ہوے خواہان کیا تو نے ستم ہم پر
تمنا ہمکو اے بیداد گر کیا تھی ہوا یہ کیا

کہین کیا سرگذشت اپنی نپوچھو شمع سان ہم سے
لگی لو ہمکو شب سے تا سحر کیا تھی ہوا یہ کیا

ہوا دل اُسکا پتھر چاہتے تھے موم ہو جاوے
ہمین نالون سے اُمید اثر کیا تھی ہوا یہ کیا

دعا دو اپنی پیری کو ہے تم پارسا دیکھو
تمھاری وضع آگے اے ظفر کیا تھی ہوا یہ کیا

دیگر

یون تیرے ہجر مین دل مضطر ہے لوٹتا
جیسے کہ ذبح ہو کے کبوتر ہے لوٹتا

کیا کہدیا ہے کان مین باد بہار نے
مارے ہنسی کے گل جو زمین پر ہے لوٹتا

زلف عارض پہ ہے اس شوخ گلستان رو کے / یا چمن مین ہے کوئی مار سیہ بل کھاتا

دیکھ اے قاتل سفاک ترا کشتۂ ناز / خون کے دریا مین ہے غلطے سر مقتل کھاتا

بوسہ یون سیب ذقن کا ترے آے سر دوران / نخل سے سرو کے ہو کوئی اگر پھل کھاتا

چشم گریان سے جو میرے نہ مقابل ہوتا / تو ہوا کے نہ طمانچے کبھی بادل کھاتا

کھا لیا آج ہی گر غم نے مجھے خوب ہوا / آخرش کھاتا ہی یہ آج نہین کل کھاتا

ہون وہ سرگشتہ جنون مین کہ بگولے کی طرح / اے ظفر دیکھ کے چکر مجھے جنگل کھاتا

وہ سیکھے بے طرح کچھ بیر کرنا / مجھے ڈر ہے الٰہی خیر کرنا

تو دل مین جو میرے آ بسے تم / ہوا منظور کعبہ دیر کرنا

طیور سدرہ و طوبیٰ کو سکھلائے / ہمارا طائر دل طیر کرنا

غضب ہے توپ پر عاشق کو رکھکر / فرنگی زاد تیر افیر کرنا

ہرے ہونے پہ میرے زخم دل کے / پھر آکر اس چمن کی سیر کرنا

نہین اس مصحف رخ پر مناسب / تجھے اے زلف لٹنے بیر کرنا

ظفر جاتے وہ میرے پاس سے کیون / اگر ہوتا نہ پاس غیر کرنا

کوئی دم فنا کی ہے منزل مین بیٹھا / بس اب تو ہے کس فکر باطل مین بیٹھا

مطلع ثانی

[illegible] محفل مین بیٹھ / [illegible] دل مین بیٹھ

[illegible] قاتل مین بیٹھا

کہان جا کے سودا [illegible] زلف [illegible] سلاسل مین بیٹھا

[illegible] دل مین بیٹھا

[illegible] ظفر اس سے کہدو [illegible] محفل مین بیٹھا

[illegible]

[illegible]

کرشمہ ہے یہ تری چشم ست کا سیکش
نہین نصیب جو شاہان ہفت کشور کو
شگفتہ غنچۂ دل کیون نہو کہ اُس گل نے

چمن مین جو کف نرگس سے سراغ دیا
ہمین جو فقر نے ہے گوشۂ فراغ دیا
ہمین جو بوسہ دیا ہو کے باغ باغ دیا

سخنوری مین ظفر کون تم سے ہو ہمسر
خدا نے ہے یہ تمھین کو دل و دماغ دیا

نکو کی یار پایا اور نہ کوئی آشنا پایا
پھرے ہم ڈھونڈھتے مدت تلک اُلفت نہ
قمر کو نسبت اُس عارض سے کیا ہمنے ملا دیکھا
کسی سے کس لیے پوچھین صنم خانہ کا رستہ ہم
ملا یا تیرے خال رخ کو جب خال سویدا سے
خط اُس نے نامہ بر سے لیا پڑھکر چھپا ڈالا
سنا یوسف کو بھی اور اک جہانکو آنکھ نے دیکھا
ذرا بھی دل ہلا تیرا نہ کافر ہیکے نالہ سے

جسے یان دوست جانا اسکو دشمن جانکا پایا
رفیق اپنا نہ کوئی بھی ترے غم کے سوا پایا
اسے اُس سے جدا پایا اُسے اس سے جدا پایا
کہ اپنے اُس صنم کا ہمنے دل ہی مین پتا پایا
قسم ہے ہمنے دونو مین نہ فرق اک نکتہ کا پایا
الٰہی شکر غیرون نے نہ میرا مدعا پایا
مگر تجھ سا حسین ہمنے نہ ہرگز دوسرا پایا
فرشتے کانپ اُٹھے عرش برین کا ہلگیا پایا

ظفر کیونکر نہ یہ ظلم و ستم مجھپر روا رکھین
کہ مجھکو ان ستمگارون نے اپنا مبتلا پایا

مانگ کی لیکھ پہ ہر رات سویرا دیکھا
کوچۂ زلف مین ونکو بھی اندھیرا دیکھا

[illegible]

عشق کے ہاتھ اے ظفر بیچ متاعِ جان کو
وہ زرِ نقدِ داغِ دل دیگا تجھے کھرا کھرا

دیگر

سوزشِ غم سے پڑا دل پر پتنگا آگ کا
جامۂ آبی کا اپنی آسمانی دیکھنا
نالۂ سوزاں کی میرے گرمئ ہنگامہ سے
دھیکر بجلی کو ستون نے یہ پوچھا ارے
دل مرا پروانہ ہے آتش رخوں کے عشق کے
ہر بُنِ مو سے ترے دیوانہ کی نکلی جو آگ
رفع ہے بادہ سے کیوں مستوں کی گرمئ جگر
ہے خدا جانے یہ میری آہ سوزاں کیا بلا

یہ جلا ہوگا بڑی مشکل سے چنگا آگ کا
ہے شفق سے کیا تماشا رنگ رنگا آگ کا
اسکے گر جینے کا اب سب ایک ہی رنگا آگ کا
تونے ڈالا جگ میں کیا جھلنگا آگ کا
انتا ہرگز نہیں ڈر یہ پتنگا آگ کا
نکلیا تیلا سراپا جسم ننگا آگ کا
کب بجھاتا ہے یہ شعلہ آب گنگا آگ کا
آسماں پر ایک لگاتی ہے اڑنگا آگ کا

لڑتی ہے بندوق سے جو لے ظفر فوجِ فرنگ
رکھے ہے ہتھیار پاس اپنے تلنگا آگ کا

عارض کا صاف رنگ ترے گل میں آ گیا
کس چشمِ پُرخمار کا ساقی پڑا اٹھا عکس
کبتک کروں میں صبر کہ دردِ فراق سے

زلفوں کا پیچ و خم ترے سنبل میں آ گیا
جس سے کہ یہ نشا قلقلِ مل میں آ گیا
ہے فرق میرے صبر و تحمل میں آ گیا

آج کیا کل بھی نہین آنیکا وہ عذر خلاف ۔ اے دل بیتاب مین کیونکر کہون آج آئیگا

زلف کے افعی کو ہاتھون مین کھلائیگا وہی
ہاتھ جسکے لے ظفر کوئی فسون آجائیگا

دیگر

سنا ہی مشورہ شب کے گھر مین اور کچھ ٹھہرا ۔ ارادہ کیا دل بیشک قمر مین اور کچھ ٹھہرا
یہ ٹھہرا جاتے جاتے کیون مرا خط لیکے کیا باعث ۔ مگر قصد اب خیال نامہ بر مین اور کچھ ٹھہرا
نگین دل کا تھا مول اور کچھ ٹھہرا ہوا پہلے ۔ گیا جب دن سے دست سیمبر مین اور کچھ ٹھہرا
کبھی اخگر کبھی شعلہ کبھی گل ہے کبھی لالہ ۔ نہ ٹھہرا داغ یہ میرے جگر مین اور کچھ ٹھہرا
کوئی زہرا جبین ٹھہرا ہے کوئی مہ لقا اسکو ۔ مگر وہ مہوش میری نظر مین اور کچھ ٹھہرا
نہین نازان ہم اسپر اس نے ہمکو دوست ٹھہرایا ۔ ابھی دیگا وہ ظالم لحظہ بھر مین اور کچھ ٹھہرا
ہر اک کے ذہن مین کچھ طور ٹھہرا اسکے ملنے کا ۔ طریقہ اسکا پر فہم ظفر مین اور کچھ ٹھہرا

اس تنکدہ مین جسنے کہ اے بت تجھے تا کا ۔ کیا خوب نظر باز وہ بندہ ہے خدا کا
اللہ رے تیزی تری شمشیر نگہ کی ۔ دم سرد جسے دیکھ کے ہو تیغ قضا کا
کہتے ہین مہ نو جسے دیکھا اسے ہمنے ۔ ہے ایک تراشیدہ ترے ناخن پا کا
کیا اس ترے بیمار کو امید شفا ہو ۔ جسکو کہ اثر ہو نہ دعا کا نہ دوا کا
اے دوستو اس دلبر بے مہر کے آگے ۔ کیا نام وفا لون کہ وہ دشمن ہے وفا کا

[illegible]

علم کر تیغ کو سو بار اُس قاتل کا ہاتھ اوٹھا
نہ ہرگز واسطے فریاد کے بسمل کا ہاتھ اوٹھا

رہا تجھ بن یہ عالم رات دل کی بیقراری کا
کہ دل پر سے نہ دم بھر عاشق بیدل کا ہاتھ اوٹھا

عطا منظور ہے اسکو دعا دستور ہے اُسکا
اودہر منعم کا ہاتھ اوٹھا اودہر سائل کا ہاتھ اوٹھا

اوٹھایا دو جہان سے ہاتھ پر تیری محبت سے
نہ ہرگز اے ستمگر اس ترے مایل کا ہاتھ اوٹھا

نہین اوٹھنے کا ہو کر خشک اُسکا ہاتھ اے مجنون
جو تجھ پر ساربان ناقہ محمل کا ہاتھ اوٹھا

گئے ہم سامنے سو بار پر صاحب سلامت کو
نہ محفل مین کبھی اُس رونق محفل کا ہاتھ اوٹھا

رہا سر پر ہمارے دو جہان مین افسر شاہی
ظفر سر سے نہ اپنے مرشد کامل کا ہاتھ اوٹھا

## دیگر

بن تیرے عجب حال مری جان ہے میرا
بیٹھا ہون کہین اور کہین دھیان ہے میرا

کچھ پوچھ نہ جو حسن بتان کی ہے تجلی
دل دیکھتا کچھ اسمین عجب شان ہے میرا

حال دل غمگین نہ کہا مینے کسی سے
اے حسرت غم تجھ پہ یہ احسان ہے میرا

نے مجکو غرض دین سے نہ کفر سے مطلب
عشق اُس بت بدکیش کا ایمان ہے میرا

مانع جو رہ نیک سے ہووے تجھے غافل
تو جان لے یہ دل مین کہ شیطان ہے میرا

صحرا سے کبھی مین جاؤن نکل تنگ ہون اتنا
پر خار نہین چھوڑتا دامان ہے میرا

[illegible]

[illegible]

| | |
|---|---|
| تھا کسو کے بھی قابو کا یہ لشکر لیکن | قضا نے اسکو دبایا فنا نے تھنبایا |

ستم سے ہم نہین اُس بیوفا کے گھبرائے
ظفر ہمین تو ہماری وفا نے تھنبا یا

دیگر

| | |
|---|---|
| دیکھ کر شکل الف وہ قدِ رعنا سیدھا | دل سے نکلا مرے جو نالہ سو نکلا سیدھا |
| نہوا گردن دلدار مین خم یونہین رہا | رتوں بہر دعا دست تمنا سیدھا |
| کج ادا ایسا کیا حسن کی دولت نے اُسے | بولتا بھی نہین وہ شوخ خود آرا سیدھا |
| باتین کرتا ہی عدو مجھ سے جو ٹیڑھی سیدھی | ایکدن خوب یہ کج بحث بنے گا سیدھا |
| خانہ اُس زلف کے کوچے مین کہ ہے خم در خم | دل شامت زدہ نے تاکا رستا سیدھا |
| اے کماندار ترے تیر کے قربان ہون کیون | چھوٹتے ہی مرے دل کی طرف آیا سیدھا |

طرز ٹیڑھی ہے سخن کی ترے کس سے ہو ادا
ظفر انداز ہے یارون کا تو سیدھا سیدھا

| | |
|---|---|
| بنا ہی جو رخ مہوش پہ تل پری ہے بنا | کوئی ہے زہرہ بنا کوئی مشتری ہے بنا |
| جو دیدہ مین اشک تو یاقوت و لعل لخت جگر | ہمارا دیدہ یہ دوکان جوہری ہے بنا |
| کوئی بنا کوئی بگڑا یہی رہا ہر روز | جہان مین جیسے کہ یہ چرخ چنبری ہے بنا |
| تمھارے روے منور یہ مطلع ابرو | عجب مطلع دیوان انوری ہے بنا |

[illegible]

کہہ گئے حال دل اپنا ظفر کیا مست جنبون سے
کہ انکا تو دماغ اے مہربان پایا نہین جاتا

کھا کھا کے تیر غم یہ مرا حال ہو گیا
سینہ تمام سینۂ غربال ہو گیا

زلفونکو اس نے ہاتھ لگانے دیا ہمین
کچھ دستگیر اپنا جو اقبال ہو گیا

کوئی درخت زلف کی کشتہ کے خاک سے
پیدا ہوا نہ ایک مگر جال ہو گیا

جانیکا دل کے غم ہے نہین اور غم سب مجھے
غارت بلا سے گرچہ زر و مال ہو گیا

رنگ شفق نہین ہے کسی پر مگر فلک
گرم غضب ہوا ہے جو منہ لال ہو گیا

عاشق ہوا جو یار کے طرز خرام پر
آخر کو رفتہ رفتہ وہ پامال ہو گیا

وقت نظارہ روے مصفاے یار کے
عکس اپنی مردمک کا ظفر خال ہو گیا

کدورت دل مین ہے ظاہر صفائی گر ہوئی تو کیا
ملاپ انسے ہوا تو کیا جدائی گر ہوئی تو کیا

ارے نا آشنا پھر وہی نا آشنا ہو تم
کبھی تم سے دو دن آشنائی گر ہوئی تو کیا

بنایا ہے صنم جس نے انھین سجدہ اسی کو ہے
بتونکے سنگ در پر جبہہ سائی گر ہوئی تو کیا

جوانی کیسی طاقت کوئی ہو سکتی ہے پیری مین
کسی تدبیر سے حاجت روائی گر ہوئی تو کیا

لڑائی جاتی ہے وہ آنکھ دیکھو ابھی غیرون سے
مری اسبات پر انسے لڑائی گر ہوئی تو کیا

نہین پرواز کی صیاد بال و پر مین جب طاقت
قفس سے ہم اسیرونکو رہائی گر ہوئی تو کیا

[illegible]

تیرے گلتار کی قیمت مین جو دون چین و تتار
تو بھی سودا نہو آنکہ زلف پریشان مہنگا

روبرو اس لب پان خوردہ کے کچھ لال نہین
کیا ہوا گرچہ بکا لعل بدخشان مہنگا

جان تک بھی تو اگر دیکے اُسے لے ایدل
نہ کہون مین کہ لیا تونے یہ پیکان مہنگا

کہو قاتل سے کرے ہاتھ لہو سے رنگین
نہین مہندی سے سوا خون شہیدان مہنگا

کردیا آنسوؤن نے میرے بکھانک بے آب
ایک کوڑی پہ بکے ہے اب دُر غلطان مہنگا

گر ظفر ایک نگہ پر ترا ہو جائے غلام
چھوڑیو مت کہ نہین تجکو یہ انسان مہنگا

## دیگر

ساقی ہے نشہ انکھو نمین معمول سے ہلکا
نظرون مین ہے اب رطل گران پھول سے ہلکا

ہر بات مین تو ایک بھی ہے لاکھ پہ بھاری
گر بات کو اپنے نکرے طول سے ہلکا

ہوجاے تکلف کا پسندیدہ احمق
ہوگا نہ گدھا یہ کبھی اس جھول سے ہلکا

اچھا کیا سر تونے مرے تن سے اوتارا
اب کوئی نہین اس ترے مقتول سے ہلکا

جز تارک دنیا ہو ہوس سے نہ سبکدوش
یہ بوجھ نہ دنیا کے ہو مشغول سے ہلکا

مرفہ نہین کاغذ کا اگر بھیجتے ہین وہ
خط ڈاک مین اندیشہ محصول سے ہلکا

دنیا مین ظفر جو ہے گرانبار جہالت
کب ہوتا ہے وہ مردم معقول سے ہلکا

[illegible]

اے پری پردا اپنی صورت تو دکھائیگا جسے
وہ جو دلمین لگ رہی ہے آگ بجھنے کی نہین
دیکھنا اس چاند کے ٹکڑے کو کیونکر جانتا
اے جنون تیری بدولت نام میرا آخرش
باز آس خونفشانی سے کہین اے چشم تر
اے تغافل کیش کی تونے اگر آنے مین دیر

صاف وہ حیرت زدہ آئینہ سان ہوجائیگا
چشم تر سے گرچہ اک دریا روان ہوجائیگا
ٹکڑے ٹکڑے دل مرا مثل کتان ہوجائیگا
دشت مین ہر خار کے منہ پر زبان ہوجائیگا
دیکھ میرا راز دل سب پر عیان ہوجائیگا
کام آخر تیرے عاشق کا یہان ہوجائیگا

کرتے ہین دعوی محبت کا جو اس سفاک سے
اے ظفر اک روز انکا امتحان ہوجائیگا

دیگر

ہمارا انکا ہے جبکہ سامنا بلا پڑتا
فراق یار مین ہودیگی زندگی کیونکر
یہ سوز دل سے مرا اشک گرم ہے کہ جہان
سناتے نالۂ پر درد ہم اگر اپنا
نصیب ہوتے بھلے اپنے گر محبت مین
اسیر زلف ترا ہے یہ قید سے مانوس
بلا سے تیری جو الجھے وہ زلف شانہ سے

نہین کلام کا غیرون کو حوصلا پڑتا
کہ تجھسے جان کے یہ غم تو ہے بلا پڑتا
بدن پہ گرتا ہے دان ایک آبلا پڑتا
تو بلبلو ابھی صیاد ملبلا پڑتا
تو بد معاملہ سے کیون معاملا پڑتا
کہ چین ہے نہین بے طوق و سلسلا پڑتا
تو اسکے پیچ مین ہے کسلیے دلا پڑتا

میں چمن میں بھی رہونگا دل گرفتہ ای صبا
دل نہیں ہے میرا وہ غنچہ کہ جو کھل جائیگا

جان شیریں جائیگی اپنی مثال کوہکن
پر نہ تیرا شوق ای شیریں شمائل جائیگا

تیرے کوچہ سے کہاں جائیگا تیرا خاکسار
مثل نقش پا وہیں یہ خاک میں مل جائیگا

ہووے گی اس روز برپا کیا قیامت اے ظفر
خاک پر جسدن شہیدوں کے وہ قاتل جائیگا

غلط ہے جو کہے یہ چپکے رہنا کچھ نہیں اچھا
نہ کہنے میں مزا ہے منہ سے کہنا کچھ نہیں اچھا

انہوں سے دوستی کی وہ ہمارے ہوگئے دشمن
قصور انکا نہیں ہے اپنا لہنا کچھ نہیں اچھا

ستم اس یار کا سہنا یہ سہنا ایدل اچھا ہے
ولیکن ہاتھ غیروں کے سہنا کچھ نہیں اچھا

محبت کی پڑیں گر بیڑیاں پاؤں نہیں پروا ہے
نہ کہنا چاہیے ہرگز یہ گہنا کچھ نہیں اچھا

جہانتک رک سکے اس گریہ کا ہی روکنا اچھا
ہمیشہ اشک کا آنکھوں سے بہنا کچھ نہیں اچھا

خط شبرنگ تیرا خوشنما ہے تیرے عارض پر
وگرنہ چاند کا عالم میں گہنا کچھ نہیں اچھا

مثل یہ اے ظفر ہے نکلی ہونٹوں اور چڑھی کوٹھوں
نہیں کہنے کی جو بات اسکا کہنا کچھ نہیں اچھا

دیگر

جال اس زلف نے ایسا کسی صورت کا مارا
ہوگیا دل یہ گرفتار غضب کا مارا

پھر گیا منہ ترا عقبی سے کہ جب دنیا نے
اک طپانچہ ہوس عیش و طرب کا مارا

شعلہ خو اک بات تو میری اگر سن
بڑی بات [illegible] کلیجہ جل گیا دل بن گیا

## مطلع ثانی

شمع بھی یاں رو گئی شعلہ بھی یاں [illegible]
آگے پروانہ بھی کیا اس بزم میں جل [illegible]

[illegible] بھی کوئی دن مفتون تمہاری چشم کا
بن کے آہو کی طرح وحشی وہ [illegible]

جو گیا دل سوختہ وہاں بانکپن [illegible]
نام جسکا رہ گیا کچھ اسکا [illegible] باقی رہا
ورنہ جو باقی [illegible] گیا ساتھ اسکے اسکا [illegible]
مین صبا وہ طائر بیطاقت اس گلشن میں [illegible]
ایک پر [illegible] اڑ کر [illegible] گلشن گئی
ہاتھ اٹھایا سینہ کاوی سے نہ [illegible]
لے جنون جب تک نہ [illegible] چاک [illegible]
واسطے [illegible] کیا خاک [illegible]
سبز ہو سکتا نہین وہ [illegible]

## ۲

| | |
|---|---|
| کھل گئیں یکبارگی آنکھیں سی ٹھہر ماہ کی | جبکہ انگے منہ سے تونے دور گھونگھٹ کر دیا |
| جو ترے کوچہ مین سویا خاک پر آرام سے | ترک اسنے اپنے سونیکا چپر کھٹ کر دیا |
| یہ تو لٹکا خوب سیکھے ہو جسے چاہا اُسے | تمنے سودائی دکھا کر زلف کی لٹ کر دیا |
| اشک کے قطرے لئے جاتی ہین بہر بہر کر سبو | جوش گریہ نے مری آنکھوں کو پنگھٹ کر دیا |
| دل فقیری سے صفا کر اس سے کیا حاصل اگر | تونے داڑہی کو بڑھایا یا صفاچٹ کر دیا |

ہوتا ہے چرچا محبت کا لگاوٹ سے ظفر
ہمنے رسوا آپ کو وان بی لگاوٹ کر دیا

| | |
|---|---|
| تیری گلی سے عاشقِ زار اُٹھہ کر رہگیا | اُٹھا تھا نا توان سا غبار اُٹھہ کر رہگیا |
| دنیا مین اک جہان کو بہا سیل اشک سے | پر دل مین کیا جوش سا یار اُٹھہ کے رہگیا |
| گنبد بنا نہ گور پہ مجنون کے دشت مین | اکثر بگولا گرد مزار اُٹھہ کے رہگیا |
| رخ سے اُٹھا کے زلف جو یار اس نے رکھی | دل پہ سے پردۂ شب تار اُٹھہ کے رہگیا |
| گر کر سنبھل سکا نہ ترا زخمی نگاہ | دیکھا یہ تیر خوردہ شکار اُٹھہ کے رہگیا |
| رکھہ ہاتھہ سے نہ جام صراحی اٹھا کے تو | ساقی بلا سے ابر بہار اُٹھہ کے رہگیا |

ٹہری ہے بیطرح یہ ظفر آج دل کی آگ
آگے تو شعلہ سا کئی بار اُٹھہ کے رہگیا

## دیگر

## دیگر

کاکل [illegible] مین [illegible] ظفر [illegible]
[illegible] دل جانیگا
ستم [illegible] بیمار [illegible] دل جانیگا
[illegible] ابھی [illegible] جانیگا
[illegible] جانیگا
[illegible] جانیگا
[illegible] جانیگا [illegible] منزل جانیگا

جبکہ ہوتا ہی دل مرا بیتاب
تو سنبھالا ذرا نہین جاتا

محوِ حیرت ہون صورت تصویر
کیا کہون کچھ کہا نہین جاتا

بادۂ عشق سے جو ہین مخمور
انکا ہرگز نشا نہین جاتا

اُڑ کے جاؤن ظفر وہان لیکن
بے پر و بال اُڑا نہین جاتا

جو تیرے آتشین رخ پر نہ خط عنبر نہ ہوتا
تو آتش سے دھوان پیدا نہ عالم مین کہین ہوتا

## مطلع ثانی

مرے نالون سے پتھر موم ہوا ہی نازنین ہوتا
اگر دل مین اثر تیرے نہین ہوتا نہین ہوتا

کہان جا سکتا چھپکر ہمسے ظالم تو جہان جاتا
برنگ سایہ پیچھے پیچھے تیرے ہم وہین ہوتا

تری دوری مین کیا کیا سو جتنی ہی دور کی مجکو
عیان ہی حال مجھپر دور گلے دور بین ہوتا

ترے مضمون خال لب کے آگے نا چین وہ
تری محفل مین گر کیسا ہی کوئی نکتہ چین ہوتا

دکھاتا کان کا بالا جو تو رخسار پر اپنے
تری حلقہ بگوشی مین مہ ہالہ نشین ہوتا

ہمارے پیچ و تاب دل کی یہ تاثیر تو دیکھو
کہ ہمکو دیکھکر ہر دور وہ چین بر جبین ہوتا

لپٹتا اے ظفر اسکو وہ آہ گرمیرا
تو کاہیکو کھڑا یہ خیمۂ چرخ برین ہوتا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## ردیف الف

ادا پورا نہو یک حرف اصلا حمد یزداں کا
اگرچہ صد زباں ہو ہو زباں خامہ سخنداں کا

ملک سے تا بشر مصروف ہیں سب اسکی طاعت میں
ہر اک ہے عرش سے تا فرش ممنون اسکے احساں کا

وہی کعبہ کا صاحب خانہ وہی ہے دیر کا مالک
وہی رزاق ہے کافر کا وہی ہادی مسلماں کا

اگر ہو جائے پارہ پارہ دل اسکی محبت میں
تو پھر ہر پارۂ دل کو سمجھ سیپارہ قرآں کا

نکرتا وہ اگر پیدا نبی کو نوعِ انساں میں
تو مخلوقات میں اشرف نہو رتبہ انساں کا

نبی وہ رحمۃ للعالمیں جسکی شفاعت سے
نہو ہر عاصیوں کو حشر کے دن خوف عصیاں کا

عجب کیا نعتیں گر اسکی نور حسن معنی سے
بجائے حسن مطلع ہووے مطلع مہر تاباں کا

نبی کا دیکھتی گر اسکی نظر اسکا رخ روشن
تو اب یکو خواب ہو جاتا تماشا ماہ کنعاں کا

[illegible] مضمون حمد و نعت کے [illegible]

ورق مہر ہے سر دیوان کا [illegible]

دیگر

ہم نے ہر روضہ کو تیرے روضۂ رضوان پایا
بلکہ رضواں کو یہاں ہم نے دربان پایا

محو نظارہ ہوا جو کہ وہ اس گلشن میں
چشم نرگس کی طرح سے اُسے حیران پایا

[illegible]

۲

مطلع ثانی

[illegible]

الماسِ رخشانِ سخن روشن بیانی و لعلِ تابانِ لآلی افشانی

منجملہ چار جلد

# کلیات ظفر

دیوان سوم

مطبع نامی منشی نولکشور لکھنؤ میں نقشِ نگینِ طبع ہوا

[illegible]

| | |
|---|---|
| بسم اللہ ہو ارادہ اگر میرے قتل کا<br>بسمل کی طرح آہ تڑپتا ہوں میں سدا | چھوٹے کہیں عذاب سے تا جان مبتلا<br>کیا دیکھتا ہے تیغ نگہ ایسی اک لگا |
| قصہ تمام عمر کا اسے پر جفا چکے | |
| ٹھہرے ہیں بعد مرگ تو راس خرابہ میں<br>کیا کیا نہ ہمنے آکے گیا اس خرابہ میں | ورنہ پھر سے خراب سدا اس خرابہ میں<br>اب خاک کے ہیں ڈھیر تو کیا اس خرابہ میں |
| پہلے تو ہم بھی خاک بہت سی اڑا چکے | |
| کہنہ ظفر برا نہ کہو میکدہ کو ذوق<br>تم دیکھ کر نہ جل ہیں کو میکدہ کو ذوق | ہے کچھ تو دان بھی دیکھو تو میکدہ کو ذوق<br>بیکار ہو آج خوب چلو میکدہ کو ذوق |
| چھوڑو کہیں وظیفہ بہت پڑھ پڑھا چکے | |

## ایضاً

| | |
|---|---|
| یہ جانتے ہیں غنچے بھی ہیں اور گل تر بھی<br>ہے میری صبح شام بھی یہ اور سحر بھی | اور دیتے گواہی ہیں و برگ شجر بھی<br>گل پھینکے ہیں اور سو نکی طرف بلکہ ثمر بھی |
| اے خانہ برانداز چمن کچھ تو ادھر بھی | |
| مدت میں ہے مرے گھر کی طرف سے جو گذرنا<br>اور مجھسے دو چار آنکھیں بھی اک بار نکرنا | دو چار گھڑی غیر کے تو پاس ٹھہرنا<br>کیا ضد ہے مرے ساتھ خدا جانے وگرنہ |
| کافی ہے تسلی کو مری ایک نظر بھی | |

تمام مخمس

جلد دوم دیوان ظفر

سوز عصیان سے جگر سوختہ جب ہو گلوفات | آئین صحرا ہو قیامت مین طلبگار نجات
کہین سر چشمۂ احسان سے تہا تیری فات | ماہمہ تشنہ لبانیم توئی آب حیات

لطف فرما کہ ز حد میگذرد تشنہ لبے

ہے ظفر کے دل بیمار کا بھی حال وہی | اور اسی طرح سے اب چارۂ طلب وہ بھی
کر گیا آگے ثنا مین تری جیسے قدسی | سیدا انت حبیبی و طبیب قلبی

آمدہ سوے تو قدسی پئے درمان طلبی

## ایضاً

جو عشق باز مین وہ رہ دین ہے آ چکے | سر بازئ وفا مین وہ گھر لٹا چکے
واعظ برب کعبہ تجھے ہم جتا چکے | جو دل قمار خانہ مین بت سے لگا چکے

وہ کعبتین چھوڑ کے کعبہ کو جا چکے

ساری حقیقت اپنی مری اُنپہ کھل گئی | ہے بات اور قابل تحریر کون سی
لیکر قلم کو ہاتھ مین ہون سوچتا یہی | کیا خط مین مدعا لکھون اپنا کہ مدعی

پہلے ہی انکو میری طرف سے پڑھا چکے

ہر چند اُسکا لطف عداوت سے کم نہین | اور آمد آمد اُسکی کچھ آفت سے کم نہین
پر اپنے حق مین وہ بھی عنایت سے کم نہین | آنا بلا سے اُس کا قیامت سے کم نہین

مرتے ہین انتظار مین اک روز آ چکے

ہاکی تری جلوہ سے مسجود ملائک آدم ... نور سے پر نور حدوث اور قدم

[illegible] دونوں عالم

[illegible] جمال تو تجلی [illegible]

[illegible]

| | |
|---|---|
| مفتیِ شہر کوئی ہو کہ ہو قاضیِ شہر | ہوگا اس فاحشہ سے دلکا لگانا اک زہر |
| اگر اسکے غضب اور قریب اسکے ہیں قہر | ازل نے بنا ہی عجب طرح کی علاّ دہر |

مرد دیندار کو بھی دہریہ کر دیتی ہے

| | |
|---|---|
| بھیجتا تھا ایت فو خط ہمیں خط اپنے بھی | لیک وہ حرف عتاب السیر نہ لکھتا کبھی |
| ہو گئی اور بھی کچھ طرز کتابت اسکی | بڑھتی جاتی ہی جو شوخی ستم اُس ظالم کی |

کچھ محبت مری اصلاح مگر دیتی ہے

| | |
|---|---|
| گرمیِ عشق جوانی کا ہی چارہ دشوار | دار کے سر ہو پیر پسر نہ کیونکہ درکار |
| جسکو باور نہو وہ دیکھ لے اسکو سو بار | تپ سل شمع کی جب کم نہیں ہوتی ناچار |

اسکو کافور سفیدی کا سحر دیتی ہے

| | |
|---|---|
| رکھتا ہی زیب گلو جیسے ظفر عشق کا طوق | لکھتا ہی آہ و فغان سی ہی کچھ بھی عشق میں ذوق |
| حال رسوائی مرا سننے سی ہی یار کو شوق | کوئی غماز نہیں میری طرف سی اوروں کے |

کان اسکے مری فریاد ہی بھر دیتی ہے

## ایضاً

| | |
|---|---|
| سرورا تو وہ نبی جسکے نہیں بعد نبی | دیکھ شان تری عرش کی بھی شان بلی |
| انبیا تجھسے کہیں وقت شفاعت طلبی | مرحبا سید مکی مدنی العربی |

دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

[illegible]

لیک کہتے یہ دمبدم تو رہا ۔ سبحہ گر زبان ہی میں ہمتو رہا
دست کوتاہ تا سبو نہ گیا

## ایضاً

آشنائی کرے جو قابل ہیں الفت والے ۔ نہ یہ پر مہر و وفا دولت و حشمت والے
یا سرہ ہیں جو ہیں یار و ہیں رفاقت والے ۔ کیا غرض لاکھ خدائی میں ہوں دولت والے
اُن کا بندہ ہوں جو بندہ ہیں محبت والے

اسقدر خواہش نظارہ مجھے ہے تیری ۔ چاہوں میں اسکو چھپاؤں تو نہیں چھپ سکتی
جبکہ لکھواتا ہوں یار و حقیقت اپنی ۔ ٹلے ری حسرت دیدار مری یاں کو بھی
لکھتے ہیں ہارے دو حسنی سے کتابت والے

پس مردن بھی مرقد پہ کوئی بھی غمخوار ۔ فاتحہ پڑھنے کو صد حیف نہ آیا یکبار
سوختہ جان کا بجز سوختہ جانکی ہو یار ۔ نہیں جز شمع مجاور مری بالین مزار
نہیں جز کثرت پروانہ زیارت والے

دمبدم کلبۂ احزان میں ہے دم گھبراتا ۔ دم کے جانے میں مرے اب ہے کوئی دم جاتا
اور غمخوار تو صورت بھی نہیں دکھلاتا ۔ کبھی افسوس ہے آتا کبھی رونا آتا
دل بیمار کے ہیں دو ہی عیادت والے

بھیجوں کیا نامہ میں لکھوا کے تمہیں دل کا راز ۔ ہو نہ تحریر سے بیتابی دل کی غماز

ایضاً

## ایضاً

| | |
|---|---|
| کہہ چکے غم سے بارہا ہیں ہم | گرچہ آوارہ جون صبا ہیں ہم |

لیک لگ چلنے کو بلا ہیں ہم

| | |
|---|---|
| جرم ثابت ہوا ہے کیا ہم پر | نہیں کھلتا یہ ماجرا ہم پر |
| ادراک ظلم ہے نیا ہم پر | اے بتو اسقدر جفا ہم پر |

عاقبت بندہ خدا ہیں ہم

| | |
|---|---|
| تونے دیکھا جب اٹھا کر چشم | کیا مفتون اسے دکھا کر چشم |
| سنکے یہ چشم سے ملا کر چشم | سرمہ آلود مت رکھا کر چشم |

دیکھ اس وضع سے خفا ہیں ہم

| | |
|---|---|
| گرچہ ہوتی رہی جفا پہ جفا | پر نہ سرکے وہاں سے اک ذرا |
| ہم پہ احسان یہ وفا نے کیا | تیرے کوچہ میں تا بہ مرگ رکھا |

کشتۂ منت وفا ہیں ہم

| | |
|---|---|
| نہیں مرہم طلب تن مجروح | ہے یہ اپنا عجب تن مجروح |
| دیکھو تو آگے اب تن مجروح | ہے نمک سود سب تن مجروح |

تیرے کشتوں میں میرزا ہیں ہم

| | |
|---|---|
| ہوئی ہمکو نصیب جتنی عمر | تھی وہ تھوڑی سی یا بہت سی عمر |
| ہم نے اس طرح سے بسر کی عمر | آستاں ہی پہ تیرے گذری عمر |

کہا یہ شاہ نے اعدا سے چاہیے تمکو
یہی ہے دلمین مری آرزو کہ تہ تیغ
سر اپنا سجدہ پہ آب سے وضو کر کر

تو نیف اتنا کہ ہو میری اختتام نماز
ادھر تمام حیات اور ادھر تمام نماز
ہمیشہ پڑھتے ہیں شبیر کے غلام نماز

نہ دی کوئی مجھے غم بجز غم شبیر
ظفر یہ مانگ دعا پڑھ کی تو مدام نماز

## مسدس بطور مرثیہ

نماز پڑھ کے سدا سجدہ و قیام کے ساتھ
اگر ہے دوستی اس سرور انام کے ساتھ

وظیفہ چاہیے ذکر غم امام کے ساتھ
تو ورد صبح کے ساتھ اور ورد شام کے ساتھ

سلام تم پہ ہو صلوٰۃ علی الدوام کے ساتھ
کہ ہر نماز ادا ہوتی ہے سلام کے ساتھ

ہزار کوئی عبادات میں رہے مشغول
نماز اسکی نہ مقبول نہ دعا مقبول

جو دل میں رکھتا نہ ہو حب اہل بیت رسول
جو ہو تو دولت ہر دو جہان اسے ہو حصول

سلام تم پہ ہو صلوٰۃ علی الدوام کے ساتھ
کہ ہر نماز ادا ہوتی ہے سلام کے ساتھ

بجز حسین ہو کون شیعہ مصطفیٰ
اگر کرے جو وہ نہ شفاعت تو ہو عت کیا

[illegible]

متفرقات قطعہ

[illegible]

یونچھے آنسو نہ مرا اپنی غمخواری مین
ای پری وش ترے عاشق کا جو کچھ احوال
فصد مجنون کی ترے کوئی کیونکر فصاد
ناتوان تیر اٹھے بستر غم سے کیا خاک

اپنے دامن مین کبھی تم یہ گہر لے نسکے
نام بھی عشق کا پھر کوئی بشر لے نسکے
کام نشتر کا وہ ہر خار سے گر لے نسکے
جبکہ کروٹ بھی ادھر سے وہ ادھر لے نسکے

تا نہ صد چاک ہو شانہ کیطرح دل اپنا
اسکی زلفونکی بلائین یہ ظفر لے نسکے

سلام

[illegible]

غرور حسن سے گر وہ جلال مین آوے
اسیر زلف ہوا اُس خال رخ کو دیکھ کر دل
کرے اُس ابرو پر خم سے ہمسری کیونکر
وہ خال رخ پہ جو بکھری ہوئی لٹ کی بال
حنا جو اسکی قدمبوس ہو تو پھر کیونکر
بلا سے وصل کا دن ہو وہی عید کا دن

تو اسکی پھر نہ ذرہ خیال مین آوے
بغیر دانہ کے طائر نہ جال مین آوے
کہان سے خم یہ کمان ہلال مین آوے
ستارہ دیکھیے کسکا وبال مین آوے
نہ حسرت اپنے دل پائمال مین آوے
کہ اکبار تو وہ اکیہ سال مین آوے

ظفر وہ خواب مین کسطرح آئے میرے پاس
کہ جب نہ خواب ہی رنج و ملال مین آوے

نہ نالا سے نہ زاری سے نہ تدبیر سے چمکے
یہ انجم تابان نہیں شعلے ہین نکلتے

چمکے اگر اقبال تو تقدیر سے چمکے
آہ جگر عاشق دلگیر سے چمکے

قطعہ

[illegible]

نہ دل ان شعلہ رخسارون نہ ٹوٹا
بلا سے گرچہ انگارو نہ ٹوٹے

تم اینڈ دل بستر گل پر تھین کیا
کوئی حسرت سے گر خارو نہ ٹوٹے

کہان پایا یہ منہ جو ہنستے ہنستے
گل اُس گل کے دل افگارو نہ ٹوٹے

نہین زلفون کے سودائی کو کچھ ڈر
پڑ شبکو سیہ مارو نہ ٹوٹے

اُسے جو دیکھا ہو برق بیتاب
زمین پہ لوٹے نہ دیوارو نہ ٹوٹے

گیا دل لوٹ میرا اُن بھوون پہ
دگر نہ کون تلوارو نہ ٹوٹے

ہمیشہ لوٹے بسمل کی طرح وہ
ظفر جو اُن طرحدارو نہ ٹوٹے

ہے جبکہ خلق سوچ کے تدبیر بولتی
کچھ اور ہے جو ابھی تقدیر بولتی

ہنستا وہ گل چمن مین اگر کھلکھلا کے صبح
حسرت تھی کیا جو بلبل تصویر بولتی

ہر بار ہے خانۂ زندان مین ایک غل
مجنون گرا ہے جو پانو مین زنجیر بولتی

بلبل ہوائے شوق کہ آندھی کے شور مین
گیا کیا ہے خاک عاشق دلگیر بولتی

گرچہ نہین ہے میر کے استخوان مین دم
پر عشق کے باعث تاثیر بولتی

افسون عشق سے دل عاشق کے سر پہ روز
ہے وہ بلائے زلف گرہ گیر بولتی

تیرے کلام مین ہے وہ انداز اے ظفر
محفل مین آفرین دم تقریر بولتی

تمام عمر گذاری ہے اپنی غفلت میں
جہان کی ہم ظفر نے خواب میں کی ہے

دیگر

طرز آنکھ کی نرگس میں ہے زخم زلف کا سنبل میں ہے
نقشہ ہے قد کا سرو میں رخ کی نبات گل میں ہے

جام جہان بین میں نظر آیا وہ کب جمشید کو
دیکھا تماشا ساقیا جو ہمنے جام مل میں ہے

سو ٹکڑے ہو گل کا جگر اک دم میں از باد سحر
تاثیر درد عشق کی وہ نالہ بلبل میں ہے

جائیگا جس ملت میں تو پائیگا وان دیگر دید
آرام گر منظور ہو تجھکو تو صلح کل میں ہے

ہوتی ہے رنج ماندہ دل بزم شراب ناب میں
اعجاز اے ساقی عجب اس خندہ قلقل میں ہے

میرا دل شامت زدہ ظالم گرفتار بلا
ہے گاہ تیری زلف میں گاہ تیری کاکل میں ہے

خاموش رہنا چاہیے دنیا کی شورش گاہ میں
سنتا کسیکی اے ظفر یان کون شور و غل میں ہے

یہ عمر ہمنے بسر سب شراب میں کی ہے
سفید ریش نہیں آفتاب میں کی ہے

گیا ہے بھول مری اب قرار یان قاصد
ہدر نگ اس نے جو خط کے جواب میں کی ہے

بجا رہے نہیں اسکے حواس جسکی طرف
نگاہ تونے خشم و عتاب میں کی ہے

بنا ہے چرخ پہ جو ماہ ساغر سیمین
کسی نے بادہ کشی ماہتاب میں کی ہے

سمجھ حباب کو بحر جہان میں اے غافل
کہ بند ایک ہوا سی حباب میں کی ہے

ملا نہ رہنے کو جب گھر کہیں تو غم نے ترے
جگہ مرے دل خانہ خراب میں کی ہے

ہوئی جو پیر ہمیں ثابت تو کیا ہے خواب
کسی نے توبہ جو عہد شباب میں کی ہے

فلک پہ برق جہان کر اڑا دیے ہیں ہوش
جو آہ ہمنے کبھی اضطراب میں کی ہے

اشارہ ہی کہ ہم افشان جبین اپنی غلطی مین
انھون نے خط جو بہ طالع افشانی پہ لکھا ہی

دوا میری ہی وصل یار کیون نسخہ حکیمون نی
طریق حکمت ہندی و یونانی پہ لکھا ہے

کہان ہی خط صین اس ابروئے خمدار پر دیکھو
یہ نام تیغ گر تیغ صفاہانی پہ لکھا ہی

کہون کیا ماجرا بے ثباتی نقش ہستی کا
مٹا جاتا ہی یون گویا کہ یہ پانی پہ لکھا ہی

متانت دیکھتا ہی کیا ظفر کی طبع عالی مین
کہ جو لکھا ہی مضمون طرز خاقانی پہ لکھا ہی

وہ دل کیا ہی کہ جو تیری غم الفت سے خالی ہی
وہ دیدہ کیا جو تیری دید کی حسرت سے خالی ہی

عجب انداز سے ہمکو خط اس حرف نے لکھا
نہین اک حرف جسمین نامہ حسرت سے خالی ہی

بھر اگرچہ جام مے ساقی نے لیکن ہمکو کیا حاصل
کہ اپنا ساغر دل بادۂ عشرت سے خالی ہی

نظر صورت پہ جو کی دیدۂ تحقیق سے دیکھو
کوئی صورت نہین اللہ کی قدرت سے خالی ہی

گیا یان سے نکل کیا جانے دیوانہ کہان تیرا
پڑا پھر خانۂ زنجیر اک مدت سے خالی ہی

رہیگا داغہای عشق سے سینہ بھرا تو بھی
کوئی ہوتا خزانہ اپنا دولت سے خالی ہی

ظفر ہم باندھتے ہین جب کے مضمون کم اسکا
ہمارا شعر بھی کوئی نہین رفت سے خالی ہی

پھرتی ہے آنکھون مین جو اس رفتنا کی شکل ہی
خوابین آتی نظر مجکو بلا کی شکل ہے

شوق مینا اُس قد رعنا کی ہے شکل آزاد سر
بنگیا لیکر چھری جو مینا کی شکل ہے

[illegible]

دیگر

[illegible]

| | |
|---|---|
| ہمارا غم دل کی حجرے مین نہین کہتا وہ غمزہ<br>مجھے دل کھو لکر اپنے درد کو نہ ہم چشم پڑتا<br>لگا تیغ ستم تو شوق سے ظالم کہ بخرسے<br>یہ کیا اندھیر جون دیدۂ خاسے اجالا | مگر جو وقت پاتا ہے مجھے غافل چوراتا ہے<br>کہ پانی آنسوون سے میرا زخم دل چوراتا ہے<br>بھلا کب جان اپنی یہ تماشا مفت چوراتا ہے<br>مری دلکو رخ روشن کا تیرے تل چوراتا ہے |

ظفر سب کو برابر دیکھتے ہین جو ہین روشن دل
کسی سے آنکھ اپنی کب وہ کامل چوراتا ہے

| | |
|---|---|
| عجب اشک آنکھ سے کچھ یہ برفہ مژگان تیز بہتا ہے<br>ترے زخمی کو یاد آتی ہے جب شمشیر کی تیزی<br>سخن مین اس لب جان بخش کے ایسی روانی ہے<br>کبھی دل مین جو ہے دریا دلی سے جوش آجاتا<br>عرق افشان تیری زلفین جو رخسار پہ ہوتی ہین<br>کوئی کم آشنا ایسا ہے جسکے پانون مین بھنور | کھڑا ہے کھیت خشک اور آب بہتا ہے تیزی<br>تو کیا کیا خون زخم تیغ بران تیز بہتا ہے<br>کوئی جانے کہ گویا آب حیوان تیز بہتا ہے<br>تو کیا کیا لہر مین تنکا سا انسان تیز بہتا ہے<br>چمن مین یا سلکے کیا کیا آب باران تیز بہتا ہے<br>کہ دریائے محبت اے مرے جان تیز بہتا ہے |

ظفر بہتا تو ہے ناسور دل کا روز میرا سکو
کوئی گر چھیڑتا ہے اور بھی ہان تیز بہتا ہے

| | |
|---|---|
| ہو تمہید وقت ہے وہ پیشوائی وقت ہے<br>رہتا ہے ہر وقت جاری چشم سے دریا ئے اشک | بات کرنا دیکھ کر جو مقتضائے وقت ہے<br>پوچھتا اے آشنا کیا ماجرائے وقت ہے |

[illegible]

[illegible]

کیا غضب ہے جو محبت کا تری بھرتا ہی دم
اس سے ہوتا تری محفل میں تبرا صاف ہی

دھو دیا رد ہی زمین کو آب گریہ نے مرے
پر نہیں ہوتا دل اسکا آئینہ ذرا صاف ہی

حاشیہ کیا کیا چڑھاتی ہی محبت دیکھو
اب تلک تو یہ کتاب دل معرا صاف ہی

جانہ تو با تو نہ زاہد رند ہو تسلیم کی
منھ پہ تیرا نام ہی پر دل میں یہ اطراف ہی

آج مرغان قفس مجھے کیا کہیں کتر کے سر
گر رہا مقراض کا صیاد تیرا صاف ہی

حرص دنیا ہی بشر کے واسطی آلودگی
ہو گیا جس وقت یہ اس سے مبرا صاف ہی

تیر ہے رشک قامت رعنا سے سر بر سر کے
شہپر قمری چمن میں شکل آرا صاف ہی

اے ظفر ہمسر ہو گیا شعلہ دل بیتاب سے
دیکھ کر برق تجلی بھی جا وہ اسکو تھرا صاف ہے

مصور نے ہمیں کیا جانے دی تصویر کسکی ہی
ملے تصویر ایسی کسکو یہ تقدیر کسکی ہی

ہمیشہ آہ بھی کرتے ہیں ہم نالہ بھی کرتے ہیں
پر اسکے دل میں ہوتی دیکھئے تاثیر کسکی ہی

تری تقریر ناصح خوب ہی ہاں ہم بھی قائل ہیں
مگر سنتا دل دیوانہ یہ تقریر کسکی ہی

ترا ہی ناز بیجا پائداری پر عمارت کی
رہی قائم یہاں منعم سدا تعمیر کسکی ہی

بجز تیغ نگاہ یار کشتہ خون عاشق پر
زیادہ تیز ہوتی دمبدم شمشیر کسکی ہی

کیا جو کچھ نصیبوں نے نہ کچھ دل نے نہ آنکھوں نے
کہوں میں یہ خطا کسکی ہی اور تقصیر کسکی ہی

ظفر جو کچھ ہی پیشانی میں ہی وہ ہے نہ ٹالے سے
کہ جاتی پیش اسکے سامنے تدبیر کسکی ہے

دیگر

[illegible]

دیگر

[illegible]

مثلث

[illegible]

[illegible]

| | |
|---|---|
| شبکو اس طرح اسکے گرد کا شانہ رہے | جیسے سر گرداں سر فانوس پروانہ رہے |

**مطلع ثانی**

| | |
|---|---|
| سینہ واحیب مثل گل وہ بے حجابانہ رہا | بوے گل سے کیوں نہ مہکا اپنا کاشانہ رہا |

**مطلع ثالث**

| | |
|---|---|
| ہم رہیں ساقی یہاں اور دور پیمانے رہے | حشر تک بارے یونہیں آبا دمیخانہ رہے |

**مطلع رابع**

| | |
|---|---|
| گرم آرایش جو اپنا اور جانانہ رہے | کیوں نہ دست مہر میں آئینہ و شانہ رہے |
| تم بناؤ اپنے گورے منھ پہ اک کاجل کا تل | پاس تا کافور کے فلفل کا بھی دانہ رہے |
| ہو وے محتاج نمکداں زخم دل بلبل کیوں | جبکہ شبنم سے بھرا ہر گل کا پیمانہ رہے |
| جسطرح سے شمع پر پروانہ ہوتا ہے فدا | اس طرح سے شمع اسکے رخ پہ پروانہ رہے |
| ہیں وہ مجنوں کہ صحرا میں زبان خامہ | تا قیامت اس مری وحشت کا افسانہ رہے |
| زیر محراب خم ابرو کے چشم مست یار | دیکھا کیا نہ دہرے مسجد میں بتخانہ رہے |
| موج جوہر نہ کیونکر پاے در زنجیر ہے | جبکہ آئینہ ترا ہی صورت کا دیوانہ رہے |
| دیکھکر خال اسکے رخ پر کیونکہ میں حیران ہوں | یعنی قائم شعلہ پر کس طرح پروانہ رہے |
| جو کہ ہو وحشی تری آنکھوں کا ہی آہو نگاہ | کسکا اس سے خیر خواہی اخلاص یارانہ رہے |
| شمع تیرا آب گریہ پھر یہ کسکا کام آئیگا | جب ٹپکا پڑے غسل یونہیں لاش پروانہ رہے |

[illegible]

[illegible]

عشق کا آزار صحت سے ہے بہتر ای طبیب
جو رہے اُس شوخ کے بیمار غم اچھے رہے

اب خدا جانے کہ دلمین کیا بُرائی آگئی
پہلے تو ہمپر تری لطف و کرم اچھے رہے

وہ رہی کھل کر پریشان انکو دلجمعی رہی
گل سے غنچہ ای نسیم صبحدم اچھے رہے

خاک آخر ہونگی سب پر پہلے ہی جو خاک کستا
ہو گئے اس یار کی خاک قدم اچھے رہے

ہر کسی سے راز دل کہہ بیٹھنا اچھا نہین
اے ظفر دنیا مین ہین اب لوگ کم اچھے رہے

غیر کر سکتا ہی گو مجھ سی عداوت کیا ہی
مہربان دوست ہی دشمن کی حقیقت کیا ہی

جو نہ دیکھا تھا سو وہ عشق مین تیرے دیکھا
دیکھیں اور دکھاتی ہین قسمت کیا ہی

زلف اکثر جو تری کان لگی رہتی ہی
کہتی یہ کانین ای کان ملاحت کیا ہی

سب جگہ ہی وہی اور سبکی نظر سو نہان
پڑ گیا آنکھون پہ یہ پردہ غفلت کیا ہی

ابرو دکھوتا ہی کیون کہدے یہ صاف آئینہ سے
اس سی تو ہو گا نقابل ما تری صورت کیا ہی

غمزہ کرتا ہی ترا ایک جہان کو غارت
یہ بلا کیا ہی خدا جانی یہ آفت کیا ہے

جلد آ جلد نکر دیر تو ای رشک مسیح
دیکھ تو اب تری بیمار کی حالت کیا ہی

کیا کہون کہنی مین تو اور مصیبت ہو سوا
مجھسے وہ پوچھتے ہین تجھپہ مصیبت کیا ہی

مین کرون شکوہ جو کچھ انکو محبت ہو ظفر
جب محبت ہی نہین ہی تو شکایت کیا ہی

جو انیا لقد دل و جان ظفر لگا دین ہم
قمار عشق مین اک آدھ داؤ ہو تو سہی

اُس عداوت کیش کو مجھسے عداوت ہو گئی
اس عداوت پر بھی جو مجکو محبت ہو گئی

بھولتا ہرگز نہیں میں اسکی قامت کا خیال
روز میرا پا سیر کر سر پر اک قیامت ہو گئی

کر چکے ساری اطبا لیکہ عیسی بھی علاج
پر ترے بیمار ہجران کی جو حالت ہو گئی

کیا بتاؤں نہیں کہ ہے مجھسے وہ کیسا بیوفا
عشق مین اچھی نہیں منہہ سے شکایت ہو گئی

آگیا آنکھوں مین دم ظالم ترے مشتاق کا
پر تری دیدار کی آنکھوں کو حسرت ہو گئی

حسن بینا کر نشے نے جنکو غافل کر دیا
تا بوقت مرگ انکو وہ ہی غفلت ہو گئی

میرے گریہ نے نہ دھویا یار کے دل سے غبار
اسکے دلمین میری جانب سے کدورت ہو گئی

فصل گل بھی چلی لیکن ترے دیوانہ کو
وہ ہی سودا ہی سو ہے اور وہ ہی وحشت ہو گئی

اے ظفر مجھسے ہا جانا نہین بے شغل عشق
کیا بتاؤن رنج ہے اسمین کہ راحت ہو گئی

کچھ عجب آفت کا دور آسمان مین پیچ ہے
جسکے باعث سے جہان دیکھو جہان مین پیچ ہے

شاخ سنبل مین بھلا کہاں ہے یہ انداز شما
جو تمہارے کاکل عنبر فشان مین پیچ ہے

زلف پیچان کسکی دریا مین ہے عکس افگن کہ یہ
پڑ گیا جو موجۂ آب روان مین پیچ ہے

کیا کرون آہ و فغان سنکے یہ کہتا ہے وہ
جانتا ہون مین کچھ اس آہ و فغان مین پیچ ہے

خط نورستہ سے تیرے دل بیتاب مرتا ہی
یہی بوٹی ہے وہ جسمین کہ سیماب مرتا ہے

خبر لے جلد ای دریائے خوبی اپنی تشنہ لب کی
کہ تجھ بن وہ مثال ماہی بی آب مرتا ہے

اوگے ہیں سنبل اسکی خاک سے جو مرا آشفتہ
خیال زلف مین کھا کھا کے پیچ و تاب مرتا ہے

پلا اک جام ای ساقی کہ جو تو زندگی کو
کوئی مینوش پیاسا بے شراب ناب مرتا ہے

پڑی ہے حلقہ گیسو مین اس بحر خوبی کے
یہ نادان ڈوب کر یاقوت گرداب مرتا ہے

چمن مین تو جو تیرے مردہ ہے خوار کھلا اسکو
اگر کچھ تجھ مین پانی ای گل شاداب مرتا ہے

کہے کون ای ظفر اس سے تو مینوش غیر دین مین
وگرنہ رشک سے بیکر کوئی زہر آب مرتا ہے

ہر خط پرادر ہے قاصد زبانی اور ہے
لکھا تمون لو یہ کہتا زبانی اور ہے

کیون سناتا ہے مرا افسانہ غم قصہ خوان
نیند اڑ جائیگی انکی قصہ خوانی اور ہے

ای تغافل کیش آنا ہے اگر تجکو تو آ
کوئی دم عاشق کی تیرے زندگانی اور ہے

باندھتا ہے یہ دریا بار ہی تو یون ٹھہر
بر سر مژگان تیرے کی خونفشانی اور ہے

پانون سے تم ملکر میرے دل خون گشتہ کو
یا ابھی منظور کچھ مہندی لگانی اور ہے

مہربانی ہے تو ہے ہمپر بھی تمہاری مہربان
پر جو ہے غیرون پہ وہ کچھ مہربانی اور ہے

ساقیا گردش مین لا ساغر کو جلدی ورنہ دیکھ
لاتا فلک کوئی دور آسمانی اور ہے

آنسوؤن سے کم نہین ہوتا مرا سوز جگر
بلکہ اس آتش کو بھڑکا دیتا پانی اور ہے

[illegible]

روی روشن پر ترے کب زلف کا سایہ نہ تھا | رات کی اٹھی سیاہی جان رہا تھوڑا سا ہی

مطلع ثانی

دیدۂ تر جوش گریہ سے جو اک دریا بنا | دامن مژگان ہر سر پاٹ دریا کا سا ہی

زلف سنبل خط ریحان چشم نرگس تیری ہی | رخ ہی رنگ گل ہی غنچہ سا قد بوٹا سا ہی

وصل کی شب ہر گھڑی گھڑیال کی سنکر صدا | ہو نکلتا اک دلکو صبح ہجر کا دھڑکا سا ہی

جو ہی ان آنکھوں کا مفتون اسکو کہ دیجئے وحشی ہی | جسکا ان زلفوں میں دل الجھا ہی سودا سا ہی

حال مجنوں کا نہ اے لیلی اپنی ہی پوچھ | ہو گیا دست جنوں میں سوکھ کر تنکا سا ہی

دیکھنا اس لب پہ سبزۂ خط کی بہار | واہ کیا یاقوت احمر پر کیا مینا سا ہی

بیٹھا کیا باتیں بناتا ہی اگر دیکھی اسے | حال ہو جاتا ترا ناصح ابھی میرا سا ہی

جلوہ گر ہے وہ تجھی میں جسکا ہے مشتاق تو
ای ظفر تیری خودی پر در پردا پڑا سا ہی

غزیزو گور میں کیا دل کا داغ جلتا ہی | اندھیرے گھر میں ہمارے چراغ جلتا ہی

کیونکہ گل ہوں سب آ کر کہ دیکھا تجکو | ہمیشہ باغ بھی اے رشک باغ جلتا ہی

ہوای زلف سے بھڑکی یہ آتش سودا | کہ بوی مشک سے میرا دماغ جلتا ہی

بجای بادہ بھرا کیا مرا جگر کا داغ | کہ آفتاب کا گردون ایاغ جلتا ہی

کہاں ہی لالۂ خود رو فغان بلبل سے | صبا تمام یہ دامان زاغ جلتا ہی

[illegible]

[illegible]

گرچہ وہ بیداد گر بیدردی بڑا تو ہی
پر جو میں کچھ درد دل کہتا ہوں سنتا تو ہی

دیکھیئے ہی کیا نوشتہ میں مرے ہوتا ہی کیا
اُس بت نوخط کو قاصد میں نے خط لکھا تو ہی

پوچھتے ہو اور کیا رونے کا میرے ماجرا
دیکھ لو چشموں سی ہم چشموں رواں دریا تو ہی

دیکھتے ہیں جب برا احوال میرا عشق میں
پوچھتے ہیں ہمنشیں اسکے وہ مجھسے تو اچھا تو ہی

یہ نہیں معلوم ہاں کسکو اُس سفاک نے
پر گلی میں اسکے ہنگامہ سا اک برپا تو ہی

گر نہیں غمخوار وحشت میں کوئی میرا انہو
پوچھنے کو میرے آنسو دامن صحرا تو ہی

جانتا تھا میں کہ پہلو میں نہیں ہی میرے دل
پھری سے آج تونے چیر کر دیکھا تو ہی

گر بگڑ کر الجھے وہ کافر تو پھر کیسی بنے
تو نے زلف کج ادا کو ای ظفر چھیڑا تو ہی

یہ نہیں ٹپکے میاں ہر دو ابر تنگ سے
قبضہ و شمشیر میں اُسکے ہر جفا جو تنگ ہی

کیونکہ ہوں دل کھول کر باتیں کہ قسمت سے مری
جا ہی بے قابو کشادہ جا پہ قابو تنگ ہے

آبلہ میں پاؤں کے کیونکر سما میں خار دشت
ای جنوں انبوہ اتنا اور تغیو تنگ ہے

دیکھ کر تحریر سرمہ چشم وحشی میں تری
ہوتا ہے گلے کے اندر آہو تنگ ہی

ای دل دیوانہ ہی داماں صحرا تو وسیع
توسن وحشت کا لیتا کیوں نہیں تو تنگ ہی

منہ ہی کیا تیرے دہن سی ہو مقابل غنچہ مرے
قافیہ غنچہ کا پہلے ہی سی دلگیر و تنگ ہی

زشت خصلت کو ہمیشہ رنج میں دیکھا ظفر
اپنی خوی بد سے رہتا آپ بد خو تنگ ہی

مطلع ثانی

[illegible]

گر تری عیاری میں وان رسم یاری یوں بھی ہے
ہر گھڑی کیا ہمکو واجب جان نثاری یوں بھی ہے

رکھتے ہو ہمسے تم کیا کیا دل بیمار کو
واہ وا اگر کوئی بیمار داری یوں بھی ہے

چشم سے دریا بہے لیکن بجھی دل کی نہ آگ
وہ جو تھی نالوں کی اپنی شعلہ باری یوں بھی ہے

ہجر میں حسن عمل کی ہے وصل میں ہجر کا
جان پر آرام دن بھی ہے ہماری یوں بھی ہے

رات دن ہیں عین فشاں آنکھیں کیا دیکھو تو
کبھی کبھی اے ابر تو ہے اشکباری یوں بھی ہے

کوچہ جاناں میں بھی جاکر نہیں آیا قرار
لکھی قسمت میں ہماری بیقراری یوں بھی ہے

دو نمو بوسہ ہمیں تم ہم تمھیں تیر میں دل
ہمکو تو منظور ہاں خاطر تمھاری یوں بھی ہے

سنگ سے تیر نہ لگاؤ کیوں ہو تم تیغ نگاہ
قتل کو عاشق کے آمین ہماری یوں بھی ہے

گر نہ یار راز اپنا ظاہر سب پہ عزائے ظفر
دل لگا کر کوئی کرتا آہ و زاری یوں بھی ہے

دل ہی کہتا اور کچھ تدبیر کرتی اور ہے
عقل کہتی اور ہے تقدیر کہتی اور ہے

مجھ سے تو کچھ اور کہتی ہے تمنائے وصال
اور اُس سے کچھ وہم تقریر کہتی اور ہے

ہو گیا معلوم جنبش سے لب شمشیر کے
آج قاتل کچھ تری شمشیر کہتی اور ہے

بولتی وہ تصویر تصویر نہیں ہیر نُو دیکھ کر
صورت حال اپنی یہ تصویر کہتی اور ہے

کاٹتا ہے کیوں زبان شمع کیا خبر نزول
یہ زبان سے اپنی اے گلگیر کہتی اور ہے

لکھا چکا وہ دل پر جراحت پر جراحت مستقل
اور اسیر بھی زبان تیر کہتی اور ہے

مطلع ثانی

مطلع ثالث

جلد دوم دیوان ظفر

مقطع

مطلع ثانی

زلف کرتی ہے رخ اسطرح جھلمل سا ہے
اک طرف ہے چاندنی ہے اک طرف بادل سا ہے

جی لگی تجھ بن مرا کیونکر کہ نظروں میں ہی
گھر ہی ویرانہ سا جنگل ور شہر اک جنگل سا ہے

چاہیے کیا روشنی مجکو شب تاریک میں
ساتھ میرے شعلہ میری آہ کا مشعل سا ہے

تار اشک سر چشم تر سا ہی یار کا
مصحف رخسار پر گویا خط جدول سا ہے

یوں ہی بکتا ہی ہمیشہ ناصح بیہودہ گو
کون اسکے منھ لگے جانی بھی دو ادبل سا ہے

کل کی آنیکا الٰہی کسنے ہی وعدہ کیا
دل جو شوق وصل میں آج اسقدر بیکل سا ہے

اُنکے سوزاں ہیں وہ داغ محبت سے ظفر
دل آتش جنکے باعث سے مرا مشعل سا ہی

دم ہجراں اگر صورت بدل جائے عجب کیا ہے
اور اس صورت سے دم میرا نکل جائے عجب کیا ہے

دکھاتا اپنے بازو نکو ہے وہ جنبش ابرو
اگرچہ ہے ہمدگر تلوار چل جائے عجب کیا ہے

اگر درد محبت سے اثر ہو نالۂ دل میں
تو شل پتھر بھی پگھل جائے عجب کیا ہے

مرا غمخوار میری پوچھتا ہے گرم گرم آنسو
پھپھولوں سے جو اسکا ہاتھ پھر پھل جائے عجب کیا ہے

بھری گو ہے شیخی کا دم غیر سامنے میرے
جبیں آئے عشق کے میداں میں ٹل جائے عجب کیا ہے

تمہارے عشق جان سوختہ کی خاک دفن کیا
اگر برسات میں بھی گھاس جل جائے عجب کیا ہے

ظفر آگاہ ہے جو کوئی آداب محبت سے
وہ پابوسی کو اسکے سر کے بل جائے عجب کیا ہے

ہماری آنکھ سے دریا جسطرح سے بحر خوبی
جہاز ایسا کہاں پانی کے اوپر تیز چلتا ہے

چلا ہے جلد کسکے ذبح کرنیکو خدا جانے
لئے خنجر بکف جو وہ ستمگر تیز چلتا ہے

اگرچہ طائر شوق اپنا ہے بے بال و پر لیکن
پرندہ بھی نہیں اسکے برابر تیز چلتا ہے

درازی وصل کی شبکو ظفر گر ہو تو کیونکر ہو
کہ اُس شب اور صبح کینہ پرور تیز چلتا ہے

مجھکو اپنے دلربا کا دھیان بھی جو ہے سو ہے
اور دل میں وصل کا ارمان بھی جو ہے سو ہے

زلف سرکش یہ تری کیا رہزن دین ہے فقط
بلکہ کافر دشمن ایمان بھی جو ہے سو ہے

منزل ہستی سے ظالم ہے ترے عاشق کا کوچ
اور مہیا کوچ کا سامان بھی جو ہے سو ہے

شاخ گل بے تجھ چمن میں ہے مجھے مثل خدنگ
اور غنچہ ہمسر پیکان بھی جو ہے سو ہے

تازہ ہے غمزہ ترا ظالم ہے کیا قہر و ستم
بلکہ آفت ہر ادا و آن بھی جو ہے سو ہے

کیا تماشا ہے کہ منہ چڑھتا ہے تیرے آئینہ
اور صورت دیکھ کر حیران بھی جو ہے سو ہے

اے صنم قدرت خدا کی ہے ترا حسن و جمال
اور پھر اس پر شگفتہ شان بھی جو ہے سو ہے

ہائے کس کس کو سنبھالوں میں فراق یار میں
دل ہے گیا بیتاب مضطر جان بھی جو ہے سو ہے

واں تو ہیں بدعہد یاں پر اب تلک یاں اے ظفر
عہد بھی جو ہے سو ہے پیمان بھی جو ہے سو ہے

کہاں مژگان تر سے ابر دریا بار ہمسر
سمندر سا نہیں اس چشم کے گر چشمہ کا گھر ہے

دیگر

| | |
|---|---|
| ہمکو اے دلبر تری محفل مین گنتا کون ہے | سچ ہو اے صیاد ہمکو دام مین گنتا کون ہے |
| زخم شمشیر ادا اور روزن تیر نگاہ | ہین ہزارون سینۂ بسمل مین گنتا کون ہے |
| لاکھ غنچون کی گرہ تو کھولے سکین اے صبا | بجھا مین حل عقدۂ مشکل مین گنتا کون ہے |
| کچھ نہ پوچھو اے ستمگار تبا ہین کیا مہر | داغ ہین کتنے دل مائل مین گنتا کون ہے |
| ہین پڑے ہمسے ہزارون کشتۂ تیغ ستم | ہمکو اے دل کوچۂ قاتل مین گنتا کون ہے |
| دم مین دم جبتلک ہے طے کر تو رہ عمر روان | اے مسافر ہمکو بس منزل مین گنتا کون ہے |

چشم میری جب ہو دریا پر ظفر ہے اشکبار
موتیون کو دامن ساحل مین گنتا کون ہے

جہان ویرانہ ہے پہلے کبھی آباد گھر یان تھے
شغال اب ہین جہان رہتے کبھی بستی بشر یان تھے
جہان جنگل ہے میدان اور سراسر ایک خارستان
کبھی یان قصر و ایوان تھے چمن تھے اور شجر یان تھے
جہان پھرتے بگولے ہین اڑاتے خاک صحرا مین
کبھی اڑتی تھی دولت رقص کرتے سیمبر یان تھے
جہان ہین سنگریزے تھے یہان یاقوت کے تودے
جہان کنکر پڑے ہین اب کبھی رولتے گہر یان تھے

قطعہ

زہرہ جبین ہین اور بھی لیکن ترے سوا
روشن جہان مین مثل قمر کسکا نام ہے

جسکے لیے کی ہین عشق نے خانہ خرابیان
ہم گھر کو جانتے نہین گھر کسکا نام ہے

کہتے ہو نامہ غیر نے ہمکو نہین لکھا
سر نامہ پر تو دیکھیے نظر کسکا نام ہے

بدنام ہے جہان مین ظفر جنکے واسطے
وہ جانتے نہین کہ ظفر کسکا نام ہے

دیگر

مری اشکون کی ڈور اک ہی چشم تر بہتیری آتی ہے
تسلی ہو نہو دلکی خبر بہتیری آتی ہے

کیا ہی کیا فسون تونے کہ دل تھمتی نہین گرتا
برائی دلمین ہے امید اگر بہتیری آتی ہے

جو لیکر گل چمن مین دیکھتے ہین ہم رگ گل کو
تو ہمکو یاد اس گل کی کمر بہتیری آتی ہے

تری عارض پہ دیکھا زلف کا لچھا ادھر ہی عالم
گھٹا یون بھی چمن مین جھوم کر بہتیری آتی ہے

ہم اس چشم تصوری کو پیا جام جم جھبین
اسیمین ہمکو کیفیت نظر بہتیری آتی ہے

عنایت نامہ آتے ہین خط انکے پاس اور ونکے
تو حسرت ہمکو بھی اے نامہ بر بہتیری آتی ہے

ہوا تھوڑے سے رنج و غم مین تو کیون مضطرب اتنا
کہ آفت عشق مین تو اے ظفر بہتیری آتی ہے

بندھا جس روز سے ہمکو خیال زلف تیرا ہے
پریشان حال ہمکو دیکھکر کہتے ہین سودا ہے

نہ پوچھو ہمنشینو تم مرے آنسو کہ یہ دریا
امنڈ آتا ہی جسدم پھر کوئی روکے سکتا ہے

مرے آئینہ دل مین ہے عکس خال رخ اسکا
نہ سمجھو نکتہ فہم اسکو جو کہتا ہے سویدا ہے

خدا محفوظ رکھے آدمی کو حرص دنیا سے

[illegible]

دیگر

[illegible]

افعیٔ زلف جو ڈستا ہے کسی کو تیرا
زہر یان مجھکو تری سرکی قسم چڑھتا ہے

زینۂ بام حقیقت ہے ظفر عشق مجاز
رکھ کے ہشیار اسی پہ تو قدم چڑھتا ہے

دلکی مہمان سرا ے خالی ہے
تم اگر آؤ جاے خالی ہے

نالہ وہ ہو کہ جس مین ہو تاثیر
بے اثر اک صداے خالی ہے

دین بجز نقد جان تمھین کیا ہم
کیسہ اپنا تو ہاے خالی ہے

مے نہ تھی تیرے جام مین ساقی
کون اُسے منھ لگاے خالی ہے

چاہتے کیا ہو تم فقیرون سے
یان فقط اک دعای خالی ہے

آسمان مین ہین دانۂ انجم
نہین یہ آسیا ہی خالی ہے

بوالہوس خالی درد عشق کو کیا
کر رہا ہاے واے خالی ہے

گر وہ آتا ہے خانۂ دل مین
اُس سے کہدو کہ آنے خالی ہے

دین دنیا کے فائدے سے ظفر
نہین دانا کی راے خالی ہے

دل دیوانہ میرا نالہ و زاری مین رہتا ہے
نہین کھلتا مجھے یہ کس گرفتاری مین رہتا ہے

تری آنکھونکو یکبار آنکھ بھر کر جسنے دیکھا ہے
ہمیشہ مبتلا آنکھونکی بیماری مین رہتا ہے

جلانیکو خریدی مین مجھے جون شمع کا فری
مرا دل سر سے گرم بازاری مین رہتا ہے

[illegible]

بہار اُس گل کی کرو پر ارغوانی کا نمونہ ہے
خزان عاشق کا رنگ زعفرانی کا نمونہ ہے

## مطلع ثانی

وہ چشم فتنہ گر آسمانی کا نمونہ ہے
نگاہ اُسکی بلائے ناگہانی کا نمونہ ہے

| | |
|---|---|
| ہمتو ہین ہور دکے غمکو بیکسی مین ٹالتے | اور وہ رونے کو ہمارے ہوئین ہنسی مین ٹالتے |
| کرتے ہین اہل دل دولت مین عمر اپنی بسر | اور ہین مفلس وہ اب مفلسی مین ٹالتے |
| بس چلتا اپنا کرلیتے زلف سے دل کو بچا | اس بلا کو کیونکہ ہم اپنی بےبسی مین ٹالتے |
| تیرے مہجور انکو ہی کیا نرگستان سے غرض | کوئی دم ہین یاد چشم نرگسی مین ٹالتے |
| وہ جو خرقہ مین گزرکے ٹالتے ہین دن فقیر | انکو منعم ہین لباس اطلسی مین ٹالتے |
| وہ شب مدہ بھی آتے کر دیتے ہین صبح | رات ساری ہین نہین کا جلسی مین ٹالتے |

ٹالنے کی انکو آتی ہین بہت باتین ظفر
گہ کسی مین ٹالتے ہین گہ کسی مین ٹالتے

| | |
|---|---|
| ہم وہ تلک آتے تری رات وہم سے | اور اُنے بھی کی نہ ملاقات وہم سے |
| بیٹھے لگا کے تاک ترے در پہ ہمتو کیا | ملنے کی کچھ لگا نہ سکے گھات ہم سے |
| آنکھین دو چار تجھ سے جو ہوتی بھی ہین کہین | کر سکتے ہم نہین ہین اشارات وہم سے |
| باتین بہت بناتی ہین تیرے رو برو | ہمسے نہین بن آتی کوئی بات ہم سے |
| لکھتے ہین خط جو تجھکو یہ لکھا نصیب کا | لکھ سکتے دل کے ہم نہین حالات ہم سے |
| نے بھیج سکتے ہین کوئی پیغام خوف سے | نے بھیج سکتے ہین کوئی سوغات ہم سے |

کرتا ہے پاس آنے کا تیرے ظفر جو قصد
آتے ہین سو طرح کے خیالات وہم سے

ردیف

ظفر کونسے زلف و رُخ سے سوا
نہین اور کچھ رات دن یاد ہے

دیکھیے

ظفر بات اُس لب شیرین کی سن پائینگے گر کوئی
تو پانی شرم سے کیا کیا نبات و قند ہو وینگے

آپ جو تشریف یان سے ٹھہر ان لیجائینگے
حضرت دل دیکھیے مجھکو کہان لیجائینگے

ہم کفن مین بھی جلینگے شعلۂ فانوس وار
ساتھ اپنے یہ اگر سوز نہان لیجائینگے

جاؤن کیونکر اُنکے مین در تک سگ بان ابھی
جیب و دامن کی اُڑا کر دھجیان لیجائینگے

چاہیے پرچہ خبر کا دل کی کیا اُنکے لیے
پارۂ دل قاصد اشک روان لیجائینگے

جبکہ چمکینگے تو خورشید درخشان بھی فوق
ای فلک شعلۂ آہ و فغان لیجائینگے

کرتے ہین فکر عمارت مین بسر جو اپنی عمر
کیا اُٹھا کر اپنے سیر وہ مکان لیجائینگے

ای ظفر بہتر ہے خاموشی خدا جانے کہ تو
کیا کہے گا اور وہ دل مین کیا گمان لیجائینگے

لڑکپن کا وہ سیر بن یاد ہے
ترا روٹھ جانے کا دن یاد ہے

نہین بھولتا کوئی معبود کو
اُسے کرنا ہر انس و جن یاد ہے

جو ٹھہرا ہے روز اُنکے آئینگے یان
دلا روز گن یا نہ گن یاد ہے

نہین بھولتا دل سے عاشق ترا
تری ایک پل ایک چھن یاد ہے

نہ کر امتحان ہمنے جو کہدیا
ہمین تو وہ اے ممتحن یاد ہے

گئے بھول سب عیش دنیا کے ہم
نہین کوئی بھی یار بن یاد ہے

مسلمان جاہین بن گر ساریے کہ چھوڑا
نہ چھوڑا وہ ان بت خدایا کہ چھوڑا

دیکھیے

ظفر خالق نے زمین اور آسمان پیدا کیے

دیکھیے

[illegible]

مری سوز محبت نے یہ مجھسے شرارت کی | تب غم نے مری جو اسقدر بیدا حرارت کی
بلا غارت گری آتی ہو ظالم تیری غمزہ کو | متاع صبر و طاقت سب ہی اک پلمین غارت کی
یہ کس سلطنت کے ہین عشق کے دونون دل و دیدہ | اسی عہدہ وزارت کا اسے خدمت نظارت کی
بیسر خاک سے یاری ہی ہو وے اگر سرمہ | تو پھر دیکھو مری آنکھو نہین تم قوت بصارت کی
کبھی رتبہ بلند اُنکا نہو جو پست ہمت ہین | دکھائین گر بلندی لاکہ وہ اپنی عمارت کی
نہین آگاہ وہ رنگین ادا رنگ محبت سے | اگر ہی سو رنگ سی گو خط مین رنگینی عبارت کی

ظفر جو آپ کو سب سے بیان کمتر سمجھتے ہین
کسیکو دیکھتے ہین کب وہ آنکھون سے حقارت کی

جب کی جفا کشی ای ہمنشین نہی کی | سب سے ہی کی اُسنے ہمسے نہین نہی کی
جلا دہی ہا دو حق مین مرے ہمیشہ | روز اُسنے تیر مجھپر شمشیر کین نہی کی
ہین شیخ و برہمن کے قصے وہی پرانے | بات ایک ہی ہے حاصل ہے نہین نہی کی
کی کس سے ہاتھا پائی مستی مین اُن جو تونے | پوشاک ٹکرے ٹکرے ای نازنین نہی کی
وہ مہ وش جو آیا گھر مرے بن بلائے | یہ تونے آج گردش چرخ برین نہی کی
اک حسن کیا کہ تجھ مین ہین خوبیان ہزارون | تعریف تیری جتنے کی ہے بہ عین نہی کی

باندھے نئے مضامین جنکر ظفر سب ہمین
تجویز جس غزل کی ہمنے زمین نہی کی

[illegible]

یونہیں ہم سے جو تیری بات گرہ بگڑیگی
تو تو ہم بھی ہان کہتے ہین طرح خواہ مخواہ بگڑیگی

بکھیر اُس بت کی لٹ ایدل خدا ہی اس سے بہتر ہے
نہیں تجھ سے سنور سکنے کی جب واللہ بگڑیگی

بناہی تیری صورت دیکھکر بہزاد صورت گر
کوچہ مین انکے ہو نچ مرے بے خبر رفیق
ورنہ وہ کوچے دیکھ کے ہاتھون کو کاٹتے

نہ تو روتی ہیں نہ ہنستے ہیں نہ بکتے منہ سے | دلبہ جو گذرے ہے ہم کہہ نہیں سکتے منہ سے
بیٹھے ہیں مار سیہ حسن کے گنجینے پر | نہیں وہ گیسوے مشکین جو سرکتے منہ سے
ہونٹھ تر کرنیکو بھی لب ہیں ترستے ساقی | یا لگاتے تھے کبھی جام چھلکتے منہ سے
ٹوٹتے رات کو تارے ہیں کہ مہوش زلف | قطرے ہیں تیرے پسینے کے ڈھلکتے منہ سے
سوز دل خاک چھپاؤں کہ نکلتے ہیں سدا | ساتھ ہر آہ کے شعلہ سے بھڑکتے منہ سے
دیکھو زلف عرق افشاں کو نہ دیکھا ہو اگر | تمنے زہراب کو افعی کے ٹپکتے منہ سے

منہ لگانے کوئی کیا ایسے اُچکّون کو ظفر
ہیں جو کمبخت نوالے کو اُچکتے منہ سے

ہیں ہم ضعیف و ناتوان جو رہے یار کی گلی | اسکی ہو ہوے وصل پہ مجکو اُڑا کے لے چلی
حال عدم نہ کچھ کھلا گذری ہے رفتگان پہ کیا | کوئی حقیقت آنکر کہتا نہیں بری بھلی
جب کف پا ہیں یار کے غیر نے وہان ملی حنا | یہان دل پائمال بس کر نہ لگا تلملی
خاک پہ پھیر کیا قدم رکھے وہ شوخ نازنین | چبھتا ہے خار زیر پا گرچہ فرش مخملی
میرا علاج درد ہے جو تجھ سے ہو سکے | سر پہ تو میرے کر باندھ دے اپنا دوپٹہ صندلی
گل ہے وہ غنچہ لب مرا مجھ سے جدا جو ہو گیا | جان کو اضطراب ہے دل کو ہے میرے بیکلی

رہوے ظفر یہ تا کجا رنج و الم میں مبتلا
اسکی مدد شتاب ہو وقت مدد ہے یا علیؑ

مضطرب ہو کر جو مارا ہمنے سر دیوار سے
ای ظفر بنیاد تک بھی اُنکے گھر کی ہل گئی

ہو پڑے گر دل کو نہ چشم مست مہوش کھینچلے
اپنے مذہب مین نہ اس صوفی کو سرکش کھینچلے

شمع کی جذب محبت مین نہووے گر اثر
کون پروانے کو پھر لوین سے آتش کھینچلے

پھینکدے وہ کھینچکے جانی کہ شاید مر گیا
دم کو عاشق اپنے گر گھاکر ذرا غش کھینچلے

وہ کماندار اپنی عاشق پر ہو گر ناوک فگن
خالی ترکش چھوڑ دے سب تیر ترکش کھینچلے

کھینچکے قشقہ جبین کا نقشہ کھینچا ہی جو یار
تو مصور صورت لوح منقش کھینچلے

زلف ہر ای شوخ کافر کیش تیری وہ کمند
صد دل مغموم صد جان مشوش کھینچلے

دم محبت کا ظفر دیکھین تو پھر بھرتا ہے کون
گر ذرا تیغ ستم وہ شوخ سرکش کھینچلے

اشک خون سے ہینگے مژگان پر چمن پھولے ہوے
ہین شگوفے عشق کے ای گلبدن پھولے ہوے

گر نہین منھ مین بھرا انکے صبا خون جگر
ہین یہ کیون گلشن مین غنچونکے دہن پھولے ہوے

قشقۂ سرخ اس جبین پر دیکھ دیکھے ہی دلا
کیا شفق کو تو سر چرخ کہن پھولے ہوے

[illegible]

وله

[illegible]

| | |
|---|---|
| لے خبر تو اسکی اے عیسیٰ نفس جلدی کہ آج | ہے ترے بیمار کی حالت سوا بگڑی ہوئی |
| آدمی کہتے ہیں جسکو ایک پتلا گل کا ہے | پھر کہاں کل اسکو گر ہو ذرا بگڑی ہوئی |
| کھل گئی ہم پر کہ رندوں سے کہیں بگڑی ہے آج | سر پہ ہے پگڑی جو تیرے زاہدا بگڑی ہوئی |
| دیکھیے کیسی بنے ہر بات پر بگڑے ہے تو | ہے تری خوبی طرح اے دلربا بگڑی ہوئی |
| ہیں سبھی باتیں بناتے پر ہیں قائل اسکے ہم | اے ظفر جو بات دے کوئی بنا بگڑی ہوئی |

| | |
|---|---|
| گر دل وارستہ زندان ہوس میں بند ہے | مرغ وحشی ہے کہ وہ گویا قفس میں بند ہے |
| آئے دنیا کی فریب میں نہیں کوئی کیا تیز ہوش | شعلہ ہو سکتا کہیں بھی خار و خس میں بند ہے |
| ایک پل میں جسکو توڑا میر کی جوش گریہ نے | ٹوٹنا دریا کے کب وہ سو برس میں بند ہے |
| ہو گرفتار میں دنیا کے حلاوت بس حریص | یعنی ذوق انگبیں پائے مگس میں بند ہے |
| ساتھ دل کو ہے سبدم ہے انبساط و انقباض | کھلتا ہے یکدم میں ہوتا اک نفس میں بند ہے |
| گر مقید شرع کا ہے کوئی بدمذہب بزور | یہ سمجھیے دزد زنجیر عسس میں بند ہے |

دیگر

[illegible]

مضطر

[illegible]

جو ہوتا ظرف ساقی ہمکو معلوم
تو مست کشن نہ جام مل کے ہوتے
ہمارے وقت مین فرہاد و مجنون
جو ہوتے دن بسر مل جل کے ہوتے
خلاف شرع سے نادان نہوتا
غریق بحر عصیان پل کے ہوتے
جتاتے مست گر نازک دماغی
تو برہم شور سے قلقل کے ہوتے
لگاتے شمع سان گر لو نہ تجھ سے
تو یون آخر ہم گھل گھل کے ہوتے
نہوتے حضرت دل پابزنجیر
جو سودائی نہ اس کاکل کے ہوتے
ظفر سنتے جو تیرے شعر پھر وہ
نہ قائل طالب آمل کے ہوتے

ہان عقل تو کہتی ہے تدبیر چلی جاے
پر تیری کمکن بھی کچھ تقدیر چلی جاے
گو ہمکو جواب خط بھیجین نہ وہ ای قاصد
پر اپنی طرف سے کچھ تحریر چلی جاے
ہم ساکن و ہم مسکن فانی ہی اور اسپر بھی
دل چاہتا ہی ہوتی تعمیر چلی جاے
منظور ہمیں صورت ہے کلک نقاش سے
تصویر پہ ہیان کھینچے تصویر چلی جاے
مین زخم کے قابل ہون اتنا کہ اجل سر پہ
کھینچی ہوئی گر آئے شمشیر چلی جاے
جان آگئی ہونٹون پر تو ابتلک آتا ہی
افسوس تری اب بھی تاخیر چلی جاے
وہ خانۂ دل میرا ہی غمکدہ گر اسمین
آجای خوشی ہوکر دلگیر چلی جاے
گر تیر چلے تیرا جان صید محبت کی
ہونے کو ہدف آئے سو تیر چلی جاے

آمد نامہ لیلیٰ ہو اگر اے مجنون ن
خوبرو جتنے ہون اک ایک کا جی پڑک

دل ترا کیونکہ نہ اگروز جرس مین پھڑکے
شوخ جسوقت کہ تہا ترا ہمین پھڑکے

دل بسمل کا ہی یہ حال تری فرگان مین
مرغ مذبوح کوئی جیسے کہ خس مین پھڑکے

وصل اُسکا نہ میسر ہو اگر لاکھ برس
آنکھ میری ہی امید و ہوس مین پھڑکے

ہل نہین سکتا ہے گو طائر تصویر ظفر
پر مرے نالے سے وہ ایک نفس مین پھڑکے

ہی بجا گر کہیے دنیا سے محبت اُٹھ گئی
پاس تھا جنکو محبت کا وہ خلقت اُٹھ گئی

جلوہ تیرا ہی نظر آیا تصور مین ترے
آنکھ اپنی جسطرف اے ماہ طلعت اُٹھ گئی

غیر جو کچھ ہمکو کہتے ہین کھڑے سنتے ہین ہم
جب سے وے بیٹھے تمھین دل اپنی عبرت اُٹھ گئی

تشنہ مے سے چمن مین اور اک فتنہ اُٹھا
جب تری شرم و حیا اے سرو قامت اُٹھ گئی

کوئی اُرکے سے روکے ہے توسن دیوانگی
اب تو اُسکی باگ سوے دشت وحشت اُٹھ گئی

کرچکے سو بار تیرا امتحان اب تو ہمین
تجھسے امید وفا اے بے مروت اُٹھ گئی

کس توقع پر کسی کی ہم لگائین اپنا دل
اے ظفر بالکل جہان سے رسم الفت اُٹھ گئی

جب اُسکا تیر نگہ ناوک قضا ہنجاے
تو کہیے صید محبت کی جی پہ کیا بنجاے

ہزار عقدہ مشکل ہون اُلجھی دل سے
جو تیر ناخن ابرو گرہ کشا بن جاے

نہ بنا گردش کی یار پہ یون فتنہ جین [illegible] پر بنی
جسطرح طوفان نوح ہو [illegible] آن پر بنی
مطلق نہیں عمارت ہستی کو ہو قیام
گویا کہ ہے ہوا کے حباب ان پر بنی
اتنا تو اسکے بار امانت اٹھا لیا
[illegible] ظفر کہ جو انسان پر بنی

دیگر

جب چمن مین اسکو آنیکی خبر اڑ جائیگی
گل کی یہ رونق دم مین اے باد سحر اڑ جائیگی
آپکا کیا جائیگا گر خواب مین آوگے تم
نیند آنکھوں سے ہماری رات بھر اڑ جائیگی
کھولدے صیاد تو کھڑکی قفس کی شوق سے
بلبلے بال و پر ظالم کدھر اڑ جائیگی
خون کو دل آئیگا میری تو کعبت پاے رہے
سرخی رنگ حنا اے فتنہ گر اڑ جائیگی
آئیگا وہ مہروش اے دل تو شبنم کیطرح
تاب و طاقت تیری اسکو دیکھکر اڑ جائیگی
یہ صبا کوئی پوچھے تیرے کیا آئے گا ہاتھ
خاک میری اسکی کوچے سے اگر اڑ جائیگی
شعلہ رخسار ساقی گر ہوا پر تو فگن
مے جو ہے ساغر مین تیرے اے ظفر اڑ جائیگی

کیا کہے جا گیا وہان دل نالان پر بھی
جسکے قلق سے یہان ہے مری جان پر بنی
پہلے تو عشق مین دل و ایمان پر بنی
پھر ایسی بنگئی کہ مری جان پر بنی
ناصح نہ پوچھ مجھ سے کہ فصل بہار مین
ہاتھون سے کیا جنون کے گریبان پر بنی
منظور ایسا پردہ ہے کس سے کہ مہ جبین
دیوار اور کوٹھے کے دالان پر بھی
دیتا ہے اک نگاہ پہ مین دل کے ساتھ جان
قیمت نہ اُنسے اپنی بھی نقصان پر بنی
وحشت مین جتنی خاک پڑی اڑ کے جسم پر
پوشاک وہ مرے تن عریان پر بنی
جون آئینہ نہ کہہ سکے دل کی نہ چھپ سکے
مشکل ہے اب تو عاشق حیران پر بنی
خط کا جواب لائیگا قاصد یقین تھا
اُس سے نہ بات پھر کسی عنوان پر بنی

[illegible] کیا بندہ عاجز ہے
ہوا دشمن جو دل اپنا دوست اپنا بندہ عاجز ہے
[illegible] قوت کی جا بندہ عاجز ہے
مقدر کا نہیں [illegible] بندہ عاجز ہے
قضا [illegible] کسی صورت نہین [illegible]
[illegible] بندہ عاجز ہے
[illegible] بندہ عاجز ہے

جلد اول دیوان [illegible]

[illegible] بندہ عاجز ہے
[illegible]

ولہ

[illegible]

| | |
|---|---|
| سموم آہ سے میرے چمن مین | ہوئے گل سوکھ کر سنبل کے کانٹے |
| رہے ہی پر خلش دشمن دم جنگ | نہین یہ مرغ لڑتا کھل کے کانٹے |
| جو بیٹھین دشت مین ہم اور مجنون | نکالین بالون سے مل جل کے کانٹے |
| بجز مژگان چشم یار ہم نے | نہ دیکھے گرد جام مل کے کانٹے |
| خلش سے عشق کے نالان ہین عشاق | کہ بوئے اُسنے حق مین گل کے کانٹے |

ظفر پڑ گئے ہین گرمی سے فغان کے
زبان پر وقت شور و غل کے کانٹے

تار اشک خون مین جو دیکھی مژہ اُلجھی ہوئی
تھی رگ برق در رگ ابر مژہ اُلجھی ہوئی
تیری مژگان کو کمان تسخیر دل سے ہی فراغ
کام مین اس ملک کے ہی یہ سپہ اُلجھی ہوئی
تار دامن میرے کب کانٹون سے اُلجھی دشت مین
ہے جنون دستار تیری ہر جگہ الجھی ہوئی
کیونکہ چھوٹے دیکھیے اس زلف کی پھندی مین ہر
جان میری باعث تار نگہ الجھی ہوئی
راتدن اس فکر مین سودا سا ہی مجکو کہ زلف
کیون ہے گہ سلجھی ہوئی اس خستہ کی گہ الجھی ہوئی

ذکر نہ لا تو ہم سے ناصح ہر دم ترک محبت کا
کون سنے ان باتوں سے جی تیری قسم گھبراتا ہے

پوچھتے کیا ہو مجھ سے باعث دل کی میری گھبراہٹ کا
دیکھتا ہی جسوقت ہجوم رنج و الم گھبراتا ہے

راہ نورد دشت جنون ہو کس مین ہی ہمت میرے سوا
قیس بھی گر اس وادی مین رکھتا ہی قدم گھبراتا ہی

آگے ظفر یہ حال تھا اپنا ہم غم سے گھبراتے تھے
ہو گئے غم کش ایسے اب ہمسے غم گھبراتا ہے

دیگر

دشت گردی آج دیوانوں نے پھر کیا خاک کی
خاک اڑا دی گرنہ سارے دشت وحشتناک کی

باگ لی جسوقت اپنے توسن چالاک کی
کیا کہوں برباد کیا اسنے میری خاک کی

جب گل صد برگ کو دیکھی گلبازی کرے
دیکھی پھر طاقت کوئی میرے دل صد چاک کی

کون کہتا ہے کہ یہ نکلی ہی شب کو کہکشان
ہی مگر کوئی طناب اس خیمۂ افلاک کی

جامۂ آب روان ہو جب ہجوم تار اشک
چشم گریان کو مری حاجت ہو کیا پوشاک کی

کہدو حاضر ہی ابھی سر عاشق جانباز کا
ہی اگر تو نہیں خوشی اس قاتل سفاک کی

خاک مین ملجائیگی ای ابر تیری آبرو
دیکھ ہمچشمی نہ کر اس دیدۂ نمناک کی

نیا یا اُن سے جو ہمنے کلام کا یارا
ہمارے رہگئے لب اے ظفر کھلے کے کھلے

سو جب رات کو ہم ہجر میں اُٹھتے روتے — خواب میں وصل ہوا صبح کے ہوتی ہوتے
شمع کیطرح سے ہم رات کو روتے روتے — بہہ گئے آنسو وئمیں صبح کے ہوتی ہوتے
جسکے ملنے کی تمنا تھی نیا یا اُسکو — ہوگئی عمر بسر جان کو کھوتے کھوتے
نہ ملی عشق میں فرہاد کو مزد محنت — مرگیا مفت وہ پتھر تو ہیں ڈھوتے ڈھوتے
تیری دامن سے مرا خون نہ چھٹیگا قاتل — گرچہ دامن ترا گھِسٹ جائیگا دھوتے دھوتے
موت یار آئی تو غفلت سے ہون یون ہم ہشیار — ڈر کہ جون خواب میں چونکے کوئی سوتے سوتے

اے ظفر گریہ بارش سے مرگیا ہے عجب
سبز ہووانہ اگر خاک میں بوتے بوتے

اشک کے شور سے کیا آستین گلجائے ہے — بلکہ چمکی ہے زمین پر تو زمین گلجائے ہے
دل ترا ہے سخت پر یہ آہ وہ ہے جانگداز — اس سے تو فولاد بھی اے نازنین گلجائے ہے
رہتا کیون غیرون سے سرگرم ہم آغوشی ہے تو — جو پسینے سے سر جامہ کے چین گلجائے ہے
عشق ٹپکاتا ہے جبدم قطرۂ زہراب غم — گوشت کیا تا استخوان تن میں گلجائے ہے
ہو مرے گریہ سے بدتر یہ تن لاغر کا حال — جیسے لکڑی پکڑ پانی میں کہین گلجائے ہے
اور بھی لگتا زیادہ ہے مری چھاتی پہ مونگ — دال جب وہان غیر کی اے ہمنشین گلجائے ہے

| | | |
|---|---|---|
| تو دل کی مشعل راہ سراغ گل ہو جائے<br>جو تیری طرح سے نازک دماغ گل ہو جائے | | خدا نخواستہ بجھ جائے گر یہ شعلۂ آہ<br>چمن مین کون سنے عندلیب کی فریاد |

ظفر بعید نہیں اشک خون سے مجنون کے
نمود گر سر ہر خار داغ گل ہو جائے

بتون نے حسن پر نخوت اگر سیکھی تو کیا سیکھی
تکبر رو ہو کے بدخصلت اگر سیکھی تو کیا سیکھی
نہین میری طرح برق جہان کو یاد بیتابی
وہ میری دیکھکر حالت اگر سیکھی تو کیا سیکھی
جو کھینچے یار کو اپنی طرف ہم اُسکے قائل ہین
کسی نے کھینچنی صورت اگر سیکھی تو کیا سیکھی
ترے کام آئے عقبیٰ مین جو سیکھے کام سیکھ ایسا
بے دنیا کوئی صنعت اگر سیکھی تو کیا سیکھی
کتابین دیکھ دیکھ آنکھون کو پھوڑا اپنی واعظ نے
یہ کج بحثی باین محنت اگر سیکھی تو کیا سیکھی
تری طینت مین بے مہری ہو اب تونے سکھائی ہے
کوئی رسم رہ الفت اگر سیکھی تو کیا سیکھی

[illegible]

یہ تو نہیں معلوم ہمیں کون آئیگا مہمان آج نیا
لیکہ حویلی اُنکی ظفر یاں سنتے ہیں ہم جھڑتی ہے

## دیگر

دہان سر عارض جو بو زلف خم کھا جائینگے
تو بنا کر سانپ یان افعی کے ہم کھا جائینگے

بوسۂ لب کے سوا تیرے نہوگا فائدہ
گرچہ یاقوتی ترے بیمار غم کھا جائینگے

وہاں ٹھہر کر نہ دیوانے ترے جون گرد باد
سیکڑون جنگل سر دشت عدم کھا جائینگے

ہاتھ مین رنج والم کو وہ غضب جاکو ہین تیز
استخوان کو بھی یہ مانند قلم کھا جائینگے

دھیان رازق پر نہیں رکھتے یہ کہتے ہین حسیس
کھائینگے پھر کیا جو یہ دام و درم کھا جائینگے

گر یہی ہے اضطراب دل تو یہ بسمل ترے
لیتے ہین ہم تیر شمشیر ستم کھا جائینگے

سینہ و اگر نکالین اُن سے کچھ تو کنی جات
جو تمہاری زلف کی جھوٹی قسم کھا جائینگے

روز جو کھاتے ہین گے رنج و غم غیبت مین ظفر
دیکھ لینا اُنکو اک دن رنج و غم کھا جائینگے

نگاہ یار یون دل و جگر پر کیسے بیٹھے
[illegible] بیٹھے

ارادہ خاک مین کرتا ہے جو ہنی بلا نہ سکا
[illegible] بیٹھے

لب شیرین سے اسکے خال کو جو تلخی یاد
[illegible] بیٹھے

نگار رہتا ہے تیرا غمیں یہ تیاں ہمیشہ
[illegible] بیٹھے

[illegible]

دیگر

سرکشی سے آج تک مجھ سے کشیدہ ہے وہ یار
کچھ تو اے دل کی کشش تاثیر کرنی چاہیے

مخبروں نے میری جانب سے لکھا ہے کچھ اسے
اب کبھی کوئی خبر تحریر کرنی چاہیے

عشق کہتا ہے کہ جاری ایک جوئے خون بھی ہو
جب روان فرہاد جوئے شیر کرنی چاہیے

گر غم یار آئے دل میں کیونکہ میں رسوا کروں
ایسے مہمان کی تو ہان توقیر کرنی چاہیے

شمع کا سر کیوں قلم کرتا ہے اسنے کیا کیا
زبان درازی تھی نہ اے گلگیر کرنی چاہیے

آگیا آنکھوں میں دم بیان کروں کرتے انتظار
جلد آؤ آتی کیا تاخیر کرنی چاہیے

ڈھا دیے گردون نے گنبد سیکڑوں جن کے گرد
بس بلند تھی نہ سیاں تعمیر کرنی چاہیے

خاک پا سے مخردین ہے حق میں کیمیا
اے ظفر کیوں خواہش اکسیر کرنی چاہیے

جب بہار آئی کے سب گلوں کے دفتر پھٹ گئے
پھیرتے ہی اپنے جواہروں کے سار پھٹ گئے

بلبلے شور عشق بھڑکی ہے بس مردون بھی آگ
گور نقشہ دلون کی ساری تحریر پھٹ گئے

ہاتھ سے جوش جنون کی اور جار وحشت کے
جب وہ دامن آخرش دونون ہزار پھٹ گئے

نالہ کش اتنی ہوئی گلشن میں اے عندلیب
پردے گوش گل کے تیرا شور سنکر پھٹ گئے

خوب دیوانے جو دیکھا جلوہ تیرے حسن کا
سب کے سینے جون کتان ہے ماہ پیکر پھٹ گئے

اے ستمگر لے مبارک ہو کہ تیرے روبرو
سب آتش فریادون کے آج محشر پھٹ گئے

ہو گئی میرا سری قسمت سے دریا میں مبارک
تختے کشتی کے مری کھاڑ کر پھٹ گئے

مزا تبدیل کرنے سے ہے کیا ہوتا مزا حاصل
مزا اسمین ہے کھائے یا مزہ اور بیمزا سمجھے

جو اپنی جان دینے کو حیات جاودان جانے
وہ اس آب دم شمشیر کو آب بقا سمجھے

بچھائین زیر پا آنکھیں ہین وہ تو خاکسارون نے
کہ جنکو خاک رہ پر اپنے ہو تم نقش پا سمجھے

اونھون نے خط جو میرا کھولتے ہی پھاڑ کر پھینکا
کوئی پوچھے پڑھا کیا آپ نے کیا مدعا سمجھے

ترے بیمار غم کا حال یہ ہے ناتوانی سے
اگر ہاتھ آئے پائے مور تو اُسکو عصا سمجھے

امید زندگانی اپنی آخر قطع کر بیٹھے
ظفر عشق و محبت کا یہی ہم انتہا سمجھے

دیگر

| | |
|---|---|
| ہر دلکو جو یاد آئی فلک پر کسیکی | آنکھون کے تلے پھرتی ہے تصویر کسیکی |
| گریہ بھی ہوتا بھی ہو اور آہ و فغان بھی | پر دل مین ہوئی اُسکے نہ تاثیر کسیکی |
| ہاتھ آئی ہے کیا خاک ترے خاک کف پا | بجز اسکے نہ قسمت مین ہو اکسیر کسیکی |

مصحف رخ پر ترے خط ہے کہاں — وہ کلام اللہ کی تفسیر ہے
دل سمجھ جائے ہمارا ناصحا — دیکھیں کیسی آپ کی تقریر ہے
خانۂ زنداں ہے تجھ بن صحن باغ — موج رنگ گل نہیں زنجیر ہے

کوچۂ فخر جہاں کی اے ظفر
خاک کی چٹکی بھی بس اکسیر ہے

جب قفس کی سمت گلشن سے ہوا سی آگئی — ہمصفیران چمن کی اک صدا سی آگئی
کھول کر زلف سیہ اُسنے جو دیکھا آئینہ — صاف دریا پر نظر کالی گھٹا سی آگئی
کیا ہوا بہتی نہیں کہتا کہو دیتی ہے آنکھ — کسکے دل کو کچھ تری دلمیں دغا سی آگئی
تھے برنگ گل شگفتہ غیر کی محفل میں وہ — دیکھتے ہی مجکو چہرہ پر اداسی آگئی
اے قناعت کر دیا ہے تونے مستغنی مجھے — تیری دولت ہاتھ میرے کیمیا سی آگئی
آنکھ نیچی باغ میں نرگس کی کیوں اے صبا — روبرو شاید کسی گل کے حیا سی آگئی
اُس شب ہجراں کا منھ کالا کہ اے بخت سیاہ — سر پہ میرے یہ کہاں سے اک بلا سی آگئی
آگے تو شیوی نہو تھی ایسے چرخ پیر کے — شاید اب پیری کے باعث بیوفائی آگئی

دل ہے وہ آئینہ پھر جو کر نہیں ہوتا ہے صاف
اے ظفر اسمیں کدورت جب ذرا سی آگئی

ہم اگر پا جو اگر اس صنم کے در سے پھرے — کہینگے لوگ ہیں یہ خدا کے گھر سے پھرے

کھلتے کھلتے رک گئے وہ آنکھ تو نے اے ظفر
سچ لگوس آنکھ سے دیکھا کہ چاہت کھل گئی

پھر بہار آئی ہے لو اور ہوا پھرتی ہے
جھاڑتی صحن چمن باد صبا پھرتی ہے

نہ چھری پھیر کہ ہم ذبح ہوئے بیٹھے ہیں
ابھی ظالم جو تری آنکھ ذرا پھرتی ہے

ہیں شبیہ مہ کنعان کو بھلا کیا دیکھوں
صورت آنکھوں میں تری مہر لقا پھرتی ہے

لاکھ تدبیر سے پھیرین مجھے پھیر احباب
کوچۂ یار سے پر میری بلا پھرتی ہے

کوچہ گردی کی جو کچھ دل میں ہوس باقی ہے
خاک بھی اڑتی مری بعد فنا پھرتی ہے

وہی ہے دل قاتل بے رحم کو پھیروں کیونکر
کہ نہ تدبیر سے ہے نہ قضا پھرتی ہے

اے ظفر گردش چشم اسکی ہے کچھ اور بلا
آسیا چرخ کی پھرتی ہے تو کیا پھرتی ہے

تم سی صفات ہو کے بشر کیونکہ ہو گئے
ہم بھی ادھر سے ادھر ادھر کیونکہ ہو گئے

کیا عاشقوں سے پوچھیے مژگان سے اپنی پوچھ
یک لخت ٹکڑے انکے جگر کیونکہ ہو گئے

دیکھا انھیں جو ہنستے تھے ہستی میں آنکھ کر
کم ہنستے ہنستے مثل شرر کیونکہ ہو گئے

ڈر موت سے کسی کا نہیں ہے زیادہ تر
پوچھو تو غافلوں سے نڈر کیونکہ ہو گئے

پرتو پڑا ہوا ہے ترے نور حسن کا
روشن دگرنہ شمس و قمر کیونکہ ہو گئے

کی گر کمی نہیں ہے تری آب تیغ نے
تو خشک میرے زخم جگر کیونکہ ہو گئے

آہ سوزان کا مری چرخ پہ انجم ہی حریف — آبلے سینے پہ جل جل کے نہ کیونکر پڑتے
تشنۂ خون وہ نہوتا جو مرا ای سفاک — کانٹے جوہر سے نہ خنجر کی زبان پر پڑتے
خاک اُڑ جاے نہ کیون مزرع دل کی میری — غم و حسرت کی بیابان و فر ہین لشکر پڑتے
اے ظفر کسکے یہ عارض سے ہوا تھا رو کش — کہ طمانچے ہین ہوا سے رخ گل پر پڑتے

ہو گئے شیر و شکر وہ یار بھی ایسے ہوئے — تلخ کر دی زندگی بیمار بھی ایسے ہوئے
قد قیامت کیا بنا فتنے نے وہ رفتار بھی — اس قیامت کی نمود آثار بھی ایسے ہوئے
جو ہوے مفتون تمھاری نرگس بیمار کے — پھر وہ جانبر ہجر سے بیمار بھی ایسے ہوئے
برق ٹھہرائی کہ دامن کیسے کیسے پکڑے ہون — تیز وادی کی ہماری خار بھی ایسے ہوئے
میر کہنا تو تمانا حضرت دل نے ولے — خوب بھٹکائے ذلیل و خوار بھی ایسے ہوئے
ہیہ جو صدمے ہو لیے لاکھون محبت مین تری — عمر بھر اب تک نہین دو چار بھی ایسے ہوئے
کنج تنہائی مین مونس ہی ہوے تو رنج و غم — میری قسمت سے مری غمخوار بھی ایسے ہوئے
بر سر یاد ل لاکھ بار اس چشم تر کے سامنے — پر کبھو یارو کبھی خونبار بھی ایسے ہوئے
شکوۂ رنجش نکر ہین ایتہ لطف اُنکے ظفر — گر عتاب ایسے ہوئے تو پیار بھی ایسے ہوئے

دل ہی میرا داغ دل کی یون سیاہی کے تلے — بادشہ ہو جیسے چتر بادشاہی کے تلے

گر پڑے پانوں پہ مثل سایہ اس خوش قد کے سرو
کیا مجال آگے کھڑا رہوے قدم گاڑے ہوئے

حسرت و درد و الم رنج و تعب اندوہ و یاس
ساتھ دل کے دیکھا مین نے جمع کیا دھاڑے ہوئے

تھے عدم مین جب تلک واقف نہ تھے جھگڑون سے ہم
آکے ہستی مین یہ سب معلوم پچھاڑے ہوئے

اڑ گئی صیاد اب دل سے ہوس پرواز کی
بیٹھا رہنے دے قفس مین ہمکو پر جھاڑے ہوئے

گرم نالون سے ہوئی ہین یون تو کیا کیا گریبان
سرد آہون سے ظفر لیکن بڑے جاڑے ہوئے

## دیگر

جب دل سوزان کی مژگان سے کئی تارے جھڑے
کیا کہین کیا آگ برسی کیسی انگارے جھڑے

قطرہ پانی کی جھڑی کیسی سے اسکے بعد سیل
کیا تماشا ہی شب تاریک مین تارے جھڑے

خوب ہنس ہنسکر سنائین تو نے ہمکو گالیان
پھول کیا کیا واہ وا منہ سے تری پیارے جھڑے

جھڑ گئی مژگان سے میرے اشک کے قطرے اگر
ساری شیخی ایکدم مین تری فوارے جھڑے

کفش پا سے اس پری وش کے ہنگام خرام
سب ستارے کیا جھڑے گویا کہ سیارے جھڑے

[illegible]

دیگر

[illegible]

جو یہان ذکر وہ دو چار بار و نہین نکالین گے
سراپا شمع ساں جلجائینگے لیکن زبان سے ہم
نہین نکلی یہ حسرت گر تری آزردہ جانونکی
خدانخواستہ گر ہو گئے برہم تو پھر گھر سے
محبت کا خواص اصلا نیا یا پارسا و نہین
نکالین گے جو دل سے آہ آتشبار ہم اپنے
ستمگر جان دیگر بر وہی ہم کر دکھا ئینگے
جبین پر نکیے قشقان مہ جبین گر تو دکھا ئیگا

تو ہم دل کا بخار اپنے ہزار و نہین نکالین گے
نہ حرف سوز دل آتش زبا نو نہین نکالین گے
تو ہمنا کہ ارمان دل کے وہ ہزار و نہین نکالین گے
وہ بیجرم ہمکو بھی تقصیر دار و نہین نکالین گے
رہ اخلاص اب ہم یار سا و نہین نکالین گے
شرر شعلہ مین وہ شعلہ شرار و نہین نکالین گے
جو منہہ سے بات تیری جان نثار و نہین نکالین گے
تو پھر ہم عیب چن چن کر ستار و نہین نکالین گے

ظفر ہم چشم پوشی دیدہ و دانستہ کرتے ہین
وگرنہ کام سب اپنے اشار و نہین نکالین گے

سیفی ای قاتل تری تصویر منہہ مین نگئی
آہ دل مین پر اثر تھی پر مری تقدیر سے
کہتا انگلی دبا دیر و کیا مین کہ حیرت سے زبان
بات اب منہہ سے جو کرتا ہے تو اگلے ہی زہر
شمع مین گرمی تھی جو کھا گیا شعلہ کو تو
پرورش کو طفل غنچہ کی ہی دایہ بہار

قتل کو میری زبان شمشیر منہہ مین نگئی
کیا کرو نہین آگے بے تاثیر منہہ مین نگئی
شکل برگ غنچہ تصویر منہہ مین نگئی
پان کی مسی کی کیا تحریر منہہ مین نگئی
گل کی گولی سی ناے گلگیر منہہ مین نگئی
بوند شبنم کی برنگ شیر منہہ مین نگئی

[illegible]

دیگر

[illegible]

کاروان حیات ہے تن زار | ہے مگر گرد کاروان باقی
سینہ کاوے نگہ نگین کر رہا | کس کا یان نام اور نشان باقی
دم محبت کا زندگی ہے مری | ورنہ ہے مجھ مین وہ کہان باقی
کچھ کھٹکتا ہے دل مین ای جراح | کوئی پیکان ہے یا سنان باقی

خال جنال اس زمانے مین ہوگا
اے **ظفر** کوئی نکتہ دان باقی

نہ دل خوشی ہے نہ رنجیدہ ہیچ تو بس یون ہے | جو یک نفس کبھی وہ ہم تو یک نفس یون ہے
فغان سے اپنی دل اہل قافلہ ہے دو نیم | جگر خراش کہان نالۂ جرس یون ہے
قفس کے تیلیاں اڑا دون پھڑک پھڑک کر آج | ارادہ میرا اسیران ہمنفس یون ہے
حذر نکر جو لگے آستین سے اشک نہ دو | نکالا تیری پسینے نے عطر خس یون ہے
کسی کے خال لب شکرین پہ ہے اے رنگ | یہ دونون ہاتھون سے سر پیٹتی مگس یون ہے

یہ سر ہو اور **ظفر** آستان فخر الدین
اگر ہوس ہے تو کیسی مجھے ہوس یون ہے

جو زخم دل کو مری صاف کر دی دو ٹانکے | ہوا سمین کچھ نمک سو وہ بھر کی دو ٹانکے
ہزار تار شعاعی کو تاب دے خورشید | نگین نہ چاک مین جیب سحر دو ٹانکے
تمہاری سوزن مژگان سے فائدہ کیا | جو زخم دل مین نہ تار نظر کے دو ٹانکے

رنج دیتا ہے ظفر آرام عقبے کا سبب
آخر مشقت مری راحت مجھے پہونچائیگی

تڑپتا وصل کی ہوس میں یونہی پہ کچھ نہیں چلتی
کہ جیسے جانور تڑپے قفس میں کچھ نہیں چلتی

اگر آہ کا غم ہوتا اُسے انگیز ہم جاتے
کریں اے ہمنشینوں کیا کہ دسترس میں کچھ نہیں چلتی

ہمیں بس بس سمجھا دو اُٹھو اے ناصحو جاؤ
پڑے ہیں ہم کسی ایسے کے بس میں کچھ نہیں چلتی

یہ آنا جانا دم کا ہے فقط اُسکی عنایت سے
کسی کی آمد و رفت نفس میں کچھ نہیں چلتی

دل و جان سوزش غم سے پھکے جاتے ہیں کیا کیجیے
لگی ہے آگ وہ اس خار و خس میں کچھ نہیں چلتی

لگائیگا کوئی کیا آج انکو میری جانب سے
کہے گر سو برس تو بھی برس میں کچھ نہیں چلتی

ابھی چل جائے سب تدبیر اپنی گر وہ تنہا ہوں
ظفر اندیشہ ہائے چند کس میں کچھ نہیں چلتی

تری شمشیر سے گردن یہاں پھیری نہیں جاتی
کہ ہے اقرار سے اپنی زبان پھیری نہیں جاتی

اگرچہ کیسی ہی پھر کر نظر وہ پھیر لیں اپنی
ولے چشم مروت ہم سے ہاں پھیری نہیں جاتی

نصیحت ہو چکی بس ناصحو کیوں پھر پھر آتے ہو
جہاں آئی طبیعت مہرباں پھیری نہیں جاتی

کہے گر اور کوئی تو جواب اُسکا دیا جائے
تمہاری بات کہا آرام جاں پھیری نہیں جاتی

ترے بیمار کا یہ حال ہے اب ناتوانی سے
کہ کروٹ ایک بھی اُسسے زمان پھیری نہیں جاتی

بلا سے خاک ہو برباد ساری ہی کساروں کی
سمند ناز کی اُسکے عنان پھیری نہیں جاتی

بلا سے ٹوٹ پڑی یا پاؤن وحشت مین — دلا یہ خار مری کیون تہ قدم ٹوٹے
انھین ہو رشک سے اس زلف پر شکن کی غرض — کہ شاخ سنبل تر کھا کر پیچ و خم ٹوٹے
دل شکستہ کا احوال گر کرون تحریر — لکھون تو حرف بھی ثابت کہ جھٹ قلم ٹوٹے
برس گئی گریہ عاشق سے ابر تر سے تر — نہ تار آنسوؤن کا دیکھ چشم نم ٹوٹے
الجھ کر زلف سے یون ٹوٹی موتی کی مالے — کہ تارے رات کو اس طرح ہونگے کم ٹوٹے
ترے ہر جام مین ساقی طلسم کیفیت — اگر یہ ٹوٹے تو گویا کہ جام جم ٹوٹے
جو شوق بت شکنی ہو تو اپنے نفس کو توڑ — کہ ٹوٹ تجھ سے اگر یہ بڑا صنم ٹوٹے

بیان کے آنے کی اُس یار نے قسم کھائی
کچھ ایسی بات ظفر ہو کہ یہ قسم ٹوٹے

کہتے تھے جو نہ زمین بار اپنی گل چھاتی پہ ہے — سنگ خارا کا اب تک فرش گل چھاتی پہ ہے
یاد آتا ہے جہان چھاتی پہ اُسکا ٹوٹنا — طفل اشک آنکھون سے آتا دوڑ مین چل چھاتی پہ ہے
واسطے اُس کے یہ دکھ کرتا نہین مین چاک جیب — داغ جو چھاتی کا ہے جاتا وہ کھل چھاتی پہ ہے
کیا لگاؤن جام منھ سے منھ سے مین کب جاتی ہے — کرتی ہمدوشی ردان ہو تو تسے مل چھاتی پہ ہے
ہول اول کچھ نہ پوچھو گرمی دل سے مری — بس بھی تختی کی جون موم گھل چھاتی پہ ہے
سیکڑوں لاچاری ہے جسدم کوئی ماتم زدہ — ہاتھ اپنا مارتا با شور غل چھاتی پہ ہے
وہ عنایت ہو ظفر پر جس سے مٹ جائے تمام — بار غم جو اُسکی ای شاہ رسل چھاتی پہ ہے

## دیگر

دھرے ہے زلف شانہ جبین زلف یار مین انگلی
وگرنہ کون دیتا ہے دہان مار مین انگلی

کہا مین نے کہ گل سے بھی زیادہ کوئی نازک ہے
اٹھائی شاخ نے تیری طرف گلزار مین انگلی

جنون کو شوق چاک جیب در پہان ناتوانی ہے
کہ ہل سکتی نہین الجھی جہان بکتار مین انگلی

سلائی گر نہین پیکان تو ہے اس ناوک افگن کا
نہ پھیرے چارہ گر زخم دل افگار مین انگلی

دکھائین جائین گے اپنے جو زیر بار حسرت ہم
دبانے کو کہین دانتون تلے کہسار مین انگلی

بتاتا تھا کہین انگلی ہے اس نے شاہ خوبان کو
کٹے ہے شمع کی جو حسن کے بازار مین انگلی

مجھے کس آنکھ سے دیکھا کہ جو تار شعاعی ہے
فلک نے کی ہے چشم مہر انوار مین انگلی

جاٗئینگے محکمہ مین اگر تیرے داد خواہ
مایوس لیکے ہاتھ مین محضر پھر آئینگے

جسکو وہ منہ لگائینگے ہنگام میکشی
گیا کیا اُسے وہ صورت ساغر پھر آئینگے

ہرجائی ہین سے اپنی یہ خورشید رو ہمین
مانند ماہ شہر مین گھر گھر پھر آئینگے

گویا خدا کی گھر سے پھرینگے وہ اے صنم
جتنے کہ تیری کوچے سے جاکر پھر آئینگے

جھوکے ہمارے صرصر نالہ کے دیکھنا
پھرکی کی طرح کہ بگو بھر کر پھر آئینگے

وصل اُسکا آب خضر ظفر ہو کہان نصیب
پیاسے بہت مثال سکندر پھر آئینگے

ضبط نالہ ہے ادھر گرمی اُدھر ہووے ہی گی
دلکو ایسی راہ ہے اُنکی خبر ہووے ہی گی

مثل شمع صبحدم ہو ویگا ٹھنڈا آفتاب
ٹھنڈی ٹھنڈی گرمی آہ سحر ہووے ہی گی

دور ہے گرچہ نگاہ چشم ظاہر بین سے یار
دور بین دل سے مگر میری نظر ہووے ہی گی

کچھ اگر تاثیر رکھتا ہے مرا مضمون شوق
تجھ سے دان پہلے خبر اے نامہ بر ہووے ہی گی

برق تو ہنستی ہے کیا دیکھ اپنے دامن کو بچا
آسمان پر اپنی آہ پر شرر ہووے ہی گی

بال بھی رکھتا نہین پر اس گلی مین مرغ دل
دیکھنا پر جھکر ہوا کی دوش پر ہووے ہی گی

فخر دین فخر جہان کی دولت الطاف سے
دولت ہر دو جہان تجکو ظفر ہووے ہی گی

## دیگر

بچاؤں تیری آنکھوں سے دل اپنا کیونکر ای کافر
نہیں جاتی کوئی تدبیر ان آنکھوں کی آگے ہے

نہیں ہے اعتبار گلشن ہستی کہ رنگ اُس کا
ہوا کیا کیا ظفر تغیر ان آنکھوں کے آگے ہے

امن ہے شب خواب میں ہوتی جو ملاقات سی ہے
صبح بھی چشم تصور میں مرے رات سی ہے

سوزش عشق میں آنکھوں سے رواں ہیں آنسو
عین گرمی بھی مرے واسطے برسات سی ہے

زندہ کر دیتا دل مُردہ کا ای عیسیٰ دم
آگے تیرے لب جان بخش کے اک بات سی ہے

روک سکتا نہیں میں اپنی در افشانی اشک
کہ بدولت ترے اے عشق یہ خیرات سی ہے

صید کرنے کو مرے دل کے وہ چشم قاتل
دیکھیے کیا ہو لگائے ہوئے گھات سی ہے

کوئی ہشیار نہیں جو ہو سرمست و خراب
بزم دنیا عجب اک بزم خرابات سی ہے

جبکہ ہر لحظہ و ہر دم ہے الے اللہ رجوع
بات بھی اُنکی ظفر ایک مناجات سی ہے

## دیگر

خط و پیغام اُنکو نامہ بر پہونچا ہی جائین گے
پہونچکر لاکھ ڈر سے وہان خبر پہونچا ہی جائین گے

بچھوڑا ہے نچھوڑین گے ہم اُنکی زلف کا سودا
بلا سے وہ اگر ہمکو ضرر پہونچا ہی جائین گے

ستمگر کہتی ہین دیکھ اسکی جبین پر ورقِ کرم | کہ یہ جوہر بھلا کاہیکو تیغ اصفہان پر ہے
نظر سے مہر کی کب دیکھتے ہین خاکساروں کو | داغ ان مہ جبینون کا ہمیشہ آسمان پر ہے
پھنسایا تو نے دل کیا طرۂ شمشاد مین قمری | ہماری جان ہے جاتی کسی سرو روان پر ہے
یہی ہے عین ایمان طاق سمجھہ عشق مین اسکو | رکھا ایمان نے سبز طاق ابروے بتان پر ہے
قفس سے چھوڑتا ہے جبکہ اڑنیکی نہین طاقت | ستم صیاد کیا کرتا اسیر ناتوان پر ہے
پہنچتا ہے جہان پیک تصور اپنا در پردہ | پرندہ مار سکتا ہے پر پرد کب وہان پر ہے
کرے ہے ناز کیا کیا سرفرازی کا پر محبت کی | شہید ناز کا تیر جو سر نوک سنان پر ہے

نہ کعبہ سے غرض نے بتکدہ سے کام ہے اسکو
جھکایا اے **ظفر** سر جس نے دل کی آستان پر ہے

غیرتِ دل عشق کی رنج و تعب مین پڑ گئے | ہر عضب بیٹھے بٹھائے کس غضب مین پڑ گئے
اس نے کیسی قہر کی آنکھون سے دیکھا آئینہ | تہلکے یکبارگی شہرِ حلب مین پڑ گئے
کارِ دنیا ہووے یا ہو کارِ دین محنت ہے شرط | اُنسے کیا ہوگا کہ جو عیش و طرب مین پڑ گئے
جلبے سوزِ دل کہ مین سر دیر اعمان بنگیا | داغ اتنے میرے تن پر ایک شب مین پڑ گئے
کیون نہ عزِ چشم عنایت سے نہین پڑتی نظر | پڑ گیا آنکھون پہ رنج و تعب مین پڑ گئے
اے محبت وہ ہے طلب کی منزل اے رہیان | جلتے جلتے آبلے پائے طلب مین پڑ گئے
عقدۂ دشوار ہے اے دل یہ کھلنے کا نہین | آپ کیون فکرِ دہانِ غنچہ لب مین پڑ گئے

ڈرہی خوبان کمان ابرو سے یہ ناوک فگن
تیر مژگان دل پہ ہیں سو سو برابر مارتے

پاس خاطر تھا اسیری میں ہمیں صیاد کا
ورنہ ہوتا دام سو ٹکڑے اگر پر مارتے

سر کشی کرتی تھی میری روبرو اے شعلہ خو
شمع کو محفل میں ہاں گردن نہ کیونکر مارتے

فتنۂ محشر نہ ہر دن پیش پا افتادہ ہیں
پر نہیں بنتا کسی سے ایک ٹھوکر مارتے

دمبدم کرتا ہی ہمیں تیز تو تیغ ستم
اور ہرگز ہم نہیں دم اے ستمگر مارتے

کچھ تو منہ کھولا تری آگے کہ جھونکے باد کے
ہیں طمانچے دمبدم منہ کی برابر مارتے

خیر گذری تو نے کھلائی نہ اپنی چشم مست
ورنہ میکش تیرے اب ساقی کو ساغر مارتے

لکھے تو ایسی غزل کوئی قلم برداشتہ
اے ظفر لاف سخن میں کیا سخنور مارتے

دیگر

دہان تند پر گشت و خون و قصد ظلم رانی ہے
بیان ہے صبر و شکر اور آرزوے جانفشانی ہے

نہیں ہم ڈرتے گر قاتل کو قصد تیغ رانی ہے
ہمیں پاس وفا ہے جان دینی شادمانی ہے

تری آب دم شمشیر آب زندگانی ہے
شہیدوں کے لیے تیرے حیات جاودانی ہے

داغ حسرت جو دل فرمانبر جانان پہ ہے — عشق کی مہر ترک مہمان لالستان یہ ہے
ہمنے جانا آج پھر آیا ہی عقرب مین قمر — اس طرح تیرے کہ زلف اسکی رخ تابان یہ ہے
دیکھ پیشانی پہ افشان تیرا اسکا مہ جبین — پہر گردان سر اگر دون سرگردان یہ ہے
ابر تو بھی ٹانک دی موتی کہ مقراض صبا — دیکھ تو کیا کیا کترنی لہر ریگستان یہ ہے
یار کی لعل حیات افزا یہ دیکھو خط سبز — خضر آبہو نجا یہ گویا چشمۂ حیوان یہ ہے
ناتوانی سی گران ہی وہ بھی مجنون کو تیرے — تار آنسو کا اگر کوئی تن عریان یہ ہے
اک تبسم سی کریگا تیرا سو ٹکڑے جگر — غنچہ تو کس بیچ ہنستا اس لب خندان یہ ہے
جسکی گردن پر پھرا نا لگا نشانی اس سے پھر — آبداری حتم تیری خنجر بران یہ ہے

ہے نوشت خاک یہ ناچیز پر کچھ جب نہ ہے
ای ظفر جس سے فرشتو نکی بھی رشک انسان یہ ہے

زندہ یون عشق مین ہین مائل گیسو جلتے — جسطرح سی کہ لیس از مرگ ہین ہندو جلتے
گرمی دل سی ہین سینۂ و پہلو جلتے — کہ نکلتے مری آنکھون سے ہین آنسو جلتے
آدمی میرا تیری گھر مین کہان جا کہ وان — پر فرشتون کے ہین وان شوخ پری رو جلتے
پارہ دل کو ہو اگر یہ سی مژگان پہ فروغ — دیکھو پانی سے چراغان ہین لب جو جلتے
شعلہ سی برق تلک شمع سی خورشید تلک — دیکھ کر سب ہین یہ تیرا رخ نیکو جلتے
سرد ہو گرمی بازار تری ای خورشید — داغ سینہ مین مری دیکھے اگر تو جلتے

زیادہ وہ تنگ غنچہ سے دہن ہے

شکستہ ہو نہ کیونکر حال دل کا

[illegible]

وہ زلف پرشکن عاشق شکن ہے

[illegible]

| | |
|---|---|
| گر چمن میں زرا اپنی برق نالہ ہوگی عندلیب | جل کے خاکستر ہزاروں آشیانے ہوینگے |
| سبحہ گردانی کرینگی عشق میں آنکھوں سے ہم | تار نظر گا نہیں جو کچھ اشکوں کے دانے ہوینگے |
| شام ہی سے وہ جو بیٹھے دیکھ میرا حال نزع | گھر میں ہاں گھی کے چراغ انکی جلانے ہوینگے |
| تنکے اٹھوا صبح جبتک ہو دیا سمجھے وصل | ڈھونڈتے دلمیں نہ آئینگے بہانے ہوینگے |
| اپنی انجم تجکو دکھلا کر فلک کہتا ہے دیکھ | عشق میں اتنے ہی تجکو داغ کھانے ہوینگے |

آدم خاکی میں ہے تو یہ زر حسن اے ظفر
کر دیے اس خاک میں پنہاں خزانے ہوینگے

| | |
|---|---|
| برای روشنی دل ہے دلمیں داغ اولے | درون خانہ تاریک ہے چراغ اولے |
| بہار دیکھ لگا اپنے دست و پا میں حنا | نہیں ہے اس سے تماشای چار باغ اولے |
| مجھے دکھادے زرا اپنی چشم میگون تو | کہ میرے حق میں ہے ساقی یہی ایاغ اولے |
| زیادہ رتبہ ہے جسکو ہو خوش کلام سے کیا | کہ ہو سکے کہو طوطی سے کیونکہ زاغ اولے |
| نہ وہ ملانے لگا سوا اگو جب زلف | جو ہے نہان دل گم گشتہ کا سراغ اولے |
| سمجھ نہ سلطنت جم سے کم قناعت کو | ہزار ملک سے یک گوشۂ فراغ اولے |

ظفر ہو کیوں نہ عالم پسند تیرا سخن
کہ تیرا فکر رسا دل صفا دماغ اولے

| | |
|---|---|
| خط سبز اسکا کیا زیب ذقن ہے | برنگ کعبہ جنت کا چمن ہے |

[illegible]

انصاف کی آنکھوں سے دیکھا جو ظفر ہمنے
وہ چار سے بہتر ہے وہ چار سے بدتر ہے

آشنا ہو تو آشنا سمجھے — ہو جو ناآشنا تو کیا سمجھے
ہم اسی کو بھلا سمجھتے ہین — آپ کو جو کوئی برا سمجھے
وصل ہے تو جو سمجھے اُس سے وصل — تو جدا ہے اگر جدا سمجھے
زہر دیوے جو اپنے ہاتھ سے تجھے — تیرا بیمار غم دوا سمجھے
تو ہی کعبہ مین تو ہی بتکدہ مین — ہے وہ مشرک جو دوسرا سمجھے
ہو وہ بیگانہ ایک عالم سے — جسکو اپنا وہ دلربا سمجھے

اے ظفر وہ کبھی نہو گمراہ
جو محبت کو رہنما سمجھے

جو تو کاغذ کا چمن مین گل کتر کر پھینک دے
اپنے پر منقار سے بلبل کتر کر پھینک دے
باغ مین آوے جو تو اپنی کتر کر بیٹر یان
موے زلف اپنے ابھی سنبل کتر کر پھینک دے
یون اُڑا دیتے ہین سر عاشق کا وہ بیداد گر
شمع کا گلگیر جیسے گل کتر کر پھینک دے

الف مین قطرہ حق کی نظر آنے لگا
وہ دہ غفلت ہی مین ہوکر نظر آنے لگا
واہ رے ساقی کی ناز ہمہ تن چشم نسب
صاف صوفی مزہ ہر شب نظر آنے لگے
بیرحم کیا حسان کہ جب اسکی نظر آنے لگے
تو اب مین مار رہے ہم ہر شب نظر آنے لگے

مجکو نہ گریبان سے نہ دامان سے گلہ ہے — پر دست جنون کو تن عریان سے گلہ ہے

دیکھی نہ کبھی خواب مین بھی زلف پریشان — آنکھون کو مری خواب پریشان سے گلہ ہے

دہول بھی لایا نہ سر گور شہیدان — تا حشر یہ اس رشک گلستان سے گلہ ہے

شکوہ نہین بسمل کو تری تیغ قضا سے — البتہ تری خنجر مژگان سے گلہ ہے

مین لعل رخ یار سے رکھتا ہون یہ شکوا — ہندو سے نہ شکوہ نہ مسلمان سے گلہ ہے

شکوہ ہے اگر مجکو تو وحشت سے ہے اپنی — نہ دشت سے نہ خانہ زندان سے گلہ ہے

رو رو کے کیا راز دل اس نے مرا افشا
مجکو ظفر اس دیدۂ گریان سے گلہ ہے

تو دست سے دل دین ابھی بت بے دین — آپ سے کس نے دی جس نے لیے چھین لیے

چشم مین اسکی کمان سرمہ کا دنبالہ ہے — دل غدر کر کیسے ہے سست قرابین لیے

گالیان دین ہمین ہر بوسہ پہ اسنے دعا — بوسہ اسکی دہن لب سے جو دو تین لیے

کون دل شاد گیا غمکدۂ دنیا سے — جو گیا یہان سے گیا خاطر غمگین لیے

اپنے دامن مین بجای گل تر پارۂ دل — ہین ہمیشہ چمن عشق مین گلچین لیے

دل لیا تیغ نگہ نے تری چشم فسون — جس طرح صید کو جنگل مین ہو شاہین لیے

اے ظفر بحر تفکر مین لگا کر غوطہ
ہم نکلتے نہین بے در مضامین لیے

راز خلوت فتنہ ز خلوت میں
بیان کرنا ظفر ... پانی ... سے گل بات

[illegible]

دیگر

[illegible]

| | |
|---|---|
| کیا بدمست ہمکو تب سے چشم مست ساقی نے | نظر یان خواب میں بھی شیشہ و پیمانہ آتا ہے |

جو سمجھے کفش پا سے مرد دین کو تاج سر اپنا
پسند اسکو ظفر کب افسر شاہانہ آتا ہے

دیگر

ہاے ان آنکھوں کی میری کیا وہ بینائی ہوئی
چھپ گئی آنکھوں سے اک صورت نظر آئی ہوئی

ہی جہان تیرے لب لعلین کا اے قاتل شہید
جامۂ پر خون سے نعش اسکی ہے کفنائی ہوئی

تیری صورت جام کی ہے جام مے کا دور ہے
تجکو گردش اس لیے اے چرخ مینائی ہوئی

عارض روشن دکھایا کسنے جسکے رشک سے
روشنی ہے شمع محفل تیری کجلائی ہوئی

رقص بسمل ہووے اور نغمہ بھی ہو فریاد دل
جانے جب قاتل کہ بان کچھ محفل آرائی ہوئی

آئینہ جب دیکھتا ہے یار زلفین کھول کر
دیکھتا ہون صاف دریا پر گھٹا چھائی ہوئی

دیگر

[illegible]

تصور سے سوا دیکھا نہ کوئی راہبر کامل
جہاں در پردہ تھا یار وہاں بے پردہ ہم پہونچے

کہا نامے میں دکھ کر میں نے لعل لخت دل اپنا
کہ اے قاصد مری جانب سے اُسکو یہ رقم پہونچے

دم گم گشتگی پہونچے نہ میری گرد کو عنقا
وہ گو معمورۂ ہستی سے تا ملک عدم پہونچے

بلا زلف فسوں آنکھیں نگہ فتنہ ادا آفت
بری گھڑا قیامت قد غضب بازو ستم پہونچے

ظفر کیا پوچھتا ہے اُس سراپا ناز کا عالم
یہ زیبائی وہ رعنائی بھلا کس کس کو ہم پہونچے

## دیگر

ہر سر مژگاں نظر لخت جگر آنے لگے
ان دنوں تو نہیں ہم کیا طرفہ تر آنے لگے

میری رونے سے ہنسی اُنکو اگر آنے لگے
ایک عالم برق و باراں کا نظر آنے لگے

اشک دیدہ دم پر شور اپنے کوئی آئے
پر کچھ ایسا ہو کہ بے پر دل کی خبر آنے لگے

تجھ پہ عاشق ہو جو ایسی ہوئی طاقتی
غش پہ غش ہر دم ہمیں اے عشوہ گر آنے لگے

ایک پرچہ بھی نہ آتا تھا اب ہے کچھ خبر
خط جو لے کر تو اتر نامہ بر آنے لگے

دیگر

دیگر

وہ مانگ جبکہ نکالے ہے سر کے بالوں کی
کماں ابر میں کیا خوشنما نکلتی ہے

کہاں ہے تاب و تواں یہ کہ دل سے نکلے آہ
نکلتی بھی ہے تو لیکر عصا نکلتی ہے

نسیم خلد یہ کرتی ہے کس طرح کا ناز
تری گلی سے جو ہو کر صبا نکلتی ہے

کہوں میں کیا ترے احسان تیغ ای قاتل
کہ زخم زخم کے منہ سے دعا نکلتی ہے

بھری ہے دل میں کسی کی جو اسکی حسرت وصل
نہ جیتے جی نہ وہ بعد فنا نکلتی ہے

ظفر چھپانے سے کیونکر چھپے یہ سوز دروں
کہ زخم سینہ سے آتش سدا نکلتی ہے

چل گیا کوئی تیر اثر نظر اور بھی ہے
آج اک زخم سر زخم جگر اور بھی ہے

مجھسے کیا پوچھتے ہو غم سے ہی پوچھو میرے
جیسا میں غمزدہ ہوں کوئی بشر اور بھی ہے

قید ہو جائیگا قاصد ہی کہ ڈر کیا ہے مجھے
خط بھی پکڑا گیا ہو یہ خطر اور بھی ہے

جی میں ہے ابر کو میں اپنا دکھاؤں رونا
کہ وہ جانے کوئی با دیدہ تر اور بھی ہے

ماشاء اللہ ری نزاکت کہ اگر زلف کا عکس
بوجھ ڈالے تو لچکتی وہ کمر اور بھی ہے

گذری دنیا سے تو کیا گر نہ خودی سے گذرے
ابھی درپیش میں ایک سفر اور بھی ہے

کہا مجنوں نے بگولے سے اڑا خاک نہ تو
آج اس دشت میں اک خاک بسر اور بھی ہے

اسنے کس لطف سے پوچھا دم بسمل مجھ سے
کہہ کچھ دل میں تمنا تری گر اور بھی ہے

ہم انھیں لینے کو جائینگے وہ آئیں کہ نہ آئیں
کئی بار ہی تو ارادہ یہ ظفر اور بھی ہے

| | |
|---|---|
| اڑ گئی ہستی و عدم اک دم میں ہو مثل برق | ذرہ چمکا دے جو میری گرمی جولانی مجھے |

ایک جہان زیرِ نگین ہے میرے داغِ عشق سے
اے ظفر کیا چاہیے مُہرِ سلیمانی مجھے

| | |
|---|---|
| میر قدرت میں اُسکی یہ تدبیر کیا خالی پڑی | تیر کیا خالی پڑا شمشیر بھی خالی پڑی |
| کیا نکل بھاگی تیرے دیوانے زندان سے کہ ہے | طوق بھی خالی پڑا زنجیر بھی خالی پڑی |
| فائدہ ہو ویگا کیا تیرا دوا میں اے طبیب | اسکی گر ہی خاک یا اکسیر بھی خالی پڑی |
| تیشۂ آہِ سحر سے کیا نہ ڈھا کوہِ ستم | بلکہ ضربِ نالۂ شبگیر بھی خالی پڑی |
| مدرسے میں عشق کے ہے اور ہی درسی کتاب | شرح بھی بیکار ہی تفسیر بھی خالی پڑی |
| نے جواب خط ملا قاصد کو نے منہ سے جواب | ساتھ وہاں تقریر کی تحریر بھی خالی پڑی |
| گاہ دیکھی منعمو تیرے مال و زر سے گھر بھرے | اور کبھی دیکھا کہ ہی تعمیر بھی خالی پڑی |
| گر گیا جب سے ترے وہ ناوک افگن ہاتھ سے | ہر مرے سینے میں جا کے تیر بھی خالی پڑی |

شاہدِ مقصود ہے کس کی بغل میں اے ظفر
دیکھ ہے آغوشِ چرخِ پیر بھی خالی پڑی

دیگر

وان ارادہ آج اُس قاتل کے دل میں اور ہے
اور یہاں کچھ آرزو بسمل کے دل میں اور ہے

کیا کیا دل رُبا [illegible] دل میں اور ہے
باندھتا منصوبہ ہے کچھ وہ دلداری کا
پہلے تو مشتاق [illegible] دل میں اور ہے
دل میں ناقص [illegible] وہ کامل کے دل میں اور ہے
وصل کی ٹھہرا دے ظالم تو کسی صورت [illegible] دل میں اور ہے
ذرہ ٹھہری کچھ نہ سے سائل کے [illegible]
وصل کی [illegible] بعد از سوال بوسہ خواہش
ہے تمنا ایک اس سائل کے دل میں اور ہے
گو وہ محفل میں تو بُلا لایا ہے
دل میں اور ہے وہ ہی دل عالم
دل میں [illegible] صاحب دل
اسکا عالم دل میں اور ہے

[illegible]

ظفر لب خشک ہین تو دیدہ ہی نم دیدہ عاشق کا
زمین ہی اس خرابی کی کہین سوکھی کہین گیلی

دل اتنا طپش مین کیون لا کی تو بگڑتا ہی — کہ جوش کھا کی جگر مین لہو بگڑتا ہے
چمن مین کہدو نہ چلاے عندلیب اتنا — کہ خوش گلو ہی وہ اُسکا گلو بگڑتا ہے
جو ہاتھ بھی مرے آتا ہے نسخہ اکسیر — نصیب سے کبھو بنتا کبھو بگڑتا ہے
سوال بوسہ کرون کیا بگاڑ مین اُس سے — کہ اور سنکے وہ یہ گفتگو بگڑتا ہے
جو روبرو مرے بولے تو منھ بگڑ جاے — تمھاری سامنے کیا کیا عدو بگڑتا ہے
گیا نہ بعد فنا بھی بگاڑ قسمت کا — کہ میری خاک سے بنکر سبو بگڑتا ہے
خدا نہ دی تجھے ناخن خبون ترے ہاتھون — ہمیشہ چاک جگر کا رفو بگڑتا ہے
سنوار بیٹھا ہو زلف تو تجھے کیا کام — کسو کا کام گر اے حیلہ جو بگڑتا ہے

خدا ہی ہو کہ بنے اُس سے اے ظفر اپنی
کہ بات بات پہ وہ تند خو بگڑتا ہے

بات کرنی مجھے مشکل کبھی ایسی تو نہ تھی — جیسی اب ہے تری محفل کبھی ایسی تو نہ تھی
لیگیا چھین کے کون آج ترا صبر و قرار — بیقراری تجھے اے دل کبھی ایسی تو نہ تھی
اُسکی آنکھون نے خدا جانے کیا کیا جادو — کہ طبیعت مری مائل کبھی ایسی تو نہ تھی
عکس رخسار نے کسکے ہے تجھے چمکایا — تاب تجھ مین مہ کامل کبھی ایسی تو نہ تھی

| | |
|---|---|
| زلف اُر کافر تری ہی کیا کمند فتنہ بند | ہر گرہ مین ہی دل شوریدہ سر باندھے ہوئے |

معنی تازہ کی رہتی ہی ہمین ہر دم تلاش
باندھتے ہین ہم کوئی مضمون ظفر باندھے ہوئے

| | |
|---|---|
| کافر تجھے اللہ نے صورت تو پری دی | پر حیف تری دل مین محبت نہ ذری دی |
| دی تو نے مجھے سلطنت بحر و بر عشق | ہونٹون کو خشکی مری آنکھون کو تری دی |
| خال لب شیرین کا دیا بوسہ کسی نے | اک چاٹ لگانے کو مرے نیشکری دی |
| کافر تری سودے آسر زلف نے مجھکو | کیا کیا نہ پریشانی و آشفتہ سری دی |
| محبت سے ہی عظمت کہ زمانے مین نگین کو | بے کاوش سینہ نہ کبھی ناموری دی |
| صیاد نے دی رخصت پرواز پر افسوس | تو نے نہ اجازت مجھے بال و پری دی |
| کتنا تر اکچھ سوختہ جان یک اجل نے | فرصت نہ اُسے مثل چراغ سحری دی |
| قسام ازل نے نہ رکھا ہمکو بھی محروم | گر رہ نہ دیا کوئی ہنر بے ہنری دی |
| اس چشم مین ہی سرمہ کا دنبالہ پر آشوب | کیون ہاتھ مین بدمست کے بندوق بھری دی |
| دل دیکے کیا ہمنے تری زلف کا سودا | اک آپ بلا اپنے لیے مول خریدی |

ساقی نے دیا کیا مجھے اک ساغر سرشار
گویا کہ دو عالم سے ظفر بے خبری دی

| | |
|---|---|
| ہے دوپٹہ سرخ جو وہ رشک گل اوڑھے ہوئے | باغ مین گل برقع خلعت مین گل اوڑھے ہوئے |

خوشبو تری پسینے کی مین کیا کہون کہ ہے — ہر قطرہ ایک شیشۂ لبالب گلاب ہے

بیتاب ہو کے کاہیکو یون لوٹتی تھی برق — سیکھی کہین یہ تیرے دل پر اضطراب سے

تم جھاڑ دو دہنا کی ذرا نم تر کے بال — پھر دیکھو کیا برستی ہین موتی سحاب سے

کرتا ہی قتل وقت جواب سخن مجھے — ہنس دینا اُنکا اور نہ کہنا حجاب سے

مارے ہے ڈر نہین اتنا کہ جس قدر — ڈرتا ہون اُسکے طرۂ پر پیچ و تاب سے

گر ساتھ سوز عشق رہے بعد مرگ بھی — کوئی نہین عذاب سوا اس عذاب سے

اتنک خمار آنکھون سے جاتا نہین ظفر — لیٹے تھے رات خواب مین کس مست خواب کے

یہ دیوانہ دل جو اُنکے ملنے کو ترستا ہی — کہ ظاہر کی جو دوری تو وہ تو پاس بستا ہی

مجھے رونا تو یہ ہی مثل شبنم اے گل خندان — کہ جب روتا ہون میں تیرے روبرو تو تو ہنستا ہی

اڑا لائی ہوا ابرو پہ وہ زلف عنبر افشان — طرف قبلہ کی دیکھو ابر رحمت کیا برستا ہی

جو دیکھا ہی مزار کشتۂ چشم مفتن کو — کہ جب دیکھو سر بالین پہ اسکے نرگس کا دستا ہی

اگر ہوش و خرد دیگر وہ تار زلف ہاتھ آئے — نہ چھوڑ اے دل کہ یہ سودا تجھے اس مول سستا ہی

لکھا خط مین جسے قاصد اسلئے خط شکستہ مین — کہ تا معلوم ہووے اُسکو یان دل شکستا ہی

ظفر کیا پوچھتا ہی راہ مجھسے اُسکے ملنے کی — ارادہ ہو اگر تیرا تو ہر جانب سے رستا ہی

چہرۂ ساقی جو ہوگا عکس افگن اے ظفر
صاف ساغر سے پری بنکر شراب اڑ جائیگی

دیگر

ان سے اگر کسی دن ہو گفتگو ہماری — تقریر پھر تو کیا کیا ہو رو برو ہماری
اس شوخ نازنین کے مقتول نازنین جو — تربت پہ جای سبزہ ہو تازہ بو ہماری
شب بھر ہیں اشک خون رو دیتے بھی اسقدر ہم — ٹپکے ہی آستین سے اب تک لہو ہماری
عشق و جنون کی ہمکو منظور ہو رفاقت — اے عقل اب نہ ہم ہیں تیرے نہ تو ہماری
ہم خاک منہہ کو ملتے ہیں خاکسار اپنے — جون آئینہ اسی میں ہے آبرو ہماری
تم ہو گے لاکھ برہم اچھے ہیں پر ازل کو ہم — گر وہ ہی خو تمھاری تو یہ ہی خو ہماری
پایا تو اسکو ہمنے دل کے مکان میں پایا — دیر و حرم میں بجا تھی جستجو ہماری
نازان ہو غیر ناحق اپنی مصاحبت پہ — رہتی تھی یون ہی صحبت انسے کبھو ہماری
اس گل کے تا بدامن پہونچے نہ ای صبا ہم — برباد خاک تو نے کی کو بکو ہماری

سر جا ہی پہونچا اپنا قدموں پہ فخر دین کے
بر آئی اے ظفر تھی جو آرزو ہماری

جیسے ہم یار وفادار ہیں ایسے ہوتے — جیسے تم شوخ جفاکار ہیں ایسے ہوتے
رفتہ تیری رفتار سے ہو حشر بپا — ہمکو معلوم کچھ آثار ہیں ایسے ہوتے

کہاں تھا چور نا حق قہر جو گنبد اسپر ٹوٹا
ظفر ٹوٹی ہوئی ہے وہ تو زنجیر اپنے ہاتھوں کی

نکل کے آنکھ سے آنسو کچھ آستین پہ ٹکے
اور آستین سے گری وہ تو پھر زمین پہ ٹکے

پھنسے حلاوت دنیا میں کس طرح نہ حریص
مگس کب اٹھتی ہے جب پانوں انگبین پہ ٹکے

اُچھل کے آتش سوزاں سے بھاگتا ہے سپند
عجب ہے خال ترے روے آتشین پہ ٹکے

زمین پہ ہاتھ سے دنیا کو ٹک سکے نہ مسیح
اور اتنے دن جو ٹکی چرخ چارمین پہ ٹکے

یہ خانہ باغ ہے موجود سینہ پر داغ
جو سیر دیکھے تو وہ دل کی شہ نشین پہ ٹکے

مجال اتنی مری مرغ نامہ بر کو کہاں
کہ اُسکا پنجہ ذرا بام مہ جبین پہ ٹکے

وہ مضطرب ہون کہ مانند موج بر سر آب
کوئی نہ حرف مرے نام کا نگین پہ ٹکے

جو تجھ سے ہون وہ مقابل صبا کے کہدے ہان
کہ دھول اک سر نسرین و یاسمین پہ ٹکے

کبھی نہ لغزش پا ہووے استقامت کو
اگر عصاے توکل رہ یقین پہ ٹکے

نہ کھینچے سر بفلک کیونکہ وہ ظفر جس کا
سر نیاز قدم گاہ فخر دین پہ ٹکے

پاس جاناں کے کہا کسنے کہ جانا منع ہے
دل کو پر اُس دشمن جان سے لگانا منع ہے

ہو کے سرکش گر پڑا فوارہ آخر سر کے بل
جھک کے چلنا چاہیے یہان سر اُٹھانا منع ہے

گل کھلایا تازہ یہ خون شہید ناز نے
ہوں نہ جبتک پھول آنکھوں پان کھانا منع ہے

[illegible]

برنگ غنچۂ و گل اس چمن مین آکے جو دیکھا
دل شگفتہ پہلے خاطر مسرور پیچھے ہے
ظفر کیونکر مبدل ہو سکے تقدیر کا لکھا
کہ جو مغموم پہلے تھا وہی منصور پیچھے ہے

دیگر

ترا خیال نہ مجھ کو خیال ہو تو یہ ہے — زہے خیال کو راہ وصال ہو تو یہ ہے
مثال آئینہ مجسے کبھی ہوا نہ وہ صاف — ہمارے دل مین نہ گرد ملال ہو تو یہ ہے
دکھا دے تو رخ تابندہ و خم ابرو — کہ ماہ ہو تو یہ ہو اور ہلال ہو تو یہ ہے
اتار دین فلک ز کو نہ کیونکہ شیشہ مین — خرابی ڈالنے والی جنجال ہو تو یہ ہے
کرے ہے قتل مین تیر کی تری شمشیر — جھکا دے کیونکہ نہ سر انفعال ہو تو یہ ہے
دکھائے گر مہ کنعان کو جلوہ تو اپنا — تو وہ کہے کہ جو حسن و جمال ہو تو یہ ہے

ظفر دم آنکھون مین ہے اور نگاہ جانب در
اب انتظار مین اسکے جو حال ہے تو یہ ہے

جسکی تصویر ہے یہ سامنے ہم جان گئے — خواب مین دیکھ کے تجھے ابھی پہچان گئے
غضب جوہر شمشیر قضا ہر قاتل — چین ابرو کی تری دیکھ کے چین تان گئے
اس گلستان مین ہزارون روش غنچہ و گل — آئے با خاطر دلگیر و پریشان گئے

دیگر

[illegible]

[illegible]

مرگ ہی صحت ہے اسکی مرگ ہے اسکا علاج
عشق کا بیمار کیا جانے دوا کیا چیز ہے

دل مرا بیٹھا ہے لیکر پھر مجھی سے وہ نگار
پوچھتا ہے ہاتھ میں میرے بتا کیا چیز ہے

خاک سے پیدا ہوئے ہیں دیکھ رنگا رنگ گل
ہے تو ناچیز لیکن اسمیں کیا کیا چیز ہے

جسکی تجھکو جستجو ہے وہ تجھی میں ہے ظفر
ڈھونڈھتا پھر پھر کے تو پھر جا بجا کیا چیز ہے

دوستی میں جسکی اپنی جان پر ای دل بنی
وہ بھی دشمن نکلا افسوس کیا مشکل بنی

پھر گئی اس آبرو میں سیکڑوں شمشیر زن
تیری ابرو سی نکوئی تیغ ای قاتل بنی

کوہکن کا کام کیا پتھر بتا کاڑھے وہ
ہاں مگر چھاتی پہ رکھنے کو کوئی ہے سل بنی

ملک ہستی سے جو راہ ہے سوے عدم
کچھ نہیں معلوم آخر کیا سر منزل بنی

آدمی ہو وے سیہ دل کاش وہ ہی سنگ ہم
جس سے اُسکی تختی تعویذ ہول دل بنی

اس عداوت گاہ میں ہے ہر درستی پر شکست
جو بنی یہاں بگڑ ہی کر وہ قابل بنی

محو حیرت ای ظفر ہو دیں نہ کس صورت سے ہم
آرسی اب اُس پری رخسار کی حائل بنی

جب دم غسل اُسکی گیسو آب میں لہرائیں گے
موج نکہ سانپ سے تالاب میں لہرائیں گے

اُسکے خط سبز سے سر سبز ہو ونگی نہیں
لاکھ سبزے گلشن شاداب میں لہرائیں گے

اُس رخ روشن پہ گر زلفیں ہوا سے ہل گئیں
حوت کی جلوہ مہتاب میں لہرائیں گے

رہی اتنی بھی طاقت و تاب نہیں کہ زمین سے اب اٹھے یہ خاک نشین
ترے کوچے کی سمت بلا سے کہیں جو اگر یہ شوق بہا دے مجھے

کئی زخم تو کھائے یہ آج تلک ملی لذت عشق نہ زیر فلک
مرے زخم جگر پہ چھڑک کے نمک مزہ عشق وفا کا چکھا دے مجھے

لگے بات کا میری ٹھکانا کہاں کہ جب ایک سخن میں وہ سحر بیان
کبھی عرش بریں پہ چڑھا دے مجھے کبھی فرش زمین پہ گرا دے مجھے

نہو دام علائق جسم اگر کروں گلشن قدس کی سیر ظفر
کوئی ایسا کامل پاک نظر کہ جو قید سے اس کے چھڑا دے مجھے

## دیگر

شوق خار دشت دامنگیر ہے — اور مجنوں پائے در زنجیر ہے

جذبۂ دل میں جہاں تاثیر ہے — بس وہیں جب ہے وہیں تسخیر ہے

فرق مجھ میں اور مجنوں میں نہیں — ایک صورت ایک سی تصویر ہے

کیا شگفتہ کر سکے باد بہار — دل نہیں یہ غنچۂ دلگیر ہے

غفلت دنیا ہی خواب ای غافلو — عاقبت اس خواب کی تعبیر ہے

مصحف رخ پر تری خط ہے کہاں — وہ کلام اللہ یہ تفسیر ہے

دل سمجھ جائے ہمارا ناصحا — دیکھیں کیسی آپ کی تقریر ہے

شغل میں دل کو جو مشغول ہو اپنے ہر دم | اس سے بہتر ہے کہ جو شاغل آئینہ ہے

اُسکا رخ آئینہ میں دیکھ کے حیران ہوں میں
کیونکہ آئینہ ظفر داخل آئینہ ہے

ملک فنا اور ہے ملک بقا اور ہے | یہاں کی ہوا اور ہے وہاں کی ہوا اور ہے
زندگی و مرگ کا ذائقہ میں کیا کہوں | اُسکا مزا اور ہے اسکا مزا اور ہے
قلب بصفا سے کیا آئینہ روکش ہو خاک | اسمیں صفا اور ہے اسمیں صفا اور ہے
ہو تری بیمار کا چارہ طبیبوں سے کیا | اسکو مرض اور ہے اُسکی دوا اور ہے
بیر الہوا بوں سے دل کو چھپانے ہو کیا | سُرخی خون اور ہے رنگ حنا اور ہے
نالۂ ذی میں کہاں دل کی فغاں کا اثر | اُسکی صدا اور ہے اِسکی صدا اور ہے

اُسکے ستم کو ظفر کیوں کہ ادا جانیے
طرز ستم اور ہے طرز ادا اور ہے

لپٹی ہے یہ جو آتش عصیاں وجود سے | ٹھنڈی نہ ہو دیگی مگر آب سجود سے
مٹ جائیگی نمود تری دم میں اے حباب | کیوں باندھتا ہے اپنی ہوا تو نمود سے
ظالم نہ کھول تو رخ روشن پہ اپنی زلف | تاریک کر جہان نہ مرے دل کو دود سے
سودائے عشق میں وہی ہوتا ہے کامیاب | بہتر زیاں کو اپنے جو سمجھے ہے سود سے
دیکھی ہے جسنے گردش چشم سیہ تری | ڈرتا نہیں وہ گردش چرخ کبود سے

روکشی کرتا ہی تو ماہ جبین سے لیکن
اسمین نقصان مہ کامل تجھے کچھ ہوتا ہے

خواب غفلت مین پڑا سوئیگا کب تک بدمست
ہو تو ہشیار جو غافل تجھے کچھ ہوتا ہے

خاک ہونیسے ہیولا پہلے ہو تو خاک کہ پھر
نہ ہوا ہی نہ یہ گل تجھے کچھ ہوتا ہے

اے ظفر پیش نظر یار کی تصویر کو رکھ
اُسکے ہونے سے مقابل تجھے کچھ ہوتا ہے

یہ جہان کا آئنہ خانہ پری خانہ سا ہے
جو یہان ہشیار آتا ہی وہ دیوانہ سا ہی

کوئی اس سے بادہ کش ہی کوئی ہی خونناب نوش
یہ جو گردون رات دن گردش مین پیمانہ سا ہی

آشنائی گر نہو تجھ سی تو ہے کون آشنا
آشنا نا آشنا ہے اپنا بیگانہ سا ہے

جسکو تو نے اپنا جلوہ شمع رو دکھلا دیا
گرد پھرنا تجھ پہ جی سے گرد پروانہ سا ہے

تو کہی تو زلف آنکھون سے تری سلجھائین ہم
یہ ہمارا پنجۂ مژگان بھی اک شانہ سا ہے

علم سینہ ہو تو رشک بوعلی سینہ ہی تو
یہ جو سینہ مین ترے دل ہی کتب خانہ سا ہے

ای ظفر رونا پڑی دولت ہے اُسکے عشق مین
جو ہی قطرہ اشک کا موتی کا اک دانہ سا ہے

راہ صحرائے جنون کی جبکہ ہم لینے لگے
ہر قدم ہر خار صحرا ائے جنون لینے لگے

واقفے سب ہو گئے معلوم دل کی لاگ سے
جب کہ ہم ہنسکر کی چشم نم لینے لگے

اور ہجر کی آتش غم اور دل جلنے لگا
سانس جو ہم ٹھنڈی ٹھنڈی دمبدم لینے لگے

اُس راہ پر جو ایک جگہ جھکے بیٹھ جائے
مانند نقش پا سر رہ جھکی بیٹھ جائے

دیتی نہیں صفائی ٹھہرنے نگہ کا پانوں
اُس رخ پہ ذرہ میری نگہ جھکی بیٹھ جائے

ہم گریہ کی ہماری جو بو پہنچے تو پھر ابھی
گرد دل کیے نہ ورق کی بھی تہ جھکی بیٹھ جائے

جیا ما تو بہار کی صنعت نہو تو پھر
غنچہ کے سر پہ کیونکہ کلہ جھکی بیٹھ جائے

ٹانکے سے جیونٹے کی وہ بہتر ہی چارہ گر
گر زخم دل پہ اُسکی مژہ جھکی بیٹھ جائے

اُس رخ پہ حلقہ زن خط مشکین ہے یون ظفر
دولت پہ جیسے مار سیہ جھکے بیٹھ جائے

جو تماشا دیکھنے دنیا مین تھے آئے ہوئے
کچھ نہ دیکھا پھر چلے آخر وہ پچھتائے ہوئے

فرش مخمل پر بھی مشکل سے جنھین آیا تھا خواب
خاک پر سوتے ہین اب وہ پانوں پھیلائے ہوئے

جو مہیا ہے فنا ہستی مین ہین مثل حباب
پھرتے ہین اول ہی سے بیدار وہ کفنائے ہوئے

غنچے کہتے ہین کہ ہوگا دیکھیے کیا اپنا رنگ
جب چمن مین دیکھتے ہین پھول کملائے ہوئے

غافلو اس اپنی ہستی پر کہ ہے نقش بر آب
موج کی مانند کیون پھرتے ہو بل کھائے ہوئے

ز قدم نقش قدم کب بیٹھ سکتا ہے کہ ہم
آپ سے بیٹھے نہین بیٹھے ہین بٹھلائے ہوئے

اے ظفر ہے آب رحمت اُسکے کیونکر بجھ سکے
نفس سرکش کے جو یہ شعلہ ہین بھڑکائے ہوئے

ہر کہین مجکو تماشائے جہان ایک سا ہے
کہ تصور ترا اے راحت جان ایک سا ہے

نزاکتیں آج بھی گل کی طرح جو وہ دو کام
پھر ان کے حسن کی اور ہے دل میں حرارتیں دونی
نگاہ یار کو جو دل ہو گیا ہے مگر بھی رقیبی
اٹھائیں عشق میں ہم نے اذیتیں دونی
ظفر نہ کیوں ہو محبت کا ہو ایسی کہ ہوں ان
ہاں بجز دونوں طرف سے محبتیں دونی

دیگر

عجب خواری میں زیر خاک بھی عاشق ہمارا ہے
کہ دل میں خار غم پھانس ہے سنگ مزار اپنا

غوطہ دریاے محبت میں لگانے کو ظفر
آشنا ہمت تو کرتے ہیں مگر دم چاہیے

قاصد وہ نہ کیونکر خط و پیغام سے چونکے
جو خط کے لفافہ پہ مری نام سے چونکے

شب بھر وہ پڑی رہتی تھے منہ اپنا لپیٹے
کیا وجہ کہیں آج سر شام سے چونکے

اللہ ری غفلت کہ یہ بستر پہ ذرا بھی
وہ نالۂ آہ دل ناکام سے چونکے

اس تلخکلامی پہ دل اپنا تجھے کیا دیں
ہم پہلے ہی ظالم تری دشنام سے چونکے

تھا شام سے تا صبح بغل میں جو دل آرام
آرام سے شب سوئے ہم آرام سے چونکے

ساقی تری سرکش ہیں وہ مستی میں بھی ہشیار
جو خندۂ مینا و لب جام سے چونکے

اس شور قیامت کا برا ہو کہ عدم میں
سوتے تھے پڑے ہم عجب آرام سے چونکے

تھے سو میں سیاہی ڈرا ایسا نہیں ہمکو
ہم ڈر کے تری زلف سیہ فام سے چونکے

یوں مرغ دل اس زلف کی پھندی سے ڈرے ہے
جس طرح ظفر صید کوئی دام سے چونکے

لکھونگا میں جو خطوں میں شکایتیں دونی
بڑھیں گی اور بھی قاصد عداوتیں دونی

نمک چھڑک کے جو مرہم لگاؤ وہ قاتل
اٹھاؤں زخم کہ کھاؤں میں لذتیں دونی

تری نگاہ وہ ہے الحفیظ کی ہو جاے
اگرچہ دل کی کروں میں حفاظتیں دونی

رقیب نے تجھے بھڑکا دیا ہے آتش خو
کہ بات بات میں اب ہیں شرارتیں دونی

| | |
|---|---|
| تمہاری عاشق کو کیا ہوا ہے نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے | |
| | وہ مست مجذوب نگیا ہے نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے |
| ہزار کوئی سیانے لائے کوئی بلائے کوئی کھلائے | |
| | جیسے کہ زلف کا ہے نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے |
| گیا جب تو لے سحو حیرت دیکھا کے آئینہ وار صورت | |
| | وہ تیری صورت کو تک رہا ہے نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے |
| تمہاری وہ بات ہے دہن میں ہزار انداز ہیں سخن میں | |
| | چمن میں یہ غنچہ کیا بلا ہے نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے |
| طمانچہ سو کوئی منہ پہ مارے چلیں ہزار اُسکے سر پہ آرے | |
| | جو اس لب لعل پر فدا ہے نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے |
| کھلی ہے جسپر کہ کچھ حقیقت وہ کھول کر دیدۂ بصیرت | |
| | تماشے قدرت کے دیکھتا ہے نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے |
| جو ورد ہوتا تو غل مچاتا جو سایہ ہوتا تو سر ہلاتا | |
| | الٰہی دل کو مرض یہ کیا ہے نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے |
| کریں نکیرین قبر میں گر سوال سو سو طرح سے آکر | |
| | جو کشتۂ چشم سرمہ سا ہے نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے |

دیگر

دیگر

غوطہ دریا

| | |
|---|---|
| آتشک جگر کو چھین کیا اور دیدۂ تر کھائے ہے | رو دی زردی نے سر ہمارا آپ چکر کھائے ہے |
| پنجۂ مژگان میں دل ہمیشہ نخچیر یوں | داب کر جنگل میں جون شاہین کبوتر کھائے ہے |
| پارۂ دل نوکِ مژگان پر کہاں ہی جلوہ گر | مرغِ آتشخوار یہ مستی میں انگر کھائے ہے |
| ہم لہو پیتے ہیں اپنا گھر میں اپنی رشک سے | ہاں جب غیر دن کے گھر کا وہ ستمگر کھائے ہے |
| کیا عجب آسن خالی ہشیانی سے ہو رخ پر خجل | رشک اس رخسار سے جب مہر انور کھائے ہے |
| سوزِ غم خوراکِ دل کس طرح سے میری نہو | گو کہ آتش تیز ہی لیکن سمندر کھائے ہے |
| یوں خطِ جبین پر زلف دہ لہرائے ہے | جسطرح سے سانپ کو اپنے چھنگر کھائے ہے |
| ایکدن وہ تھا کہ ہم کھاتے تھے غم اے شعلہ خو | ایکدن یہ ہی کہ غم ہمکو جلا کر کھائے ہے |

جب کبھی کرتے ہیں ہم منہ سے بیان احوالِ غم
ایک عالم اے ظفر افسوس سنکر کھائے ہے

| | |
|---|---|
| ناز سے گر انکھڑی تیری ادھر لگی ہیگی | اور کو کیا میں کہوں میری نظر لگی ہیگی |
| کھینچے جائینگے یونہیں ہر دم جو آہ سرد ہم | کنکنی پھر تھر ابھی باد سحر لگی ہیگی |
| دیکھ خط جلدی پھر آنا ورنہ مر جائینگے ہم | دیر کر تجکو ذرا بھی نامہ بر لگی ہیگی |
| میری آنکھوں نے مجھے رو رو کے رسوا کر دیا | دیکھیے کس کس جگہ اسکی خبر لگی ہیگی |
| سینے سے لگی ڈبرے اک تیر کو آئے ہو | باتوں ہی باتوں میں دیکھو دوپہر لگی ہیگی |
| مرغ چوری کو نہ گھر سے تم نکلے تو ہو | پر جدھر جاؤ گی اک آتش ادھر لگی ہیگی |

نہین اس رخ پہ لٹ وزیر زلف اس الف نشان کا ۔۔۔ چمن مین ناگ سا لہراتا ہوا ناگن سے نکلے ہے

نہ بھولا بعد مردن بھی تری شمشیر کا احسان ۔۔۔ صدا شاباش کشتہ کی تری مدفن سے نکلے ہے

گئی بو بھوٹ اہل بزم سے لون اسکی الفت کی ۔۔۔ کہ جلسے بوے گل باہر صبا گلشن سے نکلے ہے

مشبک ہو گیا ہے دل یہ ٹوٹی تیر قاتل کے ۔۔۔ کہ اک پیکان زہر آلود وہ ہر روزن سے نکلا ہے

ترا جو دانت ہے رنگ مسی مین اک تماشا ہے ۔۔۔ کہ غنچہ موتیا کا سا گل سوسن سے نکلے ہے

کٹی ہے سر جو مثل شمع تیری تفتہ جانون کا ۔۔۔ تو جاے خون اک آتش رگ گردن سے نکلے ہے

ہم آغوشی پہ اسکے اب ہماری زندگانی ہے ۔۔۔ نکلتا ہے وہ جب آغوش سے جان تن سے نکلی ہے

دم بخیہ مرے چاک جگر کی دیکھکر حالت
ظفر تار آنسوؤن کا دیدۂ سوزن سے نکلے ہے

جاے تدبیر جہان اپنا قضا کام کرے ۔۔۔ عقل بھر اپنی دہان کہیے تو کیا کام کرے

مرض عشق اطبا ہے وہ مہلک آزار ۔۔۔ کہ نہ تشخیص جہان ہو نہ دوا کام کرے

سرمہ کسواسطے آنکھو نمین لگاؤن اپنے ۔۔۔ جبکہ سرمہ کا وہ خاک کف پا کام کرے

تشنہ کامونکو تری چاہیے آب خنجر ۔۔۔ قاتل اس پیاس کو کیا آب بقا کام کرے

کوہکن کو بکنی کا نہین کرنا کچھ کام ۔۔۔ جانکنی کوئی کرے ہان تو بڑا کام کرے

دمبدم غش یہ ہے غش عاشق ناکام کو آج ۔۔۔ لاوے اس گل کی جو بو باد صبا کام کرے

تیر کا بھی ہو گذر ہان تو کرے لوٹ کے یہ ۔۔۔ اے ظفر تیری جہان آہ رسا کام کرے

حلقۂ در گر ہلایا بھی تو بولے کون ہے
اب بتاؤں کیا کہ نام اپنا بتانا منع ہے

ہووینگا ساغر سے کیا مول کشت گل

چرخ پہ کیا کیا ہوا شب مہ کامل خجل
دیکھ کر اس یار کا ناخن انگشت گل

تا کوئی جانے ہوا یہ نہیں وابستہ خون
آپ وہ بنجائے ہے وقت زرد کشت گل

اشک کا دریا مژدہ ہے کہ خم فلک
ہے یہ دش اک کشت اک عیالی انشت گل

زلف کے حلقے میں ہو گرد رخ آتشیں
بیچ ہو آتشکدہ اندر سب ر دشت گل

[illegible]

[illegible]

تختۂ لالہ ہو دامان چمن مین پھولا
لب پانی خون رنگ ہو تیرے نہ کیون رخ پہ بہسار
جسم ست بت کی پوشش ہہ یہ خال نہین

یا حنا کے ہین یہ تیرے تن شبدیز پہ گل
ارغوان کا ہے کھلا سبزۂ نوخیز پہ گل
پیلو فر کا ہے دھرا ساغر لبریز پہ گل

جان شیرین دی ظفر کوہ مین فرہاد نے حیف
کھائی شیرین نے سد الفت پرویز پہ گل

کیا اشک تر مین اپنے بچشم پر آب گول
ولین مدام چشم بتان کا ہے یہ خیال
لو آب اپنے پیچ مین ہر اہل بزم کو
گرمی سے زلف یون ہی تمھاری عرق فشان
دزدی سے اسنے گرم یہ گو اٹھایا ہے
اقرار وصل مین بخدا دیکھیو دلا

دیکھے صدف مین ایسے نہ در خوشاب گول
ساقی دکھا نہ ہمکو سبوی شراب گول
عمامہ سمجھے شیخ فضیلت مآب گول
برسا جو ان تگرگ زمین پر سحاب گول
دست فلک مین صبح نہین آفتاب گول
باتین کرے ہے کیا ہی وہ خانہ خراب گول

دیکھ ان بچون کو عاشق محرم کہے ہے یہ
دریای حسن مین ہے ظفر کیا حباب گول

آج گلشن مین ہین کس عاشق دلگیر کے پھول
حاجت گل نہین مرقد پہ کچھ اسکے گل و
گل رنگین سے نہین کم ترا ہر ایک سخن

غمزدہ ہین جو گریبان کو صبا چیر کے پھول
تن پہ ہین زخم ترے کشتۂ شمشیر کے پھول
منھ سے جھڑتے ہین ترے کشتۂ شمشیر کے پھول

دیگر

[illegible]

مرے دامن پہ اشک خون کے تو نے / کھلائے خوب ہیں اے چشم نم گل
نسیم باد سے گلشن میں گل کا / بجھے ہے کب چراغ صبحدم گل
مژہ سے اشک گرتے یوں ہیں سو جا / عجب جھاڑو ہے نرگس یکقلم گل
چمن میں گل نمط چہرہ ترا دیکھ / تصدق ہوتے ہیں ہر ہر قدم گل
جو روئے اشک خوں سے بیٹھ کر ہیں / ہوا اک دست یہ فرش گلم گل
ظفر گلزار کیا لکھی غزل ہے / عجب گلشن ہے تو سب میں ستم گل

ہے جفا کیش تو اب گھر سے نکل پاؤں کے بل / ہونگ چھاتی پہ مری شوق ہے دل پاؤں کے بل
مجھکو سوجھے ہے کہ اک روز میں گر جاؤنگا / آتش عشق سے جوں شمع پگھل پاؤں کے بل
سر پہ عاشق کے نکر شور قیامت برپا / اٹھ کے بس اب تو نہ چل پاؤں کے بل
وقت کا تو ہے سلیمان یہ مرا دل ہے مور / دیکھ بس اسکو مری جان نہ مل پاؤں کے بل
اسکی پامالی کریگی تری یہ کبک خرام / رہ بر دا سکے نہ اس جا سے چل پاؤں کے بل
وہ فرنگی کا پسر دیکھ مری فوج اشک / ہو لا مت دور گیا لیجیے دل پاؤں کے بل
شیشہ و جام لے تو ہاتھ میں اپنے اتنا / ساقیا نشہ میں ہے نہ اچھل پاؤں کے بل
نہیں آج اٹھاتا دل بیتاب مرا / پا پہ چلتا تھا تری کوچے میں کل پاؤں کے بل
لکھ ظفر اور غزل ایسی کہ جاتی ہے زمیں / سب غزلخواں ترے آگے سے چل پاؤں کے بل

دل بے نفرت کہ رہا چین مجھے وہ ہر وقت
لگیا ہے جبین ستم ایجاد کا بل

سخت دل طول الٰہی ہین خم و پیچ ہین یون
تار کھا جائے ہے جسطرح سے فولاد کا بل

گدگدی کیون نکرون ہین کہین خوش آتا ہی مجھے
ہائے کھانا نگہ شوخ پریزاد کا بل

کیونکہ سیدھا ہو کہ ہی تیر مژہ مین تیری
اے ستم کیش عجب آفت و بیداد کا بل

رشک ہو سنبل ریحان کو ہوا جس دم
دود دل کھائے تری عاشق ناشاد کا بل

پھڑکے اے مرغ گرفتار اوڑا دے ٹکڑے
رشتہ دام بہت رکھتا ہی صیاد کا بل

اے ظفر اپنی ریاضت کا نہ جبتک بل ہو
نہ تو بل پیر کا کام آوے نہ استاد کا بل

دل نہ پہلو سے مرا اُٹھ کے دل آزار سے مل
اے وفا کیش نہ اُس یار جفا کار سے مل

رنج دندان پہ اے کرشمہ مسی کی کب ہے
طرفہ تبسم یہ گیا ہے در شہسوار سے مل

چشم مخمور تری دیکھکے دل کیون نہو خوش
آج یہ غنچہ گیا نرگس بیمار سے مل

در دامان دیدہ خونبار کی دولت اپنی
پاٹ دامن کا گیا تختہ گلزار سے مل

دامن چرخ جلادے نہ کہین دیکھیو اے
شعلہ آہ مرا برق شرربار سے مل

روکشی کرنیکو آیا تھا ولی نیسان بھی
ابر و بائی مری چشم گہربار سے مل

تیغ ابرو سے کریگا تجھے اکدم مین شکار
اے دل زار نہ تو اس بت خونخوار سے مل

چمن سینہ مین میرے نہو کسطرح بہار
داغ دل بن گیا لالہ کہسار سے مل

دیکھو چشم شوخ پر چین ابرو کے بل
خوشنما ہیں شاخ میں کیا سر بسر آہو کے بل

سنبل پیچاں اُگے کیونکر نہ اسکی خاک سے
مر گیا جو دیکھکر اُس زلف عنبر بو کے بل

ہر روش موج تبسم ہے جو موج بوئے گل
ہنستے ہنستے پیٹ میں پڑتے ہیں اُس گلرو کے بل

اشک یوں مژگاں پر آئے ہیں ڈھلک کر چشم سے
پہلے پہلے جسطرح لڑکے چلیں زانو کے بل

دیکھا بل کھاتے جو دود شمع کو محفل میں رات
یاد آئے شعلۂ و مجکو ترے گیسو کے بل

واہ وا ای جذبۂ شوق محبت واہ وا
رابعہ بصرے سے کعبہ کو گئی پہلو کے بل

بل بے گرمی تعب بجلی بھی تھرانے لگی
دیکھو ماتھے پر اگر اس شوخ آتش خو کے بل

جاتے ہیں کیا کیا گھسیٹے رہرو براہ وفا
سر کے بل یا تو کبھی بل سینہ کے بل بازو کے بل

سیدھے کب ہوتے ہیں جنکی ہو طبیعت میں کجی
کسطرح کوئی نکالے موج آب جو کے بل

اے ظفر شانے سے بل نکلے نہ زلف یار کے
بلکہ اور افزوں ہوئے اُس کافر جادو کے بل

خط یہ گرا قاصد اکس کا کمر سے نکل
تجکو جو اُسنے کہا دور ہو گھر سے نکل

تیر گیا اسکا یوں زخم جگر سے نکل
جیسے نظر جا کھاف روزن در سے نکل

کون کہے ہے کہ آہ تو نہ جگر سے نکل
لیک نہ تنہا نکل بلکہ اثر سے نکل

ضبط کیا گریہ پر لگ لنسکا کیا کروں
گر ہی پڑا اشک تر دیدۂ تر سے نکل

عکس رخ مہ جبیں شب جو فلک پر گیا
بھاگ گیا آفتاب صبح کو گھر سے نکل

دہان کنت یا غنائی تنگ ہو تجا دست عدم
یارن ہوتا ہی مے نوشی سی دل میرا کباب
شعلہ جو الفت سمجھو کہ یہ ای ہمدمو
یہ لگا تا اور رکھا ہے تجھپہ ظالم جسم سے

یاں گئی تو وحشت زدہ بھی جا بجا بس میں نگ
سو بھرنا ہے پانی بہر کر ساغر میں نگ
آگئی ہم پہ جھونکی دیکھکر جا بہ میں نگ
ہو تو ہم بھر میں پانی بھی کہ ہو دم بھر نہ نگ

جی جلاتے ہیں کیون نہ میرا یہ بتان سنگدل
دل ظفر انکا ہے پتھر اور ہے پتھر میں نگ

میرے انکے ملنے سے گر زنگ یان کھاتے ہین لوگ
کیا مرا کر سکتے ہین اپنا ہی سر کھاتے ہین لوگ
جو کہا تم نے سو سچ ہین غیر سے ملتا نہین
جھوٹی قسمین کیا یہان پھر آنکر کھاتے ہین لوگ
مجھکو لکھا خط جو ہے اُس مہر خط نے ہمنشین
نہ ہر کیا کیا دیکھیے اعتبار پر کھاتے ہین لوگ
تو بھی در پر جانے سے اُسکے وہ باز آتے نہین
جھڑکیان دربان کی اے دل اسقدر کھاتے ہین لوگ
غصہ بھی کھاتے ہین اور ہم خون دل پیتے ہین نت
ساتھ کھانا انکے جب وان بیٹھکر کھاتے ہین لوگ

[illegible]

کہان رہا ہی زرِ گل خبر تو لے بلبل
ہوئے نہ ہم ہین فقط راہ عشق مین برباد

اڑا کے لیگئی بادِ خزان چمن سے خاک
ہزارون ہو گئے یان قیس و کوہکن سے خاک

ڈری جو سوزِ محبت سے دل مین پڑ گئی آگ
تو کیا لگائی وہ تو شمعِ انجمن سے خاک

ہر ایک شخص جو زیرِ فلک مکدر ہے
جھڑے ہے کیا کہین اس خیمۂ کہن سے خاک

بچا نہ خاک سے وہ مَین کہان کریگا کیا
لگیگی زیرِ زمین جب تری کفن سے خاک

ظفر ہے تو بھی وہ آتش زبان کہ ہو جل کر
دلِ حسود تری گرمیِ سخن سے خاک

کھلے جو اس بتِ مہر کی جھلک سے پلک
نہ ذرہ بھر کبھی میری لگی پلک سے پلک

کبھی بھی خار پہ ٹھہرا ہے قطرۂ شبنم
نمود کیونکہ نہو اشک کی ڈھلک سے پلک

اٹھا کے دستِ دعا مانگتا دہائی یہ
لگی نہین تری بسمل کی اشب پلک سے پلک

ولادہ طفلِ فرنگی کہین نہ بوئے فیر
لڑائیو تو سدا اسکی اس پلک سے پلک

گھٹا کا سنکے گھٹا دل برے ابر و یہ بات
لگی ہی رعد کی جس پل مری پلک سے لپک

تری فراق مین کوٹا مین اسقدر سینہ
لگے فلک تے ملک کی نہ اس چھلک سے پلک

ظفر ملا سکے کیا کوئی ہمسے انسان آنکھ
بروزِ جنگ نہ جھپکائین ہم فلک سے پلک

دیگر

ردیف کاف فارسی

[illegible]

یل ہین ہمنا کر تنگی زاد پہ طفل رشک
مرتبہ تنگ ہے نگہ کے اگر اپنے کلاہ مردمک

چشم کا صفحہ ہماری کچھ نہین محضر سے کم
جلوہ گر ہے جب یہ مہر گواہ مردمک

داغ بر دل رشک سے کیونکر ہووے دیکھکر
چشم پر خون مین مری رنگ سیاہ مردمک

ساتھ رکھتا ہے سپاہی تیغ کے یعنی سپر
ہے نگاہ چشم کو لازم پناہ مردمک

ہے گل احمر سے یہ بھنورا کوئی لپٹا ہوا
چشم پر خون مین تجھے ہے اشتباہ مردمک

لکھ بدل کر قافیہ ایسی غزل تو اے ظفر
جسپہ بسم اللہ ہو تیر نگاہ مردمک

مار کر ہمنے کیا اس دل بیتاب کو خاک
کیا ایک ہوس نے بھی سیماب کو خاک

اشک تھمنے کے نہین گو ہے آنکھون مین غبار
روک سکتی ہے کوئی بہتے ہوئے آب کو خاک

خاک کو مسند کمخواب سمجھتے ہین فقیر
اور وہ جانتے ہین مسند کمخواب کو خاک

تھا دنیا سے ہمین دنیا پہ کوئی روشن دل
خاک پر لگتی نہین چادر مہتاب کو خاک

سطح خاکی پہ بہت زور دکھائے لیکن
عاقبت ہم کھائی لگی رستم و سہراب کو خاک

خاک ہوتا ہو نہین سیر کہ جھٹک دے دو مین
گر لگے جا کے مری دامن احباب کو خاک

تاب دندان سے ظفر اسکے گر گر بجلی
کرے اک دم مین جلا کر در خوشاب کو خاک

نہ ٹکڑی خاک پہ دکھا باش پہ پھینک
جو پھینکے بھی تو سر راہ ہی کانٹے پھینک

[illegible]

نکلے رگ مجنون سے دم فصد لہو کیا | نکلا نہ ذرا سا بھی لہو دشت ختن خشک
غربت میں اگر آب بقا بھی ہو تو اُس سے | بہتر ہے نزدیک ہے خاک وطن خشک
محشر میں بھی وہیں تو ڈوبے آدمیں | زیبا ہو شہید کو تیرے کفن خشک
پیاسا ہے ترا تیر تیا کسے لہو کا | دکھلاوے ہے سوفار سر تیر دہن خشک

سوزان ہے تری آہ ظفر آتش دل سے
یوں جیسے جلے آگ میں کوئی رسن خشک

سوز دل سے کیا گلو عاشق مضطر ہو خشک | دیکھ کر ہوتا ہے قاتل م خنجر ہے خشک
جسم مجنون گرمی سودا کے یکسر ہے خشک | بلکہ صحرا نجوان بھی ہو گیا جل کر ہے خشک
جوش بارانِ ہو تو کیا ساقی نہیں ہے بادہ لطف | خشک ہے مینا دھر اُلٹا پڑا ساغر ہے خشک
جسطرح ہے بانی مین [illegible] ہے پاک | جسطرح رہتا ہے ہمیشہ آب میں گوہر ہے خشک
اشک خون مژگان پہ میری بکھیرا ہے مردمان | کسطرح سیراب ہے گل شاخ کی ڈنگرہ ہے خشک
ہائے گرمی میری آہ سوز محبت بعد مرگ | عین بارش میں بھی اپنی گور کا پتھر ہے خشک
کانسہ گرد و نمین اے تشنہ لب پانی کہان | لگ سی آہین تو کچھ ہوا سی خاکستر ہے خشک
حبسے دکھلائی ہے تو نے تابش خورشید حسن | چشمہ آئینہ میں آب گہر کا یکسر ہے خشک

ای ظفر کشتی زمین پر آئیں مجھکو رہے بحر میں
کیونکہ بیسی غضب جوش گریہ سے البستر ہے خشک

[illegible]

اسے خوش لب کو ترے جو شیرینی اتنا بھی
کہ چھٹے شہد کا اب پانی کوئی نرو دیکے ورق

غیر لکھ جو ہوا اٹھ کے کو میرے قصہ
تب گردن دیا ساتھی جسم کے ورق

ٹکڑے نکلے دل جو میرے کباب کے ساتھ
کھو گئے باد سے قندیل مشبک کے ورق

تیرہ بختی کا ظفر حال میں کیا لکھوں
کیوں ہے اے گردوں عشق میں کلک کے ورق

نہ گیسوؤں اور ترے میں اور سحاب میں فرق
نہ آب رخ میں ترے اور آفتاب میں فرق

نہ فرق ہے مشک اور ترے کاکل میں
نہ کچھ پسینے میں عارض کے اور گلاب کے فرق

نہ کچھ شراب و نگہ میں ترے کچھ ہے
نہ تیری چشم میں اور ساغر شراب میں فرق

قیامت اور قیامت میں کچھ تفاوت ہے
نہ فتنہ نگہ چشم میں اور ساغر شراب میں فرق

نہ فرق تیرے بنا گوش و صبح میں ہرگز
نہ کچھ جبیں میں تری اور ماہتاب میں فرق

نہ برق اور نگاہ غضب میں تیری ہے
نہ کچھ ہے شعلہ میں اور حسن بے حجاب میں فرق

ظفر یہ وصف میں اسکے غزل لکھی تو نے
اب اپنے وصف میں لکھ تا نہ ہو جواب میں فرق

نہ خون دل میں ہمارے اور شراب میں فرق
نہ ہے دل و سینہ بریاں میں اور کباب میں فرق

نہ میرے اشک میں اور تار چنگ میں [illegible]
نہ میرے نالہ میں اور نالہ رباب میں فرق

نہ لعل [illegible] میں ہے تفاوت کچھ
نہ آنسو [illegible] اور در خوشاب میں فرق

| | |
|---|---|
| نہ کیون دھوپ مین چہرہ کا رنگ ہو تبدیل | کہ جا داغ تصویر کا بھی رنگ تڑق |
| کرے مقابلہ گر تیغ چشم سے اسکی | تو جائے زہرہ رستم بھی وقت جنگ تڑق |

ظفر وہ نالۂ آتش فشان ہے یہ اپنا
کہ جائے سنکے جسے سینۂ تفنگ تڑق

| | |
|---|---|
| روز گھر غیر کے رہنا تجھے مہمان طریق | یہ بھی کوئی ہے بھلا اے بت نادان طریق |
| شانہ سان سلسلۂ زلف مین ہے | زاہدا ہے دل صد چاک کا پہچان طریق |
| وصل کب اس سے مرا ہوگا یہ تکرار ملل | کیا کرون دیکھے مین عقلۂ حیان طریق |
| شیخ ہے سبحہ بکف میرے گلے مین زنار | اپنا اپنا ہے اب اے گبر و مسلمان طریق |
| اہل دنیا ہین وہی جو کہ بدلتے ہین سنان | طمع زر کے لیے مذہب و ایمان طریق |

اے ظفر اس سے محبت کی توقع مت رکھ
آدمیت کا جو رکھتا نہین انسان طریق

میری آہ آتشین رکھتی ہے اب تاثیر برق
بلکہ دی اس نے گھٹا سب عزت و توقیر برق
دیکھکر تیری شرارت حسن کی خورشید رو
زرد خجالت سے ہے رنگ چہرہ تغییر برق

| | |
|---|---|
| ساقیا دے ہاتھ مین مستونکے ساغر سے سبو | دم بدم ابر بہاری کھینچے ہے شمشیر برق |

پیام کس کا یہ لایا کہ آشنا گرم آیا
رواں جو ہے مری قاصد کے پیرہن سے عرق

چمن میں ابر سے برستا دیکھ کر اک بار
تمھارے رخ پہ نمایاں ہے ہمیں بھی عرق

نہ سمجھو شبنم غنچہ اسے دہن اپنا چھوڑ دیا
صبا نے پونچھ کے پیشانی چمن سے عرق

مریض عشق کو تیار ہی بھی ہے شربت سیب
اگر نمود ہو تیرے لب و ذقن سے عرق

عرق عرق ہے خجالت سے دیکھ کر گل
ٹپکے ہے جو یوں شمع انجمن سے عرق

ظفر سناؤں جو یاروں کو میں بھی اک
تو آئے جائے انھیں گرمی سخن سے عرق

یوں تو مدت سے ہے الطاف و عنایات میں فرق
لیکن ایسا نہوا آپ کے ملاقات میں غرق

پہونچے کیا حسن کو اس مہرلقا کے لیلی
فرق دونوں میں ہے یوں جیسے ہو ذرات میں فرق

دونوں میں ہے جو تماشا جو تماشا دیکھو
کچھ نہیں خانقہ و کنج خرابات میں فرق

دل و جاں اسمیں اگر جاے بلا سے جائے
غم جاناں نہ کچھ آئے مدارات میں فرق

ربط دو دل میں ہے پیوستہ جہاں شبل و
ہو عجب بات کہ آئے وہاں اک بات میں فرق

تیری شوخی کے ہیں انداز سمجھنا مشکل
یہ چشم و ابرو نہ وہی پر ہے اشارات میں فرق

اے ظفر چاہیے درویش کو ضبط اوقات
ذکر اور شغل کہاں جبکہ ہو اوقات میں فرق

نہ رنگ پان و مسی کر کے جو ہار شام شفق
جہاں سے جائیگا اٹھ افتخار شام و شفق

نشے میں چشم سیہ دیکھکر ترا ابرو
ہوا نہ جانب قبلہ گزار شام شفق

شمع ساں یک قلم جاں ہو کر جب سر تا پا زباں
تاب کیا سوز محبت کا زباں پر لائے حرف
خط اگر پہونچے رقیب مہ وشے بہت دفتر سیاہ
ہمنے شوق وصل میں وحشی جو کچھ لکھوائے حرف
بل بے گرمی جل گئے کتنے قلم یہ ایک بھی
اپنا شرح سوزش دل کا نہ لکھنے پایا حرف
کیا ہیں منظور دکھانا شکستہ دل کا حال
لکھ کے جو خط شکستہ میں آئے دکھلائے حرف
رکھتی ہر راز نہانی میں ہے وسعت گفتگو
تیری تنگی دہان میں تنگ ہے ہیچ جا حرف
رو برو تیرے لب و خط کے ای یاقوت لب
کیا تعجب گر نگیں لعل پر بھی آئے حرف
آب گریہ سے گذر سے جو نوشتہ کا مرے
لوح پیشانی سے کیا ممکن کوئی مٹجائے حرف
چشم انکی صاد ابرو نون ہے دیکھ ای ظفر
کاتب قدرت نے لکھا خوب کیا بالائے حرف

دشت وحشت کو ارادہ ہے کہ آباد کرے دل | کھولدے کاش مرے پانوں کی زنجیر حریف
نامۂ یار کو قاصد سے اُڑا لینگے غیر | دیکھو لے بھاگے ہیں کیا نسخۂ اکسیر حریف
دوستی میں تری دشمن ہوئی یہ خلق مری | ہدف تیر بنائیں مری تصویر حریف
ہیں زنار محبت نہ پھیرو زلف سے ہم | ہمکو پروا نہیں گر کرتے ہیں تکفیر حریف

شمع ساں رکھتے ہیں ہر چند زبان اپنی دراز
اے ظفر دیکھیں تو کیا کرتے ہیں تقریر حریف

ہے جو پیشانی عشاق بد احوال پہ حرف | فال میں بھی وہی نکلے ہے سر فال پہ حرف
خط کے لکھنے کی تو فرصت نہیں ہر چند بھیجا | لکھدوں دو چار کبوتر کے پر و بال پہ حرف
انکھ کا سرمہ جو رومال سے پونچھا اُسنے | بنگیا سرمے سے اک صاد کا رومال پہ حرف
گر نہو دیگا غلط نسخۂ مسودہ میرا | آئیگا اس سبب نو خط کے خط و خال پہ حرف
کیا خبر ہے کہ بنا گنبد گردوں کب سے | نہیں تاریخ کے اس کا بھی کہن سال پہ حرف
ہائے کیا بے ادبی ہے کہ ترے نام سے ہے | کندہ عاشق کے نگین دل پامال پہ حرف

ابر رحمت کو بھی سایہ نے کیا جنکی سیاہ
اے ظفر ہیں وہ مرے نامۂ اعمال پہ حرف

ذبح کرنا کہ ہوا کرد می ہی کی قاتل تکلیف | گر رہے میں اٹھائیگا یہ بسمل تکلیف
ہائے وہ چاند سی صورت مجھے یاد آتی ہے | ترے دیکھے بن مجھے ہے یہ کامل تکلیف

اندنوں وہ جو نہیں گرمیٔ صحبت ہم سے — دل لگایا بخدا تو نے صنم اور طرف

دھانی جوڑے سے لگا تو جو گلے آ میرے — کھا کے سب گئے اغیار بھی سم اور طرف

بے قراری نہ کوئی پوچھو عزیزو میری — شب سے اٹکا ہوا ہے سینہ میں دم اور طرف

رات کو گھر میں سے تم آپ کے اُٹنے سے لوگ — جا کے کرتے ہیں بیان وصل کا غم اور طرف

رو کے کہتے ہیں کہ کس آنکھ سے دیکھیں ملتے — یہ غضب عیش بیان جور و ستم اور طرف

قافیہ پھیر کے اب غزل چہارم کو ظفر
صفحۂ دل پہ لکھو لیکے قلم اور طرف

دل اگر لاکھ رکھی اب تنگ دوا اور طرف — بر بھی جوں شمع لگے چاہیے لو اور طرف

ناصحا منع کیے سے کوئی ہٹتا ہو نہیں — دل ہے گو ایک طرف گریہ ہے میں سوا اور طرف

شعلہ رد کو مری بلسوزی پہ آیا نہ خیال — دل گداز اپنا ہے انکی لگی لو اور طرف

رشک سے ناخن پا کی تری ای غیرت مہر — شب کو مغرب سے گیا ہے مہ نو اور طرف

بن کیے آ یہ آب دم تیغ ای قاتل — کوئی بجھتی ہے مری پیاس سے چھو اور طرف

اسطرف کا جو تمھارے نہیں ہے دل میں خیال — دل ٹہار رہتا ہے بس آپکا تو اور طرف

کیونکر اس کا سر سے کرون جسے کا سوال — تجکو کہتا ہے دہن سے کہ بڑھ او اور طرف

ناز و انداز و ادا عشوہ اشارت چشمک — غمزہ الطاف و کرم ہیں یہ سبھی تو او اور طرف

ایسے لشکر سے بچے کیونکہ بھلا کشور دل — جاتی کب عشق کی دریا کی ہے رو اور طرف

| | |
|---|---|
| گردش چشم بتان سے مست ہو ساقی مدام | شکل نرگس کیون رکھون روز و شب ساغر بکف |
| لخت دل ہے خنجر مژگان پہ کیا اے مردمان | دست مژگان لیلیا ہے پہ گل احمر بکف |
| گلشن دنیا مین کیا کیا رنگ دکھلاتی نہ ہم | مثل گل ہوتا ہمارے بھی اگر کچھ زر بکف |
| فصل گل مین تو نہین اندازہ اے صید گیر | دام الفت سے نہ لے اب تو مرے شہپر بکف |
| آبداری اشک کی میرے اگر دیکھے کوئی | جوہری بازار مین آوے نہ پھر گوہر بکف |

اے ظفر تیرے سخن کی دیکھکر تیزی کا دم
ذکر کیا رستم جو رکھے از بہرہ خنجر بکف

| | |
|---|---|
| جو کبھی آپ کا دل یار ٹوٹا اور طرف | ہم نکلجاوینگے بس سر کو کوٹا اور طرف |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| جان من جب سے ترا دھیان بھٹا اور طرف | دل مرا چھٹ گیا اور جی بھی ہٹا اور طرف |
| مٹ گھٹا دل کو مری لب سے لگا ساغر مے | کہ چلی یان سے برسا کر یہ گھٹا اور طرف |
| شکل زنجیر کھلی رگئین ہے آنکھین جسدم | تھم گئے آب دم تیغ جیٹا اور طرف |
| لو مین پروانہ کی دلسوزی آوین جو لگن شمع | شب کو جلتی ہے کھڑی کھولے جٹا اور طرف |
| شعلۂ آہ مرا لیوے جو پلٹے نہ فلک | برق چمکائے نہ روکش ہو ہٹا اور طرف |
| کیون روون مین تری جان کو اے قاصد شکر | حیف مکتوب مرا جا کے پھٹا اور طرف |

سبب جنبش ابرو سے تری قتل ہو عالم / پھر شرم سے ہو جائینگی کیون آب دم تیغ

ای طفل ہوسنک توہی بہا دریہ کہ سب ہین / دکھلاتا ہے وہ تیر نگہ تاب دم تیغ

جلاد دکھا دینی تو شمشیر تو مجھکو / کشتہ ہو نہین ہر زگی جو ئی آب دم تیغ

درکار نہین تشنہ کو ہے آب شہادت / لیکر نہ نکل موج بگرداب دم تیغ

دم کیونکہ ظفر اسکا نہ ہر دم مین بھرون اب / ہی گر روان خون کا وہ سیلاب دم تیغ

ہو تیرے روشن بھلا دل کیطرح کب چراغ / غیرت خورشید ہے یہ گھر شب چراغ

تجھ سا کوئی مہ جبین پائے نہ ہرگز کہین / ڈھونڈھے لیکر اگر وہ یہ کوکب چراغ

خانۂ دل مین ہے روشنی داغ عشق / تجھسے نپائے مرا یہ کبھی یارب چراغ

کر سکے اظہار ہم اس سے نہ سوز جگر / ہو گئی گل عقل کے یہ سر طلب چراغ

دل تو ہے پر آرزو کیونکہ بجھے گی ہوس / ہے ابھی روغن سے یہ خوب لبالب چراغ

داغ تری عشق مین کھاتے ہین ہر روز ہم / جلتے ہین گھی کے تری گھر مین جو ہر شب چراغ

کیون نہ مجھے سوز دل دیکھکے اس زلف کو / کالے کے آگے ظفر جلتا ہے ہان کب چراغ

## ردیف فا

مجھمین اور کل اسمین باہم گفتگو تھی صاف صاف / بات کی لغزش نہ تھی واللہ جو تھی صاف صاف

دیگر

مطلع ثانی

دیدہ ترکی جو پوچھا کسنے رکھا ہی تکلف

دیگر

جھانکے سر سون دکھاے ظفر شتاب تکلف

شب ہجران کی کیا کہیے ظفر ہائے
رہے کھاتے ہم اکثر داغ پر داغ

کیا لائے اس ابرو کی بھلا تاب دم تیغ
ہو جائے اسے دیکھتے ہی آب دم تیغ

جو تشنہ لب آب شہادت ہو ہمیشہ
سفاک اُسے کرتی ہے سیراب دم تیغ

تجھ بن کبھی گر بادہ کشی کرتا ہوں میں آہ
لگتی ہے ہر اک موج مئے ناب دم تیغ

کیونکر نہ حباب اپنا سر آب ہاتھ پہ رکھے
بنجائے ہے جو سر گرداب دم تیغ

کیونکر نہ حرم تیغ ظفر جلوت دل ہو
کر دے جو روان خون کا وہ سیلاب دم تیغ

پایا نجائے جسکے گرفتار کا دماغ
ہو نچے فلک پہ کیون نہ اُس یار کا دماغ

کیونکہ نہ میرے کعبۂ دل پر لگائے لات
عرش بریں پہ ہے بت عیار کا دماغ

ہوتا ہے بوے گل سے پریشان ای نسیم
نازک تر اس قدر ہے دل زار کا دماغ

بالین پہ آ کے شور مچاؤ نہ ہمدمون
نازک بہت ہے عشق کے بیمار کا دماغ

منصور کو کسی کو نہ لایا خیال میں
حق ہے کہ عالی ایسا ہو سردار کا دماغ

مجنون نے جبکہ دشت جنون مین رکھا قدم
یکسر کچھ اور ہو گیا ہر خار کا دماغ

یہان تک غرور حسن ہے اُسکو کہ ای ظفر
پاتا نہیں ہر ایک طرحدار کا دماغ

کس شعلہ رو کے کوچہ سے آئی صبا کہ یوں
بھڑکا حیات عاشق مہجور کا چراغ

جو عیش زار میں ہیں ہے دنیا میں مفرحی
دیکھا ہے کس نے خانۂ زنبور کا چراغ

چشم و چراغ بادہ کشاں ہے یہ جام مے
روشن ہے جس سے دیدۂ مخمور کا چراغ

مونس ہوا اور کون تب غم میں رات بھر
دلسوز ہو نہو ترے رنجور کا چراغ

مثل سگ گرسنہ ہمیشہ ہوائے نفس
چاٹے ہے کاسۂ سر مغرور کا چراغ

تربت پہ بیکسوں کی مناسب ہے ساقیا
روشن ہو جام بادۂ انگور کا چراغ

روشن اگر ہو نور حقیقت سے تیری چشم
ہے ہر شرار سنگ نہاں طور کا چراغ

ہے صرصر حوادث دوران کا غم بھی ساتھ
کیونکر رہے کہیں دل مسرور کا چراغ

روشن ترے فروغ سے کیونکر نہو چراغ
توہی ظفر ہے خانۂ تیمور کا چراغ

جگر برشتہ و جان خستہ دلفگار دریغ
ہزار حسرت و صد حیف و صد ہزار دریغ

مدام داغ نصیب دل و نصیب جگر
نفس نفس نفس سرد بار بار دریغ

سحاب و آب روان لالہ زار و جوش بہار
نہ جام بادہ نہ محبوب گلعذار دریغ

ہمیشہ وعدہ خلافی شعار یار افسوس
ہمیشہ جانب در چشم انتظار دریغ

غم محبت و درد فراق و رشک رقیب
ہجوم آفت و یک جان بیقرار دریغ

ہزار آرزوئے وصال و حیات نیم نفس
نفس شماری و اندوہ بے شمار دریغ

دیگر

| | |
|---|---|
| تجھسے تاب حسن مین رکش ہوئے شعلہ گاہ<br>شمع کو کیا تاب اُسکے روبرو رکش رہے | اور نہو ہمسر کبھی تجھسے قد و قامت مین شمع<br>کیا ہوا ساق بلورین ہو تری صورت مین شمع |

ای ظفر رکھتی ہے اپنا نام روشن بزم مین
گو تہ فانوس ہو اک گوشہ عزلت مین شمع

| | |
|---|---|
| دریا بہائے گر مژہ اشکبار شمع | تو بھی بجھے نہ سوز دل داغدار شمع |
| ہوتا ہون شب جو انجمن آرای رنج و غم | لیتا ہون اپنی آہ کے شعلہ سے کار شمع |
| اُس شعلہ خو پہ کیونکہ ندون اپنی جان مین نثا | پروانہ کسطرح سے ہو وے نثار شمع |
| ہے دل جلون کو سوز محبت سی تازگی | آتش سے ہے شگفتہ گل نوبہار شمع |
| گرمی سے تیرے حسن کے ہو وہ عرق عرق | ای شعلہ رو جو بزم مین تو ہو دوچار شمع |
| سرتا قدم زبان ہین وے کیا کرین بیان | گویائی زبانہ نہین اختیار شمع |
| ممکن نہین کہ ہو نہ سزا جرم عشق کی | پروانہ کے ہے واسطے موجود دار شمع |
| سوز غم فراق سے ہے کیا عجب اگر | بنجائے میرا تار نفس مثل تار شمع |

پردہ ظفر نہ سوز محبت کا ہو سکا
فانوس کیا ہوا جو ہوا پردہ دار شمع

| | |
|---|---|
| شعلہ عشق نہین ہے دل مایوس مین شمع<br>جنبش شعلہ سے پروانہ کے جل جاتی ہے | جل رہی ہے عجب اس پردہ فانوس مین شمع<br>ہاتھ ملتی ہے کھڑی حسرت و افسوس مین شمع |

ردیف عین مہملہ

ہو گئے گل نازاں چمن میں کیوں نہ پھولے اے صبا
ہے ادا اڑائی ذرا تحقیق اُسنے میرے گل کی قطع

غیر سے لکھوا کے تونے قطعہ جب خط میں دیا
ہمنے اُمید فانوس وزرے بالکل کی قطع

ساقیا جوش رشک خون سے تجھ بن ہو گیا
ہے بعینہ دیدۂ تر اپنا جام مل کی قطع

خوش نہ آوے گفتگو کیونکر تری سب کو ظفر
شعر میں تیرے عیاں ہے طالب آمل کی قطع

کم نہیں ہے سوزش داغ دل دلگیر شمع
بلکہ ہمسر ہے ہمارا نالہ رشکگیر شمع

کب تصور اسکا دلمیں ہے اور آہ آتشیں
ہیں یہ فانوس خیالی میں ہم تصویر شمع

موج اشک شبنم ہے پروانہ کب تہ زیر پا
موج سودا انسے باہم ہے زنجیر شمع

اس رخ پُر نور سے روشن ہو کیونکر ماہتاب
ایک ہو کیونکر چراغ مہر تنویر شمع

ہے اجل سر پہ کھڑی کیا یہ کھل گئی شب کو ظفر
ایک جا جو ہیں ہیں آئی نظر دلگیر شمع

عشق میں رکھتی ہے نسبت دیکھ تو بلبل سے شمع
بے سبب کب ہے لگن اپنی لگائے گل سے شمع

موج دود شعلہ اسکو مت سمجھیو اے زم
کھیلتی ہے رات کو اپنے سر کاکل سے شمع

شعلہ آواز قمری سے اگر جل اٹھے سرو
ساقیا دیکھیں ہیں ہم چشم جام آسا شمع

آہ آتشبار کیا نکلے دل پر داغ سے
ہمنے روشن کی ہے بارو یہ چراغ گل سے شمع

آپ ہی تو یہ غزل لکھی ہے ورنہ اے ظفر
کب ہو روشن اسطرح کی طالب آمل سے شمع

## ردیف عین مہملہ

لوگ کہتے ہین یہی دیکھ کے مجکو بخدا
اے ظفر رہیو تو اُس بت کی دغا سے محفوظ

مجھے تو وقت سخن شوخ تند خو سے لحاظ
اُسے نہ شرم کسو سے نہ ہے کسو سے لحاظ

بھر آیا دل مرا سو بار پر نہ رویا مین
رہا یہ مد نظر پاس آبرو سے لحاظ

چمن مین آنکھ جھکائے کھڑی ہے کیون نرگس
اگر نہین ہے کسی شوخ لالہ رو سے لحاظ

وہ بیحجاب ہوگیا ایک ساغر مے سے
کہ ٹوٹے جبکہ نہ سو شیشہ و سبو سے لحاظ

جہان مین پائیگا کیونکر وہ گوہر مقصود
جسے تلاش سے ہو شرم جستجو سے لحاظ

لحاظ ہے یہ فقط تیری دوستی کا ہمین
تری جو بزم مین کرتے ہین ہم عدو سے لحاظ

قسم ہے خنجر قاتل تجھے مرے سر کی
جو وقت ذبح کرے تو مرے گلو سے لحاظ

چمن سے آئے نہ بے پردہ تا سر بازار
اور آئے گل جو نہ اظہار رنگ و بو سے لحاظ

صفائی دیکھو ظفر آئینہ کے دیدے کی
نہ خوبرو سے ہے اسکو نہ زشت رو سے لحاظ

جیسا ہاتھون سے رہا تیرے یہ بسمل محفوظ
ایسا ہی روز جزا تو بھی ہو قاتل محفوظ

نالہ و آہ سحرخیز ہون سدا مین غمکش
ہووے کیا نغمہ مطرب سے مرا دل محفوظ

مل گئی نعمت کونین اسے اک پل مین
ہوگیا دیکھ کے تجکو ترا مائل محفوظ

آبرو خاک مین ملجائے گی آئینہ کی
ہوگیا خاک ترے ہو کے مقابل محفوظ

گر نہ ہستی کا بھروسہ کہ فنا یوں ہے ابھی | جیسے مٹ جائے سرِ آبِ رواں آن میں خط
جلوہ دکھلاتی ہیں کیا کیا ہمیں اللہ اللہ | ہیں جو یہ رنگِ مسی کی ترے دندان میں خط
لکھ کے بیتابیِ دل ہاتھ سے یوں پھینک اگر | لوٹے جوں طائرِ بسمل ابھی میدان میں خط
پھٹ گیا سنکے مرا نالہ فلک کا سینہ | کہکشاں کا ہے یہ گنبدِ گردان میں خط
لکھتے لکھتے جو مجھے حالِ دل آیا رونا | بہہ گیا کھل کے مرا اشک کی طوفان میں خط

ای ظفر دوسری بھی گر تجھے لکھنی ہے غزل
پھیر کر قافیہ باندھ اور ہی عنوان میں خط

زلف کی تار سے ہی رخ پہ کہاں یار کے خط | صحنِ گلزار میں چلتے ہیں برا مار کے خط
پہن کر ہار گلے میں جو وہ سویا شب کو | پڑ گئے گردنِ نازک پہ کئی ہار کے خط
خط تو پکڑا ہی گیا تھا مرا لیکن نکلے | پاس قاصد کے مرے اور بھی دو چار کے خط
خطِ عارض ترا وہ ہے کہ نہ ہووے سرسبز | روبرو کوئی ترے اس خطِ گلزار کے خط
نامہ بر دیکھیے تقدیر میں لکھا کیا ہے | یار پڑھتا ہے مرا سامنے اغیار کے خط
یاد آئی دمِ تحریر جو وہ زلفِ دراز | ہو گیا ایک برابر کئی طومار کے خط
کھینچے ہے تارِ شعاعی سی ہمیشہ سرِ خاک | مہر بھی روبرو اس تابشِ رخسار کے خط
مہرِ سرنامہ اگر ہو دیں نہ آنکھیں قاصد | کیونکہ معلوم ہوں حسرت کشِ دیدار کے خط
تیغِ ابرو سے ہیں جانباز ظفر سینہ سپر | بے اجل پڑتا نہیں ڈھال سی تلوار کے خط

دیگر

تجھسے یہ مجھکو توقع ہے مری جان غلط
کہ مری دلجوئی کرے سو تو کسی عنوان غلط

ناصحا فصل بہاری مین جنون کے ہاتھون
مثل گل ہو نہ مرا چاک گریبان غلط

کھینچ کر عارض کو ترے ... سنبل و ریحان غلط

رہ گئی آنکھ کسی آئینہ رو سے لڑ کر
ہین یہ جوہر نہین اب دیدۂ حیران غلط

جبکہ ہو زلف پریشان سی تمہاری تو نگار
حال اسکا نہو پھر حال پریشان غلط

مین نزار اپنا کرون چاک گریبان لیکن
چاک بیدست جنون ہو کہ مرا جان غلط

ہمدم ابتدا سے ہی جتاؤن یار و
اے ظفر آنے یہان وہ بہتا ہان غلط

غلامی کا ظفر فخر جہان کی
لکھا ہمنے تو بے آرے بلے خط

آج مین نے جو لکھا تھا تجھے تدبیر سے خط
لے پری رو یہ ہے خط کس تری دیوانہ کا

شکر تو خط کہ وہ پہونچا مری تقدیر سے خط
تونے دروازہ کی باندھا ہے جو زنجیر سے خط

خط کے پڑھتے ہی پڑین تا مرے دلمین سو داغ
کردیا تیغ نظر ہی نے ترے کام تمام

اُس کماندار نے لکھا قلم تیر سے خط
گو کہ قاتل نہ پڑا جسم پہ شمشیر سے خط

نامہ بر خط کے جو آتی ہی بھر آیا مرا دل
خط یہ خط آتی تھے اتوار تلک تو وان سے

گیا لکھا اسمین یہ خالی جو ہے تاخیر سے خط
نہین معلوم کہ آیا نہین کیون پیر سے خط

اے ظفر کیونکہ نہ سمجھے اسے عاشق ایمان
رخ وہ مصحف ہے تو کچھ کم نہین تفسیر سے خط

اسنے برہم ہو جو بھیجا ہے دل افسردہ خط
قاصد دیکھی ہے تہاد نگاہ اُس بُت کی گلی

مثل گل ہم دیکھتے ہی ہو گئے پژمردہ خط
وان تلک لیجائیگا کسکا ہے یہ دل گردہ خط

میرے سینہ پر وہ رکھدینا کفن مین بعد مرگ
نامۂ جانان کے پڑھتے ہی جو آیہ آنسو بہے

ہوگیا اک آنمین بس کاغذ نم خوردہ خط
قاصدا ہوجا دُ نہین گر پڑھتے پڑھتے مردہ خط

گو صریحاً وصل کا اقرار تھا مرقوم پر
ہوگئی دل کی تسلی یک بیک میری ظفر

یون ہوا معلوم کچھ لکھا ہے ہو آزردہ خط
قاصدم از جانب دلدار چون آوردہ خط

[illegible]

بتِ کشمیر کے آیا جو نہین طرف سے خط
کھل گیا راہ مین شاید کہین اب برف سے خط

باندھی ہی اُسنے کمر قتل پہ شاید ہمدم
لکھکے بھیجا ہی جو خونخوار نے شنجرف سے خط

عمر کی صرف اسی بحث مین تو نے ناداں
لکھتا آتا ہی کوئی نحو سے اور صرف سے خط

ہمدمون آہ مرا دل ہی اسی غم سے نڈھال
نہ پڑا تن پہ جو تیغ بت کم ظرف سے خط

چشم خونخوار نے تری خانۂ مژگان سے ظفر
دیا گلزار رستم خان کے ملا حرف سے خط

کسطرح جا کے نہ کیجیے جانان سے اختلاط
جبتک مجھے نہ اُسکے ہو دربان سے اختلاط

مانند موج جیسے ہو جبین بر جبین وہ ہے
اس آستین کو دیدۂ گریان سے اختلاط

کس رو نہ چمکے آہ مری برق سان کہ ہی
اس حسن کو ہی آتش سوزان سے اختلاط

ہیہات نخل گل نہ کسی رنگ ہو رفو
دست جنون رکھے ہی گریبان سے اختلاط

اس روے زیر زلف کے کیونکر پھرے نگرد
پروانے کو ہی شمع شبستان سے اختلاط

تکتا ہی دل مرا رخ روشن کو یون تری
جون ہو چکور کو مہ تابان سے اختلاط

صد چاک دل پہ اُلجھے نہ کاکل پہ اسکی کیون
رکھتا ہی شانہ زلف پریشان سے اختلاط

تک تک کے شکل و صورت آئینہ طلعتان
مجھکو ظفر رہے ہے دل حیران سے اختلاط

مین نے لکھا ہے بتو کلک سے تدبیر سے خط
یا الٰہی وہان پہونچے مری تقدیر سے خط

[illegible]

راتدن سولی پہ ہون یاد مین اُس قامت کی — کسکو اے فاختہ ہی سرو چمن زار کی حرص

روغن آتش کو بجھا سکتا نہین ہے ہرگز — لقمۂ چرب سے جاتی نہین پرخوار کی حرص

بشس نیسان نکرے والب اظہار طلب — ہو صدف کو نہ اگر گوہر شہوار کی حرص

ہین فقط داغ جگر عشق کی دولت کافی — تیری عاشق کو نہین درہم و دینار کی حرص

قطع سے اور بڑھا شمع کا شعلہ دیکھو — سر کے کٹنے پہ نہین کٹتی ہی زردار کی حرص

بیٹھنے دیتی ہی کب کنج قناعت مین ظفر
ایک دشمن ہی یہ دنیا کی طلبگار کی حرص

## ردیف ضاد معجمہ

لب نکالینگے ترے لعل یمن پر اعتراض — زلف ہی کرتی ہی کیا مشک ختن پر اعتراض

ہمنے کی ہی جانکنی اور اُسنے کی نخار کنی — واجبی ہی گر کرین ہم کوہکن پر اعتراض

لاکھ پیچ و تاب کھائے موج دریا پر کہان — کر سکے اُس آستین پر شکن پر اعتراض

ہو کے پھر صبح قیامت پر قیامت آشکار — کر نگا ہے کچھ مری خاک کفن پر اعتراض

شاخ سنبل سے نکالے شاخسار زلف گر — قد ترا کرنے لگے سرو چمن پر اعتراض

باندہے گنبد اگر اک اپنی دود آہ سے — لاکھ نکلین خیمۂ چرخ کہن پر اعتراض

آج کس اہل سخن کو اسقدر مقدور ہے
کر سکے جو اے ظفر تیرے سخن پر اعتراض

[illegible]

عجب طرح کا زمانہ یہ آگیا ہے ظفر
کسی کے ساتھ کسیکو نہین ذرا اخلاص

جو دیکھے داغ دل خانمان خراب کا قرص
تو جل کے سوختہ ہو جاوے آفتاب کا قرص
ہماری مردمک دیدۂ پُرآب کو دیکھ
بھنور کا بحر مین کب ہے اس آب و تاب کا قرص
تپ فراق مین اُس مہ جبین کے دو مجھکو
بجای قرص طباشیر ماہتاب کا قرص
یہ ترک چشم بتان کے سپر ہی پہلو مین
نہین ہے حلقہ گیسوے مشکناب کا قرص

نہ کیونکہ قوت دل ہو ظفر کہ وہ گلرو
بنا کے دے مجھے وہ صندل و گلاب کا قرص

بھری تھی ساغر مین رات ساقی نے ایسی خوشبو شراب خالص
نہ اُسکو پہونچے ہے مشک خالص نہ اس کو پہونچے گلاب خالص
اس آرزو مین کہ اُسکے پاؤن کے چھالے کوئی مجھے بنا دے
اِدھر تو ہے سیم ماہ خالص اُدھر زر آفتاب خالص
حلاوت اُس کے لعل لب کی نہ پوچھو بوسے کی ہے یہ شیرین
کہ جو کوئی انگبین خالص کو گھولدے لیکے آب خالص
دل شکستہ درست میرا نہووے کیونکر کہ ہاتھ آئے
تمھارے بوسہ کے خال مشکین کے مومیائی شتاب خالص

خیال چھوڑیے دنیا کا کیجے دین کا فکر
تلاش اُدھر کی ہے کیا چاہیے ادھر کی تلاش

جسے تلاش ہے مضمون کی جانتا ہے وہ
کہے تلاش سے سب کی جدا ظفر کی تلاش

کرتے ہیں بہت صاحب تدبیر پس و پیش
پر دیکھیے کیا کرتی ہے تقدیر پس و پیش

دل پہلے پھنسا زلف میں جان جعد کے پیچھے
دونوں ہیں وابستہ زنجیر پس و پیش

جبتک کہ رہا دم مرے دل سے رہا ہی
آہ سحر و نالہ شبگیر پس و پیش

کہ دیکھیو قاصد کہ نہ تھے ہوش ٹھکانے
کچھ خط میں اگر حرف ہوں تحریر پس و پیش

دم جائیگا ساتھ اسکے برای مرگ کوئی دم
شاید ہو تری باعث تاخیر پس و پیش

پیکان ہے سر پشت سر سینہ ہے سوفار
کیا خوب ہے ابرو ہے ترا تیر پس و پیش

ہر ہر قدم تری ساتھ ہی اے سرو خرامان
سایہ کی طرح عاشق دلگیر پس و پیش

دل جنکا ہے روشن وہ ظفر صورت خورشید
یکسان ہے سدا باعث تنویر پس و پیش

ردیف صاد مہملہ

ہر طرح غیر کی دلجوئی ہے معقول چہ خوش
ہمسے ہر بات پہ بدخوئی ہے معقول چہ خوش

بات معقول کہو نہیں تو کہو طرز سے وہ
تو اتالیق مرا کوئی ہے معقول چہ خوش

دل ہوا اسکا سوا اور مکدر ہمسے
گرد کین گریہ نے کیا دھوئی ہیں معقول چہ خوش

جو نہ کہنا تھا کہا منہ سے وہ تم نے ہمکو
واہ کیا آپکی کم گوئی ہے معقول چہ خوش

قسم خدا کی وہ ہے تیری شوخ و سنگ تراش — کہ بت تراش نہ ایسا نہ کوئی سنگ تراش

جو اسطرح سے ہو مشق ستم تجھے منظور — قلم کیطرح مرے سر کو خانہ جنگ تراش

اگرچہ حور و پری حسن میں ہیں اب مشہور — ولے کہاں ہے تمھارا سا رنگ ڈھنگ تراش

کہاں ہیں قطرۂ خون چشم میں کہ عشق اسکا — لالا یا موتی کے دانے ہیں ایک رنگ تراش

جو اُسکے ناوکِ مژگان کا وصف لکھنا ہے
تو لے ظفر کوئی تو خامۂ خدنگ تراش

کیونکہ یہ سنکر گھڑے ہوں نا غمین بلبل کے گوش — صبحدم شبنم نے یکسر بھر دیے ہیں گل کے گوش

منھ سے کیا اپنے نکالیں بات ہم ڈر ہے یہی — ہیں لگے رہتے ادھر کو اندنون گل کے گوش

یا تو ای زاہد ہمیشہ چار قُل سنتے تھے ہم — یا لگے رہتے ہیں اب آواز پر قلقل کے گوش

گوش بر آواز ہیں غماز یار و رات دن — ہو سکے تو بند کر دو اُسکے تو تم مل جل کے گوش

ہو وے زیور کا تحمل کیونکر اُسکے کان میں — تو میں حسن نازکبدن کہے بوجھ سے کاکل کے گوش

چشم سگون سے نہ اُسکی ہو سکے ہم چشم دیکھ — ساقیا تو کھولدے محفل میں جام و مل کے گوش

ای ظفر اک بات میں معترض فنکر تیز سے
کترے ہے وقت سخن تو طالب آمل کے گوش

نہ مجکو عشق میں ہے جان کا نہ تن کا ہوش — اگرچہ ہے تو ہے اپنے ہی گلبدن کا ہوش

کیا جو مار کے دفن اُسنے مجکو جو کھٹے میں — غضب ہے مرے قتال تیغ زن کا ہوش

نبض پر رکھتے ہی انگشت پھپھولا پڑ جائے
نہیں معلوم یہ کیا عشق نے بھڑکائی آگ

اے طبیبو وہ بلا ہے تپ ہجران کی طپش
پھونکے دیتی ہے مجھے میرے دل و جان کی طپش

لکھ بہ تبدیل ردیف اور غزل گر نہ ظفر
جسکو ہو سننے کے زیادہ دل یاران کی طپش

جگر و دل میں ہے وہ نشتر مژگان کی خلش
بن ترے بستر گل پہ مرے حق میں ہے گل
دیکھنا جوشش خون ہے مرے سینہ پہ سوار
تن پہ ہر مو ہے مرے نشتر زہرآلودہ
تم ہوا و رغیر میں اب اور ہے گلگشت چمن
گو نہ بالی کا مرے دل میں جیسی ہے جسطرح

نہ سنان کی جسی ہو نہ ہے نہ مژگان کی خلش
ہر رگ گل میں ہے اب خار مغیلان کی خلش
نیش زنبور سے بھی تار گریبان کی خلش
دل میں جسدم سے کہ ہے نیش غم جانان کی خلش
ہم ہیں اور آبلہ اور خار بیابان کی خلش
نیش گزدم میں ہے کا ہسکو اس عنوان کی خلش

اے ظفر نشتر الماس سے بھی ہے افزون
دل عشاق میں خار غم ہجران کی خلش

مغان اگرچہ ہے یہ موسم بہار تو خوش
خوشی سی ہنستی میں گل گرچہ روتی ہے شبنم
بھلا نہ ملک عدم سے کوئی ہزار افسوس
ہو وہ داغ جگر دیکھ کر مرے برہم

بغیر بادہ ہوں لیگ میگسار تو خوش
بلا سے ایک ہے ناخوش تو ہیں ہزار تو خوش
گر اس پہ پوچھیے بتلاؤ ہینگے یار تو خوش
دگر نہ آتے ہیں یاں سیر لالہ زار تو خوش

رکھتا ہوں شب ہجر میں بھی وصل کا میں گر
گو عیش نہیں پر ہے زبان پر سخن عیش

سیکھے کوئی رندان خرابات نشین سے
ہے زاہد بیچارہ کب آگاہ فن عیش

ساقی کے لب لعل پہ گرمی سے نشہ کی
ہر قطرہ عرق کا ہے سہیل یمن عیش

کیا بادہ پیجیے کہ سنگ ستم چرخ
ہے فرم شکن عشرت ساغر شکن عیش

ہو جو پروانہ نہ اگر شمع رخ یار
کس طرح سے روشن ہو ظفر انجمن عیش

دکھا دے اپنی جو وہ رشک آفتاب تراش
تو آئینہ کی ہو غیرت سے غرق آب تراش

جو تیری چشم سے رکھے خیال ہمچشمی
تو تیغ موج سے ڈالے سر حباب تراش

ہماری بات کو ہر دم جو کاٹتے ہو
کہاں سے تمنے نکالے ہیں یہ جواب تراش

ترے لیے فلک اے شہسوار توسن ناز
دکھاتا ہے مہ نو صورت رکاب تراش

زبان دراز نہایت ہے شمع اے گلگیر
تو اسکے بزم میں اسکی زبان شتاب تراش

نہ کر تو مشق ستم میرے صفحۂ دل پر
قلم تراش سے اے شوخ پر عتاب تراش

ظفر مدام یہ ساقی تو سے اب یہ کہتا ہے
بلور کا تو دکھا ساغر شراب تراش

گھر میں یا سکے جا کے پھر کسکو رہی ہے گھر کا ہوش
نہ خبر تن کی رہی ہے اور نہ ظالم سر کا ہوش

سیج پر پھولوں کی جو ان ساتھ اوروں کے ہو
مجھکو یان درد جدائی سے نہیں بستر کا ہوش

نقد دل لیکے دیا بوسہ لب کیا اسنے | خود لگا کہنے کہ ہوا لعل بدخشان فروش
ہدف تیر قضا جلد کہیں ہو یارب | جتنے ہیں کوچۂ دلدار میں پیکان فروش

روز و شب قرص مہ و مہر لیے پھرتا ہے
اے ظفر کیون نہ فلک کو کہین ہم نان فروش

وہ چشم ہے کیونکر سحر و شام فراموش | میں مست ہوں مجھسے ہو کہاں جام فراموش
ہو جسسے کہ اکبار مرا نام فراموش | وہ یاد دعا سے ہو نا کام فراموش
کس سوچ سے جاوے یہ پریشانی دل آہ | ہوتی نہیں وہ زلف سیہ فام فراموش
لے سر پہ وبال اپنے اسیروں کا یہ صیاد | اتنا بھی نہ ہو رکھکے تہ دام فراموش
جسکا م کو آئے تھے یہاں ملک عدم سے | افسوس کہ وہ ہمسے ہوا کام فراموش
اک میں بھی ترے دور میں ہوں بادہ کشوں سا | تو مجھکو نہ کر ساقی گلفام فراموش
ہو یاد تری کعبۂ رو کی نہ مجھے کیوں | کافر ہوں جو دل سے کروں اسلام فراموش
اس نرگس مخمور کا رکھتا ہوں تصور | ہے جیسے خیال گل بادام فراموش

آرام و قرار و خرد و ہوش وہی ہے
کیونکر ہو ظفر دل سے دل آرام فراموش

ہیں قمری کی طرح سرو گلستان ہے عشق | شکل پروانہ ہوں اس شمع شبستان ہے عشق
نہ تو سنبل ہے ہوس اور نہ ریحان ہے عشق | میں ہوں اس گل کی خط و کاکل پیچان ہے عشق

## ردیف شین معجمہ

بھولا نہ تجھے یہ کبھی اس یاد کو شاباش
شاباش ہمارے دل ناشاد کو شاباش

ہر روز ستم تازہ ہی ہر روز نیا ظلم
ای شوخ ستمگر تری ایجاد کو شاباش

گویائی اگر ہو وہی لب زخم جگر کو
آ نکلے اس خنجر بیداد کو شاباش

نازک ہی تو کس کام کا ناصح ہی گر دل
فولاد بنا آئینہ فولاد کو شاباش

اللہ ری کہ ہوئی آنی کو تاثیر
کہتے ہین وہ سنکر مری فریاد کو شاباش

یہ قتل کا ہی شوق کہ اڑ جای اگر سر
پیدا ہو صدا حلق سی جلاد کو شاباش

مرغ چمن قدس کو اس دام سی کیا کام
پر کھینچ ہی لایا مجھے صیاد کو شاباش

کیا طرز وفا عشق سی سیکھا ہی للہ واہ
شاباش تجھے اور تری استاد کو شاباش

مر مر کے ہوئے داخل جنت بنی آدم
پر چھوڑ نہ جانے بدر اولاد کو شاباش

آسان نہین سنگ سے سر مار کے مرنا
کیا کام کیا عشق مین فرہاد کو شاباش

ہین لاکھون خیالات مین فکر سخن اپنا
تیری ظفر اس طبع خداداد کو شاباش

---

بالش کہان ہی اور کہ ہر شوخ سنگ فرش
ہی خشت جای تکیہ ہین اور سنگ فرش

بستر پہ کیون نہ تڑپے نہ شب کو کرون سحر
بچھین ولای ہی مجھے کیا کیا ترنگ فرش

سیکھی ہے آہ کس سے شرارت یہ شمع بزم
شب کر دیے جو تو نے جلا کر پلنگ فرش

ساقی یہ سوچ کر جا در مہتاب نے کیا
کیا چاندنی کا چرخ پہ یہ بدرنگ فرش

کب بزم انبساط بہم یاسمین ہو سکے
ہے خیمۂ کبھو دجو حزن کہن کے پاس

اے دل کیا ہے خضر نے یہ چارہ برگ دز
تحریر خط سبز نہیں لب دقن کی پاس

پھولے نہ پیرہن میں سمائینگے نسل گل
بوئیں گے گراب کی اس بت گل پیرہن کے پاس

اپنا تو بعد مرگ بھی ہے عالم جنون
سوزن کا کام کیا مری چاک کفن کے پاس

تحریر نے مسی کی وہ دندان میں جو آشنا
کیا طرفہ نیلوفر ہے کھلا یاسمن کے پاس

دیکھیے اگر تیری قد دلجو کو باغ مین
قمری دبکے آنکے سرو چمن کے پاس

ہیبت سے ہو دو نیم وہ ہی سینہ جرس
آئے کبھو جو میرے دل نعرہ زن کے پاس

اس بحر مین اک اور غزل پڑھیے اے ظفر
رکھتا ہے کون دل سے یہ موتی سخن کے پاس

زلف آگئی صبا سے جو خال دہن کے پاس
مار سیاہ کھیلے ہے کیا اپنے من کے پاس

دل مین بیان ہے حسرت نظارۂ چمن
صیاد رکھ قفس کو ہماری چمن کے پاس

ابرو کے پاس تل نہین کاجل کا ہے بنا
یہ حلقہ سپر ہے بت تیغ زن کے پاس

کل وہ گلے جو عاشق بیمار کے لگا
اسکی تپش کی گرمی جو پہونچی بدن کے پاس

بولا کہ مجھکو تاب نہین اب یہ حال ہے
شب جیسے شمع جلتی ہے شمع لگن کے پاس

گر حادثات دہر سے غم ہے تو اے ظفر
کر جا کے التجا شہ خیبر شکن کے پاس

اے ابر شتاب آنہ گھٹا جی کو تو اسکے
گر زلف سے صد نالۂ دل مضطر طاؤس

جو داغ بدل ہے وہ ہے سلطان محبت
رہتا سر طاؤس پہ ہے افسر طاؤس

داغوں سے ظفر کیونکہ نہ ہر پر یہ ہو بہترین
صیاد جفا پیشہ یہ محضر پر طاؤس

بونچھکر اشک وہ کہتے رہے ہر بار کہ بس
ہمنے پر باندھ دیا رونیکا یہ تار کہ بس

## مطلع ثانی

ہم ہوئی شب کو یہ نالاں بسکہ بیزار کہ بس
کھولکر غرفہ لگے کہنے وہ ناچار کہ بس

خوف آتا ہے تری جعد میں ہوف کو تیکہ
کیا نکالے ہے زبان اپنی سیہ مار کہ بس

جان و دل تاب و توان ہوش خرد صبر و قرار
لیگئے اور بھی کچھ ہے تمھیں درکار کہ بس

دیکھتا ہی نہیں تصویر کو جا یوسف کی
اسکے ہی حسن کا البتہ یہ بندار کہ بس

انا تھا بانی میں جو کل ٹوٹ گیا ہار انکا
اسقدر میری گلے سے وہ ہے ہوار کہ بس

ہو گیا سینہ مشبک ترے تیروں سے تمام
کہ تری مرضی ہے کیا اور بھی ہے یار کہ بس

جام و مینا و سبو کیا ہے جو چھلکائینگے
ساقیا منہ سے نہیں کہنے کے میخوار کہ بس

اے ظفر دل ہو نہ کس طرح سے مضطر بے طرح
آج اسطرح کا دیکھا ہے طرحدار کہ بس

جا ہے سب جا ہے پر اک بان وہ آئی افسوس
واقعی سچ ہے کہ یہ جا ہے سرا افسوس

چشم کے گرد نہین حلقۂ مژگان اسکی | آئے ہین لوگ عیادت کو بیمار کے پاس

دیکھ اے ابر بہاری تو نہ کر ہمچشمی | لعل و گوہر ہین مری دیدۂ خونبار کے پاس

بتلا گل پہ جو بھنورا ہو تو کچھ دور نہین | دیکھو ہے داغ جگر سینۂ دل زار کے پاس

منکشف کیون نہو آزار محبت تجھپر | قبر عاشق کی ہے ظالم تری دیوار کے پاس

حلقۂ زلف اس ابرو کے ہو کیونکہ قریب | رکھنی قاتل کو سپر چاہیے تلوار کے پاس

سوزش عشق مین دل کیون نہو بیتاب ظفر
جا لے دیتا نہین کوئی مجھے اس یار کے پاس

آبلہ پیدا ہوا داغ دل مضطر کے پاس | چاہیے تھا واقعی شیشہ بھی پیمانے کے پاس

## مطلع ثانی

زلف آشفتہ نہین خال رخ دلبر کے پاس | شاخ سنبل باغ مین طرفہ ہے نیلوفر کے پاس

جیسے دل کے متصل رکھتا ہو ہمین تصویر یار | اور ہی صورت کا جلوہ ہے خدا کے گھر کے پاس

دل عبث ہمنے دیا ہے اے بت کافر تجھے | لعل کی کیا قدر ہو جب تجھسی ہو پتھر کے پاس

مین تو سایہ سے بھی سکے مانگتا ہون الحذر | ہو جو دیوانہ سو جاوے اس پری پیکر کے پاس

ابر کی کیفیتین خالی ہمین بھاتی نہین | بادۂ گلگون ہے شیشہ رکھدے ساقی [illegible] کے پاس

زلف کے کشتہ کا تیری ہے جہان مین فغان | جا نہین سکتا کبھی کالا بھی [illegible] در کے پاس

آفرین تجھکو ظفر ہو کیون نہ شاگرد نصیب | اس غزل کو جا کے پڑھو ہر ایک [illegible] کے پاس

بے تیزی ہی یہان تک کہ زمانے مین ظفر
نہ وہ تعظیم سی شئی ہی نہ وہ آداب سی چیز

## ردیف سین مہملہ

دل مرا لیکے گیا آپکے دا بس اجی بس
حوصلہ دیکھ لیا آپکا بس بس اجی بس

ہمکو رخصت ہو کہ بس آپکی صحبت کے نیک
رات دن رہنے لگے سب کے نا کس اجی بس

ہو چکا سیر طبیبون سی مریض غم ہجر
جاؤ کیا دیکھتے ہو گرمی ملمس اجی بس

ضعف سے بیٹھ گیا جون روش نقش قدم
اٹھ گیا آپکے کوچہ سے وہ بیکس اجی بس

ناصحو کیجیے یہ پند و نصیحت قوف
بس مین دل اور کی ہی منہ سے نہین بس اجی بس

کیون مقابل ہوی تھی حضرت دل عشق کے تم
ہو چکا آپکا اتنے ہی اتنے ہی مہین نامرکس اجی بس

ہم بھی کہتی ہین یا بان منہ کو سنبھالو اپنی
گالیان دیجیے اک بوسہ دہن سے اجی بس

یہ جو جومت حضرت ناصح مرا آگرا طول
سنکے مغموم ہو خاطر اقدس اجی بس

تار و دنیکا جو باندھا تو نہ توڑا ہمنے
ہمسے ہر چند وہ کہتے رہے ہمنس اجی بس

خاک اسپہ کی ہی اپنی تن عریان کا لباس
ہمد ہو جایے کیا مخمل و اطلس اجی بس

یہ نتیجہ یار کے باندھو گے مضامین کب تک
ای ظفر سن چکے ہم بند مخمس اجی بس

نرگانسی کسکی چبھو گئی نشتر جگرمے پاس
روزن جو سیکڑون ہین برابر جگر کے پاس

عدم سے بھی وہ خیال کمر ہے دور دراز
کہان ہے نالے کی طاقت کہ دم کو سیر نہ ہو دور دراز
بہون تک مری آتا سفر ہے دور دراز
خرام یار کے نزدیک ہے بہت نزدیک
وگرنہ فتنۂ محشر ظفر ہے دور دراز

ہزار دل کو یہیں جانے ذرا سے بھی کیا دل کو دور دراز
عزیز وراہ عدم میں کہین ہو اس کا نام منزل دور دراز
کہ ہو تو کی جاتے نہیں تا جانے تا گرد نکو ہے دور دراز
الہی منزل رشک قمر ہے دور دراز

| | |
|---|---|
| دوڑے صیاد تی ہین رنگ و یہ جال کے سبز | نہ خط کب ہین دلا گرد یہ اس گال کے سبز |
| پھول بینے کی ہین اس تیغ تہنال کے سبز | جم گیا گوشۂ ابرو پہ نہین کچھ وسمہ |
| واہ کیا تحریر کھینچی ماس ہے کیا لال کے سبز | کیون پسند آئی نشیمن نہ ہین قوس و قزح |
| ہو گیا عکس سے طوطی کے پر و بال کے سبز | تیرے عارض پہ خط سبز ہے یا آئینہ |
| رنگ ہو جائے ہیں سنتے ہی احوال کے سبز | تیرے بیمار کا کیا چارہ کرے کوئی طبیب |
| پھر ہوا دشت جنون بعد کئی سال کے سبز | باندھی مدت میں جھڑی دیکھی مجنون نے تر |

اس زمین میں کوئی پڑھے اور غزل بھی رنگین
ہو سخن کس کا ظفر آگے ترے خال کے سبز

| | |
|---|---|
| جس طرح سنگ فسان کرتا ہے تلوار کو تیز | سنگ سرمہ نے کیا یون نگہ یار کو تیز |
| تو کرے باد صبا خار سے ہر خار کو تیز | پا برہنہ ترا وحشی جو سر دشت آئے |
| بلبلیں کیون نہ کرین نشتر منقار کو تیز | گل اسے دیکھ کے دیوانہ ہوا ہے قصدا |
| پھر کیا توسن وحشت کی جو رفتار کو تیز | نوک سبزہ کی نہین کچھ سر مہمیز سے کم |
| کر دوا دے تجھے نہ اس طرح کی بیمار کو تیز | نگہ یار غضبناک دوا دل کی نہو |
| کر دیا عشق نے یہ جنس کے بازار کو تیز | قیمت نیم نگہ دیتے ہین عاشق دو جہان |

اے ظفر دیکھنے کیا ہو کہ وہ سفاک جہان
آج پھر دیکھتا ہے اپنے گرفتار کو تیز

دیگر

جی بسکہ کیا خاک جلا کر دل بیتاب سی چیز
کشتہ ہو سکتا نہیں اکسیر ہے سیماب سی چیز

جلد اول دیوان ظفر

خواب میں اسکی جو لین رخ کی بلائیں ہنوز
منفعل کیوں ہو تقصیر پر اپنے قاتل
تکمۂ یاقوت کا ہی اسکے گریبان میں کہاں
جلوہ گر ماہ نہیں واہ ری افعی فلک
کون کہتا ہی معلق ہے یہ سقف گردون
وہ ترا طالب دیدار ہی اے صید فگن
کون وحشت نے وہ ہی قص کہان زندانیں

پیچ کھاتی ہی بری زلف گرہ گیر ہنوز
شمع کے پانو نہ پر رکھے ہی گلگیر ہنوز
قطرۂ خون ہی کسیکا یہ گلو گیر ہنوز
منہ سے رکھتا ہی لگائی قدح شیر ہنوز
کہکشان کا ہی لگا اسمین تو شہتیر ہنوز
وار سے کیوں نہ بھلا دیدۂ نخچیر ہنوز
صورت چشم سراپا ہے ہو زنجیر ہنوز

غیر تقدیر نہیں ہونے کا وصل دلدار
اے ظفر تو ہے عبث در پئے تدبیر ہنوز

ہوا غم سے دل ناکام لبریز
میں وہ مے نوش ہوں پی جاؤں گر بہم
تری ہاتھوں سے جام بادۂ عیش
حنائی کیوں نہو دست صیاد

مے غم سے رہا یہ جام لبریز
سبوی چرخ مینا فام لبریز
رہا کب گردش ایام لبریز
کہ خون صید سے ہی دام لبریز

ظفر اشکوں سے اپنا کاسۂ چشم
ہے ہے صبح سے تا شام لبریز

گر خوشی اس دل مغموم سی چاہی تو ستیز
وصل میں پھر تو ست کیجو الٰہی آمیز

مارے پتھر مری تربت پہ ظفر یہ اُسنے
کہ گیا صدمے سے تعویذ سرِ تربت جھڑ

دل مرا اڑا دلِ عشق نہ کس رنگ مروڑ
پنجہ رستم کا بھی ہو دیو دمِ جنگ مروڑ

ذبح کرتا ہے تو کر لیکے چھری ای صیاد
لیک مت گردنِ مرغانِ خوش آہنگ مروڑ

شکنِ زلف کے مانند تری اے نوخط
لکھ سکے کب قلمِ مانی ارژنگ مروڑ

روکش اُسکے گلِ رخسار سے یہ ہوتا ہے
دے صبا کیونکہ نہ گوش گلِ خوشرنگ مروڑ

ایک دریا ہے اشکوں سے بچوڑ کے جسدم
دامن ترکو ترا عاشق ہے لے ننگ مروڑ

ہاتھ پکڑون جو تصور سے بھی تو وہ کہوے
تو مری ہاتھ کو اتنا بھی نہ بے ڈھنگ مروڑ

ہمنے جون طفل دبستانِ محبت مین ظفر
پھینکا آخر ورقِ دانش و فرہنگ مروڑ

## ردیف زاء معجمہ

بشر کو کیون نہو درپیش یان نشیب و فراز
کہ دم کے ساتھ ہی ہر دم یہان نشیب و فراز

فلک عروج و تنزل سے اک زمانے کو
دکھائے گردشِ نردبان نشیب و فراز

کیے ہی جاتا ہے راہِ فنا کو طے ہر دم
سمجھتی کچھ نہین عمرِ روان نشیب و فراز

حضیض اوج مین سیارہین ستارے بھی
دکھاتا کسکو نہین آسمان نشیب و فراز

کہون نجوگے کو کیا خاک مین ملا بان گرد
کہ میری طرح سے دیکھے کہان نشیب و فراز

اے ظفر جامۂ گل پر نہ کرے ناز کبھی
دیکھے رنگین اگر اس شوخ کی پوشاک بہار

مژہ ہی خنجر ابروی دلبر کے تلے خنجر
بنا یا صانع قدرت نے خنجر کے تلے خنجر

نگہ پھیرے اگر اپنی جو صیاد جفا پیشہ
تو پھر جائے نگاہ صید مضطر کے تلے خنجر

وہ تیری سخت جانی دیکھکر جھنجلا گیا ایسا
کہ توڑا سنگدل نے رکھ کے پتھر کے تلے خنجر

ہمارا خون نہیں ایسا کہ چھپ جاوے اے قاتل
چھپائے تو اگر دامان محشر کے تلے خنجر

اگر بھی کھولکر مرو سیاہی اسطرح سووے
بغل میں ہو اگر تلوار تو سر کے تلے خنجر

قلق سے ہجر کی شب کاٹتے ہی الون گلا اپنا
اگر معلوم ہو رکھا ہو بستر کے تلے خنجر

نظر اس مہروش کی دیکھیے کس کس کی گردن پر
ظفر ہر روز پھیرے چرخ اخضر کے تلے خنجر

ہر آشنا سے ایسا ہی اب آشنا کا طور
دو دن میں جیسے بگڑے ہے رنگ حنا کا طور

تیرے مریض عشق کی ہو کیا شفا کا طور
نے کچھ دوا کا ڈھنگ ہے کچھ دعا کا طور

ہو وینگے فتنے کتنے ہی پیدا جہان میں
اگر ہے یہی تری نگہ فتنہ زا کا طور

مانند موج ہم ادھر آئے ادھر گئے
کس طور سے ہو ہجر فنا میں بقا کا طور

رکھتا ہے تیرے زیر قدم ہر قدم پہ چشم
سیکھا ہے خاکپا نے تری نقش پا کا طور

واعظ جو اس پر بکیں ہے وہ حور میں کہاں
شوخی کی طرز ناز کا شیوہ ادا کا طور

## دیگر

پھیرے چوٹی کو جو اس بیدادگر کی پشت پر
کیون لگین کوڑے نہ اس آشفتہ سر کی پشت پر

بستر گل پر جو وہ سویا تو پھولون کے نشان
نازکی سے پڑ گئے اُس سیمبر کی پشت پر

ماہ کے پیچھے نہ دیکھا تھا کبھی ابر سیاہ
پر چیر کو دیکھا اس رشک قمر کی پشت پر

ناتوان ہون مجکو یارو اس گلی مین لے چلو
تم بٹھا کر توسن باد صبا کی پشت پر

مال احمق کے لیے گر ہو سوا یہ چاہیے
اور بھی لادا زیادہ بوجھ خر کی پشت پر

پیچھے آنسو کے نہین لخت جگر اک راہرو
ہے روان گٹھری لیے رخت سفر کی پشت پر

کھل گیا جوڑا جو بالون کا تو بل بے نازکی
پہونچا اک صدمہ ظفر اس مو کمر کی پشت پر

جاک کرتے ہین حریفون کے ٹبیرون کا جگر | تیر جو کرتے ہین یہ خنجر منقار ٹبیر
مجھکو عشق ہے اسلیے کہ کھلاؤن انکو | کھائین گردانہ کی جا گوہر شہسوار ٹبیر
پتلیان پلکین ہون اور چشم ہے جون کابک | گر رہین آنکھو نمین یہ مرغ نظردار ٹبیر
ہے اس کھیل مین دل صید یون کے منہ ایسے | دام صیاد مین ہون جیسے گرفتار ٹبیر
اتفاقاً کوئی گر انسے گھٹ بھی جاوے | بیمزہ دین جو لڑا میرے طرفدار ٹبیر
کہدو صیدی ہے کہ تو خوش نہو گیا ہوتا ہے | ہاتھ اندھی کے اگر آگئی اکبار ٹبیر
انھین کیا کیف کی حاجت جو ہر کیف مین ہے | چشم خوبان کیطرح کیفی و سرشار ٹبیر
نسرطار بھی انھین دیکھکے کہتا ہے کاش | دیوے مجکو بھی ہمیشہ خالق دادار ٹبیر

بات مردون کی ظفر ایک ہے کب سنتے ہین
آدھا تیتر کہین آدھا کہین گر یار ٹبیر

بن تیرے لے رشک گل رشک بہار | نوک سبزہ چشم مین ہے نوک خار
داغ بر دل ہون مین سوز ہجر سے | کیا خوش آئے مجکو سیر لالہ زار
ہون گرفتہ دل برنگ غنچہ مین | ہے روش گل کے جگر میر انگار
اب تھین ہر مثل موج آب جو | ہاتھ مین میرے عنان اختیار
مین ہون آوارہ برنگ بوئے گل | ایکجا ہرگز نہین مجکو قرار
ہوتا اس گل کو نہین مطلق اثر | مثل بلبل کر چکا نالہ ہزار

وفور اشکون کا ہو ہمارے نکلتے نالون مین ہین شرارے
نہ کیونکر ہون عشق پر نچھاور زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

پھپولے پائو نمین ہین نمایان تو سر پہ داغ جنون فروزان
نہ دیکھین دیوانے تیرے کیونکر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

ذرا جبین عرق فشان پر تو اپنی افشان نہ کھاوے چنکر
کہ تا نظر آئین ماہ پیکر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

نہ سبزہ گل پہ جوش شبنم نہ چمکے جگنو ہوا پہ ہر دم
نظر سب آتے تھے مجھکو یکسر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

اُدھر تو فوارے چھٹتے ہین وہان اُدھر ہین اشجار پر چراغان
ہُئی ہے سیر اک چمن کے اندر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

زمین نہایت ہی تھی یہ مشکل ظفر ہے اُستاد پردہ کامل
غرض دکھائی دیئے بٹھا کر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

| | |
|---|---|
| بجز انگور کب راضی ہون ہم جنت کو جانے پر | رکھے ہی مرغ روح میکشان تک آب دانے پر |
| [illegible] بار کوہ غم اٹھانے پر | پٹکتا تھا یہ سر شیرین کو سنگ آستانے پر |
| ترا گھر میرا کاشانہ تھا اب ہے غیر کا مسکن | التسلط زاغ نے پایا ہما کے آشیانے پر |
| اثر دیکھا ترا اے گریہ دہ بیداد کہتا ہی | اکہ مجکو آگ لگتی ہے ترے آنسو بہانے پر |

کہان ہے مگر اپنے خون سے فرہاد — کیا ہے دامن کہسار کو منقش کر
نہین ضرور ہے قالین کہ نقش پا سے تو — زمین کلبۂ غمخوار کو منقش کر
برنگ بیضۂ نوروز عکس جھکون کا — رکھے ہے گوہر شہوار کو منقش کر
وہ پہنین بر مین دلا گر لباس گلکاری — تو داغ کھاکے تن زار کو منقش کر
جبین پہ غیرت گلشن تو اپنے جون افشان — باآب زر خط گلزار کو منقش کر

کسی کو بھیجنے ہون گر ظفر یہ چھ چھلے
تو دو کو سادہ بنا چار کو منقش کر

کھا ہے بخیہ مین نہ کیون عقل رفوگر جگر — چاک دل دیکھ رفو بھی ہے رفو در جگر
عارض و خال سے ہو اسکی نہ روکش ہرگز — کھائے گر تا بقیامت مہ و اختر جگر
اثر طالع گردش سے مرے اے ساقی — کھائے گرداب صفت بزم مین ساغر جگر
چرخ فانوس خیالی ہے کہ جسمین شب و روز — مثل تصویر ہر اک کھائے ہے اکثر جگر
گردش بخت سے دون کوہ کو مین چکر یون — جسطرح کھاتا فلاخن مین ہے پتھر جگر
غمزہ و ناز و ادا اور نگہ گردش چشم — تیر و شمشیر ہے اور نیزہ و خنجر جگر
دیکھ کر وہ مجھے آوارہ لگے فرمانے — تیرے پانون مین ہے یکدست مقرر جگر
نہ دیا مجکو فلک نے بس مردن بھی قرار — خاک کو روز بگولے مین ہے یکسر جگر
آسیا کیطرح اب غور سے گر دیکھ ظفر — کھاتی گردش سے زمانے کے ہے پتھر جگر

خدنگ دنبالہ کھایا لیکن نہ لایا شکوہ کبھی زبان پر

کہ بوسہ اُس چشم سرمہ سا کا ہی زہر گویا مری زبان پر

اگر کے باتون مین اُنکو لائین جو حرف مطلب کا کچھ زبان پر

تو ایسی کہدین تُھکا نا جس کا لگے زمین پر نہ آسمان پر

تپ محبت مین سرو قد یہ کہان ہے خشکی مری زبان پر

کہ شکل سوہان پڑ گئے ہین ہزارون کانٹے مری زبان پر

اُٹھائے سوز خم ہر نمط ہین یہ خون کے دعوے کونی غلط ہین

کہ مثل قط گیر خط یہ خط ہین ہنوز باقی ہر استخوان پر

نہ یہی خار خار غم کا رہا تو مرقد پہ میرے سبزہ

یقین ہے مانند برگ خرما اوگے گا نشتر کسی زبان پر

کہا یہ سو بار دل کو رو کر حریف مت ترک چشم کو کر

پر آخر ش ٹکڑے ٹکڑے ہو کر بہا ہے مژگان کے ہر سنان پر

وہ چشم و ابرو تمہارے زیبا کہ قاب قوسین ٹھہرے اولی

یہ خال پیشانی کیون تمہارا نہ فوق لیجائے فرقدان پر

ہمارے سر پر سبوے ہامون سکے سے داغ جنون کہ چمکون

چراغ وحشت سراہی مجنون کرون مین دشمن چراغ دان پر

| | |
|---|---|
| دیکھنا اُسکے ذرا توسن چالاک کے طور | پھرتا ہے خاک لحد پر مری وہ خاک کے طور |
| کرے ہچھی اگر اُس سے تو شیخی جھڑ جاے | رو سکے ابر کب اُس دیدۂ نمناک کے طور |
| سر بسر زلف بتان سے ہے سدا اپنا اسیر | شانہ سان کیون نہوا پنے دل صد چاک کے طور |
| سر بسر صید دل اپنا ہو نہ کیون وابستہ | حلقۂ زلف وہ ہے حلقۂ فتراک کے طور |

دمبدم تیغ بکف ہوتا ہے مجھ وہ ظفر
کچھ نظر آتے ہین بیڈھب بت سفاک کے طور

| | |
|---|---|
| تیرے دیوانے کو مارے ہین یہ رو رو کے پتھر | کوہ چھٹ نام کو لڑکون نے نہ چھوڑے پتھر |
| عشق وہ سنگ گران ہی کہ کسی سے نہ اُٹھا | کیونکہ بھاری نہو ایک ایک جو ہم کے چھوڑے پتھر |
| ہاتھ چھاتی پہ جو ہین مین نے لگایا تو کہا | سخت کیا ہاتھ مین تیرے یہ نگوڑے پتھر |
| کوہکن تو نہ ہوا باندھ کہ ہینے بھی یہان | سر سے مارے ہین دیوار کے کیون توڑے پتھر |

سنگ لاخ ایسی غزل تونے یہ لکھی ہے ظفر
سنکے ہو جائین جسے طبع کے گھوڑے پتھر

| | |
|---|---|
| ہیو جو نہین کچھ مری تقدیر گلوگیر | اس چشم کے سرمے کی ہو تحریر گلوگیر |
| قاتل سے کرون کیا دم تکبیر سخن مین | ہی جوہر شمشیر کے زنجیر گلوگیر |
| یہ تکمۂ یاقوت نہین تیرے گلے مین | ہے قطرۂ خون دل دلگیر گلوگیر |
| شب بستر کمخواب یہ آیا مجھے کم خواب | تیری جو رہی خواب مین تصویر گلوگیر |

کون اس پہ ہی مائل ہے تابان سمجھکر
دیکھون ہون تیرے رخ کو مین قرآن سمجھکر

آیا ہو لب بام پہ وہ صبح نکلنا
تو چرخ پہ ملے مہر درخشان سمجھکر

افسوس کہ لگتا نہین وہ سینہ سے میرے
اس دل کو مرے آتش سوزان سمجھکر

کرتے ہین سلام آنکے ہر صبح ادب سی
خوبان تجھے سب خسرو خوبان سمجھکر ق

اور بلکہ جھکاتے ہین سر عجز مہ و مہر
صد چند تری آپ سے اب شان سمجھکر

لایا ہون تری نذر کو لخت جگر و اشک
رکھ دست خرہ پر دُر و مرجان سمجھکر

گلشن مین مرے غیرت گلزار کے آگے
ہنسنا تو ذرا اے گل خندان سمجھکر

اور تجھ سے یہ کہتا ہون کہ آنکھین تو لڑانا
اس چشم سے اے نرگس حیران سمجھکر

کرے نہ ظفر لال بیان منہ کو کسی کے
کھا ہاتھ سے غیرون کے تو اب پان سمجھکر

کھینچ مت صید فگن تو دل نخچیر سے تیر
اس نے کھایا ہے کمان کا تری تقدیر سے تیر

قتل عشاق کو ہے جنبش مژگان کافی
کیون لگے رکھنے میان ہاتھ مین شمشیر سے تیر

اے کمانداز مین ہاتھ کے تیرے ہون قربان
جا لڑا شہپر مرغان ہوا گیر سے تیر

آہ کیون کر دل حیران سے ہمارے نکلے
چھوٹتا بھی ہے کہین بازوے تصویر سے تیر

واہ اے جذب محبت کہ مرے سینے سے
کھینچ سکا آہ نہ ہرگز کسی تدبیر سے تیر

مجھے سمجھون گا قیامت کو بت کافر کیش
تو نے مارا ہے مجھے کون سی تقصیر سے تیر

ظفر آگے مرے سرسبز ہووے کسطرح کوئی
کرے سے ظفر ہر مصرع مرا اب سرو موزون پر

فرہاد مرگیا پر نہین مہر سر سنگ پر
شیرین کی کندہ کرتی تھی تصویر سنگ پر

زانو پہ تیرے غیر کا سر ہو تو کیون نہ پھر
پٹکے سر اپنا عاشق دلگیر سنگ پر

مٹتا نہین کسیکے مٹائے سے اب یہ آہ
شاید کہ ہے نوشتہ تقدیر سنگ پر

رگہائے سنگ ہون خط مسطر اگر کرین
احوال کوہکن کبھی تحریر سنگ پر

یہ دل تو کیا ہے سنگ مین روزن ہوائے ظفر
مژگان لگائے اُسکی اگر تیر سنگ پر

کب اشک چشم کی ہے لخت دل کو پیاس پانی [illegible]
نہین ہے صاحب کشتی کو کچھ وسواس پانی پر

لب دریا پہ کشتی میکشی کی ہو کر اے ساقی
بنا ہر یک حباب بھر جو گیلاس پانی پر

حباب آسا جو تو بو بھرے ہے ہر دم [illegible]
اگر کچھ بھی دم آیا ہے تجھکو راس پانی پر

دل صد چاک میرا آنسوؤن سے یون [illegible]
کہ جون ہوتا ہے پژمردہ گل قرطاس پانی پر

نہین گر صورت اخلاص اس سے تو پلاوے تو
ظفر پڑھ کر قل اعوذ برب الناس پانی پر

کرون مین گریہ اگر اپنی ناتوانی پر
فلک مین یہ ہو یون جون حباب پانی پر

مطلع ثانی

دیگر

دلا شب مین کہان اختر سفیدی ہے سیاہی پر
عجب عالم سے بالا تر سفیدی ہے سیاہی پر
نہین ہین قطرۂ شبنم گل سوسن پہ [illegible]
چمن مین دیکھ [illegible] سفیدی ہے سیاہی پر

[illegible]

دیگر

[illegible]

حنا سے تو دکھا دے اپنی آب و تاب ناخن پر
کہ ہوں صدقے ترے برگ گل شاداب ناخن پر

سر ابرو گلال اُسنے ملا ہے کب یہ ہوتی ہیں
لگا خون شہید کے ہوئے دل بیتاب ناخن پر

نزاکت سے تری پیارے مزاجی وہم کرتا ہے
خدا کے واسطے رکھ کر قلم مت داب ناخن پر

قسم ہے اسکو میرے نام لینے کی جو پوچھے تو
دکھا دیتا ہے لکھ کر وہ مرا القاب ناخن پر

شب آنسو کسکے پونچھے نقطۂ شنگرف آسا جو
پڑا ہے تیرا ظالم قطرۂ خون ناب ناخن پر

مرے تار رگ جان سے صدائے درد نکلے
چڑھاتا ہے جو وہ مطرب پسر مضراب ناخن پر

زمانہ رفتہ رفتہ اسطرح سے رنگ بدلے ہے
کہ جیوں ہو جاتی ہے رنگ حنا نایاب ناخن پر

ہلال عید کہتا ہے جسے عالم وہ صدقے ہو
تراشیدہ ترے اے غیرت مہتاب ناخن پر

ظفر کیا سوچ تبدیل قوافیٔ غزل کا ہے
جو نکتہ سے ہے تو کھا کھا کے پیچ و تاب ناخن پر

ٹھو کاٹے ہے یوں رکھ دل کو وہ چھرا ناخن کی
ورنہ یہ تو زور میں دریا اڑا تا لا اڑا

شعلۂ الفت نے خدا جانے کہ دی کس گھر کو آگ
آسمان پر جا ہی آتش کا پرکالا اڑا

تیری آنکھیں تو بلا ہیں دل کو چھوڑیں ہیں کوئی
گر بجیں تیغ گاں ہے تو پھر کیوں ہے دنبالا اڑا

رو برو تیرے رخِ روشن کے ای خورشید رو
مثل شبنم رنگ سے رنگ گل لالا اڑا

لے دل صد چاک کو اپنے ہوا خواہوں کے تو
اپنی تجمل میں لگا کر اسکو پنچالا اڑا

دامن مجنوں لا غر خار نے تھا بنا تو کیا
آخر ش ہو کر بگولے میں تہ و بالا اڑا

اُسکے گھر جانیکا مانع وہ جو ہونا تھا ظفر
شکر لِلّٰہ اب وہ بار برد کنے والا اڑا

جو نہ کہنا تھا کہا جھٹ منہ پہ اُس سفاک کے
سچ تو یون ہے ہان ظفر بھی ایک ہی بیباک تھا

ہووے تمہارے در تک اپنا گمان سے آنا
جب اک قدم ہے مشکل اس ناتوان سے آنا

بیمار غم کو تیرے دیکھے آئے سب اطبا
عیسیٰ کا ایک باقی ہے آسمان سے آنا

کوئی عدم کو جاکر کوئی پھرا نہ ہرگز
دشوار ہے نہایت شاید وہان سے آنا

للہ کر نہ دیجو برباد خاک عاشق
آہستہ ای صبا تو کوئے بتان سے آنا

اک ان پر ہے سودا عاشق کہ جنس دل کا
فرماتے آپ کیون ہین ناحق زبان سے آنا

کیا دخل ہے کہ آوین وہ خاک کشتگان پر
آنا کبھی جو شاید دامن کشان سے آنا

دم ای ظفر ہوا تھا اپنا بھی رات جو مین
خوشبو کا اُسکی زلف عنبر فشان سے آنا

تراش کوہ سے کیا کوہکن پیکر بنا دیتا
اگر ہوتا سلیقہ کا تو شیرین گھر بنا دیتا

صدقے کا سا اثر ہوتا جو نقش پاے جانان مین
کہ ہر اشک چکیدہ کو مرے گوہر بنا دیتا

اگر مین جانتا یہ تکبر زمین سے لالہ نکلے گا
تو اپنے کاسۂ سر کو ترا ساغر بنا دیتا

اگر تصویر مانی کھینچتا اُس میرے قاتل کی
تو اس تصویر کے بھی ہاتھ مین خنجر بنا دیتا

نہ پوچھو مین مرے کچھ خلش اس نوک مژگان کی
کہ ہر مو کو بدن پر مرے نشتر بنا دیتا

تصور دیدۂ تر مین مرے اُس روی تابان کا
گہر کو اشک کے ہر دانہ اختر بنا دیتا

| | |
|---|---|
| اشک سے دیدۂ تر میرا کہان ہے لبریز | معجز عشق سے یہ کوزہ مین جیحون ہے بھرا |
| غم لیلےٰ نے لٹاکر اُسے مارا شاید | خاک صحرا مین جو بکسر تن مجنون ہے بھرا |
| کشتۂ مژگان کا تری دشت مین مدفون ہے کیا | اسقدر کانٹون سے جو دامن ہامون ہے بھرا |
| چین ملتا ہی نہین عشق کے آوارون کو | بغض کیا جی مین تری گردش گردون ہے بھرا |
| خاک بدرد کے کرے کوئی جی اپنا خالی | لاکھ حسرت سے ہمارا دل محزون ہے بھرا |
| کون ہو تجھ سے دوچار آن کے ظالم کہ بلا | تجھین سہاری نگہ چشم پُر افسون ہے بھرا |

درم داغ کی دولت سے مرے سینے مین
اے ظفر دیکھ کہ گنجینۂ قارون ہے بھرا

| | |
|---|---|
| یہ چشم تر سے دم گریہ خون ناب بہا | اگر پانی کوچے مین رنگین جو شہاب بہا |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| ہمارے آگے نہ آنسو توا کی سحاب بہا | وگر بہا وہ تو لیون ہین درخوش آب بہا |

## مطلع ثالث

| | |
|---|---|
| ہماری آنکھون سے جسوقت خون ناب بہا | بھر نکا گنبد افلاک جون حباب بہا |
| ہماری ہاتھ سے اُس جام نوش کر ظالم | لگا کے لب سے گریبان میت شراب بہا |
| ستارے آئے نظر آفتاب پر ہمکو | عرق جو رُخ پہ تری رشک آفتاب بہا |
| کھلا اگر کبھی واعظ پہ ایک نکتہ عشق | یقین ہے دیوے گا دریا مین ہر کتاب بہا |

دیگر

مطلع ثانی

ظفر عالم مین ... جہان دیکھا

| | |
|---|---|
| یہ آسمان غلام ہے کس مہ جمال کا | پہنے پھری ہے کان میں بالا ہلال کا |

## مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| رکھا ذقن پہ یار نے کیوں دانہ خال کا | ہے بفضیہ ہما یہ عجب ہونا دال کا |
| انبوہ خال و خط سے ترا صفحۂ عذار | گویا کہ فال نامہ ہے یہ دانیال کا |
| دل سلسلے میں زلف کی بیعت گزین ہوا | کوئی اسے مرید کہو کوئی بالکا |
| ہوتا ہے چودھویں کو ہمیشہ خسوف ماہ | جو دن کمال کا ہے وہی ہے زوال کا |
| غیرت کہو ہے قبر سکندر کو دیکھنا | یارو کچھ اعتبار نہیں ملک و مال کا |
| بارش ہے میری ابر مژہ کی عجب نہیں | موسم ہے تمام برس برشگال کا |
| ہے آئینہ رخوں کا تصور جو آنکھ میں | ہے آرہا نظر مجھے عالم مثال کا |

منہ ہم نے پیٹ پیٹ لیا شب کو اے ظفر
یاد آیا اُنکے گال پہ رکھنا جو گال کا

| | |
|---|---|
| نہ ہرگز درد دل سے میں کراہا | غرض پوشیدہ الفت کو نباہا |
| محبت کے یہ معنے ہیں کہ میں نے | وہی چاہا کہ جو کچھ تو نے چاہا |
| عیاں ہے صفحۂ رخ پر تری خط | کہ ہے تنخواہ بوسوں کا سیاہا |
| فقیروں سے کوئی پوچھو لذت عشق | اہاہاہا اہاہاہا اہاہاہا |

ودیگر

نالہ بھی کرنے نہ پائے کہ نکلتی حسرت
ہمکو اے عشق گلا تونے دبا کے مارا

یاد میں مرتے تھے ہم غمزہ جانان کی آہ ہی
اور فارغ نے وہ تصویر دکھا کے مارا

آنکھوں آنکھوں میں ہمیں اس بت بیدرد نے آہ
تیغ بیمہ ناز کہ خنجر سے ادا کے مارا

طائر نظارہ مرا اُن نے دیکھت پوچھو
مرغ دل پر مرے اک دام بچھا کے مارا

ناز ہو کیوں نہ مری خاک سے ہو روئیدہ
تجکو اُس شوخ نے ہر ناز دکھا کے مارا

صغر سن کی ہیں یہ باتین کہ جو وہ ڈھ گئے
ہمنے زانو پہ جو ہین ہاتھ اُٹھا کے مارا

ہے کفن چادر مہتاب سے میرا لازم
کہ مجھے جلوہ نے اُس ماہ لقا کے مارا

داد دیجے ظفر اُس غمزۂ پنہانی کی
جسکو مارا اُسے کافر نے جتا کے مارا

تو جو مہتابی پہ کل رات کھڑا گاتا تھا
دائرہ مہ بھی لیے ساتھ کیے جاتا تھا

بند گئی تھی ہوا گانے کی تیری کہ مرا
ساتھ ہر تان کے جی تھا کہ اُڑا جاتا تھا

کیا کہوں رقص کا عالم عجب انداز کے ساتھ
تھا ٹھوکر کہ تری ٹھوکرین دل کھاتا تھا

ہاتھ کو ہاتھ پہ تو رکھ کے لگا جب چلنے
ہاتھ ہم ملتے تھے دل تھا کہ ملا جاتا تھا

کیا کہوں عالم جنبش کہ لا آتش دل
جنبش دامن مژگان سے وہ بھڑکاتا تھا

دامن اپنا تو اٹھا چلتا تھا جس ناز کے ساتھ
گھیر دامن کا مجھے گھیر کے لے آتا تھا

آنکھ چاہت کی ظفر کوئی بھلا چھپتی ہے
اُس سے شرماتے تھے ہم ہمسے وہ شرماتا تھا

ودیگر

ودیگر

گلگشت چمن سے کام کیا ہم کو نہیں
از ظفر اُس گل کا جو دن دیکھا دم رفتہ بھرا

ہوا اُس در پہ نقش کا لجراب غیر سنگیں دل
ظفر پہلے ہی گر جبہ وہ اُکھڑ جاتا نہ جمجاتا

آنسوؤں سے سینے کے یوں گھاؤ پر پانی چڑھا
جیسے ہو دریا میں پُل پانی پر پانی چڑھا

کھینچ کا نقاش نقشہ گر کسی کے روئے زرد کا
اسقدر زر کا دیا جو تا دیکھ پانی چڑھا

کشتگاں کیوں کھلیں لوگ آن کہ مقتل میں غسل
شے برس کر ابر اس ستھرا دیکھ پانی چڑھا

کو بہ جاناں میں دم جوش زن ہے چشم تر
بند بند ہوا کہ پل بند اُدھر پانی چڑھا

آج گریہ کو مرے دریا چڑھا ہے ورنہ کل
یوں ٹوٹا یو خشک تھا اُدہا تو پر پانی چڑھا

مستعد ہے جنگ پر غیر دن کے کہنے سے ظفر
ہے یہ تیغ بے حیا کس جا پر پانی چڑھا

بولے وہ جب ہم نے شب کو نالہ پر حسرت بھرا
یوں جتائی چاہ تو بھی یک ہے فطرت بھرا

سو زبان سے غنچہ کرتا ہے پریشانی بیان
یہ خدا جانے کہ دل ہر کس کا سو حسرت بھرا

بھرتا تھا سنگ جراحت جس جراحت میں مرے
دہاں نمکداں ملاحت تو نے ہی شدت بھرا

کھینچی جب تصویر زخمی کی تو کر سبز ادے
رنگ کی جا خون اُسنے دیکھ کو رنگت بھرا

دیکھنا اے حضرت عشق آنسوؤں کے جوش کو
ہم نے دامن موتیوں سے آپ کی دولت بھرا

دھجیاں ہو کر اُڑا دامن ولے ہاتھ کبھی
سو خار مغیلاں سے نہ اے وحشت بھرا

یاد چشم مست میں بیہوش ہیں کچھ کو خبر
دے ہر ساقی نہ بھر ساغر میں یا شربت بھرا

[illegible]

مطلع ثانی

| | |
|---|---|
| مانگ کا گوہر اسکے کب ٹوٹا | اک ستارا ہی وقت شب ٹوٹا |
| تیرے ہاتھوں سے میرا آئینۂ دل | روش دانۂ عنب ٹوٹا |
| کیا کہون اپنی گردش قسمت | جام مے ہو کے لب بلب ٹوٹا |
| بادۂ خون دل کہان رکھیے | ساغر دل تو سب کا سب ٹوٹا |
| خاک مین دخت رز پہ باندھو تاک | اکسر کو توال اب ٹوٹا |

تیغا دیوان خانہ مین اُسکے
اے ظفر آج کیا سبب ٹوٹا

| | |
|---|---|
| مرا کھیل سنبھلا سنبھالا بگاڑا | کسیکا تھا کیا مین نے ڈال بگاڑا |
| مری کاسۂ سر مین کیون بھر دیا خون | پر تم نے اچھوتا پیالا بگاڑا |
| گئے تھے کہان دھبے کس جا لگے ہین | نیا گل کا اوڑھا دوشالا بگاڑا |
| مرے ساتھ کھاتے ہین کر یاد کس کو | بناتے بناتے نوالا بگاڑا |
| کھینچا وہ نہ مانی سے بالے کا نقشہ | بنا کر کئی بار مالا بگاڑا |
| فلک نے ترے سر کا عمامہ مجنون | جنون کو لگا کر اچھالا بگاڑا |

بنا کام اپنا ظفر کب کسی سے
کہا مینے جس کو بنالا بگاڑا

| | |
|---|---|
| پہلے تو ہاتھوں سے وہ ڈورا چکی کا نانیا | اور اسی ڈور سے ہے پھر قد اپنا ناپا |

دیگر

کچھ نہ تنہا پاس سحر وہ دلربا چنپت بنا
غم نہیں گر پاس ہے وہ مہ لقا چنپت بنا
ایک بادی جو رہی جھوکا ہوا کا عندلیب
کھینچکر الٰہیں دیوار جو مین چھپ رہا
فرصت نظارہ ہر کسکو کہ مانند حباب
اعتبار اسکی دلا پہلو نشینی کا نہین

ساتھ آسکے ہمدمون دل بھی مرا چنپت بنا
پہر مرے پہلو سے دل سا آشنا چنپت بنا
صبح گلشن سے زر گل کو اڑا چنپت بنا
بولے دیکھو تو کوئی دو ہی ہا چنپت بنا
بحر ہستی مین جہان کی چشم وا چنپت بنا
بیٹھکر پہلو مین وہ تو بارہا چنپت بنا

کل سمجھ لونگا ظفر اُس سے جو وہ آئیگا ہاتھ
آج دھوکا دیکے مجھکو کیا ہوا چنپت بنا

قاتل اب ڈھونڈھے ہے عاشق بیجان مین کیا
فرق اب تجھ مین ہے اور یوسف کنعان مین کیا
خط رخسار کا تیری نہین اٹھتا اک حرف
روش باکوری ہر جادہ جنون نے تیرے
جھونکی جنبش سے تمہاری کہین پھونچا آئے
ہو گئے جس سے کہ مسجود ملائک تھے خاک
نالہ بلبل کا جو سنتا نہین وہ گلشن تک
جو کہ رنگین ہین ظاہر مین وہ ہین خالی ہاتھ

جب گئی جان تو باقی رہا انسان مین کیا
لکھیے جز صلّ علیٰ ہے خط ریحان مین کیا
نہین معلوم لکھا ہے خط ریحان مین کیا
ہاتھ مارے ہین کہین وحشت کے دامان مین کیا
کہو میرا نہین تم بیٹھے ہو الان مین کیا
نہین معلوم کہ وہ چیز ہے انسان مین کیا
بارہ شبنم نے بھرا گل کے کہین کان مین کیا
کوئی بتلا دے کہ ہے پنجۂ مرجان مین کیا

مزار کوہکن اب سوے باغ پتھر کا
رکھے ہے دیکھ کے شیرین چراغ پتھر کا

کرے جو خال صنم سے ہمائے ہمچشمی
تو بن ہی جائے مقرر وہ زاغ پتھر کا

یہ دل ہی ہے کہ رکھی جسمین عشق کی آتش
دگرنہ رکھوں تو شق ہو ایاغ پتھر کا

نہ مرتا کوہکن آخر تو گھر ترا شیرین
بناتا کوہ سے پا کر فراغ پتھر کا

بتوں کی سنگدلی نقش کالحجر ہی ہمین
یہ سچ ہے مٹ نہین سکتا ہے داغ پتھر کا

تو لے کے شیشۂ دل اس روش نہ پھر بلبل
کہ فرش سنگ بھی ہے صحن باغ پتھر کا

ادا و ناز اٹھانے کو تیرے سنگین دل
کہان سے لائے کوئی اب دماغ پتھر کا

سمجھ انکو جام مرصع ہمین کہ ہے ساقی مے
ہمین فقط یہ بلورین ایاغ پتھر کا

ظفر کا ریختہ گر یہ سنے تو ہنجاوے
ہر ایک شاعر نازک دماغ پتھر کا

دھیان زندان پہ ترے آٹھ پہر ہے اپنا
بن گیا تار نگہ سلک گہر ہے اپنا

ثمر رخشان نخل فقط داغ جگر ہے اپنا
سینۂ چاک بھی مانند سحر ہے اپنا

موج زن تا بگلو ہے جو وہ آب دم تیغ
چون حباب لب جو کاسۂ سر ہے اپنا

زخم سینے پہ چھڑکتے ہین سدا اشک نمک
کم نمکدان سے نہین دیدۂ تر ہے اپنا

ہم وہ ہین دہر مین نخل گل آتش بازی
کہ جو شعلہ ہے وہی برگ و ثمر ہے اپنا

تیغ کھینچے ہے جو موج نگہ یار ادھر
یان بھی ہر داغ جگر مشکل سپر ہے اپنا

[illegible]

جو غیر کا ترے گھر میں پلنگ بچھے گا
تو اپنی چھاتی یہ یہاں فرش سنگ بچھے گا

تو لیتی بحر خجالت نہ کیوں ہو زاہد خشک
مُصلّا اپنا سر آب گنگ نہ بچھے گا

پلا مجھے کہ گلگوں اس ابر میں ساقی
چمن میں غاشیہ سبز رنگ نہ بچھے گا

اگر ہے قصد ہم آغوشی اب تجھے گلرو
بچھونا تیرے لیے بید رنگ بچھے گا

ظفر کو خواب نہ آویگا فرش مخمل پر
بغیر تیرے اگر شوخ و شنگ بچھے گا

کیا وصف جبیں میں کہوں اُس ماہ جبیں کا
اک تختہ سراسر ہے وہ فردوس بریں کا

یا صبح ہے یا آئینہ یا ہے ید بیضا
یا صفحۂ رخسار کسی شوخ جبیں کا

یا مشتری و زہرہ ہے یا مہر درخشان
یا جلوۂ پر نور ہے یا ماہ مبیں کا

یا تختہ بلوریں ہے کہ ہے لوح یہ سیمیں
یا صفحۂ سادہ کسی انمول نگیں کا

کیا زور زمین شعر کی یہ تو نے نکالی
ہے وصف ظفر اسمیں بیان اسکی جبیں کا

ہے ہماری خاک پر تیرا سراغ نقش پا
شمع مرقد سے یہ بہتر ہے چراغ نقش پا

گل نہیں چھاتی پہ مری نقش پای عشق میں
جلوہ گر ہے لالہ رو یہ دیکھ باغ نقش پا

فندق پا سے ہوا ہے جسکے اک عالم شہید
ہر گل اورنگ سا اسکا ہے داغ نقش پا

پیکے ہے مستی تری رفتار سے وہ مست ناز
نشہ بخش دو جہان ہے ہر ایاغ نقش پا

[illegible]

سر اٹھا سکے نہیں تم آج مستی میں ظفر
بادۂ الفت کا تمکو اب نشہ اچھا چڑھا

حیف جوں غنچہ نہ اپنا دل پژمردہ کھلا
ہر گل زخم جگر اسکے سدا پاس کھلا

صبح گلشن میں جو گل سونگھ تری باس کھلا
اسکو شبنم نے دیا پارۂ الماس کھلا

شانہ ساں اے دل صد چاک تو وہ تجھی ہے
الجھ میں اسے نہ کر مرنے کا وسواس کھلا

دل دلگیر ہے جوں غنچۂ تصویر مرا
یار جا اسکے نہیں کھلنے کی مجھے آس کھلا

ہمیں ہر میں حیران ہوں صیاد دیکھ کے میں
کیونکر ہر پانی ہے ہر گل قرطاس کھلا

دل ہوا فسردہ کسی کا تو بر رنگ غنچہ
در ہے تاثیر م صاحب انفاس کھلا

مار ڈالے گی تجھے زلف سے الفت مت کر
دیکھ کالے کو نہ لیبرا ہی دل ہر پاس کھلا

سر کی دشت میں کر خضر سے اے مدد گار میں
غوطہ دریا کی محبت میں نہ الیاس کھلا

عشق دلدار ظفر کہ نہیں شہباز سے کچھ
ہمنے دن رات دیا اپنے اُسے پاس کھلا

گیا فقط گریہ سے چشم تر پہ پانی پھر گیا
ایک پل میں اک جہاں گھر پہ پانی پھر گیا

لمعۂ خورشید عالمتاب سے دریا میں صبح
کیا طلائی موج کے خنجر پہ پانی پھر گیا

دیکھ کر دندان کی آب رتا بہ تیری ریکسیں
دامن ساحل میں گوہر پہ پانی پھر گیا

سامنے اسکے عرق آلودہ چہرے کے نسیم
شرم سے کیا لالۂ احمر پہ پانی پھر گیا

عیان ہے لخت دل مژگان پہ میری کیا تماشا ہے
دیا ہوویگا جسنے عاشقی مین جان شیرین کو
مری آنکھون مین اسکے سبز خط کی جو ہی کیفیت

کہین بید انیستان مین گل ورنگ ہوویگا
نشان کوہکن چھاتی پہ اسکی سنگ ہوویگا
تجھے ساقی نصیبا ایسا نہ جام بنگ ہوویگا

کھلین جیسا کہ گل معنی تمھارے ای ظفر آ سجا
نکیونکر قافیہ غنچے کا ہو تو تنگ ہوویگا

نزلہ شبنم سے گرا دل پہ ترے گل ٹھنڈا
تپ دوری سے جو مین مرکے ہوں بالکل ٹھنڈا
دل سیپارہ کو شیرازی کو باندھے ہو دلے
ہی کہان مرغ نظر چشم مین زیر ابرو
نام پر اسکے وہ گرم ہوے تھے لیکن
اسکے بے شربت دیدار ہوگی تسکین
اب کیا عشق کی آتش نے ہمندے تجھے
سینے پر آنکھون مین گلاب اور ہے تجھے ٹھنڈک
کیا ہی گھبرانے مین و درات کو جسوقت چراغ
کھا گیا جلتا ہوا لقمہ شعلہ گلگیر
یاد و نبالہ نے دی پھونک مرے دل مین آگ

نالہ کھینچے ہی تاسف سے جو بلبل ٹھنڈا
تپ کلیجا ہو ترا مست تغافل ٹھنڈا
کہین قرآن نہ ہے مسندی کا کل ٹھنڈا
مرغ آبی نے مکان ڈھونڈھا پہ بل ٹھنڈا
کیا تدبیر سے انکو بہ تامل ٹھنڈا
پانی پیشہ کے ہو بخوبی جل ٹھنڈا
کر چکا دل کو بس انکو ان تامل ٹھنڈا
گرم جلتا ہو جبتک کہ سر گل ٹھنڈا
ہو گیا لگ کے مرا دامن فر غنسل ٹھنڈا
بل بے گرمی نکیا وقت تنہا دل ٹھنڈا
کون کہتا ہی کہ ہی برگ قرنفل ٹھنڈا

ردیف الکاف

ظفر وہ دشمن جان قدر دان دل نہووےگا
ندینا دل ہر بت کعبہ کچھ حاصل نہووےگا

جسے ہو درک فن عشق مین غافل نہووےگا
جو وہ سرمست ساقی رونق محفل نہووےگا
جھکاویگا وہی محراب بیت اللہ مین سرکو
گلی مین یار کی آسکون بکھرے تو بھی جل بدل
کبھی بوسے مقرر کیے دینے مجھے تم نے
سیاہ ہین خط و رخسار کے تو غور سے دیکھا

اُسے گر لاکھ قاتل کیجیے قائل نہووےگا
نشہ ہوگا مجھے البتہ پر کامل نہووےگا
جسے زاہد خیال ابروی قاتل نہووےگا
ابھی تو قافلہ ہو بچار سر منزل نہووےگا
تو کیا صاحب حساب دوستان در دل نہووےگا
کچھ اپنا ہوگا باقی آپکا فاضل نہووےگا

ظفر تو نام لے مشکل کشا کا اور پڑھ مطلع
بدلنا قافیہ اب کچھ تجھے مشکل نہووےگا

ہو تیرے ہاتھوں سے عاشق کا گلا کاٹا ہوا
سہم کر اس ناتوان کا ہو گیا بس دم ہوا
دیکھے دل اُس زلف کو ہمنے نہ دیکھا
کھینچے ہو دامن مرا خار جنون جب دشت مین

اور پھر پوچھے ہے تو یہ کیسا غرا ہوا
صید افگن تیر پر ناوک کا یہ سناٹا ہوا
بلکہ اس سودے مین ہمکو ہمنشین گھاٹا ہوا
پوچھے ہے آہو سے مجنون کیا یہ جھپٹا ہوا

ہونٹ جاتے ہو ہمیشہ اس مزے سے اپنے وہ
وہ لب شیرین ظفر جس کا کہ ہے چاٹا ہوا

| | |
|---|---|
| مرجائیے یا کچھ ہو کسے دھیان کسی کا | دنیا مین نہین کوئی مزہ جان کسی کا |
| یہ سنگدلی اپنی بتو چھوڑ دو للہ | دل توڑتے ہو کس لیے ہر آن کسیکا |
| ہوتی ہے بری عشق کی آتش مجھے ڈر ہے | گھر پھونکے نہ یہ آتش سوزان کسی کا |
| ہے عشق کی منزل مین یہ حال بنا کہ جیسے | لٹ جائے کہین راہ مین سامان کسی کا |
| سوجھی ہے مجھے رونے سے دن رات کے ایکدن | گھر دینگے ڈبو دیدۂ گریان کسی کا |
| ہے زلف ورخ یار کے قائل کوئی ہر گز | ہندو نہ کسی کا نہ مسلمان کسی کا |

اب قافیہ و بحر ظفر پھیر غزل لکھ
بٹ جائے نہ اس سمت سے پھر دھیان کسی کا

| | |
|---|---|
| نہین دیکھ بہتر ستانا کسی کا | کڑھانا کسی کا کڑھانا کسی کا |
| مجھے یاد آتا ہے ہنس ہنس کے یارو | رُلانا کسیکا رُلانا کسی کا |
| کبھو تو سنا کر ذرا گوش دل سے | فسانا کسی کا فسانا کسی کا |
| مجھے یاد کر کر کے آنسو بہانا | بہانا کسی کا بہانا کسی کا |
| نہ سمجھا تو ناصح کہ مدت سے مین ہون | دوانا کسی کا دوانا کسی کا |
| عزیز ورے آگے بجز ذکر دلبر | نہ لانا کسی کا نہ لانا کسی کا |
| نہ ہو ویگا دل تیر مژگان بن اسکے | نشانا کسی کا نشانا کسی کا |
| نمانا کرو میری جانب سے اب تم | لگانا کسی کا لگانا کسی کا |

کیا تو ضبط فغان رات ہمنشین لیکن
ہوا ز ظلمتِ گیسو ترے سحر گیا ہے

ہمارے مرگ تحیر کی یہ نشانی ہے
کسی کو بہر عیادت بلایا جاہتے ہین

عجب ہے دل پہ مرے اختیار کا ہونا
یہ گل ہمارے چراغ مزار کا ہونا

برنگ آئینہ یہ انتظار کا ہونا
نہین ہے خالی از علت بخار کا ہونا

بغیر وصل گل اندام اے ظفر مجھکو
خزان ہے آنکھون مین مری بہار کا ہونا

نہ دیکھون نہ دکھائے چراغ سے دریا
اُٹھا چمن سے نہ باد خزان جنازۂ گل

ہوا ہے شیخ جی انکو تو بے طرح سخن کا کام
ہے جوش صفت میرے داغ دل ہے شرنگ

پُر گریہ جب ہین نا اگہ ہنستے آج
کہ خالی اب نہین الفت کے داغ سے دریا

رہے گا دیدۂ مژگان داغ سے دریا
بہا کرے ہے ہمارے دماغ سے دریا

کہا کہ اندر ہے کیون اس کے داغ سے دریا
رواں کیا ہے یہ گویا ایاغ سے دریا

برنگ ساقیِ بدست ہو نظر مین ہر شا
ظفر حساب ہے ہر ایک داغ سے دریا

کہا جشنگ مرمر رخ ناز مین سے چھٹا
اُٹھا سکے ہو نہ مجھے کون سنگ کوچے

پڑا جو سایۂ زلف اسکے ہاتھ پر تو کہا
یہ کھنوڑا کے گل یاسمین سے چھٹا

مثال نقش قدم مین زمین سے چھٹا
کہا اے صاحب یہ مری آستین سے چھٹا

دیگر

دیگر

| | |
|---|---|
| گرد مین اسکے پھرا اور پھرے میرے دن | رشک خورشید پھرا جبکہ سفر سے پلٹا |
| تھی یہ تاثیر مرے طالع برگشتہ کی | رات وہ ماہ جو آکر مرے گھر سے پلٹا |
| فوج ہمسر تھی نورش کی تھی دل زار پہ آ | پھر گری جان پہ آکے ادھر سے پلٹا |

دم گیا وہ نہ ظفر اپنا الٹ رات کو آہ
جو ہین وہ آکے ذرا میری نظر سے پلٹا

| | |
|---|---|
| جسطرف آہ کا شعلہ مرا جھکتا ہوگا | ہے یقین خانۂ مردم وہان پھکتا ہوگا |
| قیمت دل مری بازی محبت مین نہ پوچھ | یہ وہ سودا ہے کہ ہرگز نہین چکتا ہوگا |
| خال ایک قبل کا جو ہے منھ پہ ترے اسکے سوا | تیرے مکھڑون کو پسند اور نہ تکتا ہوگا |
| کیون نہ نکلیگا نالے کے مانند لبے گا نالان | جسکا دل پُر ہے غم عشق سے چھلکتا ہوگا |

داغ ہوگا جسے سینے سے لگانا اسکا
اسکا دم کیون نہ ظفر سینے مین رکتا ہوگا

| | |
|---|---|
| مین ہون وہ نقش جہان اُن پہ گرا ہون گا | جسکا پہونچے نہ ٹھکانا حشر تلک ہونگا |
| خاک ہوکر بھی بگولے کیطرح چین نہین | حال ابتر ہے یہ کچھ تیری ہوا خواہون کا |
| حج اکبر ہے جسے کعبۂ دل سے حاصل | ہو خیال اسکو بھلا کس لیے درگاہونکا |
| جائیگا جبکہ یہ خاک تہ اسوختہ جان | گرم ہو جائیگا بالین وہین سب چاہونگا |
| اے ظفر دل سے ہون مین خاکِ در فخر الدین | معتقد مین نہ گداؤنکا ہون نے شاہونکا |

| | |
|---|---|
| باغ مین غنچہ نکل جیسے کوئی کھلتا ہے | اس روش سے لب زخم دل رنجور کھلا |
| بوسہ جب اس سے طلب مین نے کیا یون بولا | کل کی باتون پہ تو پھر آج بدستور کھلا |
| اسی باعث سے یہ آیا تھا مین تیرے گھر مین | ہاے آنیکا مرے باتون مین مذکور کھلا |

فضلِ یزدان سے بس اب دیکھ ظفر تیرے لیے
ایک دو روز مین گنج زر تیمور کھلا

| | |
|---|---|
| دلا اس زلف کی کوچہ مین گر جانا بھی ہووے گا | بہت مت ٹھہر نا شب وہان سے پھر آنا بھی ہووے گا |
| دل پر خون سے کیونکر چشم مین ہم خون بھر لاوین | جو شیشہ ہوگا مے ہوگی تو پیمانہ بھی ہووے گا |
| تڑپتا ہون پڑا مین بستر غم پر یہ کہکر | خداوندا کبھی اسکا یہان آنا بھی ہووے گا |
| جو لاتے تھے انھین مجھ پاس وہ اُٹھے تو یون بولے | ابھی جاؤ نہ گھر تک مجکو پہونچانا بھی ہووے گا |

ظفر اُس سے جدا ہو یہ نہین ہے ممکن ای یارو
جہان ہوگا وہ شمع بزم پروانہ بھی ہووے گا

| | |
|---|---|
| جنون نے جبکہ دکھلایا ہمین عالم بیابان کا | تو پھر اپنی نظر سے گر گیا جلوہ خیابان کا |
| جنون صد آفرین کیا ہی اُڑائین دھجیان تو نے | رہا پرزا نہ دامن کا نہ اک ٹکڑا گریبان کا |
| یہ زلف عنبرین ہے جو تماشا دی روشن کی | کب ایسا رات کو ہوتا ہی جلوہ ماہ تابان کا |
| نہ آوین کیون نظر گردش مین فلک پر آفتاب و مہ | اگرچہ پھیر کر باندھے وہ اک پیچہ پر ایمان کا |
| شب و یجور مین اک سانپ سا چھاتی پہ لوٹے ہے | ہوا ہون جب سے مین آشفتہ یار زلف خوبان کا |

وفور گریہ سے ہر موج آتشین ہر آہ | ہر ایک اشک کا قطرہ حباب سا چمکا
خرام دیکھ کے شبرنگ ناز کا تیرے | ہلال چرخ پہ بنکر رکاب سا چمکا
صنم خدا کی قسم قشقہ جبین تیرا | نظر مین خلق کی لوح کتاب سا چمکا
ہزار دن تڑپ کھاتا ہی قطرہ سیماب | ولے نہ اس دل پر اضطراب سا چمکا

ظفر کلام مین تیرے عجب صفائی ہے
کہ ہر سخن ترا گوہر خوش آب سا چمکا

تم کمر عذاب نہ بالائے کمر باندھو کرا | یہ تکلے مین تیغ رکھ بند سر باندھو کرا
مین نگین کا میان نکلنے فصل گل آئی ہے آہ | دیکھو صیاد نہ تم بلبل کا پر باندھو کرا
جا بجا ہیں مرہم نہ جلا جو تم اب مرہم لگا دو | اس ہر زخم جگر کو کھول کر باندھو کرا
ہو نہ طفل اشک اتر مردہ ہان چشم آہ | ہان ہے ابد راہ اب تم دیکھو کر باندھو کرا

ہاتھ آئے ہین عدو اتو تمھارے آج سب
دست بر پشت انکا اب تم اے ظفر باندھو کرا

بہا گریہ سے میرے اسقدر سیلاب پانی کا | نظر آنے لگا جون بلبلا مہتاب پانی کا
تر کیا ہے ہمین کمو کہ ہم اب آپ حیران تھا | یہ دور آتشین یارب ہے یا گرداب پانی کا
عجب کیا ہی جو اپنا پارہ دل چشم مین ٹھہرے | یہ تو سچ ہے کہ عاشق ہو وہ کہ سر خواب پانی کا
تمھارے آب خنجر نہ کیا سیراب اے پیارے | نہایت تشنہ تھا مرغ دل بیتاب پانی کا

عقدۂ بحر حبا میں نہ ابھرتا تھا حباب — دم میں برباد ترا نقشۂ تعمیر ہوا
تکمۂ لعل بجائے شوخ نہیں زیب گلو — کسی بے جرم کا خون تیرے گلوگیر ہوا
چین ابرو نے تری قتل کیا ایک جہان — آج ظاہر یہ ترا جوہر شمشیر ہوا
کیا ہوا پانون کو جو ہاتھ لگایا تیرے — اتنی سی بات پہ میں مورد تقصیر ہوا
اُٹھ گیا مُنھ سے نقاب آج یہ کیسکے صبا — اتنا رنگ رخ گل باغ میں تغییر ہوا

کیمیا ڈھونڈھتے پھرتے ہیں ظفر اہل ہوس
دل گداز اپنا کیا جس نے وہ اکسیر ہوا

زخم جبرا آتا ہے منس منس کر دل بیتاب کا — کسنے یہ مرہم لگایا اسپہ ہے تیزاب کا
زلف تیری سر بسر ہے موجۂ دریای حسن — کان میں بالا نہیں حلقہ ہے یہ گرداب کا
تو نے مہتابی پہ چمکایا جو اپنے حسن کو — رنگ پھیکا آسمان پر ہوگیا مہتاب کا
شاخ ہے لیکن نہیں گل اسمین ساقی جلوہ گر — گر نہو ترے ہاتھ میں ساغر شراب ناب کا

تیرے شعر تر میں ہے وہ آبداری اے ظفر
اُس سے ہمسر گوش ہو سکے کیا مُنھ در خوش آب کا

رُخ تابان جو تہ زلف گرہ گیر رہا — کفر و اسلام شب و روز بغلگیر رہا
حلقۂ زلف بہم دیکھکے اس ابرو سے — موج دریا سے بھنور روز گلوگیر رہا
ہو چکی فصل بہار اور ترا دیوانہ — حیف صد حیف کہ وابستۂ زنجیر رہا

[illegible]

دل اپنا ہو سدا مشتاق محراب عبادت کا

ظفر تشبیہ دون کیونکر اسے سرو گلستان سے

کہ اسکا جلوۂ قامت نمونہ ہے قیامت کا

دیگر

| | |
|---|---|
| آہ ہوتی ہے لگن آخر وبال سر پیان | عشق پروانہ سے سیکھے تیرے سر بجینا |
| گردش چشم اپنی مست دکھلا جمن مین صبحدم | بھول جائیگی یہ نرگس ساغر زر بجینا |

عشق کے بازار مین کہتا ہون تجکو اے ظفر

شیشۂ دل کو مئے الفت سے بھر کر بیچنا

| | |
|---|---|
| لگے ہے سیر گلشن مین دل اے غنچہ دہن کسکا | تیری فرقت کی مارے کو روش کسکی چمن کسکا |
| مری وحشت سے ہمسر ہو سکے دیوانہ پن کسکا | برنگ گل ہے سینہ چاک مثل پیرہن کسکا |
| سراپا آتش الفت سے مثل شمع جلتا ہون | نہیں پروا ہے عاشق کو کہ جلتا ہے بدن کسکا |
| خطا ہے گر نہ ہمکو نافۂ مشک ختن کہیے | گرہ مین تونے دل باندھا ہے زلف پر شکن کسکا |
| تصور مین ہمیشہ جسکا پہروں دم بھرتا ہون | خدا جانے نظر مین کھب رہا ہے بانکپن کسکا |
| زمین سے تا فلک برپا جو اک طوفان آتش ہے | شرر انگیز ہے نالہ العزم سوختن کسکا |
| مسافر خانۂ دنیا مین جو آیا ہوا راہی | یہ منزل آمد و شد کی ہے آسین ہے وطن کسکا |
| عزیز وجان شیرین بھی ہے کسنے عشق شیرین مین | زبان تیشہ پر مذکور ہو جز کوہکن کسکا |
| مہ نو غرق ہے خون شفق مین دیکھ خجلت سے | لب زخم جگر ہنستا ہے اب زیر کفن کسکا |

ظفر اسکے لب رنگین سے ہمتو کام رکھتے ہین

کہان کا لعل رمانی ہے یاقوت یمن کسکا

| | |
|---|---|
| بیان کیجیے اگر احوال اپنی شام غربت کا | گریبان تا بدامان چاک ہو صبح قیامت کا |

[illegible]

دیگر

[illegible]

کے تھی شب تہ گلگیر شمع رو رد کر — وہاں سر پہ رے تاج زر بنایا تھا

مجھے تو بوسہ نہ دینا ہو تلخکامی دور — اسی لیے تو تجھے لب شکر بنایا تھا

اسی نے مجکو بنایا برنگ مولا غر — کہ جسنے تجکو میان ہو کمر بنایا تھا

بدل کے قافیہ لکھ اور بھی غزل کوئی
قلم اسی لیے تو نے ظفر بنایا تھا

خدا نے جبکہ جمال بتان بنایا تھا — مژہ کو تیر بھوؤن کو کمان بنایا تھا

ہنسے ہے دیکھ کے محفل میں وہ بت بیدرد — الٰہی کیون مجھے گریہ کنان بنایا تھا

نکیجو روزن سینہ کو بند اسے جراح — اندھیرے گھر کا اسے تابدان بنایا تھا

گیا تھا سیر کو گلشن میں کونسا گلرو — صبا نے غنچۂ گل عطردان بنایا تھا

رہا نہ آکے وہ ایوان چشم میں میری — مژہ کو میں نے عبث سائبان بنایا تھا

مثال نقش قدم بیٹھکر اٹھون کیونکر — ازل سے حق نے مجھے ناتوان بنایا تھا

ملی نہ بحر میں ہستی کے ایکدم فرصت — حباب وار عبث یہ مکان بنایا تھا

غزل اک اور قوافی بدل کے پڑھیے ظفر
اسی لیے تو تمھین خوش زبان بنایا تھا

خدا نے جبکہ تجھے مہ جبین بنایا تھا — تو خط سے رخ مہ ہالہ نشین بنایا تھا

دو چار کیا تیری جھکون سے شب ہوئی پروین — فلک نے انکا انھین خوشہ چین بنایا تھا

قوآ اسد م کہ ہی وقت سحرای گلبدن ٹھنڈا | زمین ٹھنڈی ہوا ٹھنڈی مکان ٹھنڈا چمن ٹھنڈا

خدا جانے سحر کسکی گلی سے یہ ہوا آئی | حباب آسا جو میرا ہو گیا ہی پیرہن ٹھنڈا

برنگ کاسۂ تخ لبستہ آہ سرد سی میرے | ہوا شب کو مہ کامل سر چرخ کہن ٹھنڈا

جو وہ خورشید رو بھی محل آرا انکو ہوگا | تو ہو جائیگا بازار شمع انجمن ٹھنڈا

سحر گر بام پر دیکھے اگر ناہید مہرو کا | وہ ہین ہو چرخ کجرفتار کا پھر بانکپن ٹھنڈا

حرارت اسقدر سوز محبت کی ہی سینے مین | نہوگا بعد مردن بھی بدن پر کفن ٹھنڈا

تو مت منھ موڑ اب مجکو لگالے اپنے سینے سے | کہ میرا سینۂ سوزان ہوا ای غنچہ دہن ٹھنڈا

مریض عشق کی تیری بیان کیا کیجیے حالت | کہ بس پتھرا گئین آنکھین ہوا یکسر بدن ٹھنڈا

ہوا کیون ایک شب کے واسطے پروانہ سی سرکش | سحر ہو جائیگا ای شعلۂ شمع لگن ٹھنڈا

مرا دل تشنہ ہی زلف عرق آلودہ سے کہدو | پلادے اسکو پانی تو سر چاہ ذقن ٹھنڈا

برنگ شمع ہنس ہنسکر وہ آتشخوار جلاتا ہے | شتاب ای دیدۂ پر آب کر میرا بدن ٹھنڈا

سدا دل شعلہ افروز آتش ہجران سے رہتا ہے | نہین ہوتا ہی یہ گلخن کبھی ای جان من ٹھنڈا

جلے ہین آکو جوری ہی ہم اس ماہ کے گھر مین | چراغ ماہ کو کردے تو اے چرخ کہن ٹھنڈا

ظفر لکھون غزل وہ اور تبدیل قوافی مین
کہ تا ہو جائے اب بازار ارباب سخن ٹھنڈا

ہماری آہ سے کب داغ سینہ کا ہوا ٹھنڈا | چراغ گل نہین ہوتا صبا سے بھی ذرا ٹھنڈا

تری دست حنائی سے جو کی تھی دوستی اُسنے
دھر انگارہ اُس غلطی سے دست شاخ پر گل کا

فغان عاشق کی سُننا حق مین ہے معشوق کے بہتر
دماغ اب نالۂ بلبل سے ہو کیونکر نہ تر گل کا

ظفر باد صبا بھی ایک بادی جو رہے دیکھا
اُڑا کر لے گئی کیسا چمن سے صبح زر گل کا

جب ترے بیمار کی گردن کا منکا ڈھل گیا
ہمدمو نکی آنکھ مین نقشہ کفن کا ڈھل گیا

جان شیرین دیتے ہین لاکھون شال کوہکن
گرچہ جوبن اُس بت شیرین دہن کا ڈھل گیا

شام بھی پڑتی تو پھر سو پھر کٹے گی غم کی رات
دن تو یہ کہہ طرح سے رنج و محن کا ڈھل گیا

شمع کا کیا منھ ہے جو اس قد کی ہمسر ہو سکے
صاف سانچے مین بدن اُس سیمتن کا ڈھل گیا

جائے تحسین ہے سراپا اس غزل مین اے ظفر
واہ وا کیا خوب مضمون ہے سخن کا ڈھل گیا

خط رخ پہ تیرے آنے نظر گلبدن لگا
ہو کیون نہ شور دل و دیدہ کو گھن لگا

گلشن مین اُسکے جلوۂ قامت کے سامنے
مانند بید کانپنے سرو چمن لگا

کروٹ بدل کے سونے سے کیا خاک ہو فرا
سینہ سے سینہ اور بدن سے بدن لگا

گر نیسے تھم گیا یہ فلک میری آہ سے
دیکھو تو کیا ستون تہ سقف کہن لگا

پھولا برنگ گل نسمایا مین آپ مین
آکر مرے گلے جو وہ گل پیرہن لگا

کیونکر نہ اپنا زور یہی ہو کہ اب ترا
قسمت سے ہاتھ بوسۂ سیب ذقن لگا

خط اُسے دیکر ابھی آیا تھا قاصد ای ظفر
آفرین ہے یسکے پیغام زبانی پھر گیا

بحر کوزے مین کب اے ہمدم سمٹ کر آگیا
ظرف دل مین بحر محیط غم سمٹ کر آگیا

تنگ تھا وسعت سے جسکے عرصۂ ارض و سما
تھا مین کیونکر ای دل آدم سمٹ کر آگیا

شوق نظارہ اسے کہتے ہین تیرے آتے ہی
چشم مین سینہ سے میرا دم سمٹ کر آگیا

زلف کے حلقے مین رخ ہی یا نخل مین رات سے
سارا نور نیر اعظم سمٹ کر آگیا

تھا دل صد چاک مین شانہ کی تو ہر خاک تنگ
کیونکہ تار گیسوی پرخم سمٹ کر آگیا

کان مین اسکے گہر یا چشمۂ خوبی کا آب
ہر بر نگ قطرۂ شبنم سمٹ کر آگیا

کشتئ دل غرقۂ دریای وحدت جو ہوئی
اک بھنور مین سارا آب یم سمٹ کر آگیا

دامن صحرای دل مین گرد باد نالہ سے
اک غبار خاطر عالم سمٹ کر آگیا

ای ظفر دار قناعت کا ہے صحن اتنا وسیع
جسکے اک کونے مین ملک جم سمٹ کر آگیا

ہمنے شبدیز قلم کو اپنے جب جولان کیا
ملک معنی کا قلمرو یک قلم میدان کیا

جون شرار سنگ ہمکو عشق کی گرمی نے آہ
دفعۃً پیدا کیا پھر دفعۃً پنہان کیا

دیکھ غافل صانع قدرت کی تو صنعت گری
ایک مشت خاک کو کیا کچھ تھا انسان کیا

بار عصیان لیچلے دنیا سے رکھکر سر پہ ہم
کیا کہین اپنے سفر کا ہمنے کیا سامان کیا

داغ کیا دل کو ای نگار لگا — عشق کے گھر پہ اشتہار لگا

اپنا جوڑا دکھا دکھا کر تو — دل پہ گھگے نہ بار بار لگا

تیری ہاتھون سے ای جنون نہ رہا — جیب و دامن مین ایک تار لگا

جو ہوا تیرا کشتۂ قامت — سرو اُس کے سر مزار لگا

ہمکو سیراب کر شہادت سے — قاتل اک تیغ آبدار لگا

کچھ اُٹھائی عشق نے آفت — پھر جو دل ہونے بیقرار لگا

دل پہ عاشق کے ایک تیر لگا — آنکھین ہوتے ہی جب دوچار لگا

خوش ہوا دل مین وہ شکار افگن — کہ مرے ہاتھ اک شکار لگا

ای ظفر کب سُنے ہے وہ میری
اُسکو باتون مین تو ہزار لگا

اس دلربا سے کیجے گلہ دلبری کا کیا — ہو دل ہی بر خلاف تو شکوہ کسی کا کیا

جبتک کہ تو نہو گا نمک پاش ہر خراش — پائیگا کوئی خستہ مزا خستگی کا کیا

ای ہفتہ دوست کسکا ہوا تو ہمیشہ دوست — ہوا اعتبار ہمکو تری دوستی کا کیا

آئے ہے لب پہ حرف کئی جائے لیکے دم — احوال مجھسے پوچھے ہے بیطاقتی کا کیا

اس سوچ مین ہے یہ دل بیکس کو دیکھیے — ہو بعد مرگ حال میری بیکسی کا کیا

کہتا ہے مجھسے پھر دل بیتاب جیل وہین — کیا جانے مدعا ہے اب اس مدعی کا کیا

| | |
|---|---|
| مری صوت پرستی حق پرستی ہے کہو نہیں کیا | اگر اس صورت میں ہے کیا کیا اہاہاہاہا |

ظفر عالم کہوں کیا میں طبیعت کی روانی کا
کہ ہے امڈا ہوا دریا اہاہاہا اہاہاہا

| | |
|---|---|
| وہ بگڑے ایسی کہ پھر کچھ معاملہ نہ بنا | رہی نہ جانے سخن موقع گلہ نہ بنا |
| چلا نہ قافلۂ اشک تا کہ تخت جگر | سرِ مژہ مرے سردار قافلہ نہ بنا |
| کہیں ہیں تیری مریدان زلف کافر کیش | کہنے بنے گا کوئی ایسا سلسلہ نہ بنا |
| بلا سے گرچہ وہ ظاہر مفاصلہ سے ہیں | مگر دلوں میں خدایا مفاصلہ نہ بنا |
| بنائی شیشہ ہزاروں ہیں شیشہ سازوں نے | پر ایک بھی مرے دل کا سا آئینہ نہ بنا |
| دو منزل دل و دیدہ ہیں تیرے رہنے کو | مکان اپنے لیے تو دو منزلہ نہ بنا |
| ہمیشہ کھائی ہے تو داغ کباب انگاری | ترا سا طائر دل اسکا حوصلہ نہ بنا |
| ڈرانہ موت سے مردان عشق کو ناصح | خدا کیواسطے شیروں کو بزدلہ نہ بنا |

جو دل لیا ہے تو عہدِ وفا پہ قائم رہ
ظفر سے آپ کو تو بد معاملہ نہ بنا

| | |
|---|---|
| تیر تیرا جسکے سینہ سے گذر کر جائیگا | آپ جائیگا گذر پر دل میں گھر کر جائیگا |
| وہ مقام عیش ہے دنیا کہ یا قسمے جیتے جی | کون جاتا ہے اگر جائیگا مر کر جائیگا |
| چپکے چپکے نالہ کب سینے سے نکلیگا | جائیگا جبوقت یہ سب کو خبر کر جائیگا |

دیگر

مری نالوں سے گر خون ہو رگ ہر سنگ سے جاری
نہو اس سنگدل کو تیر تاثیر کا کھٹکا

ستمگر تا بجسم و لبین محروم شہادت کے
ہر اک خار ہر جوہر تری شمشیر قاتل کا

گریزاں مجھسے وحشی نگہ یوں ہے کہ جوں آہو
رمیدہ ہووے سنکر پاؤں آہو گیر کا کھٹکا

کھٹک جاتی ہے اُنکے دل میں ایسی بات کہتے ہو
ظفر کیونکر نہووے آپکی تقریر کا کھٹکا

خلش کرتی ہے جو پاس ہر گل کے کانٹا
کھٹکتا ہے وہ دل میں بلبل کے کانٹا

سمجھتا ہے عکس مژہ وہ نشے میں
کہ ہے درمیان ساغر مل کے کانٹا

چبھوتی ہے کافر ہر انگشت شانہ
جگر میں گرفتار کاکل کے کانٹا

ادھر کو بھرے آنکھ کاش اس مژہ سے
تجھے بھی پہنچے پائے تغافل کے کانٹا

پرو دیے جو پھول اُسنے زلفوں میں اپنے
ہوئے سوکھ کر پھول سنبل کے کانٹا

تجھے بھی خبر ہے کہ از غیرت گل
کوئی ہو گیا غم میں گھل گھل کے کانٹا

ہوا اسقدر گرم بازار وحشت
لگا بکنے کانٹے میں تل تل کے کانٹا

شتر بردباری سے ہے خار کھاتا
نصیبوں میں ہے یہ تحمل کے کانٹا

تن زار سے میرے وہ بیچ کے نکلا
کہ اُلجھے نہ دامن میں فرغل کے کانٹا

اک الجھاؤ کا پیچ ہے راہداری
کہ ہے واسطے تختہ پل کے کانٹا

کہو چارہ سازوں سے جلدی نکالو
مرے دل سے یہ غم کا مل جل کے کانٹا

[illegible] قطعہ [illegible]

دیگر

[illegible]

ساقی کو یک نظر جو دکھائی وہ چشم مست
بدمست ہو کے پھینکدے ساغر شراب کا

رو رو کے میرا راز نہان فاش کر دیا
خانہ خراب ہو جیو چشم پر آب کا

جو دیکھتا ہون دیدۂ بیدار ہی سے مین
قائل نخواب کا ہون نہ تعبیر خواب کا

دریا پر اپنی موج مین کس سے پرستے
پیکر سراب لٹا ہو ساغر شراب کا

پی جانا میرے ہاتھ سے مُراک بہانہ تھا
منظور تھا اُسکو اُٹھانا حجاب کا

اعمال کا گر اپنے ظفر کیجیے حساب
ہر روز ہو معاملہ روز حساب کا

خون سے اشک آنکھون مین جب ملکر گلابی ہو گیا
پھر تو رومال سفید اکثر گلابی ہو گیا

تیر کر دامن سے جو ٹپکا خون شہید ناز کا
خوب گہرا دامن محشر گلابی ہو گیا

ہے بسے مین ہوا وہ جو گلابی پوش آج
بر مین جوڑا اور زیبا تر گلابی ہو گیا

بزم مین دیکھی گلابی تو نے اسکی چشم مست
ساقیا بیہوش کیون بھر کر گلابی ہو گیا

یاد مین اُس گل عارض کے اشک خون سے رات
لی جدھر کروٹ اُدھر بستر گلابی ہو گیا

ہو چکی گرمی گلابی بادۂ گلگون سے بھر
ابتو جا بڑا ای پری پیکر گلابی ہو گیا

وہ گلابی آنکھ جو یاد آئی وقت میکشی
پھر تو میرے حق مین ہر ساغر گلابی ہو گیا

خون کا دعوی کیا جو اُس گلابی پوش نے
صاف فنا رنگ کاغذ محضر گلابی ہو گیا

باغ مین جب گلاب آیا جنون یہ جوش پر
پنبہ خون سے داغ سودا پر گلابی ہو گیا

[illegible]

چشم آہو کیون نہ اُسکو حلقۂ زنجیر ہو
تیرہ بختی سے جو میرے کچھ سیاہی نے کیا

وحشتِ دل نے مجھے گو وحشی کے لیے زندان بنا
اُنے فلک تُنے دیا اُسکو شبِ ہجران بنا

اسکو انسان مت سمجھ ہو سرکشی جسمین ظفر
خاکساری کے لیے ہی خاک سے انسان بنا

کسیکو ہمنے یہان اپنا نہ پایا
کہان ڈھونڈھا اسی کسیکو نہ پایا
ہلال عید کو گر دونِ پہ تیرا
اُڑا کر آشیان صرصر نے میرا
اُسے پایا نہین آسان کہ ہمنے
دوا درد دل مین کس سے پوچھون
گریبان کیا کہ چاکِ سینہ پر بھی
صبا نے جبس دم سیکھا ہے کس سے

جسے پایا اُسے بیگانہ پایا
کوئی پر ڈھونڈنے والا نہ پایا
بجز یک نعل کفش پا نہ پایا
کیا صاف اسقدر تنکا نہ پایا
نہ جبتک آپکو کھویا نہ پایا
طبیب عشق کو ڈھونڈا نہ پایا
جنون کے ہاتھ سے ٹانکا نہ پایا
چمن مین ہلتے اک پتّا نہ پایا

ظفر دل جانے یا ہم کون جانے
کہ پایا حُسن کیا اور کیا نہ پایا

کبھی جو خواب مین وہ شوخ پرعتاب آیا
جو تجھکو دیکھ کے ای رشکِ آفتاب آیا

تو پھر نہ خوف سے آنکھون مین میرے خواب آیا
مثال آئینہ با دیدۂ پُر آب آیا

ردیف

شعلہ بلند ...
دل روشن ہوا فلک پہ چراغ آفتاب کا
ساقی

خورشید آسمان چہارم پہ ہے کہاں | شعلہ کوئی بلند ہو امیری آہ کا
کثرت ہے آنسوؤں کی ہجوم سیاہ غم | نالہ نہیں نشان ہے اِس سپاہ کا
تنکے چنے گا وحشیوں کی طرح صبا | دیکھے گا گر کرشمہ اُس آہو نگاہ کا
کس مہروش نے چہرہ سے برقع اُٹھا دیا | منھ ہو گیا سفید فلک پر جو ماہ کا
کرتا ہے جسکے ساتھ فلک کج ادائیاں | دیتا ہے اسکو عشق کسی کج کلاہ کا

رکھے قدم جو کوئی محبت میں ای ظفر
لازم ہے پہلے ڈھونڈھ لے رستہ نباہ کا

تو کہیں ہوئیگا دل دیوانہ وہاں پہونچے ہی گا | شمع ہوویگی جہاں پروانہ وہاں پہونچے ہی گا
گرچہ تیری زلف کا کوچہ بلا تاریک ہے | پر دل صد چاک مثل شانہ وہاں پہونچے ہی گا
عشق کے میدان میں بے ہمت نہیں رکھتے قدم | جسکو ہوگی ہمت مردانہ وہاں پہونچے ہی گا
دل کو ہو ہی رہے کیوں سیلاں سوئے چشم یار | بادہ کش ہوگا جہاں میخانہ وہاں پہونچے ہی گا
انکی محفل میں کہونگا جب کہانی اپنی میں | سب کے کانوں تک مرا افسانہ وہاں پہونچے ہی گا
ای صبا کیوں منھ پسارے ہے کہ اُس آتی کو | ہر جہاں پہونچا تا آب و دانہ وہاں پہونچے ہی گا

تجکو اسکے بوسۂ لب کا ہے لپکا اے ظفر
لب ترا مثل لب پیمانہ وہاں پہونچے ہی گا

صبر گیا دل تو اُمڈ مژگان تر آنکھوں کے آگے تھا | لگا یا کیوں نہ تیرا ناشکار آنکھوں کے آگے تھا

بجھے صاف بتائے نگار اگر تو یہ پوچھون مین رو رو کے خون جگر
ملے پانوں سے کسکے ہین دیدۂ تر کف پا پہ جو رنگ حنا نہ رہا

اسے چاہا مین نے کہ روک رکھون مری جان بھی جائے تو جائے نہ دون
کیئے لاکھ فریب کروڑ فسون نہ رہا نہ رہا نہ رہا نہ رہا

لگے یون تو ہزارون ہی تیر ستم کہ تڑپتے رہے پڑے خاک پہ ہم
ولے ناز و کرشمہ کی تیغ دو دم لگی ایسی کہ تسمہ لگا نہ رہا

ظفر آدمی اسکو نجانیے گا وہ ہو کیسا ہی صاحب فہم و ذکا
جسے عیش مین یاد خدا نہ رہی جسے طیش مین خوف خدا نہ رہا

## دیگر

خدا جانے کہان بیٹھا ہے وہ اور ہے کدھر پھرتا
مگر چشم تصور سے ہے سب پیش نظر پھرتا

تماشا دیکھنا کیا دوڑتا ہے اشک مژگان پر
یہ لڑکا شعبدہ بازی سے ہے نکیا نہ پر پھرتا

لکھا قسمت کا اپنی آگیا دم اپنی آنکھون مین
نہین لکھکر جواب نامہ ابتک نامہ بر پھرتا

جو سرگردانی اپنی اُن سے کہتا ہون تو کہتے ہین
خدا کے واسطے چپکے رہو ہے میرا سر پھرتا

[illegible]

دہا

مطلع ثانی

[illegible]

دہن تنگ جو یاد آیا مجھے | تنگ کیا کیا دل ناشاد آیا
عشق مین تیشۂ آخر کے سوا | کچھ ترے کام نہ فرہاد آیا
بلبلو دیکھو چمن مین اتنا | نہ کرو شور کہ صیاد آیا
بول اٹھا دیکھ کے مجنون مجھکو | یہ تو کوئی مرا استاد آیا
اوڑگئے ہوش مرے ناصح کے | سامنے جب وہ پریزاد آیا
جو لکھا تھا مری پیشانی مین | سو وہ پیش اے دل ناشاد آیا
نہ تو آیا مری سنکر فریاد | دم لبون پر دم فریاد آیا

دیکھکر اس بت کافر کے ستم
اے ظفر مجھکو خدا یاد آیا

جو دل مین تیرا شوق ابروی خمدار ہو پیدا | عجب کیا کفر کعبہ سے اگر ای یار ہو پیدا
مژہ گریے سے یون اسکا خط رخسار ہو پیدا | تو اسکی خاک سے بھی نرگس بیمار ہو پیدا
محبت مین الٰہی رتبۂ منصور قمری کو | نہ کیونکر سرو گلشن مین بشکل دار ہو پیدا
اگر معجز نما آئینہ رخسار ہو تیرا | زبان طوطی تصویر سے گفتار ہو پیدا
قدم رنجہ کری مجنون ترا گر دشت وحشت مین | جہان رکھے قدم سبزہ نہو وان خار ہو پیدا
مثال برق حال عاشق بیتاب ہے تجھ بن | کبھو سو بار ناپیدا ہو سو سو بار ہو پیدا
بلا سے جسکی موت آئی مرض کچھ اور ہو جسکو | کسی کو پر نہ بار عشق کا آزار ہو پیدا

[illegible]

[illegible]

## دیگر

دود جگر نے دل پہ جو سرپوش سا ڈھکا
سینہ میں دل ہے ساغر سرجوش سا ڈھکا

دیکھا جو کوئی اختر تابندہ ابر میں
یاد آیا زیر زلف بناگوش سا ڈھکا

اٹھا ہے یون جو زور سے صحرا مین گرد باد
اس پردہ مین ہے کسکا تن دوش سا ڈھکا

پھاہا نہ زخم دل سے اٹھا میرے چارہ گر
رہنے دے اسکو تو خم پر جوش سا ڈھکا

سبزہ نے خط کے چاہ زنخدان یار کو
رستہ یہ دل کے ہے چہ خس پوش سا ڈھکا

جوہر جو آدمی کا کھلا کچھ تو ہوش سے
جبتک رہا ظفر کوئی بیہوش سا ڈھکا

بھید دل کا گریہ سے اے چشم نم کھل جائیگا
وہ جو ہے پوشیدہ اپنا حال غم کھل جائیگا

بولتے جو ہم نہین منہ سے کچھ اسمین بھید ہے
بولنا اچھا نہین سارا بھرم کھل جائیگا

عقدۂ دل ہی ہمارا غنچۂ گل تو نہین
جو یہ تجھ سے اے نسیم صبحدم کھل جائیگا

کھول مت جوڑا کہ سودائی کا تیرے سربسر
راز سربستہ تری سر کی قسم کھل جائیگا

گر اثر ہے شوق مین اپنے تو بن خط کے کھلے
اپنا مضمون اُن پہ قاصد بے قلم کھل جائیگا

کتنے ہی چھٹ جائینگے پابند زنجیر بلا
جبکہ تیرا طرۂ پر پیچ و خم کھل جائیگا

اُسکے رُخ کنے پر پہنچا پیتے ہی جام مے ظفر
دیکھنا بات تو نہین وہ کافر صنم کھل جائے گا

دیگر

[illegible]

دیگر

[illegible]

دیگر

[illegible]

مری آنکھ بند تھی جب تلک وہ نظر مین نور جمال تھا
کھلی آنکھ تو نہ خبر رہی کہ وہ خواب تھا کہ خیال تھا

| | |
|---|---|
| اُف رے مضمون سوز دل مین بھی گیا آگ سے | خط جو قاصد اسکو مین نے لکھکے بھیجا جل گیا |
| نفخہ سے جانون گو تری دوزخ ہو گر بہشت | وہ دہان آرام سے ہے تو کو جا جل گیا |
| بس طپیدہ دل کا دل پہلو سے تو کیون نکلا | کام کا تیرے نہین یہ اسکو دیجا جل گیا |

آتش فرقت سے میرا خانہ آتشبار ہے
ای ظفر کاغذ اٹھا کر یان سے لیجا جل گیا

| | |
|---|---|
| نہ درویشون کا خرقہ چاہیے نہ تاج شاہانہ | مجھے تو ہوش نہ ذرا سا رہو نہین تجھ پہ دیوانا |
| گنہ تو ہمین دھرا ہوگیا بہت لکھا لکھا کر دیوانہ | ہمارے دل پہ نقش کا بچہ ہو تیرا فرانا |
| غنیمت جان جو دم گذرے کیفیت سے گلشن مین | دے جا ساقی پیمان شکن بھر بھر کے پیمانا |
| نہ دیکھا وہ کہین جلوہ جو دیکھا لغار دل مین | بہت مسجد مین سر مارا بہت سا ڈھونڈا بتخانا |
| کچھ ایسا ہو کر جس سے منزل مقصود کو پہونچون | طریق پارسائی ہو وہ کہ یا ہو راہ رندانا |
| یہ ساری آمد و شد ہے نفس کی مدد شد پر | اسی تک آنا جانا ہے نہ پھر جانا نہ پھر آنا |

ظفر وہ زاہد بیدرد کی ہو حق سے بہتر ہے
کرے گر رند درد دل سے ہا و ہوئے مستانا

| | |
|---|---|
| کیا عجب گر بے بہا در ہے آنسو سے بنا | بیش قیمت لعل بھی تو میرے لہو سے بنا |
| گشتگان چشم ہین تیر ادا وحشی نگاہ | تو چراغ گور انکا چشم آہو سے بنا |
| انکی چشم پر فسون ہے کچھ فقط جادو نہین | سر سے پانون تک ہے وہ جادو گر ہے جادو سے بنا |

ظفر بے یار کیا پوچھے ہے میر دل کی کیفیت
نمک افشان ہے ہر جام مے پہ ہر دم شور قلقل کا

میں ہوں عاشق مجھے غم کھانے سے انکار نہیں
کہ ہر غم میری غذا

تو ہے معشوق تجھے غم سے سروکار نہیں
کھانے غم تیری بلا

دل و دین تیرے حوالے کیے کرتے ہی طلب
اور جو کچھ کہا سب

پھر جو بیزار ہے تو مجھ سے بتا اسکا سبب
میری تقصیر ہے کیا

بھیجے خط سیکڑون لکھکر تمھیں ہشیاری سے
تری دشواری سے

تمنے بھیجا نہ جواب ایک بھی عیاری سے
یہ بھی قسمت کا لکھا

طلب بوسہ پہ کیون اتنا بُرا مانتے ہو
ہمیں پہچانتے ہو

دیکھو ہم ہیں وہی جانباز جنھیں جانتے ہو
کرتے ہیں جان فدا

ہے حیات ابدی گر ہو شہادت حاصل
تیرے ہاتھوں قاتل

تیرے آب دم شمشیر کو تیرا بسمل
سمجھے ہے آب بقا

کیا کہوں میں ترے انداز و ادا کا عالم
ہے ستم ہائے ستم

دیکھکر ہوش رہیں کیا کہ نکل جائیگا دم
ای بت ہوش ربا

نہ تو تقریر سے ہو اور نہ تحریر سے ہو
اور نہ تدبیر سے ہو

ہم تو کہتے ہیں ظفر جو ہو سو تقدیر سے ہو
ہے یہی بات بجا

سبز خط مین کیا یہ ما سا گال پر پیدا ہوا | بچۂ طاؤس ہے بے بال و پر پیدا ہوا
پہلے تو دل مین محبت کا شجر پیدا ہوا | پھر لگے حسرت کے گل غم کا ثمر پیدا ہوا
خال مشکین آتش رخسار پر پیدا ہوا | چشمۂ خورشید مین بھی نیلوفر پیدا ہوا
کھل گیا بے نامہ مضمون یکقلم نامے کا صاف | واہ کیا بیک تصور نامہ بر پیدا ہوا
اہن جبین پر جلوہ گر الماس کا ٹیکا نہین | آسمان پر دن دیے دیکھو قمر پیدا ہوا
کھائی ہی کس کس حلاوت سے دل عاشق سے | شیر غم شیرین مثال نیشکر پیدا ہوا
ہو سکا تیغ ادا کا کچھ ادا تجھسے نہ شکر | کسلیے تو ای لب زخم جگر پیدا ہوا
فصد مجنون کی جنون نے خوب ہی تدبیر کی | خار صحرا تیز مثل نیشتر پیدا ہوا
گریہ ہنگام ولادت کیون نہو ہر طفل کو | جو ہوا دنیا مین پیدا نوحہ گر پیدا ہوا
بے شرارت کوئی ہوتی ہین بہم و سنگدل | دیکھو پتھر پر گرا پتھر شرر پیدا ہوا
عکس روے آتشین ساقی کا دریا مین پڑا | ہمسر خورشید تابان ہر حباب پیدا ہوا

جی مین پروانون کے تھا اک نیزہ پر خورشید حشر
شمع کے سر پر جو شعلائے ظفر پیدا ہوا

کوہکن کا فقط پتھر مین لہو جم ہو گیا | کچھ تو تیشے مین جما کچھ سر مین لہو جم گیا
زخم پہلو سے اگر میرے نہین ٹپکا لہو | پھر کہان سے چارہ گر بستر مین لہو جم گیا
اشک خونی نے بنائی شاخ مرجان سر بسر | اسقدر مژگان چشم تر مین لہو جم گیا

دیگر

[illegible]

جسم لاغر تیری سوالی کا اب ایسا ہوا
عکس چشم مور جولان پائے نمین پھیلا ہوا

دو دو دل سے تفرقہ جانو مگر تیرا ای رشک ماہ
یک فلک اب انبر زہرہ فلک پیدا ہوا

کان پر سیمین زلف اسکی اب سرکتی کیون نہین
یا کہین یہ سانپ اسکا ہی سر پہ کیلا ہوا

اور پری کی بائین لیلی پر جو دیکھا ہم نے خال
وہ مری تعویذ ہو دل کا اک نقطا ہوا

تو ہوا ای دل ناتوان دیکھ آہ کو مت چھوڑنا
یہ عصا تیرے لیے ہنگام پیری کا ہوا

اف تیر کشتہ کا شوق دل کہ ظالم سنگ بھی
اگر برا اسکے رہا محشر تلک جلتا ہوا

ای ظفر انجم نہین ہین یہ مرے تیرے آہ سے
ہو مشک سر بسر گنبد مینا ہوا

وہ بیحجاب جو کل پیکے یان شراب آیا
اگرچہ مست تھا مین پر مجھے حجاب آیا

ادھر خیال مری دل مین زلف کا گذرا
ادھر وہ کھاتا ہوا دل مین پیچ و تاب آیا

خیال کسکا سمایا ہی دیدہ و دل مین
نہ دل کو چین مجھے اور نہ شب کو خواب آیا

تمھاری نقش کف پا کے بوسہ لینے کو
زمین پہ سایہ کے مانند آفتاب آیا

وہ رخ صفا ترا آئینہ روبرو جسکے
جب آیا شرم سے یان ہو کے غرق آب آیا

جب آیا طرۂ مشکین کا تیرے دل مین خیال
زبان پہ میرے دہن ذکر مشک ناب آیا

ترا سخن ہی ظفر وہ کہ سامنے تیرے
ہوے خموش سخنور نہ کچھ جواب آیا

[illegible]

[illegible]

| | |
|---|---|
| چارہ گر بھر سکے میری جگر کے ناسور | ایک گر بند کیا دوسرا روزن نکلا |

ای ظفر نالۂ دل نے مرے کچھ کی تاثیر
گھر سے گھبرا کے جو وہ غیرت گلشن نکلا

| | |
|---|---|
| تیر نگہ سے ستم جو ہین ترا قاتل بڑھا | خون جسم ناتوان تل تل گھٹا تل تل بڑھا |
| ہت گھٹا دل کو مری بوسہ مجھے چپکے سے دے | قصہ کوتہ کر نہ اتنی بات ای جاہل بڑھا |
| ہر بھنور عکس رخ روشن سے بنجاوے قمر | مہ جبین منھ کو ذرا اپنے لب ساحل بڑھا |
| دل غنی ہوگر اپنی دولت سے قناعت کے غنی | بس بہت دست ہوس اپنا نہ ای غافل بڑھا |
| وادی مجنون کی ای لیلیٰ ہے کیا دلکش زمین | اک قدم ہرگز نہ آگے ناقۂ محمل بڑھا |
| کوئی دم ہے بحر ہستی مین ابھی تو ای حباب | حبس دم کی ہو بکثرت تو جو ہے شاغل بڑھا |
| جب ہوئی تجھکو شباہت اس رخ پر نور سے | مرتبہ پھر اور بھی تیرا مہ کامل بڑھا |
| غنچۂ گل دیکھکر اس رشک گل کے ہاتھ مین | دل جو اپنا سمجھے ہم کیا کیا ہمارا دل بڑھا |

جامۂ فانوس مین کیا کیا جلی غیرت سے شمع
بے جو پوشاک ای ظفر وہ رونق محفل بڑھا

| | |
|---|---|
| زلف کھلائے تلی وہ رخ اگر چھپ جائیگا | رات کے پردہ مین پھر روئے سحر چھپ جائیگا |
| خواب غفلت سے تری جسوقت کھل جائیگی آنکھ | ہے جو کچھ آنکھوں کے آگے جلوہ گر چھپ جائیگا |
| دیکھنے کو ہم گئے تھے آج اسکے بیخبر | کیا خبر تھی کہ وہ ہمکو دیکھکر چھپ جائیگا |

[illegible]

اشک کا قطرہ فقط کیا صاف گوہر سا بنا
بلکہ لخت دل بھی ہے یاقوت احمر سا بنا

صبحدم گلشن میں آیا میکشی کو کیا وہ گل
ہر گل لالہ جو ہے گلدست ساغر سا بنا

گل سے بھی نازک بدن اسکا ہے لیکن دوستو
یہ غضب کیا ہے کہ دل پہلو میں پتھر سا بنا

دشت میں بھی تیری مجنون کی مگر تدبیر ہے
خار وادی جنون جو تیر نشتر سا بنا

کیا گریبان ہے بنا اس ماہ کا ہیکل ہلال
بلکہ تکمہ بھی گریبان کا ہے اختر سا بنا

در پر اس پردہ نشین کے آ وقت ہمارا
چشم کا حلقہ ہمارے حلقہ در سا بنا

کیا عجب خال سویدا گر جلے مثل سپند
سوزش الفت سے دل اپنا ہے مجمر سا بنا

عشق نے کیا جانیے کیا دل میں بھڑکائی ہے آگ
اب جو سینہ میں ہے ہر داغ اخگر سا بنا

اے ظفر منظور تھا اس چشم کو عاشق کا قتل
اسلیے ہر موے مژگان اسکا خنجر سا بنا

منہ نظر آوے نہ کیونکر آنکھ میں اس یار کا
آنکھ اپنی بنگئی ہے آئینہ دیدار کا

صفحہ قرآن پہ کھینچی ہے اک جدول سیاہ
مصحف رخ پر وہ سایہ زلف کے ہر تار کا

پاس ابرو کے مرصع کا ٹیکا ہے کہاں
ہے میان قبضہ جڑاؤ یار کی تلوار کا

زخم دل کو صاف کرتا ہے خیال خط سبز
چارہ گر مرہم ہے کہ بفائدہ زنگار کا

گرمی مژگان تر برسائی موتی یکبار
نام دھو ڈالے جہان سے ابر گوہر بار کا

دیکھنا جھانکا کہیں وہ مہروش شاید ہے
اختر صبح قیامت روزن اس دیوار کا

[illegible]

دیگر

[illegible]

چارہ

وہ زلف اور رنگ ہے ہاں سکی گر کوئی سا سب عالم میں
نہیں اُسکے برابر کا سیہ ایسا سفید ایسا

مرے مژگان اشک آلودہ کو دیکھو برستے ہے
یہ بادل دیدۂ تر کا سیہ ایسا سفید ایسا

مسی پر اُسکے دندان دیکھو حیران ہو لیکہ ہم کیونکر
یہ رنگ اس سلک گوہر کا سیہ ایسا سفید ایسا

نہ دیکھوں نرگس شہلا کا گل کیونکر کہ ہے نقشہ
بعینہ چشم دلبر کا سیہ ایسا سفید ایسا

خجالت کش سواد شام و نور صبح ہیں دونوں
وہ شالہ ہے تری سر کا سیہ ایسا سفید ایسا

نہ شک سرمہ آلودہ اپنا دکھلا کر وہ کہتے ہیں
کہ ہے ہر رنگ اس چشم تر کا سیہ ایسا سفید ایسا

نہ ہووین سوسن و نسرین خجل کیونکر کہ ہے زیبا
لباس اس ماہ پیکر کا سیہ ایسا سفید ایسا

ظفر ہیں نیلم و الماس پتھر ایک صانع نے
کیا ہے رنگ پتھر کا سیہ ایسا سفید ایسا

تر اگر ناخن پا تیرا مائل دھو کے پی جاتا
تو اُسکے ہاتھ پاؤں ملکے کامل دھو کے پی جاتا

نہ آتا ہاتھ خون میرا اگر اُس تشنہ خون کے
تو اپنی تیغ پر خون کو وہ قاتل دھو کے پی جاتا

انگلتا زہر پھر کیا کیا وہ تیرہ بخت سودائی
اگر کوئی ترے رخسار کا تل دھو کے پی جاتا

اگر ہو سکتا عالم میں حصول علم بے محنت
تو پھر ساری کتابیں ایک جاہل دھو کے پی جاتا

اٹھا سکتا جو مجنون نقش پائے ناقۂ لیلے
تو جون تعویذ ہیولا اُوہ پیلا دھو کے پی جاتا

حلاوت یاد گر تیری آب تیغ کی قاتل
بدن کے زخم اپنے آپ گھائل دھو کے پی جاتا

ظفر یہ شغل ہی ہو جاتا نسبت مجھ سے منکشف اُسکو
در فخر جہاں گر کوئی شاغل دھو کے پی جاتا

خوب دیکھا جہان کے خوبان کو
ایک تجھسا نہ دوسرا دیکھا

ایک دم پر ہوا نہ باندھ حباب
دم کو دم بھر مین یان ہوا دیکھا

سامنے اُس نگاہ کے دل کو
ہدفِ ناوکِ قضا دیکھا

نہوے تیری خاک پا سے ہمنے
خاک مین آپکو ملا دیکھا

اب نہ دیجے ظفر کسی کو دل
کہ جسے دیکھا بیوفا دیکھا

اٹھا دے پردہ نہین پردہ مین اُٹھا دونگا
تپش سے دل کی ابھی عرش تک ہلا دونگا

نہوتا عشق کا میکش اگر خبر ہوتی
کہ ایک جام مین دونون جہان بھلا دونگا

لگے ہے مجھسے وہ قاتل کہ میرے کوچہ مین
رکھا جو تونے قدم سر ترا اُڑا دونگا

نہ مین اُسکو سمجھکے یہ محو ہون کہ حیران ہون
جو کچھ وہ پوچھیگا مجھسے جواب کیا دونگا

اگر تو آویگا تو بجاے فرش پا انداز
مین اپنی آنکھین ترے زیر پا بچھا دونگا

دم خرام وہ بولا کہ ایک ٹھوکر مین
ہزار فتنہ خوابیدہ کو جگا دونگا

جو پوچھا مینے لبِ زخم تو کہے گا کیا
کہا کہ خنجر قاتل کو مین دعا دونگا

یہ کیجے دم مجھے لایا تھا کھینچ جوشِ جنون
کہ چل جہان کا تماشا تجھے دکھا دونگا

نہ پوچھ مجھسے ظفر میری تو حقیقت حال
اگر کہونگا ابھی تجھکو مین رلا دونگا

دیگر

ظاہر رخ اُس سیمبر کا ہے ایسا سفید ایسا
ورق گل پہ اوس کا ہے ایسا سفید ایسا

کیسے بیدرد دل آزار کو دل ہم نے دیا
کیا قیامت ہے ستمگار تری طرز خرام
کریں وہ کسکی دوا دیکھیے ہیں رو طبیب

روز نہ ہو درد دینا روز اک آزار دینا
فتنہ ہر گام پہ اٹھا دم رفتار دینا
تیرے اس نرگس بیمار کا بیمار دینا

پھیرئے اس کی ظفر دل کا جو سودا پھیر جائے
ایک موجود ہے اور اوس کا خریدار دینا

نہ پوچھ دل کہاں پہونچا کسکو گیا کہیں پہونچا
کہاں پہونچا ہے دیکھو ہم نہیں خیال اپنا
زمین کی سی اترنے سے جو بس نہ تھے یہ قاتل
تو پہونچا تو نہ پہونچا طالب دیدار تک اپنی
چھپا خورشید تاباں شرم سے زیر زمین جاکر
مجھے ڈر ہے نہ پہونچے یہ تجھ نگی تو جہاں پہونچا

جہاں پہونچا لگی ہے یہ جہاں پہونچا دم پہونچا
کہ اتنک اسکا تو کوئی فرشتہ بھی نہیں پہونچا
کہ آخر اسکا کف صدمہ سر گا زمین پہونچا
تری تکتے ہی تکتے راہ وقت دابسیں پہونچا
مری جو آہ کا شعلہ سر چرخ بریں پہونچا
کہ نازک ہے نہایت ہی ترا ای نازنین پہونچا

ظفر دامان مژگان سے ہی ٹپکا چاہیے تھا آنسو
اگر پہونچی سکے آنکھوں تلک تو آستین پہونچا

ہاں فقط سوز دل اک دم نہوا پر نہوا
سنکر احوال جگر سوز یہ عاشق کا
کشتہ ناز کے افسوس جنانے پہ ذرا

اور گریہ سے بڑھا کم نہوا پر نہوا
ہائے افسوس تجھے غم نہوا پر نہوا
چشم پر آب تو اک دم نہوا پر نہوا

بلوایا اپنے دوست کو اُسنے وہان جہان
مقدور یہ رزدون نہ ہوا جبرئیل کا

کیا پاے کنہ ذات کو اُسکے کوئی ظفر
دان عقل کا نہ چل نہ ہرگز دلیل کا

کشتہ ہون اُسکے طرۂ عنبر شمیم کا
خوشبو ہو میری خاک سے دامن نسیم کا

گلشن ہو خلد کا کہ چمن ہو نعیم کا
کب دل لگے ہو تیری گلی کے مقیم کا

دولت سے عشق کی مرا ہر قطرۂ سرشک
تکمہ ہو میری جیب مین گوہر یتیم کا

تاراج یون کیا جو مرا ملک دل تمام
مژگان تمھی تیری یا کوئی لشکر غنیم کا

ہو جائے کام نیم نگہ مین تری تمام
ای شوخ تیرے شیفتۂ دل دو نیم کا

دکھلا مین سوزش دل بیتاب تم اگر
کانپ اُٹھے شعلہ شوق سے نار جحیم کا

حیرت نہین کہ پرتو رخسار یار سے
آئینہ ہو اگر ید بیضا کلیم کا

آتی ہین یاد ہجر کی ہمکو اذیتین
واعظ سے ذکر سنکے عذاب الیم کا

آنکھون مین اپنی نور اسی سے ہے اے ظفر
یہ مردمک ہے سایہ محمدؐ کے میم کا

کسی نے اوسکو سمجھایا تو ہوتا
کوئی یان تک اسے لایا تو ہوتا

مزہ رکھتا ہے زخم خنجر عشق
کبھی اے بوالہوس کھایا تو ہوتا

نہ بھیجا تو نے لکھکر ایک پرچہ
ہمارے دل کو پرچایا تو ہوتا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## قصیدۂ نعتیہ

اے سرور دو کون شہنشاہ ذو الکرم — سر خیل مرسلین و شفاعت گر امم

موکب ترا ملائک مرکب ترا براق — مولد ہے تیرا مکہ و معبد ترا حرم

رنگ ظہور سے ترے گلشن رخ حدوث — نور وجود سے ترے روشن دل قدم

ہوتا کبھی قالب آدم مین نفخ روح — بھرتا اگر خدا نہ محبت کا تیری دم

کرتا تھا جس سے مردہ کو زندہ دم مسیح — تھا شمہ تیرے خلق کا وہ اے علو شیم

ٹوٹا جو کفر قوت اسلام سے ترے — صد جابے سر شکستہ ہے زنار موج یم

تو تھا سر اوج رسالت پہ جلوہ گر — آدم جہان ہنوز پس پردۂ عدم

کرتا ہے تیرے اسم مبارک کو لیہ نقش — اسواسطے عزیز جہان ہوگیا درم

اے معدن کرم تری ہمت کے روبرو — کمتر ہے سنگریزہ سے قدر نگین جم

آغاز غزلیات

رخشاں ہیں الماس سخن روشن ہیں لعل بیاں تاباں ہیں لآلی افشاں

منجملہ چار جلد

# کلیات ظفر

دیوان اوّل

مطبع نامی منشی نولکشور لکھنؤ میں نقش نگین طبع ہوا

Muhammad Bahādur Shāh II

# کلیاتِ ظفر چہار جلد کامل

Kulliyāt-i Ẓafar